مُعجم البُلدان

(اِسلامی شہروں کا فرہنگ)

یاقُوت بِن عبداللہ رُومی۔ حَمَوِی۔ بغدادی

دس ہزار دو سو شہروں اور بستیوں کا یہ فرہنگ اِسلامی
تاریخ کے اساتذہ وطلبہ کے لیے ایک نعمت ثابت ہوگا

تلخیص

ڈاکٹر غلام جیلانی برق

شیخ غلام علی اینڈ سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پبلشرز،
لاہور ○ حیدرآباد ○ کراچی

جملہ حقوق محفوظ

طابع : شیخ نیاز احمد
مطبع : غلام علی پرنٹرز
جامعہ اشرفیہ، اچھرہ، لاہور

مقامِ اشاعت :
شیخ غلام علی اینڈ سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ پبلشرز،
۱۹۹- سرکلر روڈ، چوک انارکلی، لاہور ۲/۵۴۰۰۰

مصنّف کی دیگر تصانیف

۱ : دو قرآن
۲ : حکمائے عالم
۳ : امام ابن تیمیہ ۔ انگریزی
۴ : امام ابن تیمیہ ۔ اُردو
۵ : من کی دنیا
۶ : یورپ پر اسلام کے احسان
۷ : دانش رُومی و سعدی
۸ : آئینِ فطرت
۹ : اسلام اور عصرِ رواں
۱۰ : لمعاتِ برق
۱۱ : مسائلِ نو
۱۲ : جہانِ نو
۱۳ : فرماں روایانِ اسلام
۱۴ : فلسفیانِ اسلام
۱۵ : پیامِ ادب
۱۶ : انفعال
۱۷ : گلہائے ایران
۱۸ : حیاتِ سکندر
۱۹ : دو اسلام
۲۰ : رمزِ ایمان
۲۱ : ہم اور ہمارے اَسلاف
۲۲ : حرفِ محرمانہ
۲۳ : اللہ کی عادت
۲۴ : دانشِ عرب و عجم
۲۵ : ایک اسلام
۲۶ : بھائی بھائی
۲۷ : مورّخینِ اسلام
۲۸ : تاریخ تدوینِ حدیث
۲۹ : ہماری عظیم تہذیب
۳۰ : کئی سو مضامین و مقالات
۳۱ : دائرۂ معارفِ اسلامیہ اُردو کے لیے ۱۱۰ مقالات کا ترجمہ۔

فہرست

صفحہ

۱ : حرفِ تعارف

۲ : مقامات

۳ : ضمیمہ (بلادِ اندلس کے نئے اور پرانے نام)

۴ : نقشے :-

۱ : اردن و فلسطین

۲ : افریقہ

۳ : افغانستان

۴ : اندلس

۵ : ایران

۶ : ترکی

۷ : شام

۸ : عراق

۹ : عرب (سیاسی)

۱۰ : عرب (قبائل)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرفِ تعارف

آج سے چھبیس سال پہلے جب مَیں القفطی کی شہرۂ آفاق تصنیف "تاریخ الحکما" کا اردو ترجمہ[1] مکمل کر چکا، تو رجال و اماکن پہ حواشی لکھنے کا خیال آیا۔ کیمبل پور میں کوئی ایسی لائبریری موجود نہ تھی۔ اس لیے مآخذ کی تلاش میں مجھے بار بار لاہور و پشاور کا سفر کرنا پڑا، اور ایک ایک نام کے لیے کئی کئی کتابیں دیکھنا پڑیں۔ یُوں ساڑھے پانچ سو حواشی پر پُورے تین برس صرف ہُوئے۔ یہیں سے مجھے اُن مقامات کا ایک فرہنگ مرتب کرنے کا خیال آیا۔ جن کا ذکر اسلامی تاریخ، عربی ادب اور شعرائے جاہلیت کے دیوانوں میں بار بار آتا ہے۔ عرب کے مشہور شاعر امرؤ القیس کے اُس قصیدے کا۔ جو دیوارِ کعبہ پہ مدتوں آویزاں رہا۔ مطلع ہے :-

قفا نبک من ذکرٰی حبیب و منزل

بسقط اللوٰی بین الدخول فحومل

(اے ساتھیو! ذرا ٹھہرو کہ ہم اپنے حبیب اور اُس منزل کی یاد میں چند آنسو بہالیں۔ جو دخول و حومل کے درمیان سقط اللوٰی میں تھی)

اس میں تین مقامات کا نام آیا ہے۔

طَرَفَہ[2] کے ایک قصیدے کا مطلع تھا :-

لخولۃ اطلال ببرقۃ ثہمد

تلوح کباقی الوشم فی ظاہر الید

(بُرقہ ثہمد میں خولہ کے آثارِ قیام (چولہے۔ صحنِ خیمہ کی حد بندی وغیرہ) ابھی تک یُوں ہُویدا ہیں۔ جیسے ہاتھ میں گودے ہُوئے نقوش کے باقی ماندہ نشانات)

اس میں بھی ایک مقام کا ذکر آیا ہے۔ عرب شعراء کے دیوانوں اور اسلامی تاریخ میں ہزاروں ایسے مقامات کے نام آتے ہیں۔ جن کی تعیین و توضیح کے لیے ہمیں بڑی دِقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اِس دِقت کو رفع کرنے کے لیے

---

[1] : یہ ترجمہ حکمائے عالم کے نام سے اسی ضمیمہ نے شائع کیا تھا۔

[2] : طَرَفَہ بن عَبد بن سُفیان قبیلۂ بکر سے تعلق رکھتا تھا۔ یہ عہدِ جاہلیت کا ایک بلند پایہ شاعر تھا یہ قصیدہ بھی مدتوں دیوارِ کعبہ پہ آویزاں رہا۔ اس نے ایک دفعہ ایک عرب سردار عمرو بن ہند کی ہجو کہی۔ اور اُس نے اسے قتل کرا دیا۔ اُس وقت اس کی عمر بیس برس تھی۔

میں کسی ایسی کتاب کی تلاش میں رہا جس میں ان تمام یا بیشتر مقامات کی توضیح و تشریح موجود ہو۔ اس سلسلے میں انگریزی، عربی اور فارسی کی بعض کتابیں نظر سے گزریں۔ لیکن مجھے مطمئن نہ کر سکیں۔ اُن میں مقامات کی تعداد کم تھی۔ اور صحیح تلفظ کا بھی کوئی خاص اہتمام نہ تھا۔

اتّفاق

آج سے چھ، سات برس پہلے کیمبل پور میں ایک پھیری والا آیا۔ جس کے پاس کچھ کتابیں بھی تھیں۔ وہ یہاں کے ایک فاضل علامہ قاضی زاہد الحسینی صاحب کے ہاں جا نکلا۔ اس کی کتابوں میں یاقوت حموی کی معجم بھی تھی۔ آٹھ جلدوں پر مشتمل۔ ساتھ دو جلدوں میں اس کی ذیل بھی تھی۔ جو مصر کے ایک فاضل محمد امین الخانجی نے **مُنجم العمران** کے عنوان سے ۱۹۰۷ء (غالباً) میں لکھی تھی۔ مَیں نے اس کتاب کو نظرِ غائر سے دیکھا۔ تو اسے بہت مفید پایا، اور اس کی تلخیص کا فیصلہ کر لیا۔

یاقوت کے حالات

شہاب الدین ابو عبد اللہ یاقوت بن عبد اللہ الرّومی، الحمَوی، البغدادی کے یونانی النسل والدین اناطولیہ (ترکی) میں رہتے تھے۔ یہ ۵۷۴ھ — ۱۱۷۹ء میں وہیں پیدا ہُوا۔ جوانی کی منازل میں داخل ہو رہا تھا، کہ کسی بردہ فروش کے ہتّھے چڑھ گیا۔ اور بغداد میں بطورِ غلام بک گیا۔ خریدنے والا شام کے ایک شہر **حَمَا** کا ایک قدا ترس تاجر تھا۔ نام عَسکر بن ابو نصر ابراہیم الحمَوی۔ یہ بغداد میں رہتا تھا۔ اِس نے یاقوت کو اپنا منشی بنا لیا اور ساتھ ہی اسے اجازت دے دی کہ وہ فارغ اوقات میں تعلیم بھی حاصل کیا کرے۔ یاقوت نے اس محنت و دیانت سے کام کیا۔ کہ آقا اُسے ہزاروں کا سامان دے کر عمان، بحرین اور خلیج ایران کے جزائر تک بھیجنے لگا۔ وُہ اس کی خدمات سے اس حد تک متاثر ہُوا۔ کہ ۵۹۶ھ — ۱۲۰۰ء میں اسے آزاد کر دیا۔ اندازہ یہ ہے کہ یاقوت کی غلامی کا زمانہ نو۔ دس برس کے قریب تھا۔

آزادی کے بعد

آزادی کے بعد یاقوت نے کتابوں کی دکان کھول لی۔ اور مسوّدات کی تلاش میں دُور دُور تک جانے لگا۔ ایک مرتبہ اِسے اس کے پُرانے آقا عسکر نے کہا کہ وُہ اس کا مالِ تجارت بحرِ ایران کے ایک جزیرے کیش تک لے جائے۔ اِس نے تعمیل کی۔ لیکن جب سفر سے واپس آیا تو عسکر وفات پا چکا تھا۔ مرحوم کی بیوی اور اُس کے بچوں نے یاقوت کی بڑی قدر کی، اور اسے میراث سے بہت کچھ دیا۔ لیکن اتنے بڑے محسن کی وفات کے بعد یہ بغداد سے دل برداشتہ ہو گیا، اور ۶۱۳ھ — ۱۲۱۷ء میں دمشق چلا گیا۔ عقیدۃً یہ مائل بہ خارجیت تھا۔ ایک دن اِس نے حضرت علیؓ کی شان میں کوئی گستاخی کر دی۔ لوگ اس پر پل پڑے۔ یہ دمشق سے بھاگ نکلا، اور حلب میں جا دم لیا۔ کچھ عرصہ کے بعد وہاں سے مُوصل پھر اربل اور پھر خراسان میں چلا گیا۔ مرو شاہ جہان میں کافی عرصہ رہا۔

اُس وقت وہاں اِمام فخرالدین ابوالمظفر عبدالرحیم بن عبدالکریم السّمعانی درس دیا کرتے تھے۔ یاقوت بھی اُن سے فیض اٹھاتا رہا۔ ایک دن (۶۱۵ھ) دورانِ درس میں لفظ حباشہ[1] کے اعراب پہ بحث چھڑ گئی۔ ایک طالب علم اِسے بفتح حا (حَباشہ) پڑھتا تھا اور یاقوت بضم حا۔ تحقیق کے بعد یاقوت درست نکلا۔ اِس واقعہ کے بعد اِسے خیال آیا کہ بلاد و قرے کا ایک ایسا فرہنگ تیار کیا جائے جس میں شہروں کے نام صحیح اعراب کے ساتھ درج ہوں۔ یہ مُعجم اِسی خیال کا نتیجہ ہے۔

یاقوت خوارزم میں

یاقوت مرو سے نکل کر پہلے نسا میں ٹھہرا، اور پھر خوارزم چلا گیا۔ وہاں اُسے سال بھر کا ایک پُرسکون وقفہ مل گیا۔ جس میں اِس نے مُعجم الادباء مکمل کر ڈالی۔ اس کا اصلی نام اِرشاد الالبّا الی معرفتہ الادباء تھا۔ اس میں کئی ہزار علماء، اُدباء، حُکماء نیز نسّابوں اور خطاطوں کے حالات ہیں۔ ۱۹۲۳ء میں مصر نے اسے سات ضخیم (اندازاً پانچ پانچ سو صفحات) جلدوں میں شائع کیا تھا۔

خوارزم کے بعد

۶۱۶ھ — ۱۲۱۹ء میں تاتاریوں نے خوارزم پر حملہ کر دیا۔ یہ وہاں سے نہایت بے سروسامانی کی حالت میں بھاگا اور مُوصل جا پہنچا۔ کافی عرصہ وہاں رہا۔ پھر سنجار (مُوصل کے جنوب میں) چلا گیا۔ اور بالآخر حلب جا پہنچا۔ وہاں ایک سرائے میں رہنے لگا اور ۲۰ رمضان ۶۲۶ھ (۱۲۲۹ء) کو سوموار کے دن داعیٔ اجل کے ہمراہ دارِ فانی سے جہانِ باقی کی طرف ہجرت کر گیا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡن۔

تصانیف

یاقوت نے اپنی باون سالہ زندگی میں نو کتابیں لکھیں۔ تلاش و کوشش کے باوجود یہ پتہ نہ چل سکا کہ اِن میں سے ہر ایک کا سالِ تصنیف کیا تھا۔

صرف ایک کتاب مستثنےٰ ہے۔ یعنی :-

۱ : **مُعجم الاُدَباء**۔ جو ۶۱۷ھ — ۱۲۲۰ء سے پہلے مکمل ہو گئی تھی۔ اس پر ہمیں دو شہادتیں ملتی ہیں :-

اوّل : ابوالبرکات ابن المستوفی اپنی کتاب "تاریخِ اربل" میں لکھتا ہے کہ :-

"یاقوت ۶۱۷ھ — ۱۲۲۰ء میں خوارزم سے اِربل آیا تھا، اور وہ خوارزم ہی میں مُعجم الاُدَباء کی تکمیل کر چکا تھا۔"

---

[1] : حباشہ، عربوں کے ایک بازار کا نام تھا۔ جو عہدِ جاہلیت میں کہیں لگتا تھا۔

ا بحوالہ منجم العمران - از محمد امین الخانجی
طبع مصر ۱۹۰۷ء - ج - اوّل - ص ۶)

دوم : القاضی الاکرم جمال الدین ابوالحسن علی بن یوسف بن ابراہیم بن عبدالواحد الشیبانی ، القِفطی ، مشہور مورخ اور تاریخ الحکماء کا مصنف ، جو بارہ برس تک حلب کے ایوبی فرماں روا ، الملک العزیز غیاث الدین محمد (۶۱۳ — ۶۳۴ھ = ۱۲۱۶ — ۱۲۳۶ء) کا وزیر رہا - اپنی کتاب انباء الرُّواۃ علیٰ اَبناءِ النُحاۃ میں لکھتا ہے کہ :-

" جب یاقوت تاتاریوں سے بھاگ کر ۶۱۷ھ — ۱۲۲۰ء میں مُوصل پہنچا - تو اُس نے مجھے ایک خط لکھا جس میں خراسان و خوارزم کی تباہی اور ذاتی مشکلات اور مصائب کا ذکر تھا " (بحوالہ منجم ص ۴)

اس حوالے سے ظاہر ہے کہ یاقوت ۶۱۷ھ — ۱۲۲۰ء میں مُوصل پہنچا تھا اور پہلے حوالے کے مُطابق وُہ خوارزم ہی میں مُعجم الاُدَباء کی تکمیل کر چکا تھا۔

اس کی باقی کتابیں یہ ہیں :

ب : کتاب المشترک - ہم نام شہروں اور بستیوں کا لُغات۔
ج : کتاب المبدأُ والمآل - تاریخی۔
د : معجم الشعراء - شعراء کا تذکرہ
ھ : دیوان ابو علی الفارسی - تدوین۔
و : کتاب اخبارِ المتنبی - مشہور شاعر متنبی پر۔
ز : کتاب الاغانی - انساب عرب پر۔
ح : کتاب الدُّول - تاریخی۔

یہ تھیں وہ کتابیں - جن کی تاریخِ تصنیف معلوم نہیں ہوسکی - اب صرف ایک کتاب رہ جاتی ہے ، اور وہ ہے مُعجم البلدان -

مُعجم البُلدان

۳۵۱۲ صفحات (آٹھ جلد) کا یہ لُغات ۱۲۶۷۰ مقامات (شہر - بستیاں - پہاڑ - دریا - وادیاں - میدان وغیرہ) کی تشریح کرتا ہے - اس میں ۸۴۲۸۸ سطور اور ۱۳۴۸۶۰۸ الفاظ ہیں - ان مقامات کا تعلق اُن ممالک سے ہے جو کبھی مُسلمانوں کے زیرِ نگیں رہے - مثلاً :-

اندلس - سِسلی - تُرکستان - آرمینیہ اور رُوسی اذربیجان -

یا اب ہیں - یعنی :

افغانستان سے مراکش تک کے ممالک - اس میں مشرقی یورپ ، ملیشیا ، انڈونیشیا اور وسطِ افریقہ کے

موجودہ اسلامی ممالک شامل نہیں۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ یاقوت کے سامنے اِن ممالک کے متعلق کوئی مواد موجود نہ تھا اور نہ اسلامی تاریخ میں اِن ممالک کا کوئی خاص ذکر ملتا ہے۔

معجم کا مقصد

یاقوت لکھتا ہے کہ میں نے یہ کتاب اس لیے لکھی کہ :

ا : تاریخ کو سمجھنے میں مدد ملے۔

ب : نیز تباہ شدہ شہروں اور تہذیبوں کے ذکر سے لوگ عبرت حاصل کریں۔

(معجم - مقدمہ ص ۳ - ۴)

یاقوت سے پہلے جغرافیہ پر متعدد کتابیں لکھی جا چکی تھیں۔

ملاحظہ ہو یہ جدول :-

شمار	جغرافیہ نگار	وفات	جغرافیائی تصنیف	
۱	ابو زیاد کلابی	۲۰۰ھ کا آخر	کتاب النوادر	صرف عرب کا جغرافیہ
۲	نضر بن شُمیل (شُمیل) بصری	۲۰۳ھ	کتاب الصفات	عرب کی وادیاں وغیرہ
۳	ہشام بن محمد الکلبی	۲۰۶ھ	کتاب البُلدان	-
۴	ابو سعید اَصمعی	۲۱۳ھ	کتاب جزیرۃ العرب و میاہ العرب۔	عرب کے جغرافیہ اور آبی ذخائر پر۔
۵	ابن خُرّدادبہ۔ ابو القاسم عبید اللہ بن عبد اللہ	۲۵۰ھ	کتاب المسالک والممالک	تاریخی جغرافیہ
۶	ابن فقیہہ ابو بکر۔ احمد بن محمد ہمدانی۔	۲۹۰ھ	کتاب البُلدان	
۷	الیعقوبی احمد بن ابی یعقوب	۳۰۰ھ	ایضاً	
۸	سعدان بن مبارک	۳۰۰ھ	کتاب الارضین والمیاہ والجبال۔	
۹	ابو سعید حسن السکری	۳۰۰ھ	کتاب المنازل والقُریٰ	
۱۰	عمر بن رستہ	۳۰۰ھ	الاعلاق النفیسہ	
۱۱	ابن حائک ہمدانی	۳۳۰ھ	صفۃ جزیرۃ العرب	عرب کے قبائل و منازل وغیرہ

شمار	جغرافیہ نگار	وفات	جغرافیائی تصنیف	
۱۲	ابو زید بلخی	۳۴۰ھ	کتاب البدء والاخبار	اسلامی مساجد وغیرہ
۱۳	ابو اسحاق ابراہیم بن محمد اصطخری	۳۴۰ھ	کتاب المسالک والممالک	
۱۴	المسعودی۔ ابو الحسن علی بن حسین	۳۴۶ھ	مُرُوج الذہب	
۱۵	ابن مردویہ	۳۵۲ھ	معجم البلدان	
۱۶	ابو القاسم محمد ابن حوقل بغدادی	۳۶۲ھ	کتاب المسالک والممالک	
۱۷	ابو سعید حسن السیرافی	۳۶۸ھ	کتاب جزیرۃ العرب	
۱۸	المقدسی۔ شمس الدین ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن ابو بکر	۳۸۹ھ	احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم	
۱۹	ابو القاسم محمد بن عمر زمخشری	۵۳۸ھ	کتاب الامکنۃ والمیاہ[1] والجبال۔	
۲۰	ادریسی، ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن عبد اللہ بن ادریس	۵۶۰ھ	نزہۃ المشتاق فی اختراق الآفاق	

ان میں سے بعض مجموعے کسی خاص ملک یا کسی کتاب کے اماکن سے تعلق رکھتے تھے۔ بعض نے مقاماتِ حریری اور بعض نے حماسہ کے مقامات گن ڈالے ہیں۔

ابو الاشعث کندی کی کتاب جبالِ تہامہ پر تھی۔

ابو محمد الاسود الغندجانی کی میاہِ عرب پر۔

ابنِ حائک ہمدانی کی منازلِ قبائل پر۔

اور ابو زید بلخی کی مساجد اور دیگر عمارات پر۔

بعض مجموعے اسلامی بلاد و امصار پر بھی تھے۔ لیکن ان میں سے بیشتر نامکمل تھے۔ نیز اغلاط سے پُر۔ اس لیے

---

[1]: میاہ - چشمے، کوئیں، نالے، دریا، جھیلیں وغیرہ

یاقوت کو ایک ایسی کتاب لکھنے کی ضرورت محسوس ہوئی جو اغلاط سے مبرّا اور جامع تر ہو۔

مُعجم البُلدان کب لکھی

ہم پیچھے ذکر کر چکے ہیں کہ یاقوت نے اُدَبار کا مُعجم ۶۱۶ھ میں مکمل کیا تھا۔ ۶۱۷ھ میں وہ موصل گیا اور وہاں سے حلب چلا گیا۔ جہاں وہ موت تک رہا۔ قیاس یہی ہے کہ اُس نے مُعجم البُلدان یہیں لکھی ہو گی۔ اس نے دو تین سال میں مواد فراہم کیا ہوگا۔ اور اس کے بعد لکھنے کی نوبت آئی ہوگی۔ اگر اُس نے ایک دن میں اوسطاً تین صفحے بھی لکھے ہوں تو ۳۵۱۲ صفحات کی اس کتاب پر تین سال اور بیالیس دن لگے ہوں گے اور یہ ۶۲۳ھ = ۱۲۲۶ء میں تکمیل کو پہنچی ہوگی۔

یاقوت اِس کتاب میں لفظ لُقان کے تحت لکھتا ہے :-

وکان بهراة ادیبٌ یقال لهٗ عبد الملك بن علی اللُّقانی ذکرتُهٗ فی کتاب الاُدَبَاء۔

"ہرات میں ایک ادیب کا نام عبد الملک بن علی اللُّقانی تھا۔ مَیں مُعجم الاُدَبار میں اُس کا ذکر کر چکا ہُوں۔" (مُعجم۔ جلد ہفتم صہ ۳۳۵)

اِس حوالہ سے ظاہر ہے کہ مُعجم الاُدَبار بلاد و امصار کے مُعجم سے پہلے لکھی گئی تھی۔ ایک اور واقعہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مُعجم کی تکمیل ۶۱۶ھ کے بعد ہوئی تھی۔

یاقوت لکھتا ہے (مقدمہ صہ ۱۲) کہ :

"جب مُعجم مکمل ہوگئی تو مَیں نے اُس کا ایک نسخہ وزیرِ حلب جمال الدین القِفطی کی خدمت میں پیش کیا۔ القِفطی ۶۱۶ھ سے ۶۲۸ھ = ۱۲۱۹ء ــ ۱۲۳۱ء تک وزیر رہا تھا۔"

(مقدمہ تاریخ الحکماء۔ از ڈاکٹر لپترٹ پروفیسر برلن یونیورسٹی)

ظاہر ہے کہ یہ نُسخہ ۱۲۱۹ء کے بعد ہی پیش کیا ہو گا۔ فراہمیِ مواد، تکمیلِ کتاب اور اُس کا ایک نسخہ تیار کرنے پر کم از کم سات برس تو صرف ہُوئے ہوں گے۔

یاقوت کی محنت

"مَیں نے اِس کتاب کی تالیف میں پہلی مَعاجم کے علاوہ عرب شعراء کے دواوین محدّثین کی تحریرات کُتبِ تاریخ وادب اور روایات وقصص سے بھی مدد لی۔ مختلف ممالک میں گھُوما اور اپنے مشاہدات وسموعات قلمبند کرتا گیا۔ اعراب و تلفظ کے متعلق پُوری تحقیق کی اور کئی مرتبہ استخارے سے بھی کام لیا۔"

اِنّ کتابی هٰذا اوحدُ فی بابِه ولا یقوم باِبرازِ مِثلهِ اِلّا من اُیّد بالتوفیق۔

(مقدمہ مُعجم۔ صہ ۱)

(میری یہ کتاب فنِ جغرافیہ میں بے نظیر ہے۔ اور اس جیسی کتاب وُہی شخص لکھ سکتا ہے۔ جسے تائیدِ الٰہی حاصل ہو)
چونکہ اِس کتاب کو جامع و مانع بنانے کے لیے طویل عمر درکار تھی۔ اِس لیے میں نے اتنا ہی کیا، جتنا مجھ سے ہو سکتا تھا۔"

(مقدمہ (ملخص) مبنا)

ایک عیب

اس کتاب میں ایک عیب بھی ہے کہ مصنف جا بجا علمائے جغرافیہ کی آراء پیش کرتا ہے۔ لیکن نہ تو اُن کے پُورے نام لکھتا ہے اور نہ یہ بتاتا ہے کہ اُس نے یہ رائے کہاں سے نقل کی۔
چند مثالیں :-

قال الاصطخری ارّجان مدینةٌ کبیرةٌ ....
(ج - ا صفحہ ۱۸۰)
(اصطخری کہتا ہے کہ ارجان ایک بڑا شہر ہے)

قال ابوسعد منصور بن الحسین الآبی فی تاریخه
(ج - ا صفحہ ۱۸۹)
(ابوسعد منصور .... اپنی تاریخ میں کہتا ہے)

اَرْقانیا هُو اسمٌ لِبَحْرِ الخزر......... کذا قال ابوریحان
(ج - ا صفحہ ۱۹۴)
(اَرْقانیا بحرِ خزر کا نام ہے .... ابوریحان کی رائے یہی ہے)

اِصطخری، ابوسعد منصور اور ابوریحان کون تھے اور انھوں نے کس کس کتاب میں یہ باتیں کہیں۔ یاقوت نے نہیں بتلایا۔ کتاب میں اس قسم کے نامکمل حوالے دو ہزار سے کم نہ ہوں گے۔
اس سلسلے میں یاقوت نے کئی درجن جغرافیہ نگاروں کا نام لیا ہے۔ مثلاً :

- ——— مسعر بن مہلہل
- ——— ابوالریحان
- ——— اصمعی
- ——— ابوالحسن بن فرات
- ——— ابوبکر بن موسٰی
- ——— ابوالعباس محمد بن یزید المبرّد
- ——— ابوسعید

- ——— ابن الاعرابی
- ——— ابو سعد
- ——— ابو نصر احمد بن حاتم الجرمی
- ——— ابن الفقیہہ
- ——— ابنِ دُرید
- ——— ابو زید الابطح
- ——— ابو علی آلاُبلّہ
- ——— ابو بکر الانباری
- ——— بدیع الزمان بن عبداللہ الادیب الہمدانی
- ——— ابو بکر القاری
- ——— عرّام
- ——— السکری
- ——— سیبویہہ
- ——— طبری
- ——— عمارہ بن الحسن الیمنی
- ——— محمد بن ادریس بن ابی حفصہ
- ——— ابن السکیت
- ——— زمخشری
- ——— ابو عُبَید السکونی
- ——— ابن الکلبی
- ——— ابن حَوقل
- ——— احمد بن یحیٰی بن جابر
- ——— ابو حذیفہ اسحاق بن بشر
- ——— ابو عامر العبدی
- ——— ابو سعید السیرافی

اور اُن کی جغرافیائی تصانیف کا ذِکر نہیں کیا۔ ظاہر ہے کہ یہ نامکمل نام اور حوالے محققین عصرِ رواں کو مطمئن نہیں کر سکتے۔

معجم کی ہئیت

یاقوت نے ہر نام کے تحت عموماً تفاصیل ذیل کا التزام کیا ہے :۔

۱ : پہلے اُس کا اشتقاق بتایا۔
۲ : پھر اُس کے طولِ بلد اور عرضِ بلد سے بحث کی۔
۳ : پھر یہ بتایا کہ وہ کس مُلک میں کہاں واقع ہے۔ اور قریب ترین مشہور شہر سے اس کا فاصلہ کتنا ہے؛
۴ : بعض بلاد کے بانیوں کا بھی ذکر کیا۔
۵ : وہاں کی مصنوعات، مزروعات اور دیگر خصوصیات پر روشنی ڈالی۔
۶ : اُن اعیان، علماء، صحابہ، اور تابعین کا ذکر کیا جو وہاں مدفون ہیں۔
۷ : اور یہ بھی بتایا کہ اگر وہ شہر کبھی اسلامی سلطنت کا حصّہ رہا ہے تو اُسے کس نے کب فتح کیا تھا؛

مُقدمۂ کتاب

کتاب کے شروع میں پچاس صفحات کا ایک مُقدمہ ہے۔ ۱۲۰۴ سطور اور ۱۹،۲۰۰ الفاظ پر مشتمل اس میں پانچ باب ہیں :

پہلے باب میں زمین کی ہیئت (گول ہے یا چپٹی) خلا میں اس کے مقام وحجم، حیوانات، نباتات، انہار، جبال، معادن وغیرہ پہ بحث ہے۔

دوسرے باب میں سات اقالیم کی حدود، بُروج اور زمین پہ ان کے اثرات کا ذکر ہے۔

تیسرے باب میں زمین کو ماپنے کے پیمانوں یعنی میل، فرسنگ، برید (۶ یا ۱۲ یا ۲۰ میل) اور منزل کی تشریح ہے، ساتھ ہی چند مصطلحات مثلاً کُورہ (علاقہ یا ضلع)، اُستاق (دیہاتی علاقہ)، جُند (بستیوں کا جُھنڈ)، خراج، غنیمت، فَے (جو علاقہ جنگ کے بغیر فتح ہو) اور خُمس وغیرہ کا ذکر ہے۔

چوتھے باب میں۔ غنیمت وفَے کی تقسیم پر فقہا کے فتاوٰی درج ہیں۔

پانچویں باب میں۔ اُن عیوب واوصاف کا ذکر ہے۔ جن میں بعض شہروں کو شہرت حاصل تھی۔ مثلاً وہ لکھتے ہیں :۔

- اہلِ بصرہ بخیل ومکار ہیں۔
- اہلِ حجاز احمق وآرام طلب۔
- اہلِ شام شجاع، نرم دل اور اللہ کے باغی ہیں۔

بادشاہوں کے متعلق لکھتے ہیں کہ :

- بابل کا بادشاہ ہر زمانے میں قابلِ تعظیم رہا۔
- ہند کا بادشاہ ملکُ الحکمت۔

- چین کا ملکُ السیاست۔
- تاتاریوں کا ملکُ الخوف۔ اور
- رُوم کا ملکُ الرجال کہلاتا ہے۔

یاقوت شاعر بھی تھا

تاریخ بغداد کا مشہور مصنف ابن نجار۔ حافظ محب الدین ابوعبداللہ محمد بن محمود بن حسن بغدادی (۶۴۳ھ) جس نے خطیب کی تاریخ بغداد کی ذیل تیس جلدوں میں لکھی تھی، لکھتا ہے کہ:

"یاقوت شاعر بھی تھا۔ ایک دفعہ وہ میرے ہاں آیا۔ تو اس نے مجھے اپنے کئی اشعار سنائے۔" (مُعجم۔ مث)

کتابیں وقف

کہتے ہیں کہ جب یہ آخری بیماری میں مبتلا ہُوا۔ تو اس نے اپنی ذاتی کتابیں "الکامل فی التاریخ" کے مصنف ابن الاثیر۔ عزّ الدین ابوالحسن علی الشیبانی الجزری الموصلی (۶۳۰ھ) کی وساطت سے بغداد کی مسجد زیدی کو بھجوا دی تھیں۔ (مُعجم مث)

ذیلِ مُعجم

معجم کی ذیل مصر کے ایک عالم محمد امین الخانجی نے ۱۹۰۷ء میں منجم العمران کے نام سے تیار کی تھی۔ اس کی دو جلدیں ہیں۔ ۸۰۵ صفحات پر مشتمل۔ اس میں ۹۰۰ مقامات کا ذکر ہے۔ ان میں سے بیشتر کا تعلق یورپ سے تھا۔ میں نے تمام یورپی مقامات کو نظرانداز کر دیا ہے اور ذیل کے صرف اُن ایشیائی بلاد و قریے کو لیا ہے جن کا ذکر معجم میں نہ تھا اور ان کی تعداد سو سے کم ہے۔

میری یہ تلخیص

میرے لیے معجم کی تمام تفاصیل (اشتقاقِ اسماء، عربوں کے اشعار، علماء کے نام وغیرہ) کا ترجمہ ممکن نہ تھا۔ میری غرض صرف اتنی تھی کہ کسی بستی، شہر، پہاڑ، دریا یا وادی کا مقام وقوع معلوم ہو جائے۔ چنانچہ میں نے اس تلخیص کو اسی تصریح تک محدود رکھا ہے۔

معجم میں ۱۲۶۰۰ مقامات کا ذکر تھا۔ لیکن میں نے صرف ۱۰۲۰۰ انتخاب کیے ہیں اور تمام ایسے مقامات چھوڑ دیے ہیں جن کے متعلق یاقوت نے صرف اتنا ہی کہا تھا کہ یہ ایک موضع ہے اور یہ نہ بتایا کہ وہ کہاں تھا۔ اسی طرح وہ مقامات بھی ترک کر دیے ہیں۔ جن کی تشریح مُبہم تھی۔ مثلاً:-

ذُو اُرُوکَ وادٍ فی بلادِهِم

(ذُواُروک قبیلۂ اُرُوک کے بلاد میں ایک وادی ہے، اس قبیلے کا نام کہیں سے نہ مل سکا۔

اُسَاھِم ھِیَ حَرَّۃٌ
(اُسَاہِم ایک پتھریلی زمین ہے)

کہاں ؟ یہ نہیں بتایا۔

مَخْمَرْ :- یہ مُرّ اور علاف کے درمیان ایک علاقہ ہے۔

اور کتاب میں نہ مُرّ کا ذکر ہے نہ علاف کا۔

مَیں نے ہند و پاکستان کے شہر بھی چھوڑ دیے ہیں۔اس مقصد کے لیے ریلوے ٹائم ٹیبل ہی کافی تھا۔

ضمیمہ

مَیں نے اِس تلخیص کے آخر میں بلادِ اندلس کا ایک ضمیمہ بھی لگا دیا ہے۔اس میں ۲۶۵ شہروں کا ذکر ہے۔ اور ہر شہر کے سامنے اُس کا تبدیل شدہ موجودہ نام بھی درج ہے۔

- عرب مَیڈرڈ کو مجریط۔
- کارڈووا کو قرطبہ۔ اور
- گرَینڈا کو غرناطہ کہا کرتے تھے۔

باقی شہروں کے نام بھی بدل چکے ہیں۔ مَیں نے اِس ضمیمہ میں نئے اور پُرانے نام متوازی کالموں میں دے دیے ہیں۔ اگر اِس ضمیمہ کے مقامات کو مُعجم کے مقامات میں شامل کر دیا جائے تو میزان ۶۵ ۴۰۱ بن جاتی ہے۔

میرے نقشے

اِس کتاب میں ممالکِ ذیل کے نقشے شامل کیے ہیں :-

- عرب (سیاسی)
- قبائلِ عرب
- افغانستان
- ایران
- عراق
- تُرکی
- شام
- اُردن و فلسطین
- افریقہ
- اندلس

اندلس کے نقشے میں صُوبوں کی موجودہ حدود دکھائی گئی ہیں۔لیکن شہروں اور صُوبوں کے وُہی نام درج

کیے ہیں۔ جو عربوں نے رکھے تھے۔

قبائلِ عرب کا نقشہ تیار کرتے وقت مجھے بڑی دِقّت کا سامنا کرنا پڑا۔ تلاش کے باوجود مجھے کوئی ایسی کتاب نہ مل سکی۔ جو یہ بتاتی کہ یہ قبائل کہاں کہاں آباد تھے۔ اس سلسلے میں مجھے یاقوت ہی کی تصریحات پر انحصار کرنا پڑا۔ مُعجم میں جا بجا اِس نوع کے جُملے مِلتے ہیں :۔

أُشَيْذَ ۔ موضعٌ فی بلادِ قضاعة بالشام
(ج-۱ ص۱۱۱)

(اُشَیْذَ ، شام میں بنو قُضاعہ کا ایک موضع ہے)

اس سے معلوم ہُوا کہ بنو قُضاعہ شام میں آباد تھے۔

اُشَیفِیہ کے متعلق مذکور ہے :۔

قریة لبنی کُلَیب بن یربُوع بالوشم من ارض
الیمامہ ۔ (ج-۱ ص۱۱۱)

(یہ وُشم میں بنو کُلَیب بن یربُوع کی ایک بستی ہے اور وُشم یمامہ میں ہے)

اَلأَرثیل موضعٌ فی بلادِ هُذَیل بتهامد

(اَرْثِیل تہامہ میں ہُذیل کا ایک موضع ہے)

قبائلِ عرب

بیشتر قبائلِ عرب دو اَجداد کی طرف منسوب ہیں ۔ عدنان اور قحطان ۔ عدنان حضور صلعم کے اکیسویں جد تھے ۔ نسب نامہ یُوں چلتا ہے :۔

محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدِمُناف بن قُصَیّ بن کلاب بن مُرّہ بن کعب بن لوے بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن مَعَدّ بن عدنان ۔

قحطان ، عدنان کا نانا تھا ۔ عرب عموماً یا تو قحطان کے دو بیٹے ہیں یا پوتے ۔

عدنان کی اولاد :۔

٭ ہذیل	٭ مُزَینہ	٭ خزاعہ	٭ عیلان
٭ غطفان	٭ کنانہ	٭ اسد	٭ سعد
٭ لحیان	٭ تمیم	٭ عوف	٭ نضر
٭ وائل	٭ حنظلہ وغیرہ وغیرہ ۔		

قحطان کی اولاد :۔

❖ سبا ❖ حمیر ❖ کہلان ❖ اوس
❖ خزرج ❖ باہلہ ❖ کندہ ❖ لخم
❖ خثعم ❖ ربیعہ ❖ مازن وغیرہ وغیرہ

ان قبائل کی تعداد سینکڑوں تک پہنچتی ہے۔ ان میں سے کچھ اہم نام بھی ہیں۔ مثلاً :-

عوف ، عمرو ، مرّہ اور مزینہ وغیرہ

تفصیل کے لیے یا تو کتب انساب دیکھیے یا وہ دو جدول جو ڈاکٹر حمید اللہ کی کتاب الوثائق السیاسیہ میں دیے ہوئے ہیں۔ قبائل کی تعداد بہت زیادہ ہے اور میرے نقشۂ قبائل میں صرف ۱۱۸ نام ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ نقشہ نہ تو مکمل ہے اور نہ یقینی طور پر صحیح۔ ممکن ہے کہ میں نے کوئی نام غلط جگہ پہ لکھ دیا ہو۔ لیکن میں نے بحدِ امکان یہ کوشش کی ہے کہ کسی اہم قبیلے کا نام رہ نہ جائے۔

پیمانے

مختلف شہروں کی درمیانی مسافت کو ماپنے کے لیے یاقوت نے چار پیمانوں سے کام لیا تھا۔ یعنی :-

ا - برید

جو شام و خراسان میں چھ میل اور صحرائے عرب میں بارہ میل کا تھا۔

ب - میل

جس کے متعلق یاقوت اِتنا ہی کہہ کر خاموش ہو گیا کہ بطلیموس کے ہاں میل تین ہزار ذراع (کہنی سے درمیانی انگلی کے پورے تک۔ یعنی ۱۷-۱۸ انچ) کا تھا۔ یہ ۴۲۵۰ فٹ اور ۱۴۱۶ گز بنتا ہے (آج کل کا معیاری میل ۱۷۶۰ گز = ۵۲۸۰ فٹ کا ہے) اور بعض کے ہاں ۳۳۳۴ قدموں کا۔ ایک قدم ۱½ فٹ کا ہوتا ہے۔ اِس حساب سے میل ۱۹۴۴ گز = ۵۸۳۲ فٹ کا بنتا ہے۔ مصنف نے یہ نہیں بتایا کہ اُس نے کتاب میں میل کا کون سا مفہوم لیا ہے۔

ج - فرسخ

تین میل کے برابر

د - منزل

مسافروں کے ٹھہرنے کے لیے سرائے وغیرہ جو عموماً شاہراہ کے کنارے ہر اٹھارہ میل پہ بنائی جاتی تھی، جغرافیائی حالات کے مطابق اس مسافت میں کمی، بیشی بھی ہوتی رہی۔

میں نے اس تلخیص میں میرف میل (یاقوت کا میل) ، فرسخ اور منزل سے کام لیا ہے اور بریڈ کو نظر انداز کر دیا ہے ۔

اِصطلاحات

یاقوت نے مُتعدد اِصطلاحات مثلاً :

٭ مخلاف ٭ کُورہ ٭ اُستاق ٭ صُقع ٭ اشتان وغیرہ

سے کام لیا تھا۔ لیکن میں نے عام فہم اور سادہ الفاظ ، مثلاً :

٭ سواد ٭ حُدود ٭ نواح ٭ عِلاقہ ٭ خِطّہ ٭ بستی ٭ گاؤں

٭ قصبہ اور شہر استعمال کیے ہیں۔

البتہ ایک اِصطلاح ایسی ہے ۔جس کی وضاحت ضروری ہے اور وُہ ہے :۔

ایک پانی

عرب میں آبی ذخائر کی مختلف اقسام تھیں۔ مثلاً :۔

٭ چشمہ ٭ جوہڑ ٭ تالاب ٭ جھیل ٭ نالہ ٭ نہر

٭ ندی ٭ دریا اور کنوآں ۔

یاقوت کسی آبی ذخیرے کے متعلق اتنا ہی کہہ کر گزر جاتا ہے کہ :

مَاءٌ لِفُلَانٍ ۔ (فلاں قبیلے کا پانی ہے)

اور یہ نہیں بتاتا کہ وُہ کُوآں تھا یا جوہڑ یا کچھ اور ۔ میں بار بار یہ سوچنے پر مجبُور ہوتا رہا کہ ماء کا ترجمہ چشمہ کر دوں یا ندی ، نہر اور دریا ۔ اِس دِقّت کو رفع کرنے کے لیے مَیں نے " ایک پانی " کی اِصطلاح تراشی۔ جس سے مراد آبی ذخیرہ ہے ۔ خواہ وہ کُوآں ہو یا کچھ اور ۔ گو لِسانی نقطۂ نگاہ سے یہ غلط ہے ۔کیونکہ ہوا اور پانی کے ساتھ " ایک " کا استعمال صحیح نہیں۔ لیکن بات سمجھانے کے لیے یہی اِصطلاح موزوں تھی۔

جرمِ اِختصار

یاقوت نہیں چاہتا تھا کہ مُعجم کا اِختصار تیار کیا جائے۔ کہتا ہے :۔

" مجھے میرے شاگردوں نے بار بار کہا کہ مَیں کتاب سے زائد بحثیں نکال کر اِسے مختصر کر دُوں لیکن مجھے اپنی محنت کی تباہی گوارا نہ ہوئی ۔ مَیں مستقبل کے کاتبین و ناقلین سے بھی التماس کرتا ہُوں تاکہ وہ میری محنت ضائع نہ کریں اور تمام تفاصیل اِسی طرح رہنے دیں ۔ اگر کسی نے اِن تفاصیل کو خارج کیا تو مَیں روزِ قیامت اُس کا محاسبہ کروں گا ۔

اِختصار کی مثال یُوں ہے ، جیسے کسی طائر کے پَر اور کسی انسان کے دست و پا کاٹ دیے جائیں

یا ایک عروس سے اُس کا زیور اور فاتح سے اُس کی تلوار چھین لی جائے۔

روایت ہے کہ جاحظ بصری (۲۵۵ھ = ۸۶۹ء) کے ایک معاصر نے اُس کی کسی کتاب کا اختصار جاحظ کی خدمت میں پیش کیا تو جاحظ سخت ناراض ہُوا، اور فرمایا کہ:

"میری کتاب مست آنکھوں والی ایک حسین تصویر تھی۔ تُو نے اُس سے آنکھیں چھین لیں۔ مَیں دُعا کرتا ہُوں کہ اللہ تجھے بھی اندھا کرے۔"

یہ سُن کر دُہ اختصار کرنے والا اپنی حرکت پہ نادم ہُوا اور مُعافی مانگ لی۔"

(مُعجم - مقدمہ ص ۱۱-۱۲)

یاقوت زندہ ہوتا تو مَیں بھی اُس سے معافی مانگتا۔ ساتھ ہی اپنی کچھ مجبُوریاں بھی پیش کرتا کہ میرے مُلک کے اہلِ علم کو اس کتاب کی شدید ضرورت تھی اور مَیں زندگی کی آخری منزل پر تمام تفاصیل کا ترجمہ کرنے سے قاصر تھا۔

حرفِ آخر

اُردو ادب میں بلادِ اسلامی پر یہ پہلی کتاب ہے۔ اگر اسلامی تاریخ، عربی ادب اور جغرافیہ کے طلبہ اِس اختصار کو مفید پائیں تو اِس فقیر کو دُعا سے یاد فرمائیں۔

مآخذ

اِس دیباچہ کا بیشتر مواد دائرۃ المعارف مُعجم اور منجم سے ماخوذ ہے۔

والسلام برقؔ - کیمبل پور

آغازِ تحریر : ۱۴- اگست ۱۹۷۰ء

تکمیل : ۱۶- اگست ۱۹۷۲ء

قبائلِ نجد و یمامہ

جن کا ذکر کتاب میں بار بار آتا ہے۔ ہر نام سے پہلے لفظِ بَنُو کا اضافہ کر لیجیے۔

نجد :-

❖ ابوبکر بن دہمان ❖ ابوبکر بن کلاب ❖ اسد ❖ اضبط ❖ حریش بن کعب ❖ زنباع ❖ سعد بن ذبیان سلول ❖ سلیم ❖ سہیل ❖ ضبیبہ ❖ طہمان ❖ طے ❖ عامر بن صعصعہ ❖ عبادہ۔
❖ عبس ❖ عجلان ❖ عقیل ❖ عمرو بن ربیعہ ❖ عمرو بن کلاب
❖ عوف بن عبد ❖ فزارہ ❖ قرطاء ❖ قریط ❖ قوالہ
❖ قیس عیلان ❖ کعب بن عبد ❖ مالک بن ربیعہ ❖ نصر بن معاویہ
❖ نعامہ ❖ نُمیر ❖ وقاص ❖ یربُوع۔

یمامہ :-

❖ ابوحفصہ ❖ اُخنس ❖ اشجع ❖ اِمرءُ القیس ❖ باہلہ
❖ بکر بن وائل ❖ جعدہ ❖ حِمّان ❖ حنیفہ ❖ ذُہل۔
❖ زید بن عبید ❖ سُحَیم ❖ سُعد ❖ عبداللہ بن دُوَل ❖ عجل۔
❖ عدی بن حنیفہ ❖ عدی بن عبد مناۃ ❖ عطارد ❖ عمارہ بن عقیل۔
❖ عنبر ❖ غُبَر ❖ قیس بن ثعلبہ ❖ کُلَیب ❖ مازن ❖ مُرّہ۔
❖ معاویہ بن حزن ❖ وُعلہ ❖ یشکُر۔

نوٹ:- (۱) ہر نام سے پہلے لفظِ "بَنُو" کا اضافہ کر دیجیے۔

(۲) قبائلِ عرب کی تعداد بہت زیادہ ہے اور اُن کے مساکن بدلتے رہتے تھے۔ اِس لیے یہ فہرست نہ تو مکمل ہے اور نہ مساکن کے لحاظ سے یقینی و قطعی۔

آ

آبُرْ : سجستان کی ایک نواحی بستی۔

آبِسْکُوْن : جُرجان سے تین یوم کی مسافت پر بحیرۂ خزر کا ایک ساحلی قصبہ۔

آبْ گُوْز : دیارِ بکر میں آمد کی ایک نواحی بستی۔

آبِلْ : لغوی معنوی سبزہ زار۔ اس نام کے کئی مقامات تھے۔ مثلاً سوادِ دمشق میں جانب ساحل آبِلُ القمح۔ اردن کی سطحِ مرتفع پر آبِلُ الزّیت۔ غوطۂ دمشق میں آبِلُ السّوق۔ اور حمص سے دو میل پر ایک بستی۔

آبَنْدُوْن : نواحِ جُرجان میں ایک گاؤں۔

آبَہْ : اصفہان یا نواحِ ساوہ کی ایک بستی۔ نیز مصرِ صعید میں بہنسا کا ایک گاؤں۔

آتِیْل : سوادِ زوزان (ارمینیہ) میں ایک قلعہ۔

آجَامْ : لفظی معنی ٹیلے یا عمارات۔ مدینہ میں کتنے ہی مواضع آجام کہلاتے تھے۔

آجَامُ الْبَرِیْدْ : کسی وقت لشکر میں جنب نام کی ایک نہر تھی۔ جس کے ساتھ ساتھ میشان و اہواز کی طرف راستہ جاتا تھا۔ جب ایک سیلاب کی وجہ سے یہ نہر تباہ ہو گئی۔ تو اِن راستے پر جنگل اُگ آئے۔ جو آجامُ البرید کہلاتے تھے۔

آجُرْ : غربی بغداد میں نہرِ طابق کے قریب ایک محلہ اسی نام کا ایک محلہ نہرِ معلّی پر بھی تھا۔

آجِنْقَانْ : سَرَخس کی ایک بستی۔

آجِیَاصُوْفِیَا : یا ایا صوفیا۔ یونانی الفاظ ہیں جن کا ترجمہ ہے "حکمتِ مقدسہ"۔ یہ ایک گرجے کا نام تھا۔ جو قسطنطینِ اعظم نے ۳۲۵ء میں بنوایا تھا یہ دو سال بعد آگ سے تباہ ہو گیا۔ اور قیصر جسٹینین اوّل نے اسے دوبارہ بنوایا۔ جب ۱۴۵۳ء میں سلطان محمد نے قسطنطنیہ کو فتح کیا، تو اسے مسجد بنا ڈالا۔

آخُرْ : جُرجان و خوارزم کے درمیان دہستان کا ایک قصبہ۔ نیز سمنان و دامغان کے مابین۔ سمنان سے نو فرسخ دُور۔ ایک بستی

آذَرْمَہْ : آذِنہ کی ایک بستی۔

آذِنَہْ : رحبی قید کی حدود پر زمین میں گاڑا ہوا ایک پتھر جو حد کی نشان دہی کرتا ہے۔

آرَاہْ : مکہ و مدینہ کے درمیان یا ارضِ ضباب میں ایک پہاڑ۔

آرُہْ : اندلس میں ایک وادی۔ بحرین میں ایک قصبہ۔ مکہ و مدینہ کے درمیان حجاز میں ایک پہاڑ۔

آزْھَنْ : سوادِ بلخ میں ایک بستی۔

آرْیُوْش : نہرِ ہرات یا ہری کا یونانی نام۔ یہ نہر (دریا) افغانستان میں ہے۔

آزَاجْ : بغداد کی ایک بستی۔ یہ اُس راستے پر واقع ہے جو بغداد سے خراسان کو جاتا ہے۔

آزَاذَانْ : ہرات کی ایک بستی۔

آزَاذْوَارْ : توس کی جانب جُوَین (نیشاپور کا ایک علاقہ) کی ایک بستی۔

آزَرْ : ایران و عراق کے مابین ایک علاقہ خوزستان

کہلاتا ہے۔ جس کا مشہور شہر اَہواز ہے۔ آزُراَہواز اور رامَہُرمُز (شمالی ایران) کے درمیان واقع ہے۔

آستک : ارّجان کے قریب اَہواز کی ایک نواحی بستی۔

آش : اَندلُس میں نواحِ غرناطہ کا ایک شہر۔

آشِب (آشَب) : طالَقان (رے) کی ایک بستی۔ بکسرۂ شین : موصل کا ایک قلعہ۔

آغزُوْن : بُخارا کا ایک گاؤں۔

آفاز : قطیف سے چار فرسخ پر بحرَین کی ایک بستی۔

آفُرَان : نسف کے قریب ماوراءالنہر کا ایک گاؤں۔

آفِش : ضلعِ حلَب کا ایک شہر۔

آق بابا : ایشیائے صغیر (ترکی) کا ایک قصبہ۔ جس میں ایک ولی آق بابا کا مزار ہے۔

آق دِرۃ : دیارِ بکر کا ایک دریا۔

آق سَرَاے : بلادِ روم کا ایک شاداب و سرسبز شہر۔

آق صُوبازارِی : قونیہ کا ایک نواحی قصبہ۔

آلاشِہر : ولایتِ اناطولیہ (ترکی) کا ایک قصبہ۔

آلاطاغ : قونیہ سے اٹھارہ ساعت کی مسافت پر ایک شہر۔ نیز پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔ جس کے شمالی دامن سے دریائے فرات نکلتا ہے۔

آلِس : جانبِ ساحل بلادِ روم کا ایک دریا۔

آلِ قُراش : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔

آلوُب : ایشیائے صغیر کا ایک خطہ۔ جہاں سے چاندی نکلتی ہے۔

آلُوسَراَن : سَرَخس (صوبۂ خُراسان) کی ایک بستی۔

آلُوسَۃ : لبِ فرات۔ عانہ کے قریب ایک شہر۔

آلِیش : اَندلُس میں ایک شہر۔

آلِین : نہرِ خارقان پر مَرْو کی ایک بستی۔

آمِر : جزیرۂ ابنِ عُمَر میں ایک گاؤں۔

آمِد : دیارِ بکر کا ایک اہم شہر۔ جس کا نام غالباً آمِد کے مُورثِ اعلےٰ سے ماخوذ ہے۔

آمِدیزۃ : بخارا کا ایک گاؤں۔

آمُل : طبرستان کا ایک اہم شہر۔ نیز جیحوں کے مغرب میں بخارا و مَرْو کے مابین ایک قصبہ۔

آمُو : سوادِ جیحوں میں بخارا و مَرْو کے درمیان ایک صحرا۔

آنَب : شام میں نہرِ عاصی کے قریب ایک قلعہ۔

آنی : آرمینیہ میں خلاط و گنجہ کے درمیان ایک قلعہ۔

آیِل : بصرہ و مکہ کی راہ پر سوادِ نقرہ میں ایک پہاڑ۔

الِف

اَبْ : یمن میں ایک قصبہ۔

اَبَاْ : خیبر میں بنُو قُریظہ (یہود) کا ایک کنُواں اور کنُوئیں کے قریب ایک نہر۔

اَبَاْتِرْ : نجد میں چند وادیاں اور پہاڑیاں۔

اُبَاْرْ : یمن میں یا بلادِ بنُو سعد کے قریب ایک موضع۔

اَبَاْرِقْ : کرمان میں ایک موضع۔ نیز ہر ایسی زمین جو ریتلی اور قدرے پتھریلی بھی ہو۔ ایسے کئی خطے تھے۔ مثلاً :

اَبَاْرِقِ بَیْنَہْ : رُویثہ کے قریب ایک خطہ۔

اَبَاْرِقِ بُشَیَاْنْ : دیکھیے بُشیان

اَبَاْرِقُ الثَّمْدَیْنْ : دیکھیے ثمدین۔

اَبَاْرِقِ حَقِیْلْ : دیکھیے حقیل۔

اَبَاْرِقِ لِکَاْکْ : دیکھیے لکاک۔

اُبَاْرِیَاْتْ : دیارِ اسد (نجد) میں ایک موضع۔

اَبَاْرِقِ نَسْرْ : دیکھیے نسر۔

اُبَاْضْ : یمامہ میں ایک موضع۔

اُبَاْغْ : انبار کے قریب جانب شام ایک وادی جو عینِ اُباغ کہلاتی تھی۔ اس میں کبھی عمالقہ کے ایک سردار اُباغ نے قیام کیا تھا۔

اَبَاْلِغْ : بلیغ (رقہ کی ایک نہر) کی جمع۔

اُبَاْمْ : نخلۂ یمانیہ میں ہذیل کی ایک وادی۔

اَبَاْنْ : ابانِ اسود بنُو فزارہ کا ایک پہاڑ تھا اور ابانِ ابیض کی ملکیت میں بنُو عبس بھی فزارہ کے ساتھ شامل تھے۔ نیز کرمان میں ایک قصبہ۔

اَبَاْنَاْنْ : ابان کا تثنیہ۔ یہ دو پہاڑ سفید و سیاہ کہلاتے تھے۔ سفید کے مالک بنُو فزارہ (اور شاید بنُو جُرَید بھی) تھے۔ اور سیاہ پر بنُو اسد، بنُو والبہ اور حارث بن ثعلبہ قابض تھے۔ اِن دونوں پہاڑوں میں تین میل کا فاصلہ تھا۔

اَبَاْنَہْ : شام کا ایک دریا جو دمشق سے ۲۳ میل دُور ایک پہاڑ سے نکلتا تھا۔

اَبْتَرْ : شام میں ایک موضع۔

اَبْتَرَہْ : بنُو قشیر کا ایک پانی۔

اِبْجِیْجْ : مصر میں سمنودیہ کا ایک گاؤں۔

اَبْخَاْزْ : دربند کے قریب جبلِ قبق کا ایک علاقہ۔

اَبْتَدَہْ : اُندلس میں سوادِ جیان کا ایک قصبہ۔

اُبُرْ : بنُو نُمیر کا ایک پانی۔

اَبْرَاْذْ : نجد میں ابُو بکر بن کلاب کے چند پہاڑ۔

اَبْرَاْشْ : ہرشیٰ اور غمر کے مابین ایک موضع۔

اَبْرَاْقْ : اَبْرَق کی جمع ہے۔ ابرق۔ بَرقاء اور بُرقہ ایسی زمین کو کہتے ہیں۔ جو ریتلی بھی ہو اور کنکریلی بھی۔ یہاں مراد نجد میں بنُو نصر کا ایک

پہاڑ ہے۔ رحرحان کے مشرق میں بھی ایک پہاڑ ابراق کہلاتا تھا۔

اَبْرَس : سیستان کے قریب ایک وادی۔

اَبْرَش : شام میں ایک ندی اور بلادِ رُوم میں ایک پہاڑ۔

اَبْرَش کَوِیْھ : اور بیجان میں ارضِ مُوقان کا ایک پہاڑ۔

اَبْرَشَھْر : نیشاپور کا ایک نام۔

اَبْرَق : ریتلی اور پتھریلی زمین۔ یہاں مراد مکہ اور بصرہ کی راہ پر رُمیلہ کے بعد ایک منزل۔ نیز دیارِ عمرو بن ربیعہ میں ایک موضع۔

اَبْرَقَا : سوادِ کوفہ میں رُودمقان کے قریب ایک گاؤں۔

اَبْرَقَان : نجد میں بنوطے یا بنوجعفر کا ایک پانی۔

اَبْرَقِ اَعْشَاش : بلادِ تمیم میں ایک پتھریلا اور ریتلا خطّہ۔

اَبْرَقِ ذِی الْجُمُوْع : ارضِ نُمیر میں گُلاب (وادی) کے پاس ایک موضع۔

اَبْرَقِ حَنَّان : بنو فزارہ کا ایک پانی۔

اَبْرَقِ رَبَذَہ : بنو ذُبیان کی ایک منزل۔

اَبْرَقِ رَوْحَان : یمامہ میں وادیٔ رَوحان کا ایک خطّہ۔

اَبْرَقِ عَزَّاف : بصرہ و مدینہ کی راہ پر بنواسد بن خُزیمہ کا ایک پانی۔

اَبْرَقُ النَّعَاشْر[۱] : طے اور غسّان کا ایک پانی۔

اَبْرَقَۃ : مدینہ کے قریب آب ہائے نملی میں سے ایک۔

اَبَرْقُوْہ : فارس میں یزد کے پاس ایک شہر۔

اِبْرَم : مشرقی شام میں ایک بستی۔

اَبْرُوْق : بلادِ رُوم میں ایک موضع۔

اِبْرِیْم : نوبہ میں نیل کے مشرقی کنارے پر ایک شہر۔

اَبْرِیْن : اَحسار کے سامنے بحرین کا ایک سرسبز شہر۔

اَبْرِیْنَق : بَرْذ کی ایک بستی۔

اَبْزَار : نیشاپور سے دو فرسخ (چھ میل) دُور ایک بستی۔

اَبْزَقُبَاذ : اَہواز اور ایران کے درمیان ایک سرحدی شہر۔

اَبْسُس : بلادِ رُوم کا ایک تباہ شدہ شہر۔ جہاں اصحابِ کہف رہائش پذیر تھے۔

اَبَسْکُوْن : طبرستان میں جُرجان سے چوبیس فرسخ دُور ایک شہر۔

اَبْشُوْج : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک قصبہ۔

اَبْشَا : مصرِ صعید میں ایک بستی۔

اَبْشَاق : مصر میں دو گاؤں۔ ایک علاقہ دقہلیہ

---

۱ : معجم میں چند اور اَبارِق کا ذکر بھی تھا۔ مثلاً :
ابرقِ عیثوم۔ عمران۔ الفرد۔ الکبریت۔ المدنی وغیرہ۔ چونکہ یاقوت نے ان کی تشریح نہیں کی تھی۔ اس لیے میں نے انھیں ترک کر دیا ہے۔ (برق)

میں اور دوسرا علاقہ بہنسا میں۔

اَبْشِیْش : سوادِ سمنودیہ (مصر) میں ایک بستی۔

اُبْشِیَہ : مصر میں فیوم کا ایک گاؤں۔

اَبْضَع وضَبِیْع : نجد میں بنو ابوبکر کے دو پانی۔

اُبْضَہ : بنو عنبر کا ایک پانی۔

اِبْط : یمامہ میں دشم کی طرف بنو امرؤ القیس بن زید مناۃ کا ایک گاؤں۔

اَبْطَح : مکہ و منیٰ کے درمیان ایک کنکریلی زمین یا گزرگاہ سیل۔

اَبْغَر : سمرقند کا ایک گاؤں یا علاقہ۔

اَبْکَن : بصرہ میں ایک موضع۔

اَبْکَیْن : یمامہ میں رجلۃ الھذار کے پاس دو پہاڑ۔

اِبْل : مشعار کی طرف سے جانے والے حاجیوں کی ایک منزل۔

اُبْلا : مکہ و مدینہ کے درمیان ایک وادی۔ جس میں بئر معونہ بھی تھا۔

اَبُلَسْتَیْن : بلادِ روم میں اُبْسُس (اصحاب کہف کا شہر) کے قریب ایک شہر۔

اَبْلَق : حجاز و شام کے درمیان شہر تیماء کے قریب ایک مضبوط قلعہ۔ جس کا بانی سموئل بن عادیا یہودی تھا۔ ایک دفعہ جب مشہور عرب شاعر امرؤ القیس اس قلعہ کے قریب سے گزرا، تو اس نے اپنی ایک سو زرہیں سموئل کے پاس امانتاً رکھ دیں اور خود قیصر روم کے ہاں چلا گیا۔ جب غسان کے بادشاہ حارث بن ظالم تک یہ خبر پہنچی۔ تو وہ سموئل کے ہاں گیا۔ اس کے بیٹے کو، جو باہر شکار کھیل رہا تھا، پکڑ کر ساتھ لے گیا اور کہا کہ زرہیں میرے حوالے کرو۔ ورنہ میں بچے کو مار ڈالوں گا۔ سموئل نے کہا کہ میں بچے کی قربانی تو دے سکتا ہوں، لیکن اپنے عہد کو کسی صورت میں نہیں توڑ سکتا۔ اس پر حارث نے بچے کو اس کے سامنے ذبح کر دیا اور سموئل وفائے عہد میں ضرب المثل بن گیا۔

اُبُلَّہ : بصرہ کے قریب لب دجلہ ایک شہر یہاں ایک نہر بھی تھی۔ جو حجاج نے کھدوائی تھی۔

اُبْلِیّ : بلادِ طے میں ایک پہاڑ۔

اِبْلِیْل : مصر اسفل میں ایک گاؤں۔

اُبْنَا : شام میں ایک موضع۔

اِبْنَاطِر : بطن نخلہ میں دو پہاڑ۔

اَبَنْد : اہواز میں جُندیساپور کے پاس ایک خطہ۔

اَبْنُوْد : مصر میں قفط کے پاس ایک گاؤں۔

اَبْوَا : بصرہ و مکہ کی راہ پر ایک گاؤں۔

اَبْوَا : شام میں ایک موضع یا پہاڑ۔

اَبْوَاء : مدینہ کے قریب سوادِ فرع میں ایک گاؤں یا آرہ کے پاس ایک پہاڑ۔ جہاں حضرت آمنہؓ مدفون ہیں۔

اَبْوَانِر : نملی کی طرف ابوبکر بن کلاب کا ایک پہاڑ۔

اَبُوَاق : مصر صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک بستی اور دمیاط کے قریب ایک شہر۔

اَبُوتِیج (تِیْش) : مصر صعید میں سیوط سے ۲۰ کلومیٹر دور ایک سرسبز شہر۔

اَبُوجُرَجَا : وسطی مصر کا ایک شہر۔

اَبُوخَالِد : بحیرۂ قلزم کے اس حصے کا نام جہاں فرعون غرق ہوا تھا۔

اَبُوشَعرَا : مصر کی ایک بستی۔

اَبُوصِیر : قاہرہ سے کچھ جنوب کی طرف اہرام

کے قریب ایک بستی۔ یہاں قصیدۂ بُردہ کا مصنف شیخ محمد ابوصیری پیدا ہُوا تھا۔
اَبُوطَاْمَۃ : مدائنِ صالح کے قریب ایک پہاڑ۔
اَبُوطُوَیْل : قیروان (ٹیونس۔ شمالی افریقہ) کے قریب ایک قلعہ۔
اَبُوعُزْوَۃ : مکّہ کے قریب ایک گاؤں۔
اَبُوعَرِیش : مکّہ اور صنعا (یمن) کے درمیان ساحلِ قلزم پر ایک قصبہ۔
اَبُوقُبَیْس : مکّہ کے پاس مشرق کی طرف ایک پہاڑ۔
اَبُوقِیْر : مصر میں اسکندریہ سے بارہ میل دُور ایک گاؤں۔
اَبُولاَتَنْ : سُوڈان کا ایک شہر، جہاں کے باشندے بہت حسین ہیں اور باپ کی بجائے ماموں کی طرف منسوب ہوتے ہیں۔
اَبُومَالِک : سِسلی کا ایک پہاڑ۔
اَبُومُحَمَّد : بُحیرۂ قلزم کا ایک پہاڑ۔
اَبُومَنْجُوْج : اسکندریہ کے قریب ایک بستی۔
اَبُوَیْط : مصر میں ضلع سُیُوط کی ایک بستی۔
اُبَۃ : قیروان (تونس) سے تین یوم کی مسافت پر ایک قصبہ۔
اَبْھَرْ : حجاز میں ایک پہاڑ۔ قزوین و ہمدان کے درمیان ایک شہر اور قزوین کی ایک بستی۔
اَبْیَاْر : اسکندریہ و قاہرہ کے درمیان ایک بستی۔
اِبْیَاْن : حضرت یونس علیہ السلام کی قبر (بیت المقدس کے قریب) کے پاس ایک گاؤں۔
اَبِیْدَۃ : قبیلۂ ازد (یمن) کی ایک منزل اور تہامہ اور یمن کے درمیان ایک بستی۔

اُبَیْر : بحرین کے ساحل پر نواحِ ہجر میں ایک چشمہ۔ بلادِ غطفان میں ایک موضع اور بنُو قَیْن بن جسر کا ایک پانی۔
اَبْیَض : مکّہ کے قریب ابولہب کی زمین پر جُھکا ہُوا ایک پہاڑ۔ یا وادی عرج میں ایک پہاڑی نیز مدائنِ کسریٰ میں ایک محل۔
اُبَیْط : بطنِ رُمّہ میں ایک پانی۔
اُبَیْتَمْ : مخلاف الیمامہ میں ہذیل کی دو گھاٹیاں۔
اَبْیَن : یمن میں ایک قبائلی بستی یا جبل عدن میں ایک موضع۔
اَبِیْوَرْد : خراسان میں سرخس اور نسا کے درمیان ایک شہر۔
اَبْیُوْھَۃ : مصرِ صعید میں اشمونین کا ایک گاؤں۔
اُتْرَاْر : سیحون کے غربی کنارے پر ایک شہر۔
اَتْرِیْب : مصرِ شرقی کا ایک علاقہ۔
اُتْرِیْرَا : اشبیلیہ سے سولہ میل جنوب میں ایک شہر۔
اُتْشَنْد : ماوراءُ النہر میں نسف کی ایک بستی۔
اِتْفِیْح : مصرِ صعید کا ایک شہر۔
اَتْکُو : مصر میں رشید کے پاس ایک بستی۔
اِتِل : بلادِ خزر میں ایک دریا نیز ایک قصبہ۔
اَتْلاَءْ : یمن کی ایک بستی۔
اَثْمَد : بنُو سُلَیم کا ایک پہاڑ یا غطفان کی ایک ہموار زمین۔
اَتْنُوْھَۃ : مصر میں علاقہ منوفیہ کا ایک گاؤں، جسے مسجدِ خضر بھی کہتے ہیں۔ نیز اَبْیُوْھَۃ کا ایک نام۔
اُتَیْدَۃ : بادیۂ شام میں قضاعہ کا ایک موضع۔

أُتَيْحِر : بنو طے کا ایک پانی۔

أَثَارِب : انطاکیہ و حلب کے درمیان ایک قلعہ۔

أَثَافِث : یمن کی ایک بستی۔

أُثَال : بنو عبس بن بغیض کا ایک پہاڑ۔ جس سے تین میل دور ناجیہ کے قریب ایک پانی تھا جس پر بصرہ کے حاجی اُترا کرتے تھے۔ یا بلادِ عبس میں ایک قلعہ، نیز ثمیہ و بستان ابنِ عامر کے درمیان حاجیوں کی راہ پر ایک موضع۔ یمامہ میں بنو حنیفہ کا ایک خطہ، بنو تمیم کی ایک شاخ نیز بنو عائذہ بن مالک کا ایک مشترک پانی، یا بنو عبس یا بنو سُلیم کا ایک پانی۔ یا ایک ندی جو وادیٔ ستارہ میں گرتی ہے اور قُدَید کہلاتی ہے۔

أَثَالِث : وادی القُریٰ کے قریب دیارِ ثمود (حجر) میں چند پہاڑ۔

أُثَامِد : قُدَید و عُسفان کے درمیان ایک وادی۔

أَثَايَة : جُحفہ و مدینہ کے درمیان مدینہ سے پچیس فرسخ پر ایک موضع۔

أَثْبِجَة : نجد میں ایک صحرا جس میں جعفر بن کلاب کے پہاڑ تھے۔

أَثْبِرَة : نواحِ مکہ میں چند پہاڑ۔

أَثْبَة : مدینہ میں بقیع کا ایک حصہ۔

إِثْبِيت : اُود میں بنو محل بن جعفر کا الگ یا بنو یربوع کے اشتراک سے ایک پانی۔

أَثْرِب : یثرب کا ایک نام۔

أَثْل : ارضِ تیم اللہ بن ثعلبہ میں ایک موضع۔

أَثْلَاث : شاید ارضِ فزارہ میں ایک موضع۔

أَثْلَة : مدینہ کے قریب ایک موضع۔

أَثْلِيدِم : مصر میں اشمونین کا ایک گاؤں۔

أَثْنَان : شام میں ایک موضع۔

أَثْوَارِ : بلادِ عبد اللہ بن غطفان میں ایک ریتلا خطہ۔

أَثْوَر : موصل کا پُرانا نام یا موصل کے مشرق میں سلامیہ کے پاس ایک علاقہ۔

أَثْوَل : خوزستان میں ایک موضع۔

أَثِيب : سلمیٰ (سطے) کی ایک طرف رُمّان کے قریب ایک پانی۔

أُثَيْدَاء : عکاظ میں ایک مکان۔

أُثَيْدَة : بلادِ قضاعہ میں ایک موضع۔

أُثَيْر : کوفہ کا ایک صحراء۔

أُثَيْرَة : وادیٔ ثلبوت میں ایک پانی۔

أُثَيْفِيَة : وشم (یمامہ) میں بنو کُلیب بن یربوع کا ایک گاؤں یا تمیم کا ایک قلعہ اور عقیقِ مدینہ میں ایک موضع۔

أُثَيْل : بنو شیبہ و بنو ضمرہ کی ایک وادی۔ اور بدر و صفراء کے درمیان بنو جعفر بن ابی طالب کی ایک وادی یا ندی۔

أُثَيْل : مدینہ کے قریب بدر و صفراء کے درمیان آلِ جعفر بن ابی طالب کا ایک پانی نیز کنانہ کی ایک شاخ بنو ضمرہ کا ایک موضع۔

أَثِيل : تہامہ میں ہُذَیل کا ایک موضع۔

أَثْيُوبِيَا : جنوبی مصر کی ایک ولایت (صوبہ)

أَجَاءَ : فَید کے مغرب میں بنو طے کا ایک پہاڑ، جو عمالقہ کے ایک نوجوان اَجاءَ بن عبد الحی کے نام سے موسوم ہے۔ یہ قبیلہ کی ایک لڑکی سلمیٰ کو اغوا کر کے لے گیا تھا۔ اس کے بھائیوں نے اَجاءَ کا تعاقب کیا اور ایک پہاڑ میں اُسے مار ڈالا۔ اس کے بعد یہ پہاڑ سلمیٰ کے نام سے مشہور ہو گیا۔

اَجَارِدْ : بلادِ عبدالقیس (بحرین) میں ایک موضع۔ اور بنو کلب کی وادیوں میں سے ایک وادی۔

اُجَانْ : تبریز و زنجان کی راہ پر تبریز سے دس فرسخ پر ایک قصبہ۔

اِجَّانَہْ : بصرہ کے قریب ایک نہر۔ جو ابُو مُوسیٰ اشعریؓ نے کھدوائی تھی۔

اَجَاوِلْ : دَوْدان کے قریب ایک موضع۔

اَجْبَابْ : حِمیٰ ضریّہ میں ایک وادی یا پانی۔

اَجْبَالِ صُبْحْ : ارضِ جناب میں بنو حصن بن حُذیفہ کا ایک موضع۔

اَجْدَابِیَہْ : برقہ و طرابلس کے درمیان ایک شہر۔

اَجْدَادْ : نجد میں غطفان کا ایک موضع۔

اَجْدَلَانْ : وادیٔ بستار کے قریب عوف بن کعب کے دو لنگر بیلے ٹیلے۔

اَجْذَالْ : مدینہ سے کوئی چالیس فرسخ بدر کی طرف ایک مقام۔

اَجَرْ : قیروان کے مغرب میں جلولا سے آگے ایک گاؤں۔

اَجْرَاذْ : نجد میں ایک موضع اور مکّہ کا ایک قدیم کُنواں۔

اَجْرَبْ : مدینہ کے قریب جُہَینہ کی ایک منزل اور نجد میں ایک موضع۔

اَجْرَدْ : قبلیّہ یا مدینہ کے شمال میں جُہَینہ کا ایک پہاڑ۔

اَجْرَعَیْنْ : یمامہ میں ایک موضع۔

اَجَشْ : مدینہ میں ایک ٹیلہ۔

اَخْشُدْ : قیسِ عیلان کے بلاد میں ایک پہاڑ۔

اَجْفُرْ : خُزیمہ اور خُزیمیہ کے درمیان ایک موضع یا بُجَیرِیہ بُورع کا ایک پانی۔

اِجْلَہْ : یمامہ کی ایک بستی۔

اَجَلیٰ : ذاتُ الاصاد (نجد) کے مشرق میں ایک پہاڑ۔ یا نجدِ اعلےٰ میں ایک پہاڑی یا بصرہ و مکّہ کی راہ پر ایک موضع۔

اَجَمْ : نواحِ حلب میں ایک موضع۔

اُجُمْ : مدینہ کے قلعے اور محل۔

اَجَمَۃَ بُرْسْ : سرزمینِ بابل کا ایک علاقہ یا شہر۔

اَجْنَادُ الشَّامْ : یہ جُند کی جمع ہے۔ جس کا مفہوم ہے: جُھنڈ۔ شام میں بستیوں کے کئی جُھنڈ تھے، جن میں سے مشہور پانچ ہیں :-

1 : جُند فلسطین
2 : جُند الاُرْدُن
3 : جُند دِمَشْق
4 : جُندِ حِمْص
5 : جُندِ قِنّسرِین

ہمارے ہاں بھی ایسے جُھنڈ موجود ہیں۔ مثلاً : بار۔ دھنّی۔ پوٹھوہار وغیرہ۔

اَجْنَادَیْنْ : یروشلم کے جنوب مغرب میں فلسطین کا ایک موضع۔

اَجْنَقَانْ : سَرَخس کی ایک نواحی بستی۔

اَجْوَلْ : دیارِ غطفان (خیبر کے جنوب مغرب) میں ایک پہاڑ۔ یا سلمیٰ و آجاء کے سامنے چند پہاڑیاں۔

اَجْوِیَہْ : یمامہ میں بنو نُمیر کا ایک پانی۔

اَجْیَادْ : مکّہ میں صفا کے قریب ایک موضع۔ مکّہ میں اس نام کے دو محلّے بھی ہیں :-

1 : اَجیادِ کبیر

۲ : اَجیادِ صغیر
ان دونوں کو اَجیادَین کہتے ہیں۔

اَجَیْرَاف : بنو طئے کی ایک وادی۔ جس میں انجیر اور کھجور کے درخت کثرت سے تھے۔

اُجَیْرَة : عکاظ (نخلہ و طائف کے درمیان وہ مشہور مقام جہاں ہر سال عرب جمع ہو کر قصائد پڑھتے ناچتے، گاتے اور خرید و فروخت کرتے تھے) کے قریب ایک موضع۔

اُجَیْفِر : بلادِ قیس یا بنو اسد کا ایک موضع۔

اَحَاسِب : تہامہ کی چند ندیاں۔

اَحَاسِن : یمامہ کے قریب پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔

اُحَالِیل : اسعاد (نجد) کے مشرق میں ایک مقام۔

اُحَامِرُ الْبُغَیْبِغَة : حمیٰ ضریّہ میں ایک پہاڑ۔

اَحَامِرُ قُرَیٰ : دیارِ بکر بن کلاب (نجد) میں ایک سرخ پہاڑ۔

اَحَامِرَة (اُحَامِرَة) : حمیٰ ضریّہ میں ایک جوہڑ۔ نجد میں بنو نصر بن معاویہ کا ایک پانی۔ بنو شاکش کی ایک بستی اور بصرہ میں ایک مسجد۔ (مسجد الاحامرۃ)

اَحَبَاب : مدینہ کے قریب سوارقیہ کے پہلو میں ایک قصبہ۔

اَحَث : ہذیل کی ایک بستی۔

اَحْجَارُ الثُّمَام : جب حضور صلعم بدر کے لیے روانہ ہوئے۔ تو راہ میں کئی مقامات پر ٹھہرے تھے۔ مثلاً فَرْش (ایک وادی) مَلَل (وادی) اور احجارُ الثمام۔ یہ فرش کے قریب ہے۔ اس میں پتھر بھی تھے اور ثمام (ایک جھاڑی) بھی۔

اَحْجَارُ الزَّیْت : مدینہ میں زَوراء (نمازِ استسقا کی جگہ) کے قریب ایک موضع۔

اُحُد : شمالِ مدینہ میں میل بھر دور وہ پہاڑ ہے۔ جہاں کفارِ مکہ اور حضور صلعم میں معرکہ ہوا تھا۔

اَحَد : نجد میں ایک موضع۔

اَحْدَاء : سوادِ ہمدان میں ایک وادی۔

اَحْدَب : دیارِ بنو فزارہ میں ایک پہاڑ۔

اَحْدَث : نجد کے قریب ایک قصبہ۔

اَحْرَاد : مکہ میں ایک قدیم کنواں۔

اَحْرُض : جبالِ ہذیل میں ایک موضع۔

اَحْزَاب : مدینہ کی ایک مسجد۔ جو حضور صلعم کے زمانے میں تعمیر ہوئی تھی اور مسجدِ احزاب کہلاتی تھی۔

اَحْسَاء : بحرین کا ایک شہر۔ نیز ساحلِ بحرین پر ایک وسیع علاقہ جسے آجکل لحساء (حصاء) کہتے ہیں اجاءۃ میں جدیلہ کا ایک پانی۔ سوادِ خرشاف میں ایک موضع۔ حاجر کے سامنے مکہ کی راہ پر ایک مقام۔ قرعاء و واقصہ کے مابین مرتمیٰ سے پانچ میل پر ایک موضع اور بنو غنی کا ایک پانی۔

اَحْسَن : یمامہ و حمیٰ ضریّہ کے درمیان ایک بستی یا پہاڑ۔

اَحْسِیَة : یمن میں ایک موضع۔

اَحَص : نواحِ حلب میں ایک علاقہ یا موضع۔ تہامہ کی طرف ایک مقام۔

اَحْصَبَان : یمن میں ایک موضع۔

اَحْفَار : صحرائے عرب میں ایک موضع۔

اَحْقَاف : حضرموت اور عمان کے مابین ایک صحرا یا وادی۔ بعض کے ہاں یہ اس صحرا کا نام ہے جو عمان و نجد کے درمیان ہے یا شام میں ایک پہاڑ۔

اَخْلٰی : یمن میں ایک قلعہ۔

اِخْلِیْلٌ : بلادِ کنانہ میں ایک وادی۔

اِخْلِیْلٰی : نجد میں بنو اسد کی ایک وادی۔

اَحْمَدْ آبَادْ : نیشاپور، قزوین اور ہند میں ایک ایک شہر۔

اَحْمَدِیْ : سامرّہ (نواحِ بغداد) میں ایک شاہی محل، نیز سنجار (موصل سے تین دن کی مسافت) کی ایک بستی۔

اَحْمَدِیَّہْ : حضرموت کا ایک قصبہ۔

اَحْمَرْ : مکّہ کے قریب ایک پہاڑ۔ شام میں ایک قلعہ اور اندلس میں ایک علاقہ۔

اَحْوَازْ : نواحِ بغداد میں نہروان کی طرف ایک موضع۔

اَحْوَاصْ : بنو عبد شمس بن سعد بن زید مناۃ بن تمیم کی منازل۔

اَحْوَرْ : یمن میں ایک قبائلی بستی۔

اَحْوَصْ : بلادِ مزینہ میں اور مدینہ کے قریب ایک ایک موضع۔

اَحْیَا : فسطاط سے دس فرسخ پرے دریائے نیل پر بنو طورج کی چند بستیاں۔ نیز مرّہ گھاٹی کے پاس ایک پانی۔

اُحَیْدِبْ : رُومی سرحد پر ملاطیہ کے قریب ایک پہاڑ۔

اَحِیْسٰی : یمامہ کے مشہور پہاڑ عارض الیمامہ میں ایک موضع۔

اُخَا : دجلہ کے مشرق میں بصرہ کے قریب ایک علاقہ۔

اَخَایِثْ : طائف و ساحل کے مابین زمین۔

اَخَاذِیْذْ : واسط و مکّہ کی راہ پر تیسری منزل۔

اَخَارِجْ : بنو کلاب میں ربیعہ بن عامر بن صعصعہ کا ایک پہاڑ۔

اَخَاشِبْ : عُمان، مکّہ، منیٰ اور بلادِ طے کے کچھ پہاڑ۔

اَخْبَابْ : مکّہ کے پاس یا دیارِ سُلیم میں سوارقیہ کے قریب ایک موضع۔

اَخْثَالْ : بنو اسد کی ایک وادی، جو ثعلبیہ کے قریب تھی۔

اَخْدَمْ : تینہ (فلسطین) کے قریب ایک ساحلی گاؤں۔

اُخْدُوْدْ : لغوی معنی گڑھے۔ کہتے ہیں کہ یمن کے ایک بادشاہ ذُونواس حمیری نے اہلِ نجران کو جنھوں نے عیسائیت قبول کر لی تھی، دوبارہ یہودیت کی طرف دعوت دی۔ وہ نہ مانے، تو گڑھے کھدوا کر ان میں آگ روشن کی اور بیس ہزار افراد کو زندہ جلا دیا۔ قُتِلَ اَصْحَابُ الْاُخْدُوْدْ میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

اَخْرَابْ : نجد میں بنو اضبط اور بنو قُوالہ کے پانی۔

اَخْرَبْ : نجد میں بنو عامر بن صعصعہ کا ایک موضع۔

اَخْرَجْ : بنو شنزق کا ایک پہاڑ۔

اَخْرَجَانْ : بلادِ بنو عامر میں دو پہاڑ۔

اَخْرَجَہْ : سمیراء کے قریب ایک کنواں۔

اَخْرَجِیَّہْ : شام میں ایک وادی۔

اَخْرَمْ : دیارِ سُلیم، نیز نجد میں توز سے چار میل پر اور دہنا میں ایک ایک پہاڑ۔

اَخْرُوْت : یمن کا ایک گاؤں۔

اَخْرُوْج : ایضاً

اَخْزَمْ : مدینہ کے قریب نیز نجد میں ایک ایک پہاڑ۔

اَخْسَاْفُ ظَبْيَةْ : حرم مکّہ کے متصل ایک موضع۔

اَخْسِيْسَكْ : جیحون کے مغرب میں ماوراء النہر کا ایک شہر۔

اَخْسِيْكَثْ : نہر ساش کے کنارے فرغانہ کے قریب ماوراء النہر کا ایک شاداب شہر۔

اَخْشَبَاْنْ : مکّہ کے دو پہاڑوں کا نام۔ پہاڑوں کی تعیین میں اختلاف ہے۔ عام رائے یہ ہے کہ اِن سے مراد بُوقُبیس اور قُعَیقِعَان ہیں۔

اَخْشَنْبَةْ : اَنْدَلُس کا ایک اہم شہر۔

اَخْشَنْ وخُشَيْنْ : بادیۂ عرب کے دو پہاڑ۔

اَخْشِيْنْ : فارس کا ایک شہر۔

اَخْصَاْص : فیوم (مصر) میں دو بستیاں۔

اَخْضَرْ : تبوک اور وادیُ القُریٰ کے درمیان ایک منزل۔ سراۃ میں سیلابوں کی ایک گزرگاہ۔ جزیرۂ ابنِ عمر میں نَمر بن قاسِط کا ایک موضع۔ اور کئی دیگر مواضع۔

اَخْطَبْ : نجد میں بنُو سہل بن اَنس کا ایک پہاڑ۔

اَخْطَبَةْ : ابُوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

اَخْلَاْء : بصرے کا ایک محلّہ۔

اَخْلِفَةْ : اجاء (ارض طَے) میں بولان بن عَمرو بن غوث بن طَی کا ایک موضع۔

اَخْنَلَهْ : یمن میں دیارِ رُعَین (قبیلہ) کا ایک موضع۔

اِخْمِيْم : مصرِ صعید میں لبِ نیل ایک قدیم شہر۔

اِخْنَاْ : اسکندریہ کے قریب ایک شہر یا علاقہ۔

اُخْنُوْنِيَّةْ : سوادِ بغداد میں ایک موضع۔ (شاید حربی)

اُخَيَّاْنْ : عرجاد کے قریب شبیکہ پر دو پہاڑ۔

اُدَاْمْ : تہامہ میں ہُذَیل و کِنانہ کی ایک وادی۔

اَدَاْمْ : مکّہ کی ایک وادی۔

اَدَاْمٰی : حجاز میں ایک موضع یا مدینہ کے قریب ایک خطّہ۔ یا دیارِ قصار میں ایک مقام۔

اَدْبَرْ : یمامہ میں ایک موضع۔

اَدَبِیْ : دیارِ طَے میں ایک پہاڑ۔

اَدَرْفَرْكَاْنْ : ساحلِ اوقیانوس پر رباط کے قریب ایک علاقہ۔

اَدْرُنْكَهْ : مصرِ صعید میں اسیوط کے قریب ایک گاؤں

اَدِرْنَهْ : استنبول کے مغرب میں ترکی کا ایک شہر۔

اِدْرِيْجَهْ : مصرِ صعید میں سوادِ بہنسا کی ایک بستی۔

اُدْفُوْ : مصرِ صعید میں اسوان و قوص کے درمیان ایک گاؤں۔

اَدْفَهْ : اخمیم (مصر) کی ایک بستی۔

اَدْفِيَهْ : بنُو قشیر کا ایک پہاڑ۔

اِدْلِبْ : حلب کے مغرب میں ایک قصبہ۔

اَدَمْ : ذوقار کے پاس ایک موضع۔ نیز شمالی عمان میں ایک علاقہ۔ عمق کے پاس ایک پہاڑ۔ واسط و مکّہ کی راہ پہ پہلی منزل۔ اور سوادِ صنعاء میں ایک بستی۔

اُدُمْ : طائف کی ایک بستی۔

أُدَمِّیٰ : طائف، بلادِ سُعد اور فارس میں ایک ایک پہاڑ، یا یمامہ و بلادِ قُشیر میں ایک موضع۔

أُدَمَاء : خَیبر اور دیارِ طے کے درمیان ایک موضع۔

أُدَمَاْر : مغرب یعنی الجزائر میں ایک شہر۔

أَدَمَاْن : بدر سے تین میل پر ایک گھاٹی۔

أَدَمَاْوَا : وسطی سوڈان کا ایک شہر۔

أَدْوَاْءُ : نجد میں دیارِ تمیم کا ایک موضع۔

أُدُوْنَر : الجیریا کا ایک دریا جو بجایہ کے قریب بحیرۂ رُوم میں گرتا ہے۔

إِدَّہ : شمالی لبنان میں دو بستیوں کا نام۔

أَدْھَمْ : جبل اجاء (طے) کی ایک شاخ۔

أُدَیَاْث : دیارِ فزارہ و دیارِ کلب کے درمیان ایک موضع۔

أَدِیْلِسْ : تونس کا ایک قصبہ۔

أَدِیْمُ : ارضِ ہُذیل میں ایک موضع۔

أُدَیْمُ : تہامہ اور یمن کے درمیان سراۃ کے قریب ایک خطّہ۔ نیز وادی القریٰ میں دیارِ عذرہ کے پاس ایک مقام۔

أُدَیْمَہ : حجاز میں قَلْہی اور تقتد کے درمیان ایک پہاڑ۔

أَذَاْخِرْ : مکّہ کا ایک کوچہ یا محلّہ۔

أَذَاْفِرْ : طے کا ایک خشک پہاڑ۔

أَذَاْسَاْ : زَبَا کا دُوسرا نام۔ زَبَا موصل اور شام کے درمیان جزیرۂ ابنِ عُمر کا ایک شہر ہے۔

أَذْبُلْ : نواحِ یمامہ کا ایک پہاڑ۔

أَذْرَبِیْجَاْن : ایران کے شمال اور عراق کے مشرق میں ایک صُوبہ۔ جس کا صدر مقام کبھی تبریز تھا۔ اس کے لفظی معنی ہیں :۔ آگ کا گھر۔ چونکہ آتش پرستی کی ابتدا یہیں سے ہُوئی تھی۔ اس لیے یہ اذربیجان کہلانے لگا۔

أَذْرُخْ : سوادِ عمّان میں ایک قصبہ۔

أَذْرِعَاْت : اُردُن میں عمّان کے قریب ایک شہر۔

إِذْرَمَہ : دیارِ ربیعہ (موصل) میں ایک گاؤں جو برقعید سے پانچ فرسخ کے فاصلے پر تھا۔

أَذْرَنْت : سِسلی میں ایک شہر۔

أَذْکَاْن : کرمان میں رُودزان کے قریب ایک علاقہ۔

أُذُنْ : نجد میں ابُوبکر بن کلاب کا ایک پہاڑ۔

أَذَنَہ : تَوَز کے مشرق میں ایک پہاڑ۔ جس کے نیچے فَید سے بیس میل پر ایک سرحدی چوتری۔ مقیصہ کے قریب ایک سرحدی شہر۔

أَذْوَنْ : نواحِ رَے میں قصران کا ایک گاؤں۔

أُذَیْنَہ : تَبلیّہ کی وادیوں میں سے ایک۔

إِرَاْبْ : بنُو ریاح بن یربوع کا ایک پانی۔

أُرَاْبِنْ : مدینے کے قریب جبلِ جُہینہ کے دامن میں ایک منزل۔

أَرْأَسَہ : نجد میں ابُوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

أَرَاْز : نواحِ حلب میں ایک موضع۔

أُرَاْطْ : بنُو نُمیر کا ایک پانی۔ جس کی نسبت میں بنُو جعفر بن کلاب کی ایک وادی نیز بلادِ اسد میں لفاط کے قریب اور یمامہ میں ایک ایک موضع۔

أُرَاْطِی : مُحَرَیمیہ کے مشرق میں چھ میل پر ایک پانی۔

أُرَاْطَہ : سِراء کے مشرق میں ایک پانی۔

أَرَاْظْ : شاید حجاز میں ایک مقام۔

أَرَاْکْ : مکّہ کے قریب غُنقہ سے متصل ایک وادی۔ یا ہُذیل کا ایک پہاڑ۔

أَرَاكَة : یمامہ میں بنو عُجَیل کا ایک نخلستان۔

أَرَال : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔

إِرَامُ الْكِنَاس : بلادِ عبد اللہ بن کلاب میں ایک ریتلا خِطّہ۔

أَرَّان : آذر بیجان کے مغرب میں دریائے رَس سے شمال مغرب کی طرف ایک وسیع علاقہ، جو ارمینیہ کا ایک حصّہ ہے۔ اس علاقے میں گنجہ، بَرْذَعہ، شَمکور اور بیلَقان جیسے کئی شہر ہیں۔ نیز حرّان کا ایک نام اور نواحِ قزوین میں ایک قلعہ۔

أَرْبَد : طبریّہ کے پاس ایک گاؤں جہاں حضرت مُوسیٰؑ دفن ہیں۔

أَرْبُس : قیرُوان کے مغرب میں تین یوم کی مسافت پر ایک علاقہ و شہر۔

أَرْبَعَاء : خوزِستان میں نہر زات جانبین پر ایک قصبہ۔

أَرْبَق : خُوزِستان میں نواحِ رامہُرمُز کا ایک گاؤں۔

أَرْبُک : سوادِ اَہواز میں ایک شہر۔

إِرْبِل : سوادِ موصل میں ایک شہر۔ نیز ساحلِ شام کے ایک شہر صیدا کا ایک نام۔

أَرْبِنْجَن : نواحِ سمرقند میں صُغد کا ایک قصبہ۔

أَرْبُونَة : اَندَلُس کا ایک شہر۔

أَرْبَة : مراکش میں زاب کا ایک شہر۔

أَرْبِخ : حلب کے مغرب میں ایک شہر۔

أَرْتَاح : سوادِ حلب میں ایک قلعہ اور شہر۔

أَرْتُل : یمن کی ایک بستی۔

أَرْتِيَان : سوادِ نیشاپور کی ایک بستی۔

أُرْتِيق : حلب کے قریب ایک علاقہ۔

أَرْتَخُشْمِيثَن : سوادِ خوارزم میں ایک قصبہ۔

أَرْثَد : مکّہ اور مدینہ کے درمیان اَبْوَاء میں ایک وادی۔

أَرَّجَان : شیراز اور اَہواز کے درمیان ایک شاداب شہر۔

أَرْجَذُونَة : اَندَلُس میں ایک شہر۔

أَرْجَكُوك : ساحلِ افریقیہ کے قریب ایک شہر۔

أَرْجَنُّوس : بہنسا (مصرِ صعید) کی ایک بستی۔

أَرْجُونَة : اَندَلُس میں جیّان کا ایک قصبہ۔

أَرْجِيش : ارمینیہ میں خلاط کے قریب ایک شہر۔

أَرْحَاء : عراق میں واسط کے قریب ایک بستی۔

أَرْحَب : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

أَرْحَضِيَّة : مکّہ و مدینہ کے درمیان بئرِ معونہ کے قریب ایک بستی۔

أَرْخ : طے کا ایک پہاڑی گاؤں۔

أَرْخُش : سمرقند سے ۱۲ میل دُور ایک پہاڑی قصبہ۔

أَرْخُمَان : فارس میں اِصطخر کا ایک گاؤں۔

أُرْد : صُوبۂ فارس کا ایک علاقہ۔ نیز فُوشَنج (ہرات سے دس میل دُور ایک قصبہ) کی ایک بستی۔

أَرْدَبِيل : آذربیجان کا ایک مشہور شہر جس میں نہریں بہتی ہیں۔ یہ تبریز سے کوئی سو میل مشرق میں ہے۔

أَرْدِسْتَان : کاشان و اصفہان کے درمیان آزنطرہ سے دو فرسخ پر ایک شہر۔

أَرْدَشَاط : ارجیش کے مشرق میں ایک مقام۔

اَرْدَشِیرْ خُرَّہْ : صُوبۂ فارس کا پُرانا نام۔ اس میں شیراز، سیراف اور صیمکان جیسے کئی شہر ہیں۔

اَرْدُمُشْتْ : جزیرۂ ابنِ عمر کے شمال میں جُودی پہاڑ پر ایک قلعہ۔

اَرْدُنْ : سعودی عرب کے شمال میں ایک ریاست۔ ۱۹۴۸ء سے پہلے فلسطین کے کچھ حصّے بھی اُردُن میں شامل تھے۔ لیکن ریاستِ اسرائیل کی تشکیل (۱۹۴۸ء) کے بعد اس کے بعض علاقے ریاستِ اسرائیل کا حصّہ بن گئے اور ۱۹۶۷ء کی جنگ (اسرائیل و عرب کے درمیان) کے بعد اُردُن کے کچھ اور حصّے (مثلاً: بیت المقدس، نابلس، الخلیل وغیرہ، اسرائیل نے ہتھیا لیے)

اَرْدُوَاْنْ : واسط اور خوزستان کے مابین ایک بستی۔

اَرْدَہْنْ : بلادِ رَے میں ایک قلعہ۔

اَرْزْ : طبرستان میں دَیلم کی ایک بستی۔

اَرْزَکَانْ : فارس کا ایک ساحلی قصبہ۔

اَرْزَنْ : خلاط (ارمینیہ) کے قریب ایک شہر۔ ارمینیہ ہی کا ایک دوسرا شہر اَرزَن الرّوم کہلاتا ہے۔ جو اَرزَن سے بڑا ہے۔ نیز فارس میں ایک موضع۔

اَرْزَنَانْ : اصفہان کی ایک بستی۔

اَرْزَنْ جَانْ : بلادِ رُوم اور خلاط کے درمیان ارزن الرّوم کے قریب ایک شہر۔

اَرْزَنْقْ آبَاذْ : مَروِ شاہجہان کی ایک بستی۔

اَرْزُوْنَا : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔

اَرْسَابَنْدْ : مَرْو کے قریب ایک گاؤں۔

اَرْسَنَاسْ : ایشیائے صغیر میں ایک دریا۔

اَرْسُوفْ : جافہ (فلسطین) کے شمال میں ایک ساحلی شہر۔

اَرْشُذُوْنَہْ : اَندلس میں سوادِ رَیّہ کا ایک شہر۔

اَرْشَقْ : آذربیجان میں ارضِ مُوقان کا ایک پہاڑ۔

اَرْضُ عَاتِکَہْ : عاتکہ بنتِ یزید بن معاویہ، خلیفہ عبدالملک کی بیوی تھی۔ اس نے دمشق کے باب الجابیہ کے باہر ایک محل تیار کرایا تھا۔ اور زمین کا یہ ٹکڑا اَرضِ عاتِکہ کہلاتا تھا۔

اَرْضُ نُوحْ : بحرین کا ایک گاؤں۔

اَرْضِینَطْ : اَندلس میں مالقہ کی ایک بستی۔

اَرْطَأَتْ : بنو ضباب کا ایک پانی۔

اَرْطَةُ اللَّیْثْ : اَندلس میں ایک قلعہ۔

اَرْغَنْزْ : دیارِ بکر میں ایک موضع۔

اَرْغَنِیْ مَعْدِنْ : دیارِ بکر میں چند بستیوں کا ایک جُھنڈ۔

اَرْغِیَانْ : سوادِ نیشاپور میں ایک علاقہ۔

اَرْفَادْ : نواحِ حلب میں ایک گاؤں۔

اَرْفُوذْ : سوادِ سمرقند میں ایک بستی۔

اَرْقَانِیَا : بحیرۂ خزر کا ایک نام۔

اَرْقَنِیْنْ : روم کا ایک شہر۔

اَرَکْ : سوادِ حلب میں تدمُر کے پاس ایک قصبہ۔

اُرُکْ : یمامہ کی ایک وادی۔ غطفان کا ایک پہاڑ اور سلمیٰ کی ایک بستی۔

اَرْکْ : سیستان کے ایک شہر زرنج کا ایک قلعہ۔

اَرْکُوْ : تونس کا ایک گاؤں۔

اُرُلْ : غطفان کا ایک پہاڑ۔

إِرَمْ : أیلہ اور تیمیہ کے مابین جبال حسمیٰ میں سے ایک پہاڑ۔
أُرَمْ : ساریہ کے قریب طبرستان کا ایک قصبہ۔
أُرَمْ : اذر بیجان میں ایک خطّہ۔
أَرَمَاهْ : دیارِ بنو اسد میں ایک ندی۔ نیز حاجر اور فَید کے درمیان ایک وادی۔
أُرَمْخَاشْت : طبرستان کا ایک علاقہ۔
إِرَمِ ذَاتِ الْعِمَادْ : یہ نام قرآن مجید میں بھی آیا ہے اور اس کی تفسیر میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے مُراد اسکندریہ ہے۔ بعض دیگر کا خیال ہے کہ ارم صنعاء اور حضرموت کے مابین شدّاد بن عاد کا بنایا ہوا ایک شہر تھا۔ جو سرسبزی و شادابی کی وجہ سے ارم کہلاتا تھا۔ اس کی تعمیر پر لاکھوں مزدوروں نے برسوں کام کیا تھا۔ جب یہ تیار ہو چکا، تو شدّاد تین لاکھ نفوس (ان میں درباری، اُمراء، وُزراء، احباب، اقارب اور عساکر سب شامل تھے) کے ہمراہ اس شہر کی طرف روانہ ہُوا۔ جب اس جنتِ ارضی کے قریب پونہچا، تو بادل اس زور سے گرجا کہ سب ہلاک ہو گئے۔ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ (انھیں کڑک نے آ لیا، اور یہ ٹھیک سزا تھی)۔
إِرَمُ الْكَلْبَةْ : کلبہ اپنے عہد کی مشہور خاتون تھی۔ وُہ بصرہ و حجاز کے درمیان نباج کے قریب فوت ہوئی اور وہیں دفن کر دی گئی۔ اسی مناسبت سے وُہ مقام إرَمُ الكَلْبَة کہلانے لگا۔
أَرْمَلُوْنْ : افریقیہ میں طبنہ کے قریب ایک شہر۔

أَرْمَنَاز : شام میں نواحِ حلب کا ایک قصبہ۔
أَرْمَنْت : قوص کے جنوب میں صعید کا ایک علاقہ۔
أُرْمِيَة : اَذربیجان کا ایک قدیم شہر جہاں زرتشت پیدا ہُوا تھا۔
أَرْمِينِيَة : بحیرۂ خزر کے مغرب میں ایک مُلک جس کے شمال میں بحیرۂ اسود، جنوب میں اَذربیجان اور مغرب میں بلادِ رُوم ہیں۔ اسم نسبت اَرمنی۔
إِرَنْ : اثم اور سوارقیہ کے درمیان دیارِ بنوسُلیم کا ایک موضع۔
أَرَنْ : طبرستان کا ایک شہر۔
أَرَنْبُوَيَة : رَے کی ایک بستی۔
أُرُنْد : انطاکیہ کا ایک دریا۔
أَرْنَم : حجاز میں ایک وادی۔
أَرْوَاد : قسطنطنیہ کے قریب ایک جزیرہ۔
أَرْوَان : مدینہ میں ایک کُوآں۔
أَرْوَخ : زَوزان (جزیرۂ ابنِ عُمر کا ایک علاقہ) کا ایک قلعہ۔
أَرْوَل : بنو مُرّہ کا ایک خطّہ۔
أَرْوَم : بنوسُلیم کا ایک پہاڑ۔
أَرْوَنْد : ایران میں ہمدان کے قریب ایک پہاڑ۔
أَرْوَى : مَرو کا ایک گاؤں۔ نیز بنو فزارہ کا ایک پانی۔
أَرْيَاب : یمن میں ذی جبلہ کی ایک بستی۔
أُرَيْتَاق : فید (کوفہ و مکّہ کے وسط میں) کے قریب ایک وادی۔
أَرِيْحْ : شام میں ایک شہر۔
أَرِيْحَا : فلسطین میں بیت المقدس سے کوئی

پچاس میل پر ایک شہر۔

اُرَیک : بلادِ مزوہ میں ایک وادی یا معدنِ نقرہ کے پاس بنو محارب اور بنو صادر (سُلیم کی ایک شاخ) کا ایک مشترک پہاڑ۔

اُرَیکتان : ابوبکر بن کلاب کے سیاہ پہاڑوں کے دامن میں دو پہاڑ۔

اُرَیکَہ : غربی حمیٰ ضریّہ میں ابوبکر بن کلاب کا یا کوہِ عُفلان کے قریب کعب بن عبداللہ بن ابی بکر کا ایک پانی۔

اُرَیمہ : مدینہ کے قریب ایک موضع۔

اُرَینہ : ایضاً

اُرَینبہ : غنی بن اعصر کا ایک پانی۔

اَرِیوجان : ماسبذان کے علاقے میں حُلوان کے قریب ایک شہر۔

اَریُول : شرقی اَندلُس کا ایک قصبہ۔

اَزَاذمَرذ آباذ : نواحِ ہمدان میں ایک قلعہ۔

اَزَاذوار : جُوَین (نیشاپور) کا ایک شہر۔

اَزَال : صنعاء (یمن) کا دوسرا نام۔ صنعاء کا بانی ازال بن یقطن بن عابر تھا۔ اس کی وفات کے بعد اُس کا بیٹا صنعاء بن ازال تخت نشین ہوا اور یہ شہر اسی کے نام سے مشہور ہو گیا۔

اِزبِذ : نواحِ دمشق میں ایک موضع۔

اَزَج : شرقی بغداد کا ایک محلہ۔

اَزجاء : خابران کا ایک گاؤں۔

اِزرَاعِیل : وسطی فلسطین کا ایک علاقہ۔

اَزرَق : تیماء کے قریب ایک آبی ذخیرہ۔ نیز حجاز کی ایک آبادی۔

اَزرمی دُخت : کرمان شاہ کے قریب ایک قصبہ، جو غالباً ایرانی شہنشاہ خُسرو پرویز کی ایک بیٹی اَزرمیدُخت نے بنوایا تھا۔ یہ پُوران (پرویز کی بہن) کے بعد تخت نشین ہوئی تھی۔

اَزَمِر : سوادِ ہیرات میں ایک بستی۔

اُزمُّورَہ : جبالِ بربر (مراکش) کی ایک بستی۔

اِزمِیر : سمرنا (ترکی) کا موجودہ نام۔

اَزن : جبالِ ہمدان میں ایک قلعہ۔

اَزناو : نواحِ ہمدان میں ایک قلعہ۔

اَزنَری : نہاوند کی ایک بستی۔

اَزنِیک : بحرِ قسطنطینیہ پہ ایک شہر۔

اَزوَارَہ : نواحِ اصفہان میں ایک قصبہ۔

اَزّہ : صوبۂ فارس کا ایک موضع۔

اَزہَر : قاہرہ کی مشہور مسجد۔ جس کی بنا، چوتھے فاطمی خلیفہ مُعِز (۳۴۱ھ — ۳۶۵ھ) کے سپہ سالار جوہر (فاتح قاہرہ) نے ۳۵۹ھ میں ڈالی تھی۔ یہ دو سال میں مکمل ہوئی اور اس میں بعد کے خلفاء و سلاطین اضافے کرتے رہے۔ رفتہ رفتہ یہ ایک عظیم درس گاہ بن گئی اور پھر یونیورسٹی۔ آجکل (۱۹۷۰ء) اس میں دس ہزار کے قریب طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ نیز نواحِ طائف اور یمامہ میں ایک ایک بستی۔

آزِیلی : مراکش میں طنجہ کے قریب ایک ساحلی شہر۔

اُزَیہِر : یمامہ میں بنو وعلۃ کا ایک موضع۔

اَسَاسَان : بلادِ سُلیم میں دو بستیاں۔

اِسَاف : ایک بُت جو نائلہ (بت) کے ساتھ کعبہ میں رکھا ہوا تھا۔

اُسَالِم : تہامہ و یمن کے مابین جبالِ سراۃ کا ایک سلسلہ۔

اُسَاوِز : کُوفہ سے مکّہ جاتے ہُوئے راہ میں ایک چشمہ۔
اَسَاھِر : مکّہ و مدینہ کے درمیان ایک موضع۔
اَسَاھِیْب : دیارِ طےّ کے چند پہاڑوں کا نام۔
اَسبَاذ : اِصفہان کی ایک نواحی بستی۔
اُسبَانِیکَث : ماوراءالنہر کا ایک شہر۔
اَسبذ : بحرین کا ایک موضع یا گاؤں۔
اَسبرَہ : ماوراءالنہر کا ایک ناحیہ (علاقہ)۔
اِسبَسکَث : سمرقند سے دو فرسخ کے فاصلے پر ایک گاؤں
اَسبَھبذ : طبرستان کا ایک علاقہ۔
اِسبِیذ رُستَاق : نواحِ اِصفہان میں ایک علاقہ۔
اِسبِیذ رُوذ : آذربیجان کا ایک دریا جو بحیرہ خزر میں گرتا ہے۔
اِسبِیذ ھَان : نہاوند کے پاس ایک موضع۔
اَسبِیرَن : نواحِ ارزن الرُّوم (ارمینیہ) میں ایک شہر۔
اِسبِیل : بحیرہ یا یمن کا ایک قلعہ۔
اِستَا : سمرقند کا ایک موضع۔
اِستَاذبَرَان : اِصفہان کا ایک گاؤں۔
اِستَاذ خُرذ : رَے کی ایک بستی۔
اِستَارقِین : شاید ہمدان کا ایک گاؤں۔
اِستَانُ البِھقُبَاذِ الاَسفَل : سواد (دجلہ و فرات کا دوآبہ) کا ایک علاقہ۔
اِستَانُ البِھقُبَاذِ الاَعلٰی : سواد کا مغربی حصّہ۔
اِستَانُ البِھقُبَاذِ الاَوسَط : یہ بھی سواد کے مغربی حصّے میں ہے۔
اِستَانُ العَال : بغداد کے مغرب میں چند بستیوں کا جھنڈ۔
اِستَانَہ : خُراسان کا ایک علاقہ۔
اَستَرآبَاذ : طبرستان کے شمال مشرق میں ایک شہر نیز سواد اور خُراسان میں ایک ایک علاقہ۔
اَستَرَسَن : کاشغر اور ختن کے درمیان ایک شہر۔
اُستُغدَاذِیزَہ : ماوراءالنہر میں نخشب سے چار فرسخ کے فاصلے پر ایک قریہ۔
اُستُنَابَاذ : رَے سے دس فرسخ پرے طبرستان کی جانب ایک قلعہ۔
اَستُوا : نواحِ نیشاپور میں ایک علاقہ۔
اُستُونَاوَند : سوادِ رَے میں ایک قلعہ۔
اَستِیَا : ہرات و غزنی کے درمیان غور کے پہاڑ۔
اِستِینِیَا : کُوفہ کی ایک بستی۔
اَسدآبَاذ : ہمدان کے مغرب میں ایک منزل کی مسافت پر ایک شہر۔
اَشرُوسَنَہ : ماوراءالنہر کا ایک شہر۔
اَشطَان : آرمینیہ میں خلاط کے قریب ایک قلعہ۔
اُسطُوَان : شام اور ترکی کی سرحد پر ترکی کا ایک شہر۔
اَسفَاقُس : مہدیہ کے مشرق میں ایک شہر۔
اَسفَانبَر : مدائنِ کسریٰ کے قریب ایک بستی۔
اِسفَجِین : ہمدان کا ایک قریہ۔
اِسفَذِن : رَے کی ایک بستی۔
اِسفَرَایِین : جُرجان اور نیشاپور کے مابین ایک قصبہ جس کا پرانا نام مہرجان تھا۔
اِسفَرَنج : سمرقند کی ایک بستی۔
اَسفِزَار : سیستان کا ایک قریہ جانب ہرات۔
اِسفِش : فاز کے قریب مَرْو کی ایک بستی۔

اَسَف : نہروان (عراق) کی ایک بستی۔
اَسَفَا : نزاکتش میں اطلانتک کے کنارے ایک شہر۔
اِسْفَنْج : اَرْغِیان (نیشاپور) کی ایک بستی۔
اَسْفُوْنَا : شام میں مَعرّۃ النُّعمان کے قریب ایک قلعہ۔
اَسْفِیْجَاب : ماوراءُ النہر کا ایک اہم شہر۔
اَسْفِیْذ : جبالِ کرمان میں ایک شہر۔
اَسْفِیْذَار : بُحَیرۂ خزر کے ساحل پر دیلم میں ایک علاقہ۔
اَسْفِیْذَاسْنْج : ہرات کا ایک نواحی گاؤں۔
اَسْفِیْذَبَان : اِصفہان کی ایک بستی۔
اَسْفِیْذَجَان : دیارِ ماہ میں ایک علاقہ۔
اَسْفِیْذَدَشْت : نواحِ اِصفہان میں ایک بستی۔
اَسْفِیْذرُوْذبَاز : ہمدان کا ایک موضع۔
اَسْفِیْذَن : رَے کی ایک بستی۔
اَسْفِیْرَہ : حلب کی ایک بستی۔
اِسْفِیْنَقَان : نیشاپور کا نواحی قصبہ۔
اُشْقُب : برقہ کا ایک موضع۔
اُشْقُفَہ : اندلس کا ایک شاداب گاؤں۔
اِسْکَارَن : کشانیہ (سمرقند کے قریب) کی ایک بستی۔
اِسْکَاف : بغداد و واسط کے درمیان نہروان کا ایک علاقہ۔
اَسْکِبُوْن : نواحِ اِصطخر (فارس) کا ایک قلعہ۔
اَسْکَر : سعیدِ مصر کا ایک گاؤں۔
اِسْکِلْکَنْد : طخارستانِ بلخ (بلخ اور جیحون کے مابین ایک وسیع علاقہ) کا ایک قصبہ۔

اِسْکَنْدَرُوْنَہ : انطاکیہ کے شمال مشرق میں ایک ساحلی شہر۔
اِسْکَنْدَرِیَّہ : بحیرۂ روم میں مصر کی ایک بندرگاہ۔ نیز حلب و حماۃ کے مابین ایک بستی۔ اور واسط سے کچھ دور ایک گاؤں۔
اَسَلَاہِر : یمامہ کی ایک وادی۔
اَسْلَمَان : بصرہ کی ایک نہر جو امیر معاویہؓ نے کھدوائی تھی۔
اِسْمَاعِیْلِیَہ : نہر سویز کے مشرق میں بحیرۂ روم کے قریب ایک شہر۔
اَسْمَنْد : سمرقند کی ایک بستی۔
اِسْمِیْثَن : سمرقند میں کشانیہ کی ایک بستی۔
اَسُن : بنُو عجلان، بنُو عامر کے بلاد یا یمن میں ایک وادی۔
اِسْنَا : مصرِ سعید میں ایک شہر۔
اَسْنَاف : سوادِ صنعان (یمن) میں ایک قلعہ۔
اَسْنَان : نواحِ ہرات میں ایک بستی۔
اَسْنُمَہ : بلادِ تمیم میں ایک پہاڑ یا طخفہ یا فلج یا دہنائے اسفل میں ایک موضع۔
اَسْوَارِیَّہ : اِصفہان کی ایک بستی۔
اَسْوَاط : نجد میں بنُو قیس بن جز.... بن کلاب کی ایک کنکریلی زمین۔
اَسْوَاف : حرمِ مدینہ کا پُرانا نام یا بقیع کے پاس ایک موضع۔
اَسْوَان : قاہرہ سے کوئی ساڑھے چار سو میل جنوب میں نیل کے شرقی کنارے پہ ایک شہر۔
اَسْوَد : حجاز کا ایک پہاڑ، جو نجد تک پھیلا ہوا ہے۔
اَسْوَدُ الْعُشَارِیَّات : بلادِ بکر بن وائل

(یمامہ) میں ایک پہاڑ۔
اَسْوَدُ الْعَیْن : بصرہ و مکہ کی راہ پر نجد کا ایک پہاڑ۔
اَسْوَدُ النِّسَاءِ : بنو ابی بکر بن کلاب (نجد) کا ایک پہاڑ۔
اَسْوِرَۃ : ضباب کا ایک پانی۔
اُسَیْس : بلادِ بنی عامر بن صعصعہ کا ایک موضع یا دمشق کے مشرق میں ایک پانی۔
اَسِیْس : یمن میں ایک قلعہ۔
اُسَیْلَۃ : یمامہ کے قریب بنو مالک بن امرؤ القیس یا یمامہ میں بنو عنبر کا ایک پانی۔
اَسْیُوْت : حضر موت کے قریب ایک پہاڑ۔
اَسْیُوْط (سُیُوْط) صعید مصر میں نیل کے غربی کنارے پر ایک شہر۔
اِش (اَش) : سوادِ خوارزم میں ایک بستی۔ نیز اندلس میں ایک شہر۔
اَشَاءَۃ : بطن رُمہ یا یمامہ میں ایک موضع۔
اَشَابۃ : نجد میں ایک مقام۔
اَشَافِیْ : بنو شیبان کی ایک وادی۔
اَشَاقِرْ : مکہ و مدینہ کے مابین ایک پہاڑ۔
اُشْبُوْنَۃ : اندلس میں ایک شہر۔
اِشْبِیْلِیَۃ : غربی اندلس کا ایک شہر۔
اُشْتَابَدِیْزَۃ : سمرقند کا ایک محلہ۔
اَشْتَافُوْشَت : مرو سے تین فرسخ دور ایک قصبہ۔
اَشْتَر : نہاوند اور ہمدان کے درمیان ایک شہر۔
اُشْتُرَج : مرو کی ایک بستی۔
اُشْتُوْم : تنیس (شمالی مصر) کے قریب ایک ساحلی شہر۔

اِشْتِیْخَن : سمرقند سے سات فرسخ دور ایک علاقہ۔
اَشْدَاخ : مدینہ کے قریب ایک موضع۔
اَشْدُوْد : فلسطین کا ایک موضع۔
اَشْرَف : دیار بنو نصر بن معاویہ (حجاز) میں ایک مقام۔
اَشْرَفِیَّۃ : دمشق کے پاس ایک بستی۔
اُشْرُوْسَنَۃ : سیحون اور سمرقند کے درمیان ایک شہر۔
اَشْطَاط : عسفان (مکہ سے مدینے جاتے ہوئے دوسری منزل پر) کے قریب ایک تالاب۔
اَشْعَر : حجاز کا ایک پہاڑ۔
اَشْفَار : جنوبی نجد میں حضر موت کے قریب ایک قصبہ۔
اَشْفَنْد : نیشاپور کے قریب ایک علاقہ۔
اَشْفُوْرْقَان : مرو الروذ کا ایک گاؤں۔
اَشْقَر : یمامہ میں بنو عدی بن الرباب کی بستی۔
اَشْقُوْبُل : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔
اَشْکَر : مصر کا ایک قریہ۔
اِشْکَنْوَاز : صوبۂ فارس کا ایک قصبہ۔
اَشْکُوْذَان : اصفہان کا ایک قریہ۔
اَشْکُوْنِیَۃ : بلادِ روم کا ایک قریہ۔
اَشْکِیْذَبَان : ہرات اور بوشنج (ہرات سے دس فرسخ مشرق میں) کے درمیان ایک گاؤں۔
اَشْکِیْشَان : اصفہان میں ایک بستی۔
اَشَل : خراسان کا ایک سرحدی گاؤں۔
اِشْلِیْم : حوف غربی (مصر) میں ایک علاقہ یا گاؤں۔
اَشْمَذَان : مدینہ اور خیبر کے درمیان دو پہاڑ۔

اِشْمِنْت : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک بستی۔
اُشْمُوم : شمالی مصر میں دِمیاط کے قریب ایک بستی۔
اُشْمُوْن : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پہ ایک قصبہ۔
اَشْمُونِیْث : حلب کے پاس ایک چشمہ۔
اَشْمِیُوْن : بخارا کی ایک بستی یا محلہ۔
اَشْنَانْ بِرْث : بغداد کی ایک نواحی بستی۔
اَشْنَانْ : بغداد کا ایک محلہ۔
اَشَنْد : بلخ کا ایک گاؤں۔
اُشْنُہْ : آذربیجان میں اِربل کے قریب ایک موضع۔
اُشَیّ : وشْم (یمامہ کی وادی) کا ایک موضع۔ نباج اور یمامہ کے درمیان ایک گاؤں۔
اَشْیَح : یمن کا ایک قلعہ۔
اَشِیْر : جبالِ بربر (مراکش) میں ایک شہر۔
اُشَیْقِر : حجاز کی ایک وادی یا یمامہ میں ایک پہاڑ۔
اَشْیَمَانْ : دہنا یا بحرین کے دو پہاڑ۔
اِصَادْ : جبالِ نجد میں ایک موضع یا دیارِ عبس میں ایک جوہڑ۔
اِصْبَع : کوفہ کے قریب ایک قلعہ نما عمارت۔
اِصْبَغ : بحرین میں ایک وادی۔
اِصْبَہَانَات : فارس میں ایک شہر۔
اِصْبَہَانَک : سوادِ اصفہان میں ایک گاؤں۔
اِصْبَہْبُذَان : بلادِ دیلم میں ایک قصبہ۔
اَصْدَار : مکہ کے قریب نعمان الاراک میں ایک موضع۔

اِصْطَاذُنَہ : مغرب (الجزائر یا مراکش) میں ایک علاقہ۔
اِصْطَخْر : شیراز سے بارہ فرسخ دُور ایک اہم شہر۔
اِصْطَفَانُوْس : بصرے میں ایک محلہ۔
اَصْفُوْن : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پہ ایک شہر۔
اِصْفَہَان : کاشان کے جنوب میں ایک اہم شہر۔
اَصْقَر : دیارِ عامر بن صَعْصَعَہ (نجد) میں ایک مقام۔
اَصِیْل : اندلس کا ایک شہر۔
اُصَیْہِب : دیارِ تمیم میں مَرُوت کے قریب ایک پانی۔
اِضَاءَۃ بَنِیْ غِفَار : کنانہ کی ایک شاخ بنی غفار کا ایک تالاب یا مکہ کے قریب ایک موضع۔
اِضَاءَۃ لِبْن : حرم کی ایک حد یمن کی جانب۔
اُضَاخ : یمامہ میں بنو نُمَیر کی ایک بستی۔
اَضَاعَی : بلادِ عُذرہ میں ایک وادی۔
اَضْبُع : بصرہ و مکہ کی راہ پر اِمَّرہ کے قریب ایک موضع۔
اَضْرَعَہ : ذمار (یمن) کی ایک بستی۔
اِضَم : مکہ و یمامہ کے درمیان سُمَینہ کے قریب ایک پانی۔ یا تہامہ کی وہ وادی جس میں مدینہ ہے یا بنو اَشجع و جُہَینہ کی ایک وادی۔ یا یمامہ و ضریّہ کے درمیان ایک پہاڑ۔
اَضْوَج : کوہِ اُحد کے قریب ایک موضع۔
اَضْوَخ : یمن میں زبید کے پاس ایک قلعہ۔
اَطْحَل : مکہ کا ایک پہاڑ۔
اَطَد : کوفہ کے قریب ایک میدان۔

أَطْرَابْ زُنْدَة : بحرِ قسطنطنیہ کے مشرقی ساحل پہ ایک قصبہ۔

أَطْرَابُلُس : عکّہ و لاذقیہ کے درمیان شام کا ایک شہر، نیز لیبیا کا ایک ساحلی شہر۔

أَطْرَابَنْش : ساحلِ سسلی پہ ایک شہر۔

أُطْرَار : ماوراء النہر میں فاراب کے پاس ایک شہر اور علاقہ۔

أَطْرَب : حنین کے پاس ایک جگہ۔

أَطْرَاف : بلادِ فہم بن عُدوان میں ایک وادی۔

أَطْرِقَا : سوادِ مکّہ میں ایک موضع۔

أَطْرُون : رملہ (فلسطین) کے قریب ایک قصبہ۔

أَطَطْ : کوفہ کے مغرب میں ایک مقام۔

إِطْفِيح : مصرِ صعید میں نیل کے مشرقی کنارے پہ ایک شہر۔

أَطْلَاح : سوادِ مدینہ میں ایک موضع۔

أُطْلُحَاء : بنو [illegible] کی ایک وادی۔

أُطُمُ الْأَضْبَط : صنعاء میں ایک قلعہ۔

أَطْوَاء : یمامہ کی ایک بستی۔ اور جبلِ شراء میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

أَطْوَاب : مصر میں سوادِ فیوم کا ایک گاؤں۔

أَظَايِف : طے کا ایک پہاڑ۔

أَظْفَار : دیارِ فزارہ میں ایک موضع۔

أَظْلَم : بطنِ رُمّہ اور دیارِ سُلَیم میں نیز مکّہ و حبشہ کے قریب ایک ایک پہاڑ۔

أَعَارِف : یمامہ میں کچھ پہاڑ۔

أَعْبُدَة : بنو نُمیر کا ایک چشمہ۔

أَعْدَان : بنو مازن بن تمیم کا ایک پانی۔

أَعْرَاض : حجاز و یمن کے درمیان چند بستیاں۔

أَعْرَاف : عرفہ (ٹیلہ) کی جمع عرب میں کئی بستیاں اعراف کہلاتی ہیں۔ مثلاً اعرافِ لُبنیٰ، اعرافِ غمرہ۔ نیز مکّہ کا ایک پہاڑ۔

أَغْزَل : دیارِ کلب میں ایک پانی۔

أَغْزَلَان : بنو حنظلہ کی دو ندیاں جو ارضِ قرت کو کاٹتی ہیں۔

أَغْزَلَة : بنو عنبر (یمامہ) کی ایک وادی۔

أَعْشَار : مکّہ یا مدینہ کے قریب ایک موضع۔

أَعْشَاش : بلادِ تمیم میں بنو یربوع کی ایک وادی۔

أَعِقَّة : عقیق کی جمع۔ عرب میں کئی وادیاں عقیق کہلاتی ہیں :-

اوّل : یمامہ میں عقیق عارض الیمامہ۔ جن کے مالک بنو عقیل تھے۔

دوم : مدینہ کے پاس ایک وادی۔ جس کے دو حصّے تھے۔ اکبر اور اصغر۔

سوم : عقیق بلادِ مزینہ میں۔ جو حضورؐ نے بلال بن حارث المزنی کو دے دی تھی۔

چہارم : عقیقِ بلادِ عقیل۔

پنجم : وادیٔ ذی الحلیفہ کی عقیق۔

ششم : عقیقِ بصرہ۔

ہفتم : نجد میں مختلف قبائل کی وادیاں۔

أَعْكُش : کوفہ کے پاس ایک موضع۔

أَغْلَاب : مکّہ و ساحل کے درمیان عک بن عدنان کی زمین۔

أَعْلَاقُ الْعَمْر : یمن کی ایک بستی۔

أَعْلَم : ہمدان و زنجان کے درمیان ایک علاقہ۔

أَعْمَاق : انطاکیہ و حلب کے درمیان ایک علاقہ۔

أَغْنَاز : حمص اور ساحل کے درمیان ایک شہر۔

أَعْنَاك : شام میں حوران کے پاس ایک قصبہ۔

أَعْوَص : مدینہ کے قریب ایک موضع۔

أَغْوَصْ : تہامہ میں ہُذیل کی ایک گھاٹی۔
أَغْيَاز : بلادِ غطفان میں ایک پہاڑ۔
أَغْيَبْ : یمن میں ایک موضع۔
أُغَيْرِض : جبالِ طے اور تیماء کے درمیان ایک پانی۔
أُغَيْرِف : طے کا ایک پہاڑ۔
أَغْيَنْ : یمن کا ایک گاؤں یا قلعہ۔
أَغْدِرَة : بصرہ اور بحرین کے درمیان کاظمہ کے قریب ایک موضع۔
أَغْذُوْن : بخارا کا ایک گاؤں۔
أَغَرّ : کوفہ و مکہ کی راہ پر خزیمیہ اور اجفر کے درمیان ایک وادی۔
أَغْزُوْن : بخارا کا ایک گاؤں۔
أَغْمَات : مراکش میں ایک علاقہ اور شہر۔ یہ شہر مراکش کے شہر سے تین فرسخ دور تھا۔
أَغْنَاق : ماوراء النہر کا ایک قصبہ۔
أَفَاجِنْس : یمامہ میں ایک علاقہ۔
أَفَاعِيْ : ساحلِ قلزم پر مصر کی ایک وادی۔
أُفَاعِيَة : ایک ندی جو منٰی سے گزرتی ہے۔
أُفَاق : بلادِ بنو یربوع میں دو مقام۔
أُفَاقَة : کوفہ کے قریب ایک موضع۔
أَفَامِيَة : ساحلِ شام پر ایک شہر۔
أَفْر : عراق میں دریائے جوبز کے نواح میں ایک قصبہ۔
أَفْرَاخُوْن : مصر کا ایک قصبہ۔
أَفْرَاغ : نواحِ مکہ کا ایک موضع۔
أَفْرَاف : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔
أَفْرَان : نخشب کی ایک بستی۔
أَفْرَخْش : بخارا کا ایک گاؤں۔

أَفْرَع : یمامہ کے قریب بنو نمیر کا ایک موضع۔
أَفْرِيقَة : عرب کے مغرب میں سیاہ برِ اعظم۔ جس میں آجکل (۱۹۷۲ء) چالیس کے قریب ریاستیں ہیں۔ اس کا رقبہ ایک کروڑ پندرہ لاکھ مربع میل اور آبادی تقریباً تینتیس کروڑ ہے۔ ان میں بیس کروڑ مسلمان ہیں۔
إِفْرِيْقِيَّة : شمالی افریقہ کا وہ حصہ جو لیبیا کے شمال مشرقی کونے سے طَنْجَة (جبرالٹر کے سامنے) تک پھیلا ہوا ہے۔ مصر اور مراکش کا کچھ حصہ اس سے خارج ہے
أَفْسُوْس : غالباً ایفسس کا دوسرا نام۔ یہ اصحابِ کہف کی بستی تھی۔ جو طرسوس (انطاکیہ و حلب کے درمیان) کے قریب تھی۔
أَفْشَنَة : بخارا کا ایک گاؤں۔
أَفْشَوَان : ایضاً
أَفْشُوْلِيَة : مغربی واسط (کوفہ اور بصرہ کے وسط میں) کا ایک گاؤں۔
إِفْشِيْزَقَان : مرو سے پانچ فرسخ دور ایک قریہ۔
أَفْغَانِسْتَان : پاکستان اور ایران کے درمیان ایک ملک۔ جس کا رقبہ اڑھائی لاکھ مربع میل ہے اور آبادی آجکل (۱۹۷۲ء) ڈیڑھ کروڑ۔
أَفْقُوْسِيَة : جزیرۂ قبرص میں ایک شہر۔
أَفْلَاج : یمامہ میں ایک موضع۔
أَفْلَاطَنْس : حلب کے مغرب میں ایک قلعہ۔
أَفْلُوْغُوْنِيَة : اورینیہ کا ایک شہر۔
إِفْلِيْج : یمن کا ایک موضع۔
أَفْلِيْلَاء : شام کا ایک قریہ۔
أَفْوَى : بہنسا (مصر صعید) کا ایک گاؤں۔
أَفْيَح : نجد میں ایک موضع۔

اُفَیْعِیَۃ : سوادِ مدینہ میں بنُو سُلیم کا ایک پانی۔
اُفَیْق : بلادِ بنُو یربوع میں ایک موضع۔
اَفِیق : حوران کے قریب ایک بستی۔
اُقتُد : بلادِ بنُو فہم میں ایک موضع۔
اُقحُوانَۃ : مکّہ کے قریب، نیز بصرہ و نباج کے درمیان، بلادِ تمیم اور فلسطین میں بحیرۂ طبریہ کے کنارے ایک ایک موضع۔ اور بلادِ بنُو یربوع میں ایک پانی۔
اُقُر : بنُو مُرّہ کی ایک وادی یا پہاڑ۔ بصرہ و کوفہ کے درمیان سُلمان سے بیس میل پر ایک مقام۔
اُقُر : دیارِ غطفان میں شربہ کے قریب ایک پانی یا پہاڑ جس کا ایک حصّہ بنُو مُرّہ کے پاس تھا اور دوسرا فزارہ کے پاس۔
اَقُر : عرفہ میں ایک مقام یا پہاڑ۔
اُقُر : دیارِ غطفان میں ایک ذخیرۂ آب۔
اَقرَع : مکّہ و مدینہ کے درمیان ایک پہاڑ۔
اَقرِیطِش : قبرص (بحیرۂ روم) کے مغرب میں ایک جزیرہ، جسے کریٹ کہتے ہیں۔
اَقسَاس : کوفہ کے پاس ایک بستی یا علاقہ۔
اَقصُر : مصرِ صعید میں نیل کے مشرقی کنارے پہ ایک شہر۔
اَقعَس : دیارِ ربیعہ بن عقیل میں ایک پہاڑ، نیز یمامہ میں بنُو احنف کا ایک نخلستان۔
اَقفَاص : مصرِ صعید میں بہنسا کا ایک قصبہ۔
اَقلَاھُر : بادیۂ ناس (مرّاکش) میں سبتہ کے قریب ایک پہاڑ۔
اُقلُوش : نواحِ غرناطہ میں ایک موضع۔
اَقلِیبِیَۃ : تیونس میں قرطاجنہ کے قریب ایک قلعہ۔
اَقلِید : صوبۂ فارس کا ایک قصبہ۔

اُقلِیش : اندلس میں ضلع طُلیطلہ کا ایک شہر۔
اِقلِیم : مصر و اندلس میں ایک ایک موضع اور شام میں ایک علاقہ۔
اِقلِیمِیَۃ : حدودِ روم میں ایک شہر۔
اِقمِینَاس : حلب کا ایک گاؤں۔
اِقنَا : قفط سے ایک یوم کی مسافت پر مصرِ صعید میں ایک قصبہ۔
اَقنَابَ دَثَر : یمن میں ایک قلعہ۔
اَقُوز : جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک علاقہ یا جزیرہ۔
اَقَیصِر : شام میں بعض قبائل مثلاً قضاعہ، لخم وغیرہ کا ایک مشترک بُت۔
اُقَیلِبَۃ : دیارِ طے میں ایک آبی ذخیرہ۔
اَکَاحِل : بلادِ مُزینہ میں ایک موضع۔
اَکَادِر : بنُو فزارہ کی ایک بستی۔
اِکَام : مصیصہ کے قریب ایک پہاڑ۔ یا شام میں ایک مقام۔
اُکبُرَۃ : بلادِ طے میں ایک وادی۔
اَکَرسِیف : مرّاکش میں ایک قصبہ۔
اَکسَال : اردن میں ایک گاؤں۔
اَکشُوثَاء : شاید ارمینیہ میں ایک قلعہ۔
اُکَل : ماردین کی ایک نواحی بستی۔
اَکلُب : بنُو عامر کا ایک پہاڑ۔
اُکمَان : نجد میں ایک چشمہ۔
اُکمَۃ : یمامہ کا ایک گاؤں۔
اَکمَۃ : بلادِ طے میں ایک ٹیلہ یا پانی۔
اَکنَاف : طے کے پہاڑ، یا جبالِ کُنیدہ میں ایک موضع۔
اَکوَاخ : دمشق کے قریب ایک ناحیہ (علاقہ)
اَکوَار : غطفان و فزارہ کے پہاڑ۔

اَکْھَلْ : مُزَینہ (نزدِ مدینہ) کا ایک پہاڑ۔
اُکَیْرَاْخ : کُوفہ کا ایک شاداب گاؤں۔
اَلْاُبْ : دیارِ مُزَینہ میں ایک گھاٹی۔
اُلَاْثْ : مدینہ کے قریب ایک چشمہ۔
اُلَاْقْ : تیہ (سینا) میں ایک پہاڑ۔
اُلَاْلْ : عرفات میں ایک پہاڑ۔
اَلَاْلْ : جزیرۂ ابنِ عُمر میں ایک شہر۔
اُلَاْلَۃْ : شام میں ایک مقام۔
اَلْبَاْنْ : کابل اور غزنی کے درمیان ایک قصبہ۔
اِلْبِیْرَۃْ : قرطبہ (اُندلُس) کے مشرق میں اندازاً سو میل دُور ایک صُوبہ۔
اَلْتَاْیَۃْ : اُندلُس میں دانیہ کا ایک گاؤں۔
اُلْثِیْ : تفلیس کے پاس ایک قلعہ۔
اَلْجَاْمْ : مدینہ کی ایک چراگاہ۔
اَلْحَسْ : بنُو عامر بن صعصعہ کا ایک پہاڑ۔
اَلْاٰنْ : دربند کے قریب ایک وسیع علاقہ۔
اَلْفَیْ : موصل کا ایک قلعہ۔
اَلَمْلَمْ (یَلَمْلَمْ) : جبالِ تہامہ میں اہلِ یمن کی میقات۔
اَلُوْسْ : لبِ فُرات ایک قصبہ۔
اَلُوْمَۃْ : دیارِ ہُذیل (جنوبی تہامہ) کا ایک موضع۔
اَلْہَاْنْ : یمن کی ایک بستی، نیز مدینہ کے قریب بنُو قُریظہ کا ایک موضع۔
اَلْہَمْ : طبرستان کا ایک ساحلی موضع۔
اُلَیْسْ : انبار (بغداد سے جانبِ غرب) کا ایک قریہ۔
اَلْیَفَۃْ : یمن کی ایک بستی۔
اَلْیَلْ : ینبُع اور عُذَیبہ کے درمیان ایک موضع۔
اَلْیُوْنْ : مصر میں ایک گاؤں۔

اَلْیَۃْ : بنُو سُلَیم کا ایک پانی، یا بنُو عُوال کی پتھریلی زمین میں ایک کُرآں یا بلادِ بنُو اسد میں ایک کنکریلی زمین، یا طَرَف (مدینہ سے چالیس میل پرے) کے قریب ایک علاقہ، یا فُشیع جابیہ میں ایک وادی۔
اُلْیَۃْ : سوادِ اشبیلیہ و استجہ میں ایک ایک شہر۔
اَمَاْحِلْ : مکہ کے قریب ایک موضع
اُمْ اُذُنْ : سماوہ میں ایک پہاڑی۔
اُمْ اَوْعَاْلْ : یمامہ میں ایک پہاڑی۔
اَمْثَاْلْ : بصرہ سے دو رات کی مسافت پر پہاڑی خطّے۔
اَمَجْ : مدینہ کے پاس ایک گاؤں۔
اُمْ جَحْدَمْ : یمن میں ایک موضع۔
اُمْ جَعْفَرْ : اُندلُس میں ایک قلعہ۔
اُمْ حَبَوْکَرِیْ : بلادِ قشیر میں ایک وسیع صحراء۔
اُمْ حَنَیْنْ : یمن میں زَبید کے پاس ایک قصبہ۔
اُمْ خُرْمَاْنْ : بصرہ و مکہ کی راہ پر ایک تالاب، جہاں بصرہ و کُوفہ کے حاجیوں کا راستہ ملتا ہے۔
اُمْ خَنُّوْرْ : مصر کا ایک نام۔
اُمْ دُنَیْنْ : قاہرہ و نیل کے درمیان ایک موضع۔
اَمْدِیْزَۃْ : بخارا کی ایک بستی۔
اَمَرْ : دیارِ غطفان میں ایک موضع۔
اَمَّرْ : صحرائے شام میں ایک موضع۔
اَمْرَاْءْ : یمن میں ایک موضع۔
اَمْرَاْزْ : غالباً بنُو فزارہ کا ایک کُرآں۔
اُمْ رُحْمْ : مکہ کا ایک نام۔
اِمَّرَۃْ : مکہ و بصرہ کی راہ پر ایک منزل یا حِمیٰ ضریہ میں عامر بن صعصعہ کی ایک چراگاہ۔
اَمَرَۃُ مُفْرُوْقِیْ : دیارِ بنو یربوع میں ایک پہاڑ۔
اُمُّ السَّلِیْطْ : یمن میں سوادِ لحج کا ایک گاؤں۔

اَمِّ صَبَّاْر : بنو سُلیم کی ایک پتھریلی زمین، یا اس میں ایک پہاڑ۔
اُمِّ عَرَب : مصر میں فَرَما کے پاس ایک گاؤں۔ جہاں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ پیدا ہوئی تھیں۔
اُمِّ الْعِیَال : تہامہ میں مکہ و مدینہ کے درمیان ایک گاؤں۔
اُمِّ الْعَیْن : سمیراء کے پاس ایک تالاب۔
اُمِّ غَزَالَہ : اندلس میں ایک قلعہ۔
اُمِّ غَیْشِیَا : عراق کا ایک موضع۔
اُمِّ الْقُرٰی : مکہ کا ایک نام۔
اَمْلَاْل : مکہ و مدینہ کے درمیان ایک منزل۔
اَمْلَط : یمن کی ایک بستی۔
اَمْلُوْل : یمن میں ایک بستی۔
اَمَّن : بلادِ غطفان میں ایک پانی۔
اَمُوْل : یمن میں ایک گاؤں۔
اَمِیْرِیَّہ : ارضِ بابل (عراق) میں نیل کی ایک بستی۔
اُمَیْلِح : بنو ربیعہ کا ایک پانی۔
اُمَیْلِحَاْت : یمامہ میں بنو طریف اور بنو محدویہ کا ایک پانی۔
اَمِیْن : کعبہ کا ایک نام۔
اَمْیُوْط : غربی مصر کا ایک شہر۔
اُنَا : مدینہ کے قریب ایک وادی۔ نیز مدینہ میں بنو قریظہ کا ایک کنواں۔
اُنَاخَہ : دہنا میں بنو سعد کا ایک پہاڑ۔
اُنَاْر : آذربیجان کا ایک شہر۔
اُنَاْش : کرمان کا ایک شہر۔
اِنِّب : حلب کے پاس ایک قلعہ۔

اَنْبَاْبَہ : رَے کا ایک گاؤں۔
اَنْبَاْر : بغداد کے مغرب اور کربلا کے شمال میں ایک شہر۔ نیز بلخ کے پاس ایک قصبہ۔
اَنْبَاْھَہ : سوادِ رَے میں ایک قلعہ۔
اَنْبَرْدُوَاْن : بخارا کا ایک گاؤں۔
اِنْبِط : ہمدان کی ایک بستی نیز دیارِ کلب بن وَبْرَہ میں ایک موضع۔
اَنْبَلُوْنَہ : تونس کے قریب ایک ساحلی شہر۔
اَنْبِیْر : خراسان میں بلخ اور مرو الرود کے درمیان ایک پرانا شہر۔
اَنْتَاْن : طائف کے پاس ایک گھاٹی۔
اَنْتَقِیْرَہ : غرناطہ و مالقہ کے درمیان ایک قلعہ۔
اُنْج : موصل و ارمینیہ کے درمیان سوادِ زوزان میں ایک علاقہ۔
اَنْجَاْفَرِیْن : بخارا کی ایک بستی۔
اَنْجَل : ماوان کے قریب ایک موضع۔
اَنْجِل : دیارِ بکر کا ایک قصبہ۔
اَنْخَل : ایک ندی جو نجد سے نکلتی اور تہامہ میں گرتی ہے۔
اَنْدَاْن (اَنْدَوَاْن) : اصفہان کا ایک نواحی گاؤں۔
اَنْدَاْق : مرو کے قریب اور سمرقند سے تین فرسخ دور ایک بستی۔
اَنْدَاْمِش : جندیساپور (خوزستان کا شہر) سے دو میل دور ایک پہاڑ۔
اَنْدِجَن : جبالِ قزوین میں ایک قلعہ۔
اَنْدَخُوْذ : بلخ و مرو کے مابین ایک شہر۔
اَنْدَدِیْ : ماوراء النہر میں نسف کی ایک بستی۔
اَنْدَرَاْب : غزنی اور بلخ کے درمیان ایک شہر۔

اَنْدَرَابَۂ : مَرْوْ سے دو فرسخ دُور ایک بستی۔
اَنْدَرَاش : اَندُلُس میں بیرہ (ضلع) کا ایک قصبہ۔
اَنْدَرِیْن : جنوبی حلب میں ایک قصبہ۔
اَنْدُش : قسطنطنیہ کے جنوب میں ایک میل پر ایک شہر۔
اَنْدَرِیْن : جنوبی حلب کا ایک قصبہ۔
اَنْدَغَن : مَرْوْ سے پانچ فرسخ دُور ایک بستی۔
اَنْدَق : سوادِ بخارا کا ایک قصبہ۔
اَنْدُشمَان : فرغانہ (ماوراء النہر) کی ایک بستی۔
اَنْدَلُس : ہسپانیہ کا نام۔ نیز فسطاط کا ایک محلہ۔
اَنْدَوَان : اِصفہان کی ایک نواحی بستی۔
اَنَس آبَاذ : سوادِ ہمدان میں ایک گاؤں۔
اِنْسَان : نجد میں جعفر بن کلاب کی ایک بستی۔
اَنْسَب : یمن میں بنو زُبَید کا ایک قلعہ۔
اَنْسُر : طَے کا ایک آبی ذخیرہ۔
اَنْشَاج : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔
اَنْشَاق : مصر کا ایک گاؤں۔
اَنْشَام : بلادِ مُراد (یمن) میں ایک وادی۔
اَنْشِمِیْنْثَن : ماوراءُ النہر میں نخشب کی ایک بستی۔
اَنْصَاب : نجد میں بنو یربوع کا ایک پانی۔
اَنْصِنَا : مصرِ صعید میں نیل کے شرقی کنارے پہ ایک گاؤں۔
اَنْطَابُلُس : اسکندریہ اور بَرْقہ کے درمیان ایک شہر۔
اَنْطَاق : تکریت (عراق) کے قریب ایک علاقہ۔

اَنْطَاکِیَہ : حلب کے مغرب میں شام کا ایک ساحلی شہر۔
اَنْطَالِیَہ : جنوبی تُرکی میں بحیرۂ روم کے ساحل پہ ایک شہر۔
اَنْطَرْطُوْس : لاذقیہ کے جنوب میں شام کا ایک ساحلی شہر۔ جسے آجکل طَرطُوس کہتے ہیں۔
اَنْطَلِیْش : اَندلُس میں ایک گاؤں۔
اَنْعَم : یمامہ و مدینہ کے درمیان ایک پہاڑ۔
اَنْعَمَان : نجد میں ایک موضع، یا بنو عبس کا ایک پہاڑ، یا دو وادیوں یعنی عاقل اور انعم کا نام۔
اَنْف : بلادِ ہُذَیل میں ایک موضع۔
اَنَفَہ : جبلِ صیہون کے مشرق میں ساحلِ شام پہ ایک قصبہ۔
اَنْقَرَہ : موجودہ ترکی کا دارالحکومت۔
اَنْقُلْقَان : مَرْوْ کی ایک بستی۔
اَنْقُوْر : یمن میں ایک موضع۔
اَنْکَاد : مَراکش میں تلمسان کے قریب ایک شہر۔
اِنْکِجَان : بلادِ بربر میں ایک علاقہ۔
اَنْوَاص : بلادِ ہُذَیل میں ایک موضع۔
اَنْوَاط : کعبہ کے پاس ایک درخت، جس کے ساتھ جاہلیت میں عرب اپنے ہتھیار اور فالتو کپڑے لٹکا کر حرم میں جاتے تھے۔
اَنْوَر : یمن کا ایک قلعہ۔
اَنِیْسُوْن : بخارا کی ایک بستی۔
اُوَارَہ : سوادِ بحرین یا بلادِ تمیم میں ایک پہاڑ یا پانی۔
اَوَاشِج : بدر کے قریب ایک موضع۔

اُوَال : بحرین کے پاس ایک جزیرہ نیز بکر بن وائل کا ایک بُت۔
اَوَاث : مدینہ کے شمال میں ایک ساعت کی مسافت پر ایک مقام۔
اَوَانا : شمالِ بغداد میں دس فرسخ پر ایک قصبہ
اَوْب : بلادِ طے میں ایک موضع۔
اُوبَر : بلخ کا ایک گاؤں۔
اَوْبَۃ : نواحِ ہرات میں ایک گاؤں۔
اَوْثَانَان : بنو مزینہ کا کالا پہاڑ۔
اَوْج : سیحون کے مشرق میں ایک گاؤں۔
اَوْجَار : بحرین میں بنو عامر بن حارث کی ایک بستی۔
اَوْجَلَۃ : جنوبی برقہ کی ایک بستی۔
اُوْد : نجد میں بنو یربوع اور تمیم کا ایک ایک موضع۔
اَوْد : کوفہ کا ایک محلہ۔
اَوْدَاء : فلج میں تیم اللہ بن ثعلبہ بن عکابہ کا ایک پانی۔
اَوْدَات : کوفہ اور شام کے درمیان چند وادیاں، یا بطنِ فلج کا ایک نام، یا بنو کلب کی وادیاں جن میں سے ایک اجارد بھی ہے یا ثلما کے مشرق میں کچھ وادیاں۔
اَوْدَن : عراق و بخارا میں ایک ایک بستی۔
اَوْدَنَۃ : بخارا کی ایک بستی۔
اُوْدِیَۃ : بنو غنی بن اعصر کا ایک پانی۔
اُوْذ : سوادِ اران میں ایک شہر۔
اَوْذَغشت : مراکش کا ایک قصبہ۔
اَوْر : نجد یا حجاز کا ایک پہاڑ۔

اُوْش : خوزستان میں رامہرمز کا ایک محلہ یا مقام۔
اَوْرَاس : افریقیہ میں ایک پہاڑ۔
اَوْرَال : تین پہاڑ :-
۱ : وَرال الاَیمن
۲ : وَرال الایسر
۳ : وَرال الاوسط
جو بنو عبداللہ بن دارم کے ایک پانی کے سامنے تھے۔
اَوْرَبَۃ : ضلع جیان (اندلس) میں ایک شہر۔
اَوْرَل : یمامہ میں ایک قلعہ۔
اُوْرِم : سوادِ حلب میں چار دیہات کا نام :-
۱ : اورم الکبریٰ ۲ : اورم الصغریٰ
۳ : اورم الجوز ۴ : اورم البرامکہ
اُوْرِشَلَم : بیت المقدس۔ جسے آجکل یوروشلم بھی کہتے ہیں۔
اُوْرِیط : اندلس میں ایک شہر۔
اَوْرِیْن : مصر میں دو بستیاں۔
اُوْرِیُولَۃ : مرسیہ (اندلس) کا ایک شہر۔
اَوْزَاع : دمشق کی ایک نواحی بستی جہاں اسی نام کا ایک یمنی قبیلہ آباد ہو گیا تھا۔
اُوْزکَنْد (اُوزجَنْد) : فرغانہ کا ایک نواحی قریہ۔
اَوْسَج : نجد میں ابو بکر بن کلاب کا ایک پانی۔
اَوْسِیَۃ : مصرِ اسفل کا ایک گاؤں۔
اُوْش : فرغانہ کا ایک شہر۔
اَوْطَاس : بنو ہوازن کی وہ وادی جہاں غزوۂ حنین ہوا تھا۔
اَوْعَار : نواحِ سماوہ میں ایک مقام۔

اَوْعَال : حمیٰ ضریّہ میں ایک پہاڑ۔
اَوْق : بنو عقیل (یمامہ) کا ایک پہاڑ۔
اَوْقَانِیَہ : طلیطلہ (اَنْدَلُس) کے پاس ایک پہاڑ۔
اَوْقَح : بنو ہذیمہ کا ایک پانی۔
اَوْقِیَانُوْس : افریقہ اور امریکہ کا درمیانی سمندر۔
اَوْل : بلادِ غطفان (خیبر و بلادِ طے کے درمیان) کا ایک موضع۔
اُوْلَاس : بحرِ شام کے ساحل پر سوادِ طرسوس میں ایک قلعہ۔
اُوْلِیل : مراکش میں نمک کی ایک کان۔
اَوْمَۃ : سوڈان کا ایک شہر۔
اُوْنِیک : سوادِ ارزنُ الرّوم میں ایک قلعہ۔
اَوَہ : زنجان و ہمدان کے درمیان ایک بستی۔
اُوَیْش : مصر میں دمیاط کے قریب ایک ساحلی قریہ۔
اِہَاب : مدینہ کا نواحی موضع۔
اَہَر : تبریز اور اَزدبیل کے مابین ایک شہر۔
اِہْوِیت : مصر میں اس نام کی دو بستیاں ہیں۔ ایک فیوم اور دُوسری بہنسا میں۔
اَہْلَم : سوادِ طبرستان میں ایک ساحلی قصبہ۔
اُہْمُول : یمن میں زبید کی نواحی بستی۔
اَہْنَاس : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک ناحیہ۔
اَہْوَی : ہجر یا یمامہ میں ایک موضع یا بنو عمال یا بنو تغلبہ کا ایک پانی - نیز گاؤں۔
اَہْوَاز : ایران و عراق کی سرحد پر بصرہ کے بالمقابل ایک علاقہ خوزستان کہلاتا ہے اور اَہْوَاز اس کا سب سے بڑا شہر ہے۔ اس کے دیگر اہم شہر جُندی شاپور، تُستر، سُوس اور

عسکرِ مکرم ہیں۔
اَیَاہ : شاید یمن میں ایک علاقہ۔
اِیَاد : کوفہ و بصرہ کے درمیان بنو یربوع کا ایک موضع۔
اُیَایِر : کوران کے قریب ایک چشمہ۔
اِبی بَسْق : نخشب کے قریب ایک بستی۔
اِیْنج : فارس کا ایک قصبہ۔
اِیجَلن : مراکش میں ایک قلعہ۔
اِیجَلِیث : شہر مراکش کے قریب ایک پہاڑ۔
اَیْد : بلادِ مُزینہ میں ایک موضع۔
اَیْدَہر : یمن کا ایک گاؤں۔
اِیْذَج : اصفہان و خوزستان کے درمیان ایک علاقہ اور شہر - نیز خوزستان و سمرقند میں ایک ایک قصبہ۔
اِیذوج : سمرقند سے تین فرسخ دُور ایک گاؤں۔
آیِر : ارضِ غطفان میں ایک پہاڑ، نیز بنو نمیر کا پانی۔
اَیَر : مدینہ کے باہر ایک سیرگاہ۔
اِیرَان : افغانستان اور عراق کے درمیان ایک مُلک، جس کا رقبہ ۶۳۴۴۰۰ مربع میل اور آبادی سوا دو کروڑ (۱۹۷۲ء) ہے۔
اِیرَاہِسْتَان : علاقہ اَزدشیر خرہ کا ساحلی علاقہ، نیز عراق کا ایک نام۔
اِیرَایَاذ : طبس سے پانچ فرسخ کے فاصلے پر ایک گاؤں۔
اِیرَج : فارس میں ایک قلعہ۔
اَیْسَن : بنو عُبید بن ثعلبہ (یمامہ) کی ایک وادی۔
اِیغَارَان : اصفہان و ہمدان کے درمیان

کچھ جاگیریں جو ابودلف عجلی کی اولاد کو ایک عباسی خلیفہ نے عطا کی تھیں۔

اِیغَانْ : پنجدہ (خراسان) میں سے ایک گاؤں کا نام۔

اَیکَہْ : تبوک یا مدین کے قریب ایک بستی۔

اِیلَاقْ : ترکستان میں شاش سے دس فرسخ پر ایک شہر۔

اِیلَانْ : بلادِ بربر میں مراکش شہر کے قریب ایک موضع۔

اَیلَہْ : بحرِ شام کے ساحل پر یہود کا ایک شہر؛ انھیں ہفتہ (سَبت) کے دن مچھلی کے شکار سے روکا گیا تھا۔ لیکن یہ نہ رکے اور مسخ کر دیے گئے نیز ینبع کے قریب ایک پہاڑ اور جبلِ رضوی میں ایک موضع۔

اِیلِیَاءْ : بیت المقدس کا ایک نام۔

اَیْثَمْ : دیارِ بنو عبس، یا ضریّہ میں ایک پہاڑ۔

اَیْنْ ، (یَیْنْ) : مکہ اور مدینہ کے درمیان کوہِ اِضم اور بلادِ جُہَینَہ کے قریب ایک گاؤں۔ یا مراکش کی ایک بستی، یا جیزہ کے پاس ایک موضع۔

اِیوَازْ : یمامہ کی طرف دیارِ بنو قریظہ میں چند پہاڑ، یا نجد میں بنو ابوبکر کا ایک پہاڑ۔

اِیوَانْ : مدائن کسریٰ میں کسریٰ کا محل۔

اَیَتَہْ : رَے کی ایک بستی۔

اَیْہَبْ : بلادِ بنو اسد میں ایک موضع۔

ب

بِئْرُ ابی مُوسیٰ : مغلاة (مدینہ اور بدر کے درمیان) میں ایک کنواں۔ جو ابو موسیٰ اشعری کی طرف منسوب تھا۔

بِئْرُ اَزْهَا : مدینہ سے تین میل دور ایک کنواں۔ جہاں غزوۂ ذات الرقاع ہوا تھا۔

بِئْرُ اَرِیْس : مسجدِ قبا کے سامنے ایک کنواں۔ جس میں حضرت عثمانؓ کی خاتمِ خلافت گر کر گم ہو گئی تھی۔ یہ خاتم پہلے حضورؐ کے پاس تھی۔ پھر صدیق و عمر رضی اللہ عنہما کے قبضے میں رہی۔ اس کے گم ہو جانے کو لوگوں نے فالِ بد سمجھا۔ چنانچہ کچھ عرصہ بعد ملک میں بے چینی پیدا ہو گئی اور چھ برس بعد آپ کو شہید کر دیا گیا۔

بِئْرُ الاَسْوَد : مکہ میں اسود بن سفیان مخزومی کا کنواں۔

بِئْرُ اَنَا : مدینہ میں بنو قریظہ کا ایک کنواں۔

بِئْرُ بُضَاعَة : مدینہ میں دارِ بنی ساعدہ میں ایک کنواں۔

بِئْرُ بَنِی بُرَیْمَة : نجد میں بنو بریمہ کا ایک کنواں۔

بِئْرُ جُشَم : مدینہ میں ایک کنواں۔

بِئْرُ جَمَل : ایضاً

بِئْرُ حَاء : مدینہ میں مسجدِ نبوی کے قریب ابو طلحہ کا ایک کھیت اور کنواں۔

بِئْرُ حِصْن : وادیٔ مروت میں حصن بن عوف کا ایک کنواں۔

بِئْرُ الدَّرِیک : مدینہ میں ایک کنواں۔

بِئْرُ ذَرْوَان : مسجدِ ضرار والی بستی، نیز مدینہ میں بنو زریق کا ایک کنواں۔

بِئْرُ رُوْمَة : مدینہ کا ایک کنواں۔ جسے حضرت عثمانؓ نے خرید کر وقف کر دیا تھا۔

بِئْرُ رِیَاب : مدینہ میں ایک کنواں۔

بِئْرُ الشُّعُوْب : شعوب (یمن کا ایک گاؤں) کا ایک کنواں۔

بِئْرُ شَوْذَب : مکہ میں معاویہؓ کے ایک مولیٰ شوذب کا ایک کنواں۔

بِئْرُ عَائِشَة : مدینہ میں قبیلۂ اوس کے ایک مرد عائشہ بن نمیر (یہ عورت نہیں تھی) کا ایک کنواں۔

بِئْرُ عُرْوَة : مدینہ کے قریب عروہ بن زبیر بن عوام کا ایک کنواں۔

بِئْرُ عِکْرِمَة : مکہ میں عکرمہ بن خالد بن عاص بن ہشام کا کنواں۔

بِئْرُ عَمْرو : مکہ میں عمرو بن عبداللہ بن صفوان بن امیہ کا کنواں۔

بِئْرُ عِنَبَة (اَبِی عِنَبَة) : مدینہ سے میل بھر باہر ایک کنواں۔ جہاں حضورؐ صلعم نے بدر روانہ ہونے سے پہلے اپنے لشکر کا معائنہ کیا تھا۔

بِئْرُ غَدَق : مدینہ میں ایک کنواں۔
بِئْرُ غَرْس : ایضاً
بِئْرُ مَزَق : ایضاً
بِئْرُ مُطَّلِب : مدینہ سے سات میل عراق کی طرف ایک کنواں۔ جو مُطّلِب بن عبداللہ بن حُنطب بن حارث .... بن مخزوم کی طرف منسوب ہے۔
بِئْرُ مُعَاوِیَہ : مکّہ و عُسفان کے درمیان خلیفہ مہدی عباسی کے وزیر معاویہ بن عبداللہ کا ایک کنواں۔
بِئْرُ مَعُوْنَہ : مدینہ و مکّہ کی راہ پر بنو سُلیم کی پتھریلی زمین کے قریب اُبلی پہاڑ میں ایک کنواں۔ جہاں حضورؐ کے ارسال کردہ ستّر قرّاء و حُفّاظ شہید کر دیے گئے تھے۔ (دیکھیے اُبلی)
بِئْرُ الْمَلِک : مدینہ میں ایک کنواں۔
بِئْرُ مَیْمُوْن : مکّہ کا ایک کنواں جو بحرین کے ایک والی علاء بن حضرمی کے ایک بھائی میمون نے کھدوایا تھا۔
بِئْرُ یَقْظَان : بنو تمیز کا ایک کنواں۔
بَا اَیُّوْب : کرمان شاہ اور ہمدان کے درمیان ایک بستی۔
بَاب : بحرین کے قریب ایک پہاڑ۔
بَابُ الْاَبْوَاب : بحیرۂ خزر کے مشرقی ساحل پر ایک اہم شہر۔ جس میں ایک بندرگاہ بھی تھی۔ اس شہر کے ساتھ ہی ایک اونچا پہاڑ ہے۔ جس میں متعدد قلعے بنے ہوئے تھے۔ کہتے ہیں کہ پرانے زمانے میں ترک بار بار ایران کے سرحدی شہروں پر حملے کرتے تھے۔ اس پر انوشیروان نے خاقان (شاہِ ترک) سے مل کر طے کیا کہ سرحد پر ایک اونچی اور لمبی دیوار بنا کر صرف چند دروازے چھوڑے جائیں، تاکہ آنے جانے والوں پر نظر رکھی جا سکے۔ یہ دروازے عموماً بند رہتے تھے۔ (اسی نسبت سے بابُ الابواب کو در بند بھی کہتے تھے) اُس دیوار کا ایک دروازہ اس شہر کے پاس تھا اور اسی لیے وہ بابُ الابواب (دروازوں میں سے ایک دروازہ) کہلاتا تھا۔
بَابَان : مَرْو میں ایک محلّہ۔
بَابُ الْبَرِیْد : جامع دمشق کے ایک دروازے کا نام۔
بَابُ التِّبْن : بغداد کا ایک محلّہ۔
بَابُ تُوْمَاء : شہرِ دمشق کا ایک دروازہ۔
بَابُ الْجِنَان : حلب اور رَقّہ کے ایک دروازے کا نام۔
بَابُ الْحُجْرَۃ : بغداد کے شاہی محل میں ایک ایوان، جہاں وزراء و اُمراء کو خلعتیں دی جاتی تھیں۔
بَابُ الْحَرْب : بغداد کا ایک محلّہ جو خلیفہ منصور کے ایک سپہ سالار حرب بن عبدالملک کی طرف منسوب تھا۔ اس کے پاس ہی امام احمد بن حنبل کی قبر ہے۔
بَابُ الْخَاصَّہ : بغداد کا ایک دروازہ۔
بَابُ دَسْتَان : سمرقند کا ایک مقام۔
بَابَرْت : ارزنُ الرّوم (سوادِ ارمینیہ) کا ایک شہر
بَابَرْنِی : سواد، جبّل (بغداد کے قریب) کی ایک بستی۔
بَابَسِیْر : اَہواز کے قریب ایک قصبہ۔
بَابَش : بخارا کی ایک بستی۔

بَابُ الشَّامْ : غربی بغداد کا ایک محلّہ۔

بَابُ شَعِیْرْ : بغداد کا ایک محلّہ۔

بَابُ شُوْرِسْتَانْ : مَرْو کا ایک محلّہ۔

بَاْنْشِیْرْ : مَرْو کے قریب ایک بستی۔

بَابُ الطَّاقْ : مشرقی بغداد کا ایک محلّہ۔

بَاْبَغِیْشْ : آذربیجان اور اَرْدبیل کے مابین ایک علاقہ۔

بَاْنْقُرَاْنْ : مَرْو کا ایک گاؤں۔

بَابُ کَشْ : سمرقند کا ایک محلّہ۔

بَابُ کُوْشَکْ : اصفہان کا ایک محلّہ۔

بَاْبِلْ : عراق کا ایک مشہور شہر۔ جس کا ذکر ہارُوت۔ مارُوت کے سلسلے میں قرآن نے بھی کیا ہے۔ یہ وہیں تھا۔ جہاں آج کُوفہ ہے۔ نیز اُس علاقے کا نام جو کُوفہ و بغداد کے درمیان ہے۔

بَاْبِلاَّ : حلب سے ایک میل پر ایک گاؤں۔

بَابُ لُتْ : حرّان و رقّہ کے درمیان جزیرۂ ابنِ عُمَر کا ایک شہر۔

بَاْبِلْیُوْنْ : مصر کا پرانا نام۔

بَابُ مُحَوَّلْ : بغداد کا ایک محلّہ۔

بَابُ الْمَرَاتِبْ : بغداد کا ایک دروازہ۔

بَاْبُوْرِنْیَاْ : بغداد کی ایک نواحی بستی۔

بَاْبَہْ : بخارا کی ایک بستی

بَاْبَیْنْ : بحرین کی ایک بستی۔

بَاْتِکْرُوْ : جیحوں کے کنارے پہ ایک قلعہ۔

بَاْجُرْ : انبار میں حضرت علیؓ کی لشکرگاہ۔

بَاْجَاْخُسْرُوْ : بغداد کے مشرق میں ایک علاقہ۔

بَاْجَبَّاْرَہْ : موصل سے جانبِ مشرق ایک قریہ۔

بَاْجْ خُوْشْتْ : مَرْو سے دو میل دُور ایک قریہ۔

بَاْجَدَّاْ : راسِ عَین اور رَقّہ کے درمیان عراق میں ایک گاؤں۔

بَاْجَرَّاْ : جزیرۂ ابنِ عُمَر کا ایک قریہ۔

بَاْجَرْمَاْ : رَقّہ کے قریب ایک موضع۔

بَاْجَرْمَقْ : بغداد اور اِربِل کے درمیان ایک علاقہ۔

بَاْجَرْوَاْنْ : جزیرۂ ابنِ عُمَر میں دیارِ مُضَر کا ایک قریہ۔

بَاْجِسْرَاْ : حُلوان اور بغداد کے مابین ایک قصبہ۔

بَاْجُمَیْرَاْ : تکریت (عراق) کے قریب ایک موضع۔

بَاْجُنَیْسْ : اِرمینیہ کا ایک شہر۔

بَاْجَوَّاْ : بابل میں ایک موضع۔

بَاْجَہْ : اس نام کے کئی شہر ہیں :۔
ایک باجۃ القمح اِفریقیہ میں۔
دوسرا باجۃ الزّیت علاقۂ صفہ (افریقیہ) میں ایک ساحلی شہر۔
تیسرا اُندلس میں۔

بَاْحَسِیْثَاْ : حلب میں ایک بڑا محلّہ۔

بَاْحَمْشَاْ : اوانا و حظیرہ (سوادِ بغداد) کے درمیان ایک گاؤں۔

بَاْخُدَیْدَاْ : موصل سے جانبِ مشرق نینوے کا ایک قصبہ۔

بَاْخَرْزْ : ہرات اور نیشاپور کے درمیان ایک ناحیہ جس میں دوسو کے قریب دیہات تھے۔

بَاْخَمْرَاْ : کُوفہ کے قریب جانبِ واسط ایک موضع۔

بَاْخَوْخَاْ : اِرمینیہ میں ایک قلعہ۔

بَاْخَہْ : مشرقی مصر کا ایک قریہ۔

بَاْدَاْمَاْ : حلب کا ایک نواحی قریہ۔

بَادَرَانْ : اِصفہان کی ایک بستی۔

بَادَرَایَا : باکسایا کے قریب نواحِ واسط میں ایک مقام۔

بَادِس : مراکش میں ذاب اور فاس کے قریب ایک ایک موضع۔

بَادَنْ : سمرقند یا بخارا کا ایک گاؤں۔

بَادُوْرَیَا : بغداد کے مغرب میں ایک موضع۔

بَادَوْلِیْ : نواحِ بغداد میں ایک مقام۔

بَادِیَہْ : عرب اور شام کے صحرا، نیز یمامہ کی ایک بستی۔

بَاذْ : اِصفہان یا جُزباذقان کا ایک گاؤں۔

بَاذَانْ فَیْرُوْز : اَرْدبیل کا ایک نام۔

بَاذْبِیْنْ : واسط کے قریب لبِ دجلہ ایک گاؤں۔

بَاذْخِیْش : ایک علاقہ جو ہرات و مَرْو کے چند دیہات پر مشتمل ہے۔

بَاذَنْ : سوادِ سَرَخس میں خابراں کی ایک بستی۔

بَاذَنْجَانِیَہْ : مصر میں سوادِ قوسنیا کا ایک گاؤں۔

بَاذَوَرْدْ : بصرہ اور واسط کے درمیان ایک شہر۔

بَارْ : نیشاپور کی ایک بستی۔

بَارَابْ : ماوراءُ النّہر میں ایک وسیع علاقہ جسے عموماً فاراب کہتے ہیں۔

بَارَانْ : مَرْو کی ایک بستی۔

بَارْجَاخْ : سوادِ شاش میں ایک ٹیلہ۔

بَارْجَانْ : سوادِ اصفہان کی ایک بستی۔

بَارْدِیْزَہْ : بخارا کا ایک گاؤں۔

بَارِشْکَثْ : سوادِ شاش کی ایک بستی۔

بَارِقْ : عراق میں ایک چشمہ یا نالہ جو بصرہ اور قادسیہ میں حدِ فاصل ہے۔ نیز تہامہ یا یمن میں ایک پہاڑ یا موضع۔ سراۃ میں ایک پانی۔

بَارْکَثْ : اُشرُوسنہ (ترکستان) کی ایک بستی۔

بَارِمَا : موصل کے مشرق میں ایک گاؤں، نیز تکریت اور موصل کے مابین ایک پہاڑ۔

بَارْنَابَاذْ : مَرْو کا ایک محلّہ۔

بَارَنْبَارْ : دِمیاط (مصر) کے قریب ایک قصبہ۔

بَارِنْجَانْ : بحرین کا ایک شہر نیز سنجار کے قریب ایک بستی۔

بَارَوَا : حلب کا سُریانی نام۔

بَارُوْذْ : رَملہ کے پاس فلسطین کا ایک گاؤں۔

بَارُوْسْ : نیشاپور کی ایک بستی۔

بَارُوْسَمَا : سوادِ بغداد میں دو علاقے :

۱ : باروسمائے اعلیٰ

۲ : اسفل

بَارُوْشَہْ : سرقسط (اُندلس) کے مغرب میں ایک شہر۔

بَارَہْ : سوادِ حلب میں ایک علاقہ و قصبہ، نیز اُندلس کا ایک صوبہ۔

بَارِیْ : سوادِ بغداد میں ایک گاؤں۔

بَارِیْنْ : حماۃ و حلب کے مابین ایک شہر۔

بَازْ : مَرْو سے چھ میل دور ایک گاؤں۔

بَازَبْدَا : کوہِ جُودی کے قریب جزیرۂ ابنِ عُمَر میں ایک علاقہ اور گاؤں۔

بَازَفْتْ : اِصفہان کا ایک گاؤں۔

بَازَکَلْ : بصرہ کے جنوب میں ایک ساحلی شہر۔

بَازْکَنْدْ : کاشغر اور خُتن (چینی ترکستان، شمالِ کشمیر) کے درمیان ایک قصبہ۔

بَاْزُوْغَیٰ : سوادِ بغداد میں مزرفہ کے پاس ایک بستی۔
بَاْزَہْ : سوڈان میں ایک شہر۔
بَاْسِنْیَاْن : بلخ کی ایک بستی۔
بَاْسِرَہْ : نجد میں بنو ابی بکر بن کلاب کا ایک پانی۔
بَاْسَلَاْمَہْ : بغداد کی ایک بستی۔
بَاْسُوْرِیْنْ : سوادِ موصل میں دجلہ سے مشرق کی طرف ایک علاقہ۔
بَاْسِیَاْن : خوزستان کا ایک گاؤں۔
بَاْسِیْن : اِرمینیہ میں دو علاقے۔
بَاْشَاْن : ہرات کی ایک بستی۔
بَاْشْتَاْن : اِسفرائین میں ایک موضع۔
بَاْشَزِیٰ : جزیرۂ ابنِ عُمر اور نصیبین کے مابین ایک قصبہ۔
بَاْشُہْمَنَاْیَاْ : سوادِ نینویٰ میں ایک گاؤں۔
بَاْشُو : تونس میں قیروان سے ایک منزل دُور ایک شہر۔
بَاْشِیْنَاْن : سوادِ ہرات کی ایک بستی۔
بَاْصِرْ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔
بَاْصُفْرَاْ : موصل کے مشرق میں ایک گاؤں۔
بَاْصَلُوْخَاْن : مدائنِ کسرےٰ (عراق) اور نعمانیہ (بغداد و واسط کے مابین) کے درمیان ایک قدیم شہر۔
بَاْضَعْ : بحرِ یمن کا ایک جزیرہ۔
بَاْطِرْقَاْن : اصفہان کی ایک بستی۔
بَاْطُرُنْجِیْ : نواحِ بغداد کا ایک گاؤں۔
بَاْعَذْرَاْ : موصل کی ایک بستی۔
بَاْعَزْبَاْیَاْ : حلب کا ایک قصبہ۔
بَاْعَشِیْقَاْ : نینویٰ میں دجلہ سے جانبِ مشرق ایک گاؤں۔
بَاْعَقُوْبَاْ : نہروانِ اعلیٰ میں ایک بستی۔
بَاْعَیْنَاْثَاْ : جزیرۂ ابنِ عُمر کے شمال میں ایک شہر۔
بَاْغْ : مَرْو کے پاس ایک بستی۔
بَاْغَاْیَہْ : مَراکش میں مجانہ اور قسنطینہ کے درمیان ایک شہر۔
بَاْغَشْ : جرجان کی ایک بستی۔
بَاْغَکْ : نیشاپور کا ایک موضع۔
بَاْغَنَاْبَاْذ : مَرْو کا ایک قریہ۔
بَاْغَنْذْ : واسط کا ایک قریہ۔
بَاْغُوْن : نواحِ ہرات کا ایک قصبہ۔
بَاْف : خوارزم کی ایک بستی۔
بَاْفَخَّاْرَاْ : نینویٰ کا ایک گاؤں۔
بَاْفَدْ : کرمان کا ایک قصبہ۔
بَاْفَکَّیٰ : نینویٰ (شرقِ موصل) کا ایک قریہ۔
بَاْقِدَاْرَاْ : بغداد سے چالیس میل دُور اوانا کا ایک گاؤں۔
بَاْقَدْرَاْ : یہ بھی بغداد کا ایک قریہ ہے۔ غالباً باقدارا کی تحریف۔
بَاْقَرْحَاْ : نہروان کی جانب سوادِ بغداد میں ایک گاؤں۔
بَاْقِرَہْ : یمامہ کا ایک گاؤں۔
بَاْقَطَاْیَاْ : بغداد سے تین فرسخ پر قطرِ بُّل کی ایک بستی۔
بَاْکُسَاْیَاْ : بغداد اور واسط کے درمیان بَنْدَنِیجین کے پاس ایک قصبہ۔
بَاْکُلْبَاْ : اِربل کی ایک نواحی بستی۔
بَاْکُوْیَہْ : نواحِ شیروان میں ایک شہر جسے

آجکل باکو کہتے ہیں۔

بَالَا : مَرْو کی ایک بستی۔

بَالِدِیَّة : یمامہ میں بنو عُبَر کا ایک نخلستان۔

بَالِس : رَقّہ و حلب کے مابین ایک قصبہ۔

بَالِعَة : سوادِ دمشق میں بلقار کی ایک بستی۔

بَالْقَان : نواحِ مَرْو میں ایک گاؤں۔

بَالَک : ہرات کے قریب ایک بستی۔

بَالُو : اَرْزَنُ الرُّوْم اور خلاط کے درمیان ایک قلعہ۔

بَالْوَان : نواحِ دینور میں ایک بستی۔

بَالُوجُوزَجَان : ہرات کی جانب سَرَخس کی ایک بستی۔

بَالُوْز : نسا سے تین فرسخ پر ایک گاؤں۔

بَالَہ : حجاز میں حرم کے پاس ایک موضع۔

بَامَاوَرْد : فارس میں ایک علاقہ۔

بَامَرْدَی : رَقّہ و حرّان کے مابین ایک گاؤں۔

بَامَرْدَنِی : موصل کے مشرق میں ایک بستی۔

بَامِهْر : رَے کے شمال میں طبرستان کی طرف ایک قریہ۔

بَامِیَان : بلخ، ہرات اور غزنی کے درمیان ایک شہر و ناحیہ۔

بَامَیِیْن : سوادِ ہرات میں بادغیس کا ایک قصبہ۔

بَان : کوفہ و اقاعیہ کے درمیان ایک پہاڑ، نیز نجد میں ایک پہاڑ اور پانی۔

بَانَاس : دمشق کا ایک دریا۔

بَانَب : بخارا کی ایک بستی۔

بَانِ نُورَا : عراق میں حِیرَہ کا ایک علاقہ۔

بَانَقُوسَا : حلب کے شمال میں ایک پہاڑ۔

بَانِقیَا : کوفہ کا ایک ناحیہ۔

بَانَک : رَے کی ایک بستی۔

بَانُوب : مصر میں اس نام کے تین دیہات ہیں۔

بَاوِجَان : اِصفہان کے قریب ایک گاؤں۔

بَاوَر : یمن کا ایک موضع۔

بَاوَرْد : اَبِیْوَرْد جو خراسان میں سَرَخس و نسا کے درمیان ایک شہر ہے۔

بَاوَشْنَایَا : موصل کا ایک گاؤں۔

بَاوَل : طبرستان میں ایک دریا۔

بَایَات : صنعاء کا ایک قلعہ۔

بَایَان : نسف کا ایک محلّہ۔

بَبَا : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک شہر۔

بَتُّر : نہرِ عیسیٰ پر ایک قصبہ۔

بَبْشَلی : مصر میں سیوط کا ایک قصبہ۔

بَبَق : کرمان کا ایک شہر۔

بَبْنَہ : ہرات کے قریب بادغیس کی ایک بستی۔

بَبَّہ : مکّہ میں ایک عمارت۔

بَبِیْج : مصر کے مختلف اضلاع میں سات گاؤں۔

بَتّ : سوادِ بغداد میں راذان کے پاس ایک بستی۔

بَتَّا : سوادِ نہروان میں ایک گاؤں۔

بَتَّان : نواحِ حرّان میں ایک موضع یا بستی۔

بُتَان : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

بُت خَذَان : نسف کی ایک بستی۔

بُتْر : زبالہ کے قریب یا بلادِ عمرو بن کلاب (نجد) میں ایک پہاڑ اور اندلس میں ایک موضع۔

بَتْرَاء : مدینہ و تبوک کی راہ پر ایک موضع۔

بُتْرَان : بلادِ بنو عامر میں ایک موضع۔

بِثْرِیْثْ : سوادِ مرسیہ (اَنْدلُس) میں ایک قلعہ۔
بُثْساَ پُوْرْ : سوادِ واسط میں ایک خطّہ۔
بَتْعَۃْ : طائف کے قریب ایک موضع۔
بُتَّمْ : فرغانہ میں ایک قلعہ نیز ایک پہاڑ۔
بَتِہْاَرْ : بغداد کی ایک بستی۔
بُتَیْنْ : نواحِ سمرقند میں ایک گاؤں۔
بَتِیْلْ : نجد میں ایک پہاڑ۔ یا دَرْنج کے بالمقابل بنو ذبیان کی ایک وادی۔ یا یمامہ میں ایک پہاڑی۔
بَتِیْلَۃْ : بَطْنُ الستر (نجد اور ہجر، نزدِ بحرین کے درمیان) میں بنو عمرو بن ربیعہ کا ایک ذخیرۂ آب یا بتیل کے پاس ایک کنواں۔
بُتَیْتُوْ : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔
بَثَاءُ : دیارِ بنو سعد میں ایک پانی یا دیارِ بنی سُلَیم کا ایک موضع۔
بَثْرُوْنْ : بحرِ شام کے ساحل پر ایک قلعہ۔
بَثْنُوْنْ : غربی مصر کا ایک قصبہ۔
بَثْنَۃْ : نواحِ دمشق کا ایک ناحیہ۔ جسے بُثَیْنَۃ بھی کہتے ہیں۔
بُثَیْنَۃْ : بحرین اور بصرہ کے درمیان ایک پہاڑی۔
بِجَادَۃْ : نجد میں ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔
بَجَّانْ : فارس و اصفہان کے درمیان ایک موضع۔
بَجَاوَۃْ : نوبہ میں ایک علاقہ۔
بِجَایَۃْ : الجزائر کا ایک ساحلی شہر۔ جو کبھی بنو حماد کا پایۂ تخت بھی رہا۔ اس خاندان کے نو سلاطین نے ۳۹۸ھ سے ۵۴۷ھ تک حکومت کی تھی۔
بُجَّ حَوْرَانْ : سوادِ دمشق میں ایک قریہ۔
بُجْدَانْ : مدینہ اور مکہ کی راہ پر ایک پہاڑ۔

بَجَرَاتْ : وادیٔ عقیق (مدینہ) کے ایک پہاڑ شوران میں چند چشمے۔
بِجِسْتَانْ : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔
بَجْسَۃْ : یمامہ کا ایک موضع۔
بَجْمَزَیْ : خراسان کی جانب ایک گاؤں۔
بَجْوَارْ : مَرْو کا ایک محلّہ۔
بُجُوْمْ : مصر کا ایک علاقہ نیز شہر۔
بَجَّۃْ : فارس و اصفہان کے مابین ایک شہر۔
بِحَارْ : دیارِ سُلَیم میں دو پہاڑ یا بنو غنی کا ایک پانی، یا عمرو بن کلاب کی ایک ندی جو تسریر میں گرتی ہے۔
بَحْثْ : بصرہ و کوفہ کے درمیان ایک وادی۔
بُحْتُرْ : طے کے ایک پہاڑ اجاء کے وسط میں ایک باغ۔
بُحْتُرْ : یمن کا ایک شہر۔
بَحْرَانْ : سوادِ فُرُع (مکہ و مدینہ کے درمیان ایک بستی) میں ایک موضع۔
بَحْرِ بُنْطُسْ : بحیرۂ اسود۔
بَحْرِ تُوْرِلِیْثَۃْ : قطبِ شمالی کے پاس آرکٹک بحر۔
بَحْرِ خَزَرْ : ایران کے شمال میں ترکستان کا ایک بحیرہ۔
بَحْرِ رُوْمْ : یورپ اور افریقہ کا درمیانی سمندر جو جبرالٹر سے فلسطین تک پھیلا ہوا ہے۔
بَحْرُ الزَّنْجْ : افریقہ کے جنوب اور جنوب مشرق میں سمندر کا حصہ۔
بَحْرِ فَارِسْ : ایران کے جنوب میں بصرے سے بلوچستان تک کا سمندر۔
بَحْرِ قُلْزُمْ : عرب اور افریقہ کا درمیانی سمندر۔

بَحْرُ الْکَاهِلْ : وُہ سمندر جو چین اور جاپان کے جنوب میں ہے۔

بَحْرُ الْمُحِیْط : بحر اوقیانوس۔

بَحْرُ الْمَغْرِبْ : سمندر کا وہ حصّہ جو ساحلِ شام سے قسطنطنیہ تک پھیلا ہُوا ہے۔ درّۂ دانیال اور مارمورا اسی کا حصّہ ہیں۔

بَحْرُ الْهِنْدْ : وُہ سمندر جو ہندوستان کے جنوب میں ہے۔

بَحْرَۃْ : طائف کے پاس ایک موضع، جہاں سے حضورؐ غزوۂ حنین کے بعد گزرے تھے۔

بَحْرَیْنْ : خلیج فارس کے مغربی ساحل پر ایک چھوٹی سی ریاست۔ جس کا رقبہ اندازاً اڑھائی سو مربع میل اور آبادی (۱۹۶۲ء میں) دو لاکھ کے قریب تھی۔

بَحْطِیْط : مصر کا وُہ گاؤں، جہاں یہود نے حضرت مُوسیٰ علیہ السلام کے کہنے پر بادلِ ناخواستہ ایک گائے ذبح کی تھی۔

بَحِیْرْ : تہامہ میں ایک پہاڑ اور ینبع کی ایک وادی میں ایک چشمہ۔

بَحِیْرْآبَاذْ : نواحِ مَرْو کی ایک بستی۔

بُحَیْرْآبَاذْ : سوادِ جُوَیْن (نیشا پور) میں ایک گاؤں۔

بُحَیْرَۃْ : خشکی میں کوئی بہت بڑی جھیل۔ ساحل کے قریب سمندر کا کوئی حصّہ، اور چھوٹا سمندر۔ مثلاً :-

بُحَیْرَۃُ اَرْجِیْش : مشرقی ترکی میں بطلیس سے چند میل مشرق کی طرف ایک بُحیرہ۔ جس کا نام نئے نقشوں میں وان جی (VAN - G) درج ہے اور اس کے مشرقی ساحل پہ اَرْجِیش (ARCIS) نام کا ایک شہر آج بھی موجود ہے۔

بُحَیْرَۃُ اَرْمِیَۃْ : اِرمینیہ میں ایک بُحیرہ۔ جس کا موجُودہ نام OZ-SEVAN ہے۔

بُحَیْرَۃُ اَزْیَغْ : سمندر کا وہ حصّہ جو ساحلِ بُرآگش کے سامنے ہے۔

بُحَیْرَۃُ اِسْکَنْدَرِیَۃْ : اسکندریہ کے سامنے سمندر کا حصّہ۔

بُحَیْرَۃُ اَنْطَاکِیَۃْ : انطاکیہ کے شمال میں ایک بُحیرہ جسے آجکل AMIK GOLU کہتے ہیں۔

بُحَیْرَۃُ حَدَثْ : حَدَث ایک قلعہ کا نام تھا، جو اِس بُحیرہ کے قریب واقع تھا۔ یہ بُحیرہ قیساریہ (اناطولیہ) کے شمال میں ہے۔ اس کا موجودہ نام TUZ GOLU ہے۔

بُحَیْرَۃُ خَوَارِزْمْ : ترکستان میں خِیوہ کے پاس ایک بُحیرہ جسے آجکل AREL-SEA کہتے ہیں۔

بُحَیْرَۃُ زَرَۃْ : سیستان کے شمال اور جُوَین کے جنوب میں ایک بُحیرہ جس کا موجُودہ نام دریاچۂ سیستان ہے۔

بُحَیْرَۃُ طَبَرِیَّۃْ : حَیفہ (فلسطین) کے مشرق میں ایک بُحیرہ جسے بُحیرۂ گلیلی بھی کہتے ہیں۔

بُحَیْرَۃُ قَدَسْ : حِمص کے قریب ایک بُحیرہ۔

بُحَیْرَۃُ مَرْجْ : دِمشق کے قریب ایک بُحیرہ۔ (ان دو بُحیروں، قدس اور مَرج کا ذکر آج کے کسی نقشے میں موجُود نہیں)۔

بُحَیْرَۃُ مُنْتِنَۃ : فلسطین میں یروشلم کے قریب ایک بُحیرہ جسے آج کل بُحَیْرَۃُ مُردار (DEAD-SEA) کہتے ہیں۔

بُحَیْرَۃُ یَغْرَا : بُحیرۂ انطاکیہ کا ایک نام۔

بُحَیْرَۃ : یمامہ میں ایک موضع۔

بُخَارَا : دریائے جیحوں کے مشرق میں ترکستان کا ایک مشہور شہر۔

بُخَارِیَّۃ : بصرہ کا ایک محلہ۔

بَخْرَاء : حجاز میں قُلَیْعَۃ کے قریب ایک جوہڑ۔

بَدَا : اَیلہ کے قریب ساحل پر یا وادی القُریٰ اور بلادِ عُذرہ میں ایک وادی۔

بَدَاکِر : بخارا کی ایک بستی۔

بَدْبَد : دیارِ غطفان کے پاس، ابانِ سفید کے پاس ایک پانی۔

بَدَخْشَان : افغانستان کے شمال مشرق میں ایک اہم شہر جس سے کبھی لعل نکلتے تھے۔

بُدَخْکَث : ترکستان میں اسفیجاب یا شاش کے قریب ایک بستی۔

بَدْر : مدینہ سے اندازاً اسّی میل مکہ کی طرف ایک مشہور مقام، جہاں دوسرے سال ہجرت کے رمضان میں حضورؐ اور کفارِ مکہ کے درمیان پہلا تصادم ہوا تھا۔ یہ بَدْر بن یَخْلَدْ بن النَّضر بن کِنانہ کی طرف منسوب ہے۔

بَدَّن : یمن کا ایک گاؤں۔

بَدْلِیس : ارمینیہ میں خلاط کے قریب ایک شہر۔

بَدْوَتَان : بنو ربیعہ بن عقیل کی دو پہاڑیاں۔

بَدْوَۃ : نجد میں بنو عجلان کا ایک پہاڑ۔

بَدِیّ : نجد میں بنو عامر کی ایک وادی اور ہجر (بحرین) میں زرائب اور حوضیٰ کے درمیان ایک گاؤں۔

بَذَیَانَا : نسف کی ایک بستی۔

بَدِیْع : سُرَّ مَنْ رَأیٰ میں خلیفہ متوکل کا ایک محل۔ یا وادی القُریٰ کے نزدیک ایک چشمہ۔

بَدِیْعَۃ : شام کے ایک پہاڑ حِسْمیٰ میں ایک چشمہ۔

بَدِیَّۃ : حلب سے دو منزل دُور پانی کا ایک ذخیرہ۔

بَذّ : ارّان (ارمینیہ) اور آذربیجان کے درمیان ایک علاقہ۔

بَذَان : اَہواز میں ایک علاقہ۔

بَذَّر : مکہ میں بنو عبد الدار کا ایک کنواں۔

بَذْرَمَان : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک قصبہ۔

بَذَش : بسطام کے قریب ایک گاؤں۔

بَذْقُون : مصر میں ایک علاقہ۔

بَذَنْدُون : طرسوس (شام) سے ایک دن کی مسافت پر ایک گاؤں۔

بَذِیخُون : بخارا کی ایک بستی۔

بَذِیش : مرو کی ایک بستی۔

بَرَابِی : مصر کی قدیم عبادت گاہیں یا سحر گاہیں جن میں سے کچھ اب بھی باقی ہیں۔

بَرَاثَا : بغداد کا ایک محلہ۔

بَرَازجَان : مرو کا ایک محلہ۔

بَرَازُ الرُّوز : فرات اور دجلہ کے دوآبہ میں ایک مقام۔ جہاں خلیفہ معتضد کے محل تھے۔

بِرَاش : یمن میں ایک قلعہ۔

بَرَاْعِیْمْ : ابانِ سیاہ کے قریب چند پہاڑیاں۔

بُرَاْقْ : حلب کی ایک بستی۔

بِرَاْقْ : نجد میں ایک موضع۔

بَرَّاْقْ : فَید کے قریب حاجر و سمیراء کے درمیان ایک پہاڑ۔

بِرَاْقُ جَبَاْ بِرَاْقْ : جزیرہ اور شام میں ایک ایک موضع۔

بِرَاْقُ ثَجْرْ : وادی القریٰ کے قریب ایک جگہ۔

بِرَاْقُ خَبْتْ : مکہ و مدینہ کے درمیان صحرائے خبت یا نجد میں ایک مقام۔

بَرَاْقِشْ : یمن میں ایک قلعہ۔

بَرَاْقَہْ : یمامہ کا ایک گاؤں۔

بَرَاْکَدْ : بخارا کا ایک گاؤں۔

بَرَاْمْ : بلادِ بنو سُلَیم میں ایک پہاڑ۔

بَرَاْمِکَہْ : بغداد کا ایک محلہ جس میں برمکی وُزراء یعنی یحییٰ، فضل اور جعفر رہتے تھے۔

بَرَاْنْ : اِصفہان کے قریب ایک بستی۔

بَرَّاْنْ : قریۂ بخارا۔

بُرَاْهِقْ : نجد میں ایک پہاڑ۔

بَرَاْوِسْتَاْنْ : قم (تہران اور اِصفہان کے درمیان) کا ایک گاؤں۔

بَرَاْهَاْنْ : نواحِ ہمدان میں ایک قلعہ۔

بَرْبَاْطْ : اندلس میں سوادِ شذونہ کی ایک بستی۔

بَرْبَرْ : یہ اُن متعدد قبائل کا نام ہے۔ جو لیبیا سے مراکش تک پھیلے ہوئے تھے۔ ان کے مختلف نام ہیں۔ مثلاً :- ہوارہ، ضریسہ، مغیلہ، مشہاجہ، بکناسہ وغیرہ۔ یہ لوگ جس جگہ بھی آباد ہوئے وہ جگہ قبیلہ کے نام سے مشہور ہوگئی۔ ایک خیال یہ ہے کہ یہ شہروں کے نام تھے۔ جو قبیلہ جس شہر میں جا بسا، اُسی کے نام سے مشہور ہوگیا۔ ان کا ابتدائی وطن فلسطین تھا۔ وہاں جب طالوت نے جالوت کو شکست دی تو یہ قبائل بھاگ کر ان پہاڑوں میں آگئے۔

بَرْبَرَہْ : حبشہ اور ساحلِ یمن کا درمیانی علاقہ۔

بَرْبِشْمَاْ : غربی سواد میں ایک خطہ۔

بَرْبَعِیْصْ : سوادِ حلب میں ایک گاؤں۔

بَرْتْ : سوادِ بغداد میں ایک گاؤں۔

بَرْثَاْنْ : یمامہ۔ دیارِ سُلیم اور نجد میں دو دو پہاڑیاں۔

بَرْثَاْنْ : مدینہ و بدر کے درمیان ایک وادی، جہاں حضورؐ نے سفرِ بدر میں قیام کیا تھا۔

بُرْثُمْ : اِضبغ اور ابلیٰ کے درمیان ایک پہاڑ۔

بَرْثَہْ : نواحِ کوفہ میں ایک موضع۔

بُرْجْ : اِصفہان کی ایک بستی یا علاقہ یا ایک اِیغار۔

بَرَجْ : مدینہ میں بنو نضیر کا ایک ٹیلہ۔

بُرْجَاْنْ : بحیرۂ خزر کا ایک ساحلی قصبہ۔

بُرْجُدْ : یمامہ و بحرین کا راستہ۔

بُرْجُ الرَّصَاْصْ : انطاکیہ کے قریب ایک قلعہ۔

بُرْجُلَاْنْ : واسط کے قریب ایک گاؤں۔

بَرْجَمَہْ : روم میں ایک قلعہ۔

بُرْجُمِیْنْ : سوادِ بلخ میں ایک گاؤں۔

بَرْجُوْنِیَہْ : مشرقی واسط میں ایک بستی۔

بَرْخُوْ : اوزان (ارمینیہ) کا ایک قلعہ۔

بَرْخُوَاْرْ : سوادِ اصفہان میں ایک علاقہ۔

بَرْخُوْشَاْنْ : ترکستان کی ایک بستی۔

بُرْدْ : دبنار میں ایک موضع۔
بَرْدْ : تیماء کے قریب ایک پہاڑ اور بنو سُلیم کا ایک پانی
بَرْدَاْ : حجاز میں ایک پہاڑ۔ حلب میں ایک گاؤں اور طرسُوس کے پاس ایک دریا۔
بَرْدَاْذْ : سمرقند سے تین میل پہ ایک گاؤں۔
بَرْدَاْنْ : شام میں کئی ندیاں۔ مکہ کے قریب وادئ نخلہ میں ایک پہاڑ۔ نجد میں بنو عُقَیل بن عامر کا ایک پانی۔ حجاز میں بنو نصر بن معاویہ کا ایک چشمہ، سماوہ میں ایک کنواں۔ بغداد کی ایک بستی۔ کوفہ میں ایک مقام۔ طرسُوس اور مرعش کے قریب ایک ایک دریا اور یمامہ میں ایک موضع۔
بُرْدَاْنْ : نجد میں دو تالاب۔
بَرْدَرَاْيَاْ : نہروان کا ایک موضع۔
بُرْدَسِيْرْ : کرمان و خراسان کے مابین ایک قصبہ۔
بَرْدَنِيْسْ : مصرِ صعید میں اَبُوتِیط کا ایک علاقہ۔
بَرْدُوْنْ : یمن میں ذِمار کی ایک بستی۔
بَرَدَيَاْ : دمشق کا ایک دریا۔
بَرْدِيْجْ : آذربیجان کا ایک شہر
بَرْدِيْسْ : نیل کے غربی کنارے پہ مصرِ صعید کی ایک بستی۔
بَرْذَاْوَرْ : ہمدان میں ایک موضع۔
بَرْذَعَةْ : آذربیجان کا ایک قصبہ۔
بَرْذُوْنْ : خوزستان کا ایک گاؤں۔
بُرْزْ : نواحِ مَرْو میں ایک گاؤں۔
بُرْزَاْبَاْزَاْنْ : اصفہان کا ایک قریہ۔
بُرْزَاْطْ : سوادِ بغداد میں ایک گاؤں۔
بَرْزَبِيْنْ : بغداد سے پانچ فرسخ دور ایک گاؤں۔
بَرْزَمَاْنْ : نواحِ حلب میں ایک قلعہ۔
بُرْزَمَهْرَاْنْ : جزیرۂ ابن عمر (عراق) کے قریب ایک شہر۔
بَرْزَنْ : قریۂ مَرْو۔
بَرْزَنْجْ : سوادِ آران کا ایک شہر۔
بَرْزَنْدْ : اِرمینیہ میں تفلیس کے قریب ایک قصبہ۔
بَرْزَةْ : نیشاپور کے قریب سوادِ بیہق کا ایک گاؤں، نیز قریۂ نزدِ دمشق۔
بُرْزَةْ : سوادِ بغداد اور نواحِ واسط میں ایک ایک گاؤں۔
بُرْزُوْيَةْ : ساحلِ شام پہ ایک قلعہ۔
بُرْسْ : ارضِ بابل میں ایک موضع۔
بُرْسَاْنْ : سمرقند کی ایک بستی۔
بُرْسَاْنْ جِرْدْ : مَرْو کے قریب ایک گاؤں۔
بَرْسَخُوْرْ : نواحِ رُہا کی ایک بستی۔
بَرْسُخَاْنْ : بخارا کی ایک بستی۔
بُرْسُفْ : بغداد اور خراسان کی راہ پر ایک گاؤں۔
بَرْسِيْمْ : مصر میں ایک کوچہ۔
بَرْشَاْعَةْ : یمامہ و دہنا کے درمیان ایک پانی۔
بَرْشَاْنَةْ : اندلس میں اشبیلیہ کی ایک بستی۔
بَرْشَلْيَاْنَةْ : اندلس میں قلعہ کی ایک بستی۔
بَرْشَلِيَةْ : سواد آران (اِرمینیہ) میں ایک موضع۔
بَرْشَهْرْ : نیشاپور کا ایک نام۔
بُرْطَاْسْ : ترکستان میں ایک شہر نیز علاقہ۔
بَرْطَلَّاْ : نینوے میں دجلہ کے شرقی کنارے پر ایک قصبہ۔

بَرْطُوبَہ : فرات کے کنارے رقہ کے سامنے ایک بستی۔

بُرَع : زبید کے قریب ایک پہاڑ۔

بَرْع : یمن کا ایک قلعہ۔

بَرْعَہ : طائف کے قریب ایک آبادی۔

بُرْغَز : بلادِ خوارزم کے قریب ترکوں کا ایک شہر۔

بَرْغُوث : عموریہ کے قریب ترکی کا ایک شہر۔

بَرْفَشْخ : بخارا کی ایک بستی۔

بَرْق : خیبر کے قریب ایک بستی۔

بَرْقَاء : صحرائے عرب نیز صعید میں نیل کے مشرقی کنارے پر ایک شہر۔ کچھ اور مقامات بھی برقاء کہلاتے ہیں۔ مثلاً :- برقاء اعازق ، برقاء جندب ، برقاء قرند وغیرہ۔

بَرْقَان : جیحون کے مشرقی کنارے پر ایک گاؤں۔

بُرْقَان : بحرین میں ایک موضع۔

بُرْقَانِیَہ : نجد میں ایک چشمہ یا کنواں۔

بُرْقُعَہ : بنو نمیر کا ایک پانی۔

بَرْقَعِید : موصل سے مغرب کی طرف ایک قصبہ۔

بَرْقَہ : اسکندریہ کے مغرب میں لیبیا کے اوائل میں ایک وسیع علاقہ۔ نیز سوادِ قم میں ایک پہاڑی بستی۔

بُرْقَۃُ حَوْز : واسط کے پاس ایک گاؤں۔

بُرْقَہ : لفظی معنی : ریتلی اور کنکریلی زمین۔ مراد :- یمامہ کی ایک بستی اور مدینے میں ایک کھیت۔

بُرْقَۃُ اَرْوَیٰ : بلادِ تمیم میں ایک پہاڑ۔

بُرْقَۃُ بَارِق : کوفہ کے قریب نیز حجاز میں بنو ازد کا ایک پہاڑ۔

بُرْقَۃُ الثَّوْر : عمان کی طرف ایک پہاڑ۔

بُرْقَۃُ تَهْمَد : بنو دارم کا ایک ٹیلہ۔

بُرْقَۃُ الحِسَاء : دیارِ ابو بکر بن کلاب میں ایک ٹیلہ۔

بُرْقَۃُ خَو : ایضاً

بُرْقَۃُ رَوَاوَۃ : جہینہ کا ایک پہاڑ۔

بُرْقَۃُ الرَّوْحَان : یمامہ میں ایک پتھریلہ خطہ۔

بُرْقَۃُ ضَاحِك : ایضاً

بُرْقَۃُ عَنَاب : مکہ کے قریب ایک پہاڑ۔

بُرْقَۃُ عَيْهَم : یمامہ میں ایک خطہ۔

بُرْقَۃُ عَضْوَر : بلادِ فزارہ میں ایک پہاڑ۔

بُرْقَۃُ لَفْلَف : حجاز و شام کے درمیان ایک موضع۔

بُرْقَۃُ مُنْشِد : تمیم اور اسد کا ایک پانی۔

بُرْقَۃُ النَّجْد : نواحِ یمامہ میں ایک موضع۔

بُرْقَۃُ نُعْمِی : تہامہ میں ایک وادی۔

بُرْقَۃُ الوَدّاء : ایک وادی جس کے مالک بنو عدویہ اور بنو کلیب تھے۔

بُرْقَۃُ اليَمَامَۃ : یمامہ میں ایک موضع۔

بَرْك : یمن میں ایک علاقہ۔ نجد میں بنو عقیل کا ایک پانی۔ مدینہ کے پاس ایک وادی۔ یمامہ میں بنو قشیر کی ایک ندی۔

بُرَك : بصرہ میں ایک محلہ۔

بَرْكُوث : مصر کا ایک گاؤں۔

بِرْكَۃُ اُمِّ جَعْفَر : عذیب و مغیثہ کے

درمیان ایک تالاب۔

بِرْکَۃُ الْحَبَش : مصر میں نیل کے کنارے اور قرافہ کے پاس ایک سیرگاہ اور کھیت۔

بِرْکَۃُ الْخَیْزُرَانْ : فلسطین میں رملہ کے قریب ایک موضع۔

بِرْکَۃُ زُلْزُلْ : بغداد کا ایک محلّہ۔

بَرَلُّسْ : اسکندریہ کے قریب لبِ نیل ایک قصبہ۔

بُرْمْ : نُعمان کے پاس ایک پہاڑ۔

بُرَمْ : سمرقند کا ایک گاؤں۔

بَرْمَاقَانْ : مَروِ شاہ جہان کا ایک گاؤں۔

بُرْمُشْ : اسفرائین کے پاس ایک بستی۔

بَرْمَکِیَّۃْ : بغداد میں ایک محلّہ۔

بَرْمَلاحَۃْ : بابل میں حِلّہ کے پاس ایک موضع۔

بِرْمَۃْ : بلادِ سُلَیم میں ایک موضع۔ نیز فُسطاط و اسکندریہ کے درمیان ایک قریہ۔

بَرَنْدَقْ : اذربیجان کی ایک بستی۔

بُرْنُوذْ : نواحِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔

بَرْنُوۃْ : ایضاً

بَرْنِیقْ : اسکندریہ اور بَرْقَہ کے درمیان ایک شہر۔

بَرْنِیلْ : شرقی مصر کا ایک علاقہ۔

بَرُوجِرْدْ : ہمدان اور کَرَج کے درمیان ایک قصبہ۔

بَرُوذْ : جُہَینہ کے پہاڑ اور مَلَل کے درمیان حَرَّۃُ لَیلیٰ اور حَرَّۃُ النار کی جانب، نیز جُحفَہ و وَدّان کے درمیان رابغ کے قریب ایک ایک وادی۔

بَرْوَقَانْ : سوادِ بلخ میں ایک گاؤں۔

بَرُّوقَۃْ (بَرُّوقِیَۃْ) : کُوفہ کے پاس ایک علاقہ۔

بَرْوَنْجِرْدْ : نواحِ مَرْو کی ایک بستی۔

بَرُوقَتَانْ : کُوفہ کے پاس ایک موضع۔

بَرَوِیَۃْ : یمن میں ایک علاقہ۔

بَرَّۃْ : یمامہ میں دو گاؤں۔ زمزم کا ایک نام۔ اور وُہ مقام جہاں ہابیل کو قابیل نے قتل کیا تھا۔

بَرَہُوتْ : یمن میں ایک وادی یا حضرموت میں ایک کنواں۔

بَرِیثْ : دجلہ و فرات کے دوآبہ میں ایک موضع۔

بِرِیثْ : بصرہ میں ایک خطّہ۔

بَرِیثْ : سواد میں ایک موضع۔

بَرِیرَاءْ : بنو سُلَیم کا ایک پہاڑ۔

بَرِیشْ : یمن کا ایک قلعہ۔

بَرِیشُوْ : موصل اور اِربِل کے درمیان ایک دریا۔

بَرِیصْ : دمشق کے قریب ایک دریا۔

بُرَیقَۃْ : مصرِ صعید میں اُذرُنکہ کے پاس ایک گاؤں۔

بُرَیکْ : یمامہ میں ایک قصبہ نیز مکّہ اور عدان کی راہ پر ایک منزل۔

بَرِیمْ : نجد میں بنو عامر بن ربیعہ کا ایک موضع۔

بُرَیمْ : حجاز میں مکّہ کے پاس ایک وادی۔

بُرَیۃْ : بصرہ کے قریب دجلہ کے مشرق میں ایک دریا۔

بَزّ : عراق کا ایک گاؤں۔

بُزَاخَۃْ : نجد میں طے یا اسد کا ایک پانی۔

بُزَاز : سوادِ نیشاپور میں ایک بستی۔
بَزَّاز : بصرہ و مذار کے درمیان نہرِ میشان کے کنارے ایک قصبہ۔
بُزَاعَۃ : وادیٔ بُطنان میں سوادِ حلب کا ایک قصبہ۔
بَزَّاق : نواحِ واسط میں ایک موضع۔
بُزَان : اِصفہان کی ایک بستی۔
بَزْدَان : نواحِ سمرقند کی ایک بستی۔
بَزْدَہ : نَسَف (تُرکستان) سے چھ فرسخ پر ایک قلعہ۔
بُزْدِیْغَرَہ : نواحِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔
بُزُرْجِسَاپُوْر : بغداد کا ایک محلّہ۔
بُزْرَہ : مدینہ سے تین یوم کی مسافت پر ایک ناحیہ (علاقہ)۔
بُزْغَامَر : ماوراء النّہر میں نَسَف کا ایک قریہ۔
بَزْکُوَار : سُرّ من رأی میں متوکّل کا ایک محل۔
بُزْمَاقَان : مَرْو کے قریب ایک بستی۔
بُزْنَان : مَرْو کا ایک محلّہ یا بستی۔
بُزْنِیْرُوْذ : نواحِ ہمدان میں ایک علاقہ۔
بَزْوَاء : مکّہ سے مدینہ جاتے ہوئے تیسری منزل پر جُحفہ کے قریب ایک موضع۔
بُزُوْغیٰ : بغداد سے دو فرسخ پر ایک گاؤں۔
بَزَوْفَر : واسط کے قریب دجلہ کے غربی کنارے پہ ایک قصبہ۔
بُزَیٰ : نجد کی ایک ندی کے کنارے ایک پہاڑ۔
بُزْیَان : نواحِ ہرات میں ایک گاؤں۔

بَزِیْذَا : بغداد کے قریب ایک بستی۔
بَزِیْقِیَا : سوادِ کوفہ میں حِلّہ (نزدِ کربلا) کی ایک بستی۔
بُس : محارب بن خصفہ کی زمین میں ایک پہاڑ۔ یا غطفان کا ایک آبی ذخیرہ یا بنو جُشَم و بنو نصر کی آبادی میں ایک موضع۔ یا ذاتِ عِرق (اہلِ عراق کی میقات) کے قریب ایک پہاڑ۔
بَسَا (فَسَا) : فارس کا ایک شہر۔
بُسَا : غطفان کا ایک معبد، جو انھوں نے کعبہ کے مقابلہ میں بنایا تھا۔
بَسَاسَۃ : جاہلیت میں مکّہ کا ایک نام۔
بُسَاق : عرفات میں ایک پہاڑ۔ مدینہ اور جار کے درمیان ایک وادی اور اَیلہ و تیہہ کے درمیان ایک گھاٹی۔
بَسَاق : عراق کا ایک دریا جسے بُوَاق بھی کہتے ہیں۔
بَسَان : ہرات کا ایک محلّہ۔
بَسْبُط : سراۃ یا تہامہ کا ایک پہاڑ۔
بَسْبَۃ : نواحِ بخارا کا ایک گاؤں۔
بَسْت : ارضِ اِربل کی ایک وادی۔
بُسْت : سجستان و غزنی کے درمیان ایک قصبہ۔
بُسْتَانُ اِبْرَاهِیْم : بلادِ بنو اسد میں ایک باغ۔
بُسْتَانُ ابْنِ عَامِر : جُحفہ کے قریب ایک باغ۔ جسے بعض لوگ بُستانِ ابنِ مَعمر کہتے ہیں۔
بُسْتَانُ ابْنِ مَعْمَر : دراصل یہ بُستانِ ابنِ عامر سے جُداگانہ باغ ہے۔ اس کا دوسرا نام بطنِ نخلہ ہے۔ یہ مدینہ کے قریب ایک

گاؤں ہے۔

بَستینغ : نیشاپور کی ایک بستی۔

بُستر : سوادِ حوران میں ایک گاؤں۔

بسرَاط : دمیاط کے قریب ایک قصبہ۔

بَسرفُوث : سوادِ حلب میں ایک قلعہ۔

بَسرَۃ : نجد میں بنو عقیل کا ایک پانی۔

بسطام : نیشاپور اور دامغان کے درمیان ایک شہر۔

بَسفُرجان : ارضِ اران میں ایک علاقہ۔

بَسکابز : بخارا کی ایک بستی۔

بَسکاش : ایضاً

بَسکَث : سوادِ شاش (ماوراء النہر) کا ایک قصبہ۔

بِسکِرَۃ : نواحِ زاب (مراکش) میں ایک گاؤں۔

بَسل : طائف کی ایک وادی۔

بَسوا : جنوبی آذربیجان کا ایک گاؤں۔

بَسوسا : کوفہ کے پاس ایک موضع۔

بَسُومَۃ : موصل کے قریب ایک علاقہ۔

بُسّی : نجد میں ایک پہاڑ۔

بُسیان : ارضِ بنو جُشم میں دو پہاڑ۔ یا بصرہ سے چالیس میل مغرب کی طرف ایک موضع۔

بُسَیطَہ : شام اور عراق کے درمیان ایک بے آب و گیاہ صحرا۔

بَسِیطَۃ : کوفہ اور ارضِ بنو یربوع کے مابین ایک موضع۔ یا عُذیب و قاع کے درمیان ایک خطہ۔

بَسیَنۃ : مرو کے قریب ایک گاؤں۔

بَشّار : بصرہ کے قریب ایک دریا۔

بَشامر : یمامہ و یمن کے درمیان ایک پہاڑ۔

بُشان : مرو کی ایک بستی۔

بَشابشم : ایک ندی جو کنانہ کی ایک وادی بشمی میں گرتی ہے۔

بَشبَق : مرو کا ایک گاؤں۔

بُشت : نواحِ نیشاپور کی ایک بستی۔

بَشتان : نسف کے پاس ایک گاؤں۔

بَشتری : افریقیہ میں ایک شہر۔

بُشتنفروش : سوادِ نیشاپور میں ایک علاقہ۔

بُشتنقان : نیشاپور کے قریب ایک بستی۔

بُشتیر : بلادِ گیلان میں ایک علاقہ۔

بِشر : شام کا ایک پہاڑ جو فرات تک پھیلا ہوا ہے نیز نجد کا ایک پہاڑ۔

بَشرُوذ : مصر اسفل میں ایک علاقہ۔

بشکان : سوادِ ہرات کی ایک بستی۔

بَشلاؤ : مصر صعید کا ایک قریہ۔

بَشم : رَے اور طبرستان کے درمیان ایک موضع۔

بَشما : مصر صعید کا ایک گاؤں۔

بُشمُور : مصر میں دمیاط کے قریب ایک علاقہ۔

بُشواذق : مرو سے پانچ فرسخ کے فاصلے پر ایک گاؤں۔

بَشنیت : فلسطین میں رَملہ کے قریب ایک بستی۔

بَشنیز : رَے کا ایک پہاڑ۔

بَشیلۃ : بغداد سے ۱۲ میل دور نہر عیسے کا ایک گاؤں۔

بَشینا : سوادِ بغداد کی ایک بستی۔

بُصَاقْ : مکّہ کے قریب ایک موضع۔
بُصَرْ : فید کے مشرق میں ریت کے ٹیلے۔
بَصْرَۃْ : خلیج فارس کے ساحل پر عراق کا ایک شہر نیز مراکش کا ایک قصبہ۔
بُصْرٰے : اس نام کے دو شہر ہیں۔ ایک جنوبی شام میں سرحد اردن کے قریب اور دوسرا عراق میں بغداد کے پاس۔
بَصَلِیَّۃْ : بغداد کا ایک محلہ۔
بَصِنَّا : اہواز کا ایک قصبہ۔
بَصِیْدَا : نواح بغداد کی ایک بستی۔
بَصِیْرُ الْجَیْدُوْرْ : نواح دمشق کا ایک قریہ۔
بُضَاعَۃْ : مدینہ میں بنو ساعدہ کا کنواں۔ اس کے پانی سے ایک دفعہ حضور نبیٔ اکرم صلعم نے وضو کیا تھا۔
بَضَّۃْ : زمزم کا ایک قدیم نام۔
بُضَیْضْ : شاید ارض طے میں ایک پہاڑ۔
بُطَاحْ : بنو یربوع کی ایک منزل۔ نیز بنو اسد کا ایک ذخیرۂ آب۔
بِطَانْ : یمن کا ایک گاؤں۔ نیز کوفہ اور مکہ کی راہ پر ایک منزل۔
بِطَانَۃْ : دیار ربیعہ و اضبط کے درمیان دو پہاڑوں میں ایک کنواں۔
بَطَائِحْ : بطیحہ کی جمع۔ واسط اور بصرہ کے درمیان ایک وسیع علاقہ۔ جسے بطیحہ بھی کہتے ہیں۔
بَطْحَاءْ : مکہ کے قریب کنکروں والا میدان۔ نیز مراکش کا ایک شہر۔
بُطْحَانْ : مدینہ کے بلند حصے میں ایک وادی۔ جہاں بنو نضیر آباد تھے۔

بَطْحَۃْ : وادی خنوقہ (دیار عقیل) میں ایک پانی۔
بَطْرُوْخْ : اندلس میں ایک قلعہ۔
بَطَلْیُوْسْ : قرطبہ کے مغرب میں سواد ماردہ کا ایک شہر۔
بُطْنَانْ : شام میں حلب اور منبج کے درمیان ایک وادی۔
بَطْنُ اَنْف : ہذیل کی ایک وادی۔
بَطْنُ الْاَیَادْ : بلاد بنو یربوع میں ایک موضع۔
بَطْنُ الشَّیْبِنْ : بلاد بنو ذبیان کا ایک گاؤں۔
بَطْنُ الْخُزْ : نجد میں ایک وادی۔
بَطْنُ الْحَرِیْمْ : بلاد ابوبکر بن کلاب میں ایک موضع۔
بَطْنُ الذَّہَابْ : بنو حارث بن کعب کی ایک بستی۔
بَطْنُ الرُّمَّۃْ : نجد اعلیٰ کی ایک وادی۔
بَطْنُ رُہَاطْ : بلاد ہذیل میں ایک بستی۔
بَطْنُ السِّتْرْ : حجاز اور نجد کے درمیان ایک وادی۔
بَطْنُ ظَبْیْ : دیار بنو کلب میں ایک موضع یا خطہ۔
بَطْنُ الْعَتَکْ : نواح یمامہ میں ایک موضع۔
بَطْنُ الدَّوْمْ : نجد میں ابوبکر بن کلاب کی ایک وادی۔
بَطْنُ مُحَسِّرْ : منیٰ کی ایک ندی۔
بَطْنُ مَرْ : مکہ کے پاس ایک ندی۔
بَطْنُ نَخْلْ : مدینہ کے مشرق میں ایک گاؤں۔

بَطنُ نَخلَہ : مکہ و طائف کے درمیان ایک موضع یا وادی۔

بِطیاس : حلب کے قریب ایک گاؤں۔

بَطیحَہ : واسط و بصرہ کے درمیان ایک وسیع علاقہ۔

بُعاث : مدینہ کے قریب ایک مقام۔ جہاں اوس و خزرج میں کئی بار جنگ ہوئی۔

بَعاذِین : حلب کا ایک قریہ۔

بَعال : عُسفان (مکہ سے ۳۶ میل شمال کی طرف ایک گاؤں) کے قریب بنو غفار کا علاقہ۔

بُعالق : سوادِ ارمینیہ میں ایک پہاڑ۔

بَعانیق : بصرہ و یمامہ کے درمیان ایک وادی۔

بَعدان : یمن میں ایک گاؤں۔

بَعر : مکہ اور یمامہ کے درمیان بنو ربیعہ بن عبداللہ بن کلاب کا ایک پانی۔

بَعرین : حمص اور ساحل کے درمیان ایک قصبہ۔

بُعطان : بنو خثعم کی ایک وادی۔

بَعق : اَبواء میں ایک وادی۔

بَعقوبا : بغداد سے دس فرسخ خراسان کی طرف ایک شہر۔

بَعل : قومِ الیاس کا ایک بت۔ نیز مدینہ و شام کی راہ پر ایک پہاڑ۔

بَعلَبَک : فلسطین میں ریاستِ اسرائیل کا ایک شہر۔ جہاں کبھی حضرت الیاسؑ مبعوث ہوئے تھے معبدِ بعل اسی شہر میں تھا۔ حضرت سلیمانؑ نے یہ شہر بلقیس کو مہر میں دے دیا تھا۔

بَعوضَہ : نجد میں بنو اسد کا ایک پانی۔

بُعَیقبَہ : بعقوبا کے قریب ایک بستی۔

بُغاث : نجد میں ایک پہاڑ۔

بُغانخذ : قریۂ نیشاپور۔

بُغاوزجان : سرخس (خراسان) کا ایک گاؤں۔

بَغث : عربستان میں خیبر کے قریب ایک وادی۔

بَغداذ : عراق کا پایۂ تخت۔ جس کی بنا خلیفہ منصور نے ڈالی تھی۔

بَغدخزرقند : بغداد، خزر اور سمرقند کا مُرکب۔ اگر کوئی شخص بغداد میں پیدا ہو۔ ماں بلادِ خزر کی ہو اور باپ سمرقند کا ہو، تو اُسے بَغدَ خزرقندی کہیں گے۔

بَغدل : اصفہان میں ایک محلہ۔

بَغراز : طرسوس میں ایک موضع۔

بَغراس : انطاکیہ سے چار فرسخ دُور کوہِ لکام کے دامن میں ایک شہر۔

بَغروند : ارمینیہ میں ایک قصبہ۔

بَغشور : ہرات اور مرو کے درمیان ایک قصبہ۔

بَغلان : نواحِ بلخ میں ایک گاؤں۔

بَغوخک : نیشاپور کی ایک بستی۔

بَغولن : ایضاً

بُغَیبغَہ : مدینہ کے قریب امام حسینؓ کی ایک جاگیر۔

بُغَیث : خیبر (عرب) کے قریب ایک وادی۔

بُغَیدید : بغداد کی تصغیر، بغداد۔ حلب اور خوارزم کی نواح میں ایک ایک بستی۔

بَقابوس : سوادِ بغداد میں ایک گاؤں۔

بَقار : جبالِ طے کے قریب ایک وادی۔

بِقاع : دمشق، حمص اور بعلبک کے درمیان ایک وسیع علاقہ۔

بَقّال : مدینہ میں ایک موضع۔
بَقْدَس : سسلی کا ایک شہر۔
بَقَر : خفان (عراق) کے قریب ایک موضع اور حمٰی ربذہ کی ایک سرحدی چوتری۔
بَقَران : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔
بَقَرَہ : حواب (عراق) کے قریب ایک چشمہ۔
بَقطاطِس : حمص کی ایک بستی۔
بَقطَر : اُسیُوط کے علاقے میں ایک گاؤں۔
بُقطَر : قفط کے قریب نیل کے شرقی کنارے پہ ایک موضع۔
بُقع : شام میں ایک موضع۔ اور مدینہ میں ایک کنواں۔
بَقعاء : یمامہ کی ایک بستی یا بنو عبس کا ایک چشمہ۔ نیز مدینہ سے چوبیس میل مشرق کی طرف ایک موضع۔ حجاز اور رُکبہ کے درمیان ایک مقام۔ طے کی ایک بستی۔ اور منبج کی ایک چراگاہ۔
بُقلار : اذربیجان کی سرحد پہ ایک موضع۔
بُقلان : زبید کے قریب کدرا سے سہام تک کا علاقہ۔
بِقِنّس : شام میں بلقاء (دمشق اور وادی القریٰ کے درمیان ایک علاقہ) کا ایک قریہ۔
بَقّہ : حیرہ (عراق) کے قریب ایک موضع۔
بَقیع : اس کے لغوی معنی ہیں ایک ایسی جگہ جہاں ہر قسم کے درخت ہوں۔ مدینہ میں اس قسم کے کئی مقامات تھے۔ مثلاً بقیع الغرقد۔ جہاں غرقد (ایک درخت) کے درخت تھے۔ یہ مقام مدینہ کا گورستان ہے۔ بقیع الخیل اور بقیع الزُبیر مدینہ کے آباد محلے تھے۔
بُقَیع : یمن کے قریب دیارِ بنو عُقیل کا ایک موضع۔

بَقیقا : نواحِ کوفہ میں ایک گاؤں۔
بَکار : شیراز کا ایک گاؤں۔
بَکاس : نواحِ حلب میں ایک قلعہ۔
بَکر : دیارِ طے میں ایک وادی۔
بُکر : صنعاء کا ایک قلعہ۔
بَکر آباد : جُرجان کو ایک دریا دو حصوں میں بانٹ دیتا ہے۔ ایک حصہ جُرجان کہلاتا ہے اور دُوسرا بکر آباد۔
بَکَران : مزینہ کے قریب ایک موضع۔
بَکَرد : مرو کی ایک بستی۔
بَکرہ : بنو ضباب کی ایک شاخ، بنو ذویبہ کا ایک پانی۔
بِکسرائیل : ساحلِ حمص پہ ایک قلعہ۔
بَکمزہ : بعقوبا سے دو فرسخ پہ ایک گاؤں۔
بَکّہ : مکہ کا ایک نام۔
بَکیل : یمن میں ایک قبائلی بستی۔
بَلاباذ : نینوئے کا ایک گاؤں۔
بَلادِق : بلادِ بنو سعد میں ایک موضع۔
بَلاد : یمامہ کے قریب ایک قصبہ۔
بَلاس : دمشق سے دس میل دور ایک قصبہ۔ نی
بصرہ و واسط کے درمیان ایک علاقہ۔
بَلاساغون : کاشغر کے قریب ایک شہر۔
بَلاس کرد : اربل اور اذربیجان کے درمیا
ایک گاؤں۔
بَلاس جرد : مرو کی ایک بستی۔
بَلاس کُر : بغداد کے قریب ایک گاؤں۔
بَلاص : مصرِ صعید کا ایک قریہ۔
بَلاط : انطاکیہ، حلب، اِستامبول اور دمشق کے قریب ایک ایک قریہ۔

بَلَاطُنُس : ساحلِ شام پر لاذقیہ کے سامنے ایک قلعہ۔
بُلَاطَہ : فلسطین میں نابُلس کے قریب وہ تاریخی قریہ، جہاں نمرود نے حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں پھینکا تھا۔
بَلَاکِث : خیبر اور وادی القریٰ کے درمیان وادیٔ اضم میں ایک موضع یا پہاڑ۔
بِلَاق : جنوبی مصر کا ایک شہر۔
بَلَاذِیق : ارضِ یمامہ کا ایک سرسبز ناحیہ۔ نیز تکریت اور موصل کے درمیان ایک موضع۔
بَلْبَد : شمالی افریقہ میں بَرْقہ و طرابلس کے درمیان ایک قصبہ۔
بُلْبُول : یمامہ میں وشم کا ایک پہاڑ۔
بِلْبِیس : فسطاط سے دس میل مشرق کی طرف ایک شہر۔
بَلْج : بصرہ میں ایک موضع۔ نیز بنو عنزہ بن زہیر کا ایک بُت۔
بَلْجَان : مَرْو کے پاس نیز بصرہ و عبادان کے پاس ایک بستی۔
بَلْخ : شمالی افغانستان کا ایک شہر۔
بَلْخَان : ابی وَرد کے قریب ایک قصبہ۔
بَلْد : ضریّہ میں ایک پہاڑ۔
بَلَد : موصل سے سات فرسخ دُور لبِ دجلہ ایک شہر۔ نیز سوادِ بغداد میں خطرہ کے قریب ایک قصبہ۔
بَلْدَح : مکہ کے مغرب میں ایک وادی۔
بَلْدُود : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔
بَلَدَہ : اندلس نیز بحرِ شام کے ساحل پہ ایک شہر۔

بَلَرْمَہ : جزیرۂ سسلی کا ایک اہم شہر۔
بَلَس : قبیلۂ محارب بن خصفہ کا ایک پہاڑ۔
بُلَشِیت : اسکندریہ کے قریب ایک گاؤں۔
بَلَشْکَر : بغداد کا ایک قریہ (گاؤں)۔
بَلَط : موصل کے شمال میں ایک شہر۔
بُلْطَہ : طنجہ کے پہاڑوں میں ایک موضع۔
بَلْعَاس : حمص کے قریب ایک علاقہ۔
بَلْعَم : رُوم کا ایک شہر۔
بَلْق : غزنی کا ایک علاقہ۔
بَلْقَاء : اردن کا وہ علاقہ جو دریائے اردن کے مشرق میں ہے اور اس کا سب سے بڑا شہر عَمَّان ہے۔ نیز بنو ابوبکر اور بنو قریط کا ایک پانی۔
بَلَقْطَر : اسکندریہ کے قریب ایک شہر۔
بُلْقِینَہ : مصر کے ایک علاقے بَنَا کا ایک گاؤں۔
بَلْکِیان : مَرْو کے پاس ایک گاؤں۔
بَلَمُون : مصر میں حوفِ شرقی کی ایک بستی۔
بُلُنْیَاس : حمص کے قریب ایک ساحلی شہر۔
بَلَنْجَر : خزر کا ایک ساحلی شہر۔
بَلَنْسِیَہ : مشرقی اندلس کا ایک مشہور شہر۔
بَلَنُوبَہ : سسلی کا ایک شہر۔
بَلُو : یمامہ میں ایک آبی ذخیرہ۔
بَلُوص : ایک قبیلہ جو کرمان و فارس کے درمیان ایک وسیع علاقے میں آباد تھا اور یہ علاقہ اسی نسبت سے بلُوص کہلاتا ہے۔
بَلُوقَہ : کاظمہ کے شمال میں خلیج فارس کے قریب ایک علاقہ۔
بَلُومِیَہ : نواحِ اصفہان کا ایک گاؤں۔

بَلْهِیْب : اسکندریہ کے علاقے میں ایک قصبہ۔
بُلَیّ : یمامہ میں ایک چشمہ۔
بَلِیْخ : نجد میں جو ابی بکر کا ایک پہاڑ۔
بَلِیْخ : شام میں رَقّہ کے قریب ایک دریا۔
بُلَیْد : مدینہ کے قریب آل ابی طالب کی ایک جائیداد۔
بُلْ یَنَا : مصر صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک شہر۔
بُلَیَّة : یمامہ میں ایک ٹیلہ یا پہاڑی۔
بَم : کرمان کا ایک اہم شہر۔
بَمِجْکَث : بخارا کی ایک بستی۔
بَمْلَان : مَرْو کی ایک بستی۔
بَنَا : فُسطاط سے اٹھارہ میل پر مصر کا ایک پرانا شہر۔ نیز یمن کی ایک بستی۔
بَنَّا : نواحِ بغداد میں لبِ دجلہ ایک گاؤں۔
بَنَات : نجد میں جُرُدُ ثمان کا ایک پانی۔
بَنَاتُ قَیْن : صحرائے شام میں ایک موضع۔ جہاں سے کئی چشمے نکلتے ہیں۔
بِنَار : جنوبِ بغداد میں ایک بستی۔
بَنَارِق : بغداد اور نُعمانیہ (بغداد اور واسط کے مابین ایک شہر) کے درمیان دَیْرِ قُنّی (دجلہ سے ایک میل اور بغداد سے سترہ فرسخ) کے سامنے ایک شہر۔
بَنَاکِث : ماوراء النّہر کا ایک اہم شہر۔
بَنَان : دیارِ بنی اسد میں بنو جذیمہ کا ایک موضع۔
بُنَان : مَرْوِ شاہ جہان کا ایک قریہ۔
بُنَانَة : بصرہ کا ایک موضع۔
بَنَانَة : نجد میں بنو اسد بن خزیمہ کا ایک پانی۔
بَنْبَان : یمامہ میں ایک چشمہ۔
بَنْبَہِیْرَة : مصر صعید میں لبِ نیل ایک گاؤں۔
بَنَّج : نواحِ سمرقند میں ایک بستی۔
بَنْج دِه (پَنْج دِه) : خراسان میں پانچ دیہات کا ایک جھنڈ۔
بَنْج خِیْن : سمرقند کا ایک محلہ۔
پَنْج هِیْر : نواحِ بلخ میں ایک شہر۔
بُنْ جِیْکَث : اشروسند یا سمرقند کا ایک گاؤں۔
بَنْدَ جَان : فارس کا ایک شہر۔
بَنْدَ سِیَان : نہاوند (ہمدان کے جنوب مغرب میں) کا ایک قصبہ۔
بُنْدَ کَان : مَرْو سے پانچ فرسخ پر ایک گاؤں۔
بَنْدَ نِیْجَان : نہروان کا ایک قصبہ۔ جو بَنْدَ نِیْجَیْن بھی کہلاتا ہے۔
بَنْدِیْ مَش : سمرقند کے قریب ایک بستی۔
بَنْ زَرْت : تُونس کا ایک شہر۔
بَنْ سَارَقَان : سوادِ مَرْو کا ایک گاؤں۔
بُنْطُس : درّۂ دانیال کا یونانی نام۔
بَنْ فَرْوَة : تیونس میں قَیْرَوَان کا ایک قریہ۔
بِنْ کَث : ماوراء النّہر میں سوادِ شاش کا ایک قصبہ۔
بَنَّة : افغانستان کا ایک قصبہ۔
بِنَّة : قریۂ بغداد، نیز اَنْدَلُس میں ایک قلعہ۔

بَنُوزَاْ : بغداد اور واسط کے درمیان نُعمانیہ کے پاس ایک بستی۔
بَنُوعَاْمِز : یمن میں ایک بستی۔
بَنُومَغَاْلَہ : مدینہ میں انصار کی ایک بستی۔
بَنُونَجِیْذ : یمن میں ایک بستی۔
بِنْہَاْ : مصر کا ایک گاؤں۔
بُنْیَاْن : یمامہ میں ایک گاؤں۔
بَنْیَاْن : سوادِ خوزستان میں ایک بستی۔
بَنِیْ رَفَاْن : مَرْو کے قریب ایک گاؤں۔
بَنِیْ نُوْز : مُکران کا ایک شہر نیز قلعہ۔
بَنِیَّہ : مکّہ کا ایک نام۔
بَوَاْع : تہامہ کی ایک وادی۔
بَوَاْز : یمن میں ایک شہر۔
بَوَاْزِیْج : عراق میں تکریت کے قریب ایک قصبہ۔
بُوَاْط : جُہَینہ کا ایک پہاڑ، یا قبلیتہ کی ایک وادی۔
بُوَاْن : نجد کا ایک مقام۔
بَوَّاْن : تین مقامات کا نام ہے :۔
اوّل : وادیٔ بوّان یا شعبِ بوّان، جو ارّجان (ایران و خوزستان کا سرحدی شہر) اور نُوبندجان (فارس سے پندرہ فرسخ دُور) کے مابین واقع ہے۔
دوم : فارس اور کرمان کے درمیان ایک وادی۔
سوم : اصفہان کی ایک بستی۔
بُوَاْنَہ : ینبُع کے مغرب میں ایک پہاڑی۔
بُوْب : مصر میں بنا کے قریب ایک بستی۔
بَوْبَاْۃ : تہامہ کا ایک صحراء۔ نیز نجد میں ایک گھاٹی۔

بُوْتَہ : مَرْو کا ایک گاؤں۔
بُوْتِیْج : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنار پہ ایک قصبہ۔
بُوْرَاْ : بُخارا کے قریب ایک بستی۔
بُوْزَنْمَذ : اشروسنہ و سمرقند کے درمیان ایک بستی۔
بُوْرَۃ : دِمیاط کے قریب ایک ساحلی شہر۔
بُوْزَاْنَہ : اسفرائین (جُرجان اور نیشاپور کے درمیان) کا ایک قریہ۔
بُوْزَجَاْن : ہرات اور نیشاپور کے درمیا ایک شہر۔
بُوْزَن : نواحِ نیشاپور کا ایک گاؤں۔
بُوْزَنْجِرْد : ہمدان اور ساوہ کے مابین ایک بستی۔
بُوْزَنْ جِرْد : قریۂ مَرْو۔
بُوْزَنْ شَاْہ : مَرْو سے چار میل دُور ایک قصبہ۔
بُوْزُوْز : شرقی اندلس کا ایک شہر۔
بُوْش : نواحِ صنعاء میں ایک بستی۔
بُوْسَنْج : ترمذ (شہر کے بہ لبِ شرقیِ جیحوں) کا ایک قریہ۔
بُوْش : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنار پر ایک شہر۔
بُوْشَاْن : یمن میں ایک قبائلی بستی۔
بُوْشَنْج : ہرات سے نیشاپور کی طرف د فرسخ پر ایک شاداب گاؤں۔
بُوْض : فَید کے قریب ایک پہاڑ۔
بُوْصَاْن : ارضِ حولان (یمن) م ایک موضع۔
بُوْصَرَاْ : بغداد کی ایک نواحی بستی۔

بُوْصَلَاْ بَاْ : کُوفہ کے پاس فرات کے کنارے ایک گاؤں۔

بُوْصِیْرْ : مصر میں چار گاؤں :

ایک : بُوْصِیْرِ قُوْرِیْدُس جو سوادِ اُشمونین میں ہے۔

دُوسرا : فُسطاط کے مغرب میں جسے بُوْصِیْرِ السِّدْرَ کہتے ہیں۔

تیسرا : علاقۂ فیوم میں (بُوْصِیْرِ دَفَدْنو)

چوتھا : بُوْصِیْرِ بَنَا جو علاقۂ سمنُودیہ میں تھا۔

بُوْغ : ترمذ سے چھ میل پر ایک بستی۔

بُوْق : عراق میں رَحبۂ مالک بن طوق کے پاس ایک موضع۔

بُوْقَاْس : شام میں مصیصہ اور حلب کے درمیان ایک قصبہ۔

بُوْقَاْن : سیستان کی ایک بستی۔

بُوْقَہْ : نواحِ انطاکیہ میں ایک گاؤں۔

بُوْلَاْن : بصرہ و مکہ کی راہ پر نباج کے پاس ایک موضع۔ نیز یمامہ میں ایک ندی۔

بُوْمَاْرِیَہْ : موصل کے قریب ایک بستی۔

بُوْنْ : یمن کا ایک شہر۔

بَوْنْ : سوادِ ہرات میں ایک قصبہ۔

بُوْنَاْ : کُوفہ کے پاس ایک علاقہ۔

بُوْنْت (یا بُنْت) : اَندلُس کا ایک قلعہ۔

بُوْنَہْ : تُونس کا ایک ساحلی شہر۔

بُوَھْرِزْ : عراق میں بغداد سے آٹھ فرسخ دُور ایک شہر۔

بُوَیْبْ : عراق میں کُوفہ کے پاس ایک دریا۔

بُوَیْرَہْ : خیبر میں بنُو نضیر (یہود) کی بستیاں، نیز وادِی القُریٰ کے قریب ایک مقام۔

بُوَیْطْ : مصرِ صعید میں بُوصیر اور سیوط کے قریب ایک ایک گاؤں۔

بُوَیْنْ : بنو قشیر کا ایک پانی۔

بُوَیْنَہْ : مَرْو سے دو فرسخ پر ایک بستی۔

بَھَاْ بَاْذْ : کرمان کی ایک بستی۔

بَھَاْرْ (بَھَاْرِیْن) : نواحِ مَرْو میں ایک بستی۔

بَھَاْ رَاْن : اِصفہان کے قریب ایک گاؤں۔

بَھَاْرِزَہْ : بلخ کی ایک بستی۔

بَھَاْطِیَہْ : بغداد کا ایک گاؤں۔

بَھَاْئِیْم : ضریّہ میں دو پہاڑ۔

بَھْجُوْرَہْ : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک قصبہ۔

بَھْدَاْ : یمامہ کا ایک گاؤں۔

بَھْدَاْذِیْن : سوادِ زُوزان (نیشاپور) کی ایک بستی۔

بِھْرَزَاْن : فارس میں شہرستان سے دو فرسخ پر ایک قصبہ۔

بَھُرْسِیْرْ : مدائن کے قریب سوادِ بغداد کا ایک قریہ۔

بَھْرَہْ : مکران کا ایک شہر۔

بُھْرَہْ : یمامہ میں ایک قبیلے کا پانی۔

بِھْزَاْن : رَے کے قریب ایک موضع۔

بِھِشْتَاْن : قزوین کے پاس ایک قلعہ۔

بَھِسْتُوْن : ہمدان اور حلوان (عراق) کے درمیان ایک قریہ۔ جس کا پہاڑ بہت اُونچا ہے

اسی پہاڑ کے عقب میں وہ چشمہ تھا، جسے فرہاد نے کاٹا تھا۔

بَهَسْنَا : مَرْعَش (شام وترکی کا سرحدی شہر، جو بلادِ حلب میں شامل ہے) کے قریب ایک قلعہ۔

بِهُقُبَاذ : سوادِ بغداد میں تین علاقوں کا نام۔ یعنی :- ∴ بھقباذِ اعلیٰ ∴ اوسط اور ∴ اسفل

اعلیٰ میں عین التمر، فلوجہ اور بابل شامل ہیں۔ اوسط میں بارُوسما، نہر الملک وغیرہ۔ اور اسفل میں کُوفہ، ذحیرہ وغیرہ۔

بَهْلَا : ساحل عُمان پر ایک شہر۔

بَهْمَنْ اَرْدَشِيْر : بصرہ اور واسط کے درمیان ایک خِطّہ۔

بَهَنْدِف : نواحِ بغداد میں نہروان کا ایک قصبہ۔

بَهَنْسَا : مصر صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک شہر۔ نیز ایک علاقہ۔

بَهْوَنَه : نجدہ کا ایک گاؤں۔

بِيَار : بسطام اور بیہق (خُراسان) کے درمیان سوادِ قُومس کا ایک شہر۔

بَيَاض : یمن میں ایک قلعہ۔ یمامہ میں ایک موضع اور نجد میں بنوکعب (بنُو عامر بن صعصعہ کی ایک شاخ) کی ایک زمین۔

بَيَان : سوادِ بصرہ میں دجلہ سے مشرق کی طرف ایک خِطّہ۔

بَيَّان : اَندلُس میں سَوادِ بَطَلْيُوس کی ایک اقلیم۔

بَيَّانَه : اَندلُس میں قرطبہ سے تیس میل کی مسافت پر ایک قصبہ۔

بَيَاو : سسلی کے جنوب مغربی ساحل پر ایک علاقہ وشہر۔

بَيْ بَرْز : بغداد میں ایک محلّہ۔

بَيْتُ الآبَار : سوادِ دمشق کا ایک علاقہ۔

بَيْتُ الاَحْزَان : دِمشق اور ساحل کے درمیان ایک شہر۔ جہاں حضرت یعقوب علیہ السلام نے ہجرِ یوسف کا زمانہ رو رو کر کاٹا تھا۔

بَيْتُ اَرَانِس : سوادِ دمشق میں ایک قریہ۔

بَيْتُ اَنْعُم : صَنعاء کے قریب ایک قلعہ۔

بَيْتُ الْبَلَاط : نواحِ دمشق میں ایک گاؤں۔

بَيْتُ بَوْس : صَنعاء کے نزدیک ایک گاؤں۔

بَيْتُ بَنِيْ نَعَامَة : یمن میں ایک علاقہ۔

بَيْتُ جِبْرِيْن : بیت المقدّس اور غازہ کے درمیان ایک قصبہ۔

بَيْتُ الْخَرْدَل : شہرے بہ یمن۔

بَيْتُ رَاس : بیت المقدّس اور حَلب کے قریب ایک ایک گاؤں۔

بَيْتُ رَامَه : اردن کا ایک شہر۔

بَيْتُ رَدْم : صَنعاء کا ایک قلعہ۔

بَيْتُ رَيْب : یمن میں ایک قلعہ۔

بَيْتُ سَبْطَا : نواحِ یمن میں ایک موضع۔

بَيْتُ الْعَتِيْق : کعبہ نیز مکّہ کا ایک نام۔

بَيْتُ عَذْرَان : صَنعاء کا ایک نواحی موضع۔

بَيْتُ الْعَذْن : یمن میں حِمیر کا ایک قلعہ۔

بَيْتُ عِز : یمن کا ایک قلعہ۔

بَيْتُ فَارِط : انبار کے قریب فرات کے کنارے ایک گاؤں۔

بَيْتُ فَايِش : یمن میں ایک قلعہ۔

بَيْتُ لَاهَا : انطاکیہ و حَلب کے درمیان ایک قلعہ۔

بَیْتُ لَحْم : بیت المقدس کے قریب ایک گاؤں۔ جہاں حضرت عیسٰے علیہ السلام کی ولادت ہُوئی تھی۔ اس جگہ ایک کلیسا بھی ہے جس میں اُس کھجور کا تنہ محفوظ ہے جس کے نیچے حضرت مریمؑ نے بسیرا کیا تھا۔

بَیْتُ لِہْیَا : دِمشق کے قریب ایک گاؤں جہاں بروایتے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد بُت بنا کر فروخت کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حوالے کیا کرتے تھے۔ لیکن صحیح تر روایت یہ ہے کہ آذر عراق سے نکل کر حرّان میں مقیم ہُوئے تھے (نہ کہ دمشق میں) اور وہیں وفات پائی۔

بَیْتُ مَامَا : فلسطین میں نواحِ نابُلس کا ایک گاؤں۔

بَیْتُ مَامِیْن : رملہ (فلسطین) کا ایک گاؤں۔

بَیْتُ مُحْرِز : یمن کا ایک پہاڑی قلعہ۔

بَیْتُ النَّار : اِربل کا سمتِ موصل ایک گاؤں۔

بَیْتُ نَعَم : صنعاء کا ایک قلعہ۔

بَیْتُ نُوْبَا : سوادِ فلسطین کا ایک گاؤں۔

بَیْتُ یُرَاْم : یمن کا ایک قلعہ۔

بَیْتُخ : نیل کے شرقی کنارے پہ ایک قصبہ۔

بَیْجَان : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

بَیْجَانِیْق : نہاوند کی ایک بستی۔

بَیْجُن کُرْد : ارمینیہ کا ایک شہر۔

بَیْذ : فارس اور کرمان میں ایک ایک موضع۔

بَیْذَاء : مکّہ اور مدینہ کے درمیان ایک ہموار میدان۔

بَیْذَان : نجد میں جعفر بن کلاب کا ایک پانی۔ یا ضریّہ میں ایک پہاڑ۔

بَیْذَرَہ : بخارا کا ایک گاؤں۔

بِیْر : دیارِ طئے میں ایک چشمہ۔ نیز نواحِ شہرزور میں ایک قصبہ۔

بِیْرَاق : نَسف کی ایک بستی۔

بَیْرَمَا : مدینہ میں ایک عمارت جو حضور صلعم نے حسّانؓ بن ثابت کو دے دی تھی۔

•**بِیْرَمَس** : بخارا کی ایک بستی۔

بَیْرُوت : لبنان کا دارالحکومت۔

بَیْرُوذ : اہواز کے پاس ایک علاقہ۔

بَیْرُوزْکُوْہ : ہرات اور غزنی کے درمیان جبالِ غور میں نیز سوادِ مرو میں ایک ایک قلعہ۔

بَیْرَہ : کئی مقامات کا نام :-

۱ : حلب سے آگے رُومی سرحد کا ایک شہر۔

۲ : بیت المقدس اور نابُلس کے مابین ایک گاؤں۔

۳ : اَندلس کا ایک ساحلی شہر۔

بِیْرِیْن : حمص کا ایک گاؤں۔

بَیْزَع : عراق میں بغداد سے چند فرسخ دُور ایک گاؤں۔

بَیْسَان : اُردُن، موصل، مرو شاہ جہان کا ایک ایک گاؤں اور بصرہ و واسط کے درمیان ایک وسیع علاقہ۔

بَیْنَشْد : سوادِ برقہ کا ایک شہر۔

بِیْسَنِی : شاید رَے کا ایک گاؤں۔

بَیْشَکَنْد : شاش کے قریب ترکستان

کا ایک شہر۔

بَیْشْ (**بِیْشْ**) یمن کی ایک بستی۔

بِیْشَکْ : سوادِ نیشاپور کا ایک قصبہ۔

بِیْشَہْ : یمن میں ایک گاؤں۔

بَیْضْ : جَبَلَہْ و طِخفَہْ کے درمیان ایک خطہ۔

* دَھْنَاء میں ایک نشیب۔
* حِجَاز میں بنوکنانہ کی ایک منزل۔ اور یمن میں ایک موضع۔

بَیْضَاء : اصطخر کے پاس فارس میں ایک شہر۔

* مراکش میں ایک علاقہ۔
* جبل مناقب کی ایک گھاٹی۔
* مکہ سے دو میل پر ایک چڑھائی۔
* ضَمْرَیْنْ (دو پہاڑ) میں بنوسلول کا ایک پانی۔
* حَلَب کا ایک نام۔
* بصرہ میں عبیداللہ بن زیاد کا ایک محل۔
* موصل کے قریب ایک چشمہ۔
* مصر میں علاقۂ قُوسَنیا، نواحِ اسکندریہ، فسطاط و اسکندریہ کے مابین اور بلادِ خزر میں ایک ایک بستی۔
* بنو عُقیل کا ایک پانی۔
* بحرین، فلسطین میں اور ربذہ کے قریب ایک ایک بستی۔

بَیْضَانْ : حجاز میں بَنُو سُلَیْم کا ایک پہاڑ۔

بَیْضَتَانْ : شام و مکہ کی راہ پہ ایک موضع۔

بَیْحَنَہْ (و بکسرِ بَاء) : دیارِ تمیم میں بنو دارم میں ایک موضع۔

یا واقصہ و عُذَیب کے درمیان بنو یربوع کا پانی یا موضع۔

* نیز بنو قشیر کا ایک پہاڑ۔
* ربذہ کے قریب چند کنوؤں کا جھرمٹ۔ اور سوادِ بحرین میں ایک موضع۔

بِیْعَۃُ خَالِدْ : کوفہ میں ایک گرجا، جو کوفہ کے ایک امیر خالد بن عبداللہ القسری نے اپنی عیسائی ماں کے لیے بنوایا تھا۔

بِیْعَۃُ عَدِیْ : یہ بھی کوفہ کا ایک گرجا تھا۔ عَدِیْ بن الذَّمِیْکْ لَخْمِیْ نے بنوایا تھا۔

بِیْکَنْدْ : بخارا اور جیحون کے درمیان ایک شہر۔

بِیْکَنْدَہْ : سوادِ طبرستان کی ایک بستی۔

بِیْلْ : رَے کا ایک گاؤں یا علاقہ۔

بَیْلَقَانْ : سوادِ دربند میں شروان کے قریب ایک شہر۔

بَیْلَمَانْ : یمن کا ایک موضع یا گاؤں۔

بِیْمَا : جنوبی مصر کا ایک علاقہ۔

بِیْمَانْ : مَرو کا ایک گاؤں۔

بَیْمَنْدْ : کرمان کا ایک شہر۔

بِیْنْ : نجران کے قریب ایک موضع، نیز حیرہ کے پاس ایک مقام۔

* مدینہ کے قریب ایک وادی اور نواحِ بغداد میں ایک دریا۔

بَیْنَ السُّوْرَیْنْ : بغداد میں ایک محلہ۔

بَیْنَ الْقَصْرَیْنْ : مشرقی بغداد میں ایک محلہ۔

بَیْنَ النَّھْرَیْنْ : دجلہ اور فرات کا دوآبہ۔

بَنۡ نُوۡنۡ : صَنعاء کے قریب یمن کا ایک قلعہ۔

بَنۡ نُوۡنَۃ : بحرین و عُمان کے درمیان ایک موضع یا یمن کی آخری مشرقی سرحد۔

بِینَۃ : یمامہ اور مکہ کے درمیان حاجیوں کی ایک منزل۔

بَیۡنَۃ : مکہ و مدینہ کے درمیان قُرَیشہ کی ایک وادی جنّی، کا ایک موضع۔

بَیۡوَارۡ : ہرات و غزنی کے مابین ایک قصبہ۔

بَیَوَانۡ : دِمیاط کے قریب بُحَیرَۃِ تِنّیس کا ایک موضع۔

بِینَوۡ نَبَارَۃ : دِمیاط (مصر) کے قریب ایک قصبہ۔

بِیۡ وُقَانۡ : سَرَخس کی ایک بستی۔

بَیۡ وِنۡطۡ : بصرہ کی ایک بستی۔

بَیۡہَقۡ : سوادِ نیشاپور میں ایک وسیع علاقہ جو کئی سو شہروں اور بستیوں پہ مشتمل ہے۔ اس میں سبزوار بہت مشہور ہے۔

بُیَیۡضَۃ : حَلَب اور تَدمر کے درمیان ایک چشمہ۔

ت

تَاْج : بغداد میں معتضد کا تعمیر کردہ ایک محل۔
تَاْج رِفت : اِفریقیہ میں ودّان و زُوَیلہ کے درمیان ایک شہر۔
تَاْجَرَة : تلمسان کے قریب ایک ساحلی شہر۔
تَاْجَنَّة : اِفریقیہ میں تنّس سے ایک منزل پر ایک قصبہ۔
تَاْجُوْنِس : برقہ اور طرابلس کے درمیان ایک ساحلی قصر۔
تَاْجِیَّة : بغداد میں ایک مدرسہ۔ جس کی بناء ملک شاہ سلجوقی کے وزیر تاج الملک ابوالغنائم مرزبان بن خسرو فیروز (بعد از نظام الملک) نے ڈالی تھی۔ نیز کوفہ کے قریب ایک دریا کا نام۔
تَاْدَلَة : تلمسان کے نزدیک ایک پہاڑ۔
تَاْدَن : بخارا کی ایک بستی۔
تَاْدِیْزَة : ایضاً
تَاْذِف : حلب سے چار فرسخ دور ایک گاؤں۔
تَاْرَاْء : شام کا ایک موضع۔
تَاْرَان : بحرِ قلزم میں ایک جزیرہ۔
تَاْرَم : قزوین و جیلان کے درمیان ایک علاقہ۔
تَاْسَن : غزنی کا ایک نواحی گاؤں۔
تَاْل شَان : سوادِ جیلان میں ایک قصبہ۔
تَاْمَدَلت : لمط (اِفریقیہ) کے مشرق میں ایک گاؤں۔
تَاْمَرَّا : بغداد کے مشرق میں ایک علاقہ۔

تَاْمَرکِیدَا : اِفریقیہ میں مسیلہ سے دو منزل پر ایک بستی۔
تَاْمَشت : مسیلہ کے قریب ایک گاؤں۔
تَاْمَرکنت : مغرب میں برقہ کے قریب ایک قصبہ۔
تَاْمُوْر : یمامہ و بحرین کے درمیان ایک صحرا۔
تَاْن گرت : تلمسان (مراکش) سے دو منزل پر ایک گاؤں۔
تَاْهَرت : مراکش میں ایک قصبہ۔
تَاْیَاْبَاْذ : سوادِ ہرات کا ایک قصبہ۔
تَبَاْلَة : یمن کا ایک موضع۔ تَبَالۃُ الحَجّاج تہامہ میں ایک الگ قصبہ ہے۔
تُبَاْن : ماوراءُ النہر میں کسف کی ایک بستی۔
تَبَّر : سوڈان کا ایک شہر۔
تُبُر : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔
تِبْرَاْک : دہناء میں تعشار (ایک پانی) کے سامنے ایک موضع۔ یا بنو عنبر کا ایک پانی۔
تَبْرِیْز : آذربیجان کا ایک مشہور شہر۔
تَبَسَّة : اِفریقیہ میں ایک شہر۔
تَبَشَّع : حجاز میں ایک قصبہ۔
تَبَعَة : سوادِ طائف میں ایک پہاڑی۔
تُبَّل : حلب کی ایک بستی۔
تُبَل : کوفہ سے چند میل پر ایک وادی۔
تُبَن : یمن میں ایک موضع۔
تُبْنَی : سوادِ دمشق میں حوران کا ایک گاؤں۔

تَبنَانْ : یمامہ میں ایک وادی۔
تِبنِیْن : دِمشق اور صور کے درمیان جبال بنُو عامِر میں ایک قصبہ۔
تَبُوک : وادِی القریٰ کے شمال میں شام کا ایک سرحدی شہر۔ جو کبھی ایک تباہ شدہ قوم اصحابُ الأیکہ کا وطن تھا۔ حضورؐ نے بھی اس شہر پر ۹ھ میں چڑھائی کی تھی اور یہ آپؐ کا آخری غزوہ تھا۔
تِبنِیل : فرات کے مشرق میں رَقّہ و بالِس کے مابین ایک شہر۔
تَتَا : مصر اسفل میں ایک قصبہ۔
تُتُش : بغداد میں مدرسۂ نظامیہ کے پاس ایک بازار اور اُس کے قریب ہی ایک شفاخانہ۔ یہ دونوں تتش بن الپ ارسلان کی طرف منسوب تھے۔
تَثلِیث : مکّہ کے قریب ایک موضع۔
تِنِیْنِیث : سراۃ میں ازد کی ایک آبادی۔
تُجِیب : مصر کا ایک مقام۔ جہاں کِندہ کی ایک شاخ تُجیب آباد ہوگئی تھی۔
تُخَارَان : مَرْو کا ایک قصبہ۔
تُخْتُم : مدینہ کے قریب ایک پہاڑ۔
تَخسَانجِکَث : سمرقند کے قریب ایک گاؤں۔
تَخسِیج : سمرقند سے پانچ فرسنگ کے فاصلے پر ایک قریہ۔
تَخِیْثَم : یمامہ کا ایک خِطّہ۔
تَدلِیش : مراکش میں ساحلِ اوقیانوس پر ایک شہر۔
تَدمُر : مشرقی شام کا ایک شہر۔
تُدمِیر : اندلس کا ایک ناحیہ (علاقہ)۔
تَذیَانَہ : نَسَف کی ایک نواحی بستی۔
تَرَابَہ : یمن کا ایک شہر۔

تَرَاخَہ : بخارا کا ایک گاؤں۔
تُربَان : سمرقند کے قریب ایک قریہ۔
تَربُولَہ : سسلی میں ایک قلعہ۔
تُرَبَہ : مکّہ کے قریب ایک ندی۔
تَرج : حجاز کا ایک پہاڑ یا یمن کے شمال میں تبالہ (تہامہ) کی ایک وادی۔
تَرجَلَہ : اِربِل اور موصل کے درمیان ایک بستی۔
تَرجُمَانِیَہ : محلّۂ بغداد۔
تُرجِیلَہ : اندلس کا ایک شہر۔
تَرخَم : یمن کی ایک وادی۔
تَرسُخ : واسط میں بِاکسایا کے قریب ایک گاؤں۔
تُرشِیش : سوادِ نیشاپور میں ایک علاقہ۔
تَرشِیش : شہر تُونس کا ایک نام۔
تَرعُوز : نواحِ حرّان کا ایک گاؤں۔
تُرعَۃ عَامِر : مصر صعید میں لبِ نیل ایک موضع نیز شام میں ایک مقام۔
تُرَف : بُزاسد کا ایک پہاڑ۔
تَرفُلَان : شام میں ایک موضع۔
تَرقُف : عراق میں بَندَنِیجَین کا ایک گاؤں۔
تُرکَان : مَرْو کی ایک نواحی بستی۔
تُرکِستَان : بلادِ تُرک کا نام۔ جس کا رقبہ اندازاً ۱۵ لاکھ مربع میل ہے۔ مشرق میں چین، مغرب میں بحیرۂ خزر، جنوب میں ایران و افغانستان اور شمال میں بحیرۂ آرال ہے۔ بخارا، سمرقند، تاشقند اور خیوا اس کے مشہور شہر ہیں۔
تَرُم : بحرین کے قریب ایک جزیرے اُوال (جزیرہ کے بڑے شہر کا نام بھی) کا پرانا نام۔

تَرْمُدْ : بلادِ بنی اسد میں ایک موضع (یا پانی)۔ جو حضور صلعم نے حُصَین بن نَضلَۃ الاسدی کو عطا کر دیا تھا۔

تِرْمِذْ : جیحُون کے شرقی کنارے پر ایک مشہور شہر۔ جو جامع ترمذی (حدیث کی مشہور کتاب جو صحاح ستّہ میں شمار ہوتی ہے) کے مؤلف ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی کا وطن تھا۔

تَرْمُسْ : نجد میں ایک موضع۔

تُرْمُسَانْ : حمص کے پاس ایک بستی۔

تُرَانْ : مکّہ و مدین کے درمیان ایک علاقہ۔

تُرْنَاوَذْ : بخارا کی ایک بستی۔

تُرْنَجَہْ : سوادِ طبرستان میں ساریہ و آمل کے درمیان ایک قصبہ۔

تَرْنَکْ : بُست اور سیستان کے درمیان ایک وادی یا بستی یا علاقہ بُست کا ایک گاؤں۔

تَرْنُوطْ : اسکندریہ کے قریب لبِ نیل ایک شاداب بستی۔

تَرُوجَہْ : سوادِ اسکندریہ میں ایک بستی۔

تُرُوغْبَذْ : طُوس (خراسان) کی ایک بستی۔

تَرْوِیَہْ : مکّہ میں ایک آبی ذخیرہ۔

تُرْیَادَہْ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

تِرْیَاقْ : ہرات کا ایک نواحی گاؤں۔

تَرِیکْ : نشیبی یمن کا ایک موضع۔

تَرِیمْ : حضرموت کا ایک گاؤں۔

تِرْیَمْ : ینبع کے شمال میں مدین کے قریب ایک وادی۔

تَزَاخَا : بخارا کا ایک گاؤں۔

تِزْمَنْتْ : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک گاؤں۔

تَسَارُسْ : بَرْقہ کے علاقہ میں ایک محل۔

تُسْتَرْ : خوزستان کا ایک شہر جسے شُستر اور شُوستر بھی کہتے ہیں۔

تُسْتَرِیُّونْ : بغداد کا ایک محلہ جس میں اہلِ شُوستر آباد تھے۔

تَسْرِیرْ : بلادِ تمیم میں ایک مقام۔

تَشْکِیدَزَہْ : سمرقند کی ایک بستی۔

تُشَمَّسْ : مراکش کا ایک قصبہ۔

تُصْلُبْ : نجد میں ایک قبیلے بنو انسان کا پانی۔

تَصِیلْ : دیارِ ہذیل کا ایک کنواں۔

تُضَاعْ : حجاز میں ثقیف و ہوازن کی ایک وادی۔

تُضَارُعْ : تہامہ میں بنو کنانہ کا ایک پہاڑ۔

تَضْرُعْ : مکّہ کے قریب بنو کنانہ کا ایک پہاڑ۔

تَطِیَہْ : سمنودیہ (مصر) کا ایک گاؤں۔

تِعَارْ : نجد یا سوادِ مدینہ کا ایک پہاڑ۔

تَعِزّْ : یمن میں ایک قلعہ۔

تِعْشَارْ : دہناء میں ایک موضع یا بنو ضَبّہ کا ایک چشمہ۔

تَعْمُرْ : یمامہ میں ایک موضع۔

تَغْکُرْ : یمن میں ایک قلعہ۔

تَغْمُرْ : یمامہ کا ایک موضع۔

تَغْنُقْ : نکیر کے پاس ایک گاؤں۔

تِغْہِنْ : مکّہ اور مدینہ کے درمیان سقیا سے تین میل دور ایک چشمہ۔

تَغُوثْ : ارضِ حجاز کا ایک موضع۔

تَفْتَازَانْ : خراسان میں نسا کے قریب ایک شہر۔ جہاں علامہ سعد الدین تفتازانی (مطوّل کا مصنف) پیدا ہوا تھا۔

تَفَرْنُوْ : مغرب (الجیریا یا مراکش) میں برقہ اور

محمدیہ کے درمیان ایک قصبہ۔

تَفْلِیْس : ارمینیہ کا ایک شہر۔

تَفَہْنَا : مصر میں تو سنیا کا ایک قصبہ۔

تَقْتَدْ : حجاز میں بنو سعد بن بکر بن ہوازن کی ایک جھیل یا دیارِ سُلیم کی ایک آبادی۔

تَقُوْعْ : بیت المقدس کا ایک گاؤں۔

تُقَیَّدْ : یمامہ میں بنو ذہل بن ثعلبہ یا قیس بن ثعلبہ اور بنو عجل کا ایک پانی۔

تَقْیُوْش : تونس میں توزر کے قریب ایک شہر۔

تُکَاف : سوادِ نیشاپور میں ایک وسیع علاقہ۔ نیز جوزجان کی ایک بستی۔ جو تکاب بھی کہلاتی ہے۔

تُکَث (تُکَت) : سوادِ شاش میں ایلاق کی ایک بستی۔

تُکْتَمْ : زمزم کا ایک نام۔

تَکْرُوْرْ : مراکش کے جنوب میں ایک حبشی قبیلے کی بستیاں۔

تَکْرِیْت : بغداد کے شمال میں کوئی پچاس میل دور ایک شہر۔

تَلُّ اُشْقُف : سوادِ موصل کا ایک قصبہ۔

تَلُّ اَعْرَن : نواحِ حلب میں ایک بڑا گاؤں۔

تَلُّ اَعْفَرْ : موصل اور سنجار کے درمیان ایک پہاڑی قلعہ، نیز جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک قصبہ۔

تَلَاعَہ : حجاز میں کنانہ کا ایک پانی۔

تَلُّ بَاشِرْ : حلب کے شمال میں دو دن کی مسافت پر ایک علاقہ نیز قلعہ۔

تَلُّ بَسْمَہ : دیارِ ربیعہ کی ایک بستی۔

تَلُّ بَطْرِیْق : ارضِ روم کا ایک شہر۔

تَلْبُعْ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

تَلُّ بَلْخْ : بلخ کی ایک بستی۔

تَلُّ بَنِیْ سَیَّارْ : راسِ عین اور رقہ کے درمیان ایک قصبہ۔

تَلُّ بَلِیْخْ : رقہ کے ایک دریا "بلیخ" کے کنارے ایک بستی۔

تَلُّ بَنِیْ صَبَّاحْ : بغداد سے دس میل دور نہرالملک کی ایک بستی۔

تَلُّ بَوْنَا : کوفہ کا ایک گاؤں۔

تُلْبِیْنْ : دمشق کے پاس ایک موضع۔

تَلُّ التَّمْرْ : تکریت اور موصل کے درمیان لبِ دجلہ ایک موضع۔

تَلُّ تَوْبَہ : موصل کے قریب دجلہ کے شرقی کنارے پر ایک مقام۔ جہاں حضرت یونسؑ کی قوم نے علاماتِ عذاب کو دیکھ کر توبہ کی تھی۔ یہاں ایک معبد میں بُت رکھے ہوئے تھے۔ جنھیں انھوں نے بعد از توبہ جلا دیا تھا۔ موصل کے ایک سلجوقی امیر نے وہاں ایک مشہد (عمارت بطورِ یادگار) بنوایا۔ جس کے آثار آج بھی نظر آتے ہیں۔

تَلُّ جُبَیْر : طرسوس (شام و ترکی کا سرحدی شہر۔ ساحل کے قریب) سے دو میل کے فاصلے پر ایک قصبہ۔

تَلُّ جَحْوَش : جزیرۂ ابنِ عمر کا ایک گاؤں۔

تَلُّ جَزَرْ : فلسطین میں ایک قلعہ۔

تَلُّ حَامِدْ : سوادِ نصیبین میں ایک قلعہ۔

تَلُّ حَرَّان : جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک گاؤں۔

تلِّ حَوْمر : مصیصہ کے قریب ایک قلعہ۔
تلّ خَالِد : نواحِ حلب میں ایک قلعہ۔
تلّ خُوسَا : اِربل اور موصل کے مابین زاب کے پاس ایک بستی۔
تلّ دُحَیْم : بغداد کے قریب سوادِ نہر الملک میں ایک گاؤں۔
تلّ زَاذَن : رقّہ کے پاس ایک موضع۔
تلّ زَبْدَیٰ : جزیرۂ ابنِ عمر کی ایک بستی۔
تلّ زَیْنَبِیَّہ : شرقی بغداد کا ایک محلّہ۔
تلّ السُّلطَان : حلب اور دمشق کے درمیان ایک موضع۔
تلّ الصَّافِیَہ : فلسطین میں رملہ کے قریب ایک قلعہ۔
تلّ عَبْدَہ : سوادِ حرّان کا ایک گاؤں۔
تلّ عَبْلَہ : حرّان اور راس العین کے درمیان ایک بستی۔
تلّ عَقَرقُوف : بغداد کے قریب نہر عیسیٰ کا ایک گاؤں۔
تلّ عُکبَرا : عُکبَرا کے قریب ایک موضع۔
تَلْعَہ : یمامہ کے قریب بنو سلیط بن یربوع کا ایک پانی۔
تَلفِیَاثا : سوادِ دمشق کا ایک گاؤں۔
تَلفِیتَا : سوادِ دمشق میں سنیر کے قریب ایک بستی۔
تلّ قَبَاسِین : سوادِ حلب میں ایک بستی۔
تلّ قُرَاد : ارمینیہ میں ایک قلعہ۔
تَلقُم : یمن کا ایک پہاڑ۔
تلّ کَشْفَہَان : حلب اور لاذقیہ کے درمیان ایک موضع۔ جہاں صلاح الدین ایوبی کافی مدت تک فوج کے ساتھ اقامت پذیر رہا۔
تلّ کَیسَان : ساحلِ شام پر عکّہ کے پاس ایک موضع۔
تلّ مَاسِح : حلب کی ایک نواحی بستی۔
تلّ مَحْرَیٰ : رقّہ کے قریب ایک قصبہ۔
تلّ المَخَالِیٰ : خوزستان کا ایک موضع۔
تِلِمسَان : مراکش کا ایک اہم شہر۔
تَلَمّص : صعدہ (یمن) کے علاقے میں ایک قلعہ۔
تلّ مَنّس : شام میں معرّۃ النعمان کے قریب ایک قلعہ۔
تلّ مَوزَن : راس عین اور سروج کے درمیان ایک شہر۔
تلّ ہَرَاق : غربی حلب کا ایک قلعہ۔
تلّ ہَفتُون : نواحِ اربل میں ایک قصبہ۔
تلّ ہَوَارَہ : عراق میں ایک گاؤں۔
تُلَیّ : بلاد بنو کلاب (نجد) میں ایک آبی ذخیرہ نیز نجد میں بنو محارب کا ایک موضع۔
تِلیَان : مرو کی ایک بستی۔
تُلَیّان : تُلَیّ کا تثنیہ۔
تُلَیل : مکہ و بحرین کے درمیان ایک پہاڑ۔
تَمَار : جبالِ طبرستان میں ایک شہر۔
تُمتُر : بخارا کی ایک بستی۔
تَمر : یمامہ کی ایک بستی۔
تُمرتَاش : خوارزم کا ایک گاؤں۔
تَمرَہ : نواحِ یمامہ میں بنو عُقَیل کی ایک بستی۔
تَمَسّا : نواحِ زویلہ میں ایک قصبہ۔

تُمُشْكَث : سوادِ بُخارا کی ایک بستی۔

تَمَعُّق : حجاز کا بلند ترین پہاڑ۔

تَمَنِّي : مدینہ اور ہرسٹی کے درمیان ایک مقام۔

تُمَيّ : مصر میں ایک علاقہ۔

تُمَيْر : یمامہ میں سوارِ تمر کا ایک گاؤں۔

تَنَاضِب : سَرِف (مکہ کے قریب) کے شمال میں بنو غفار کا ایک تالاب۔

تُنَاضِب : وادیٔ عقیق (مدینہ کے قریب) میں بہنے والی ایک ندی دُوداء کی ایک شاخ۔

تَنَابِيْر : کربالہ کے سامنے ایک گھاٹی۔

تَنَاهِيْ : کوفہ و مکہ کی راہ پر بطان و ثعلبیہ کے درمیان ایک موضع۔

تِنَّب : سوادِ حلب میں ایک گاؤں۔

تَنْبُوك : عکبراء کے قریب ایک گاؤں یا شیراز و ارجان کے درمیان ایک علاقہ۔

تَنْتَلَة : بلادِ غطفان میں ایک موضع۔

تَنْدَة : مصر صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک گاؤں۔

تَنَس : افریقیہ و مراکش کے مقامِ اتصال پر ساحل سے دو میل دُور ایک شہر۔

تَنْضُب : سوادِ مکہ میں ایک گاؤں۔

تَنْعُم و تَنْعُمَة : سوادِ صنعاء کے دو گاؤں۔

تَنْعَة : حضرموت کا ایک گاؤں۔

تَنْعِيْم : مکہ و سَرِف کے درمیان ایک موضع۔

تُنْغَة : طے کا ایک آبی ذخیرہ۔

تَنْكَث : سوادِ شاش کا ایک شہر۔

تُنْهَا : نواحِ طائف میں ایک موضع۔

تُنَن : یمن کا ایک گاؤں۔

تَنُوْز : مقیصہ کے قریب ایک پہاڑ۔

تَنُوْف : جبالِ طے میں ایک موضع۔

تَنُوْق : مکہ کے قریب نعمان کا ایک موضع۔

تَنُوْنِيَة : حمص کا ایک گاؤں۔

تَنُوْهَة : لبِ نیل مصر کا ایک گاؤں۔

تَنْهَاة : نجد میں ایک موضع۔

تَنْهَج : سوادِ دمشق (یا اردن) کا ایک گاؤں۔

تِنِّيْس : دمیاط کے قریب بحرِ روم میں ایک جزیرہ۔

تُنَيْضِبَة : نجد میں بنو سعید بن قرط (کلاب کی شاخ) کا ایک پانی۔

تِنِّيْن : سوادِ موصل میں کوہِ جودی کے قریب ایک پہاڑ۔

تُنَيْنِيْر : نہرِ خابور (جزیرہ) کی حدود میں دو گاؤں۔

تَوّ : صنعاء کی ایک بستی۔

تُوَارُن : بلادِ طے میں ایک بستی۔

تُوَام : عمان میں ساحل کے پاس ایک قصبہ نیز یمامہ و بحرین میں ایک ایک موضع۔

تَوْبَاذ : نجد کا ایک پہاڑ۔

تُوْبَن : نواحِ نسف کی ایک بستی۔

تُوْث : بُوشنج، اسفرائین اور مرو کی ایک ایک بستی۔

تُوْثَة : غربی بغداد کا ایک محلہ۔

تَوَّج (تَوَّز) صوبۂ فارس کا ایک شہر۔ شیراز سے ۳۲ فرسخ کے فاصلے پر۔

تُوْذ : مرو نیز نواحِ سمرقند کا ایک گاؤں۔

تُوْذِيْج : دریائے سیحون سے پرے صغانیان

کی ایک بستی۔

تُوْرَان : حدودِ توران کی تعیین آج تک نہیں ہو سکی۔ بعض محققوں کو اس کی مغربی سرحد سمجھتے ہیں اور بعض محققوں کو میرے خیال میں یہ ترکستان کا دوسرا نام ہے۔ روایت یہ ہے کہ فریدون کے تین بیٹے تھے۔ سَلم، تُور اور ایرج۔ جب اُس نے اپنی سلطنت تقسیم کی۔ تو بحیرۂ خزر سے مغرب کا حصّہ (ترکی وغیرہ) سَلم کو دے دیا۔ ترکستان تُور کو (اور اسی نسبت سے وہ توران کہلانے لگا) اور ایران ایرج کو۔ نیز حرّان کے پاس ایک گاؤں۔

تُوْرَک : بلخ کا ایک محلّہ۔

تُوْز : سمیرا اور فَید کے درمیان ایک منزل۔

تَوَّز (توج) فارس کا ایک شہر۔

تَوْزَر : غربی مراکش کا ایک شہر۔

تُوْزِیْن : ارضِ حَلَب میں ایک علاقہ نیز شہر۔

تُوْسَکَاش : سمرقند کے پاس ایک بستی۔

تُوْضِح : یمامہ کے قریب دَہناء میں ایک سفید ٹیلہ یا یمامہ کی ایک بستی یا پانی۔

تَوْقَات : ترکی میں قونیہ اور سیواس کے درمیان ایک شہر۔

تَوْلَغ : شام میں ایک گاؤں۔

تُوْلِیَہ : قطبِ شمالی کے پاس ایک بحیرہ کے کنارے ایک شہر۔

تُوَّم : یمامہ میں ایک موضع۔

تُوَّم : انطاکیہ و مصیصہ کے درمیان ایک گاؤں۔

تَوَمَا : جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک موضع۔

تُوْمَاء : سوادِ دمشق میں ایک گاؤں۔

تُوْمَاثَا : سوادِ موصل میں برقعیدہ کے قریب ایک گاؤں۔

تُوْمَن : مصر کی ایک بستی۔

تُوْث : طبس کا ایک گاؤں۔

تُوْنِس : لیبیا اور الجیریا کے درمیان ایک ریاست، جس کا رقبہ ۴۸۳۳۲ مربع میل اور آبادی (۱۹۷۰ء میں) ۳۸ لاکھ ہے۔ اس کے بڑے بڑے شہر تیونس، قیروان، مہدیہ، سُوسہ اور بانزرٹا ہیں۔

تُوْنَکَث : شاش کی ایک بستی۔

تُوْنَہ : دمیاط اور تنّیس کے قریب ایک جزیرہ۔

تُوَیْرَہ : یمن میں ایک قلعہ۔

تُوِیْک : نواحِ مَرْو میں ایک موضع۔

تُوَیْمَہ : بنو سُلیم کا ایک پانی۔

تِہَام : یمامہ میں ایک وادی۔

تِہَامَہ : عرب کا مغربی ساحل۔ جو سمندر کے ساتھ ساتھ مشعار (یمن) سے ینبع تک اندازاً پانچ سو میل میں پھیلا ہوا ہے۔ اس کا عرض کہیں سوا سو میل ہے اور کہیں بیس میل۔ اس میں سینکڑوں بستیاں ہیں۔

تَہْلَل : رِیف کے قریب ایک موضع۔

تَہْمَل : مدینہ کے پاس ایک مقام۔

تَہُوْذَہ : بربروں کے ایک قبیلے تہوذہ کی زمین۔

تِیَاس : حجاز اور بصرہ کے درمیان ایک آبی ذخیرہ۔

تِیَاسَان : نجد میں بنو عبس کے دو پہاڑ۔ یا بنو اسد کی ایک بستی۔

تِیَاسَہ : بنو قشیر کا ایک چشمہ۔

تِیَاْن : دیارِ ہوازن میں ایک پانی۔

تَیْث : یمامہ کے قریب ایک پہاڑ۔

تَیْتَذ : مکہ کی ایک وادی۔

تَیْدَد : جُہَینہ کا ایک گاؤں۔

تَیْدَہ : مصر کا ایک شہر۔

تِیْرَا : سوادِ اَہواز میں ایک نہر۔

تَیْرَاب : بصرہ کے پاس ایک نہر۔

تِیْرَان شَاہ : نواحِ شہر زُور کا ایک شہر۔

تَیْرَب : یمامہ میں ایک قصبہ۔

تِیْرَکَان : نواحِ مَرْو کی ایک بستی۔

تَیْرِہ : بادیہ میں قبیلۂ نمر بن قاسط کا ایک موضع۔

تِیْرمَرْدَان : فارس میں نوبندجان اور شیراز کے درمیان ایک علاقہ۔ نیز ایک شہر۔ یہ علاقہ کوئی چالیس بستیوں پر مشتمل تھا۔

تِیْرَہ : نواحِ قزوین میں زنجان کی جانب ایک قلعہ۔

تِیْز : بَحرِ مُکَرَان کے ساحل پر ایک قصبہ۔

تِیْزِیْن : سوادِ حلب میں ایک گاؤں۔

تَیْس : کوفہ و شام کے درمیان ایک موضع۔ نیز شام میں ایک پہاڑ۔

تِیْش : سوادِ جَیّان (اَندَلُس) میں ایک پہاڑ۔

تِیْفَاش : تونس میں ایک شہر۔

تَیْمَان : دِیَارِ عَامِر بن صَعْصَعَہ میں ایک سُرخ پہاڑ۔

تِیْمَہ : بلخ کا ایک گاؤں اور دمشق کی ایک وادی۔

تَیْمَاء : مدائنِ صالح کے شمال میں اَذرُح اور وادی القریٰ کے درمیان ایک شہر۔

تِیْمَاس : سوادِ بحرین میں ایک پہاڑ۔

تَیْمَارِسْتَان : صوبۂ فارس کا ایک قصبہ۔

تَیْمَر : شام میں ایک بستی۔

تَیْمَرَہ : اصفہان کا ایک علاقہ۔

تَیْمَن : یمن میں تبالہ و جُرَش کے درمیان ایک موضع۔ نیز فَدَک کے پاس ایک وادی۔
یا نجدِ اعلیٰ میں ایک موضع۔

تِیْنَات : بحرِ شام میں مَصِّیصَہ کے پاس ایک بندرگاہ۔

تِیْنَان : بنو اسد کی ایک شاخ بنو نعامہ یا بنو فَقْعَس کے دو پہاڑ۔

تِیْنِ زَرْت : مَرَّاکُش کے جنوب میں ایک شہر۔

تِیْنِ مَلَّل : مراکش میں برابرہ کے چند پہاڑ۔

تِیْن و زَیْتُون : شام میں دو پہاڑ۔ کہتے ہیں کہ :
جِبَالِ تِیْن حُلوان و ہمدان کے درمیان واقع ہیں، اور جِبَالِ زَیْتُون شام میں ہیں۔
کچھ اور آراء یہ ہیں کہ تِیْن مسجدِ نوحؑ

یا مسجدِ دمشق یا مکّہ کے قریب ایک ندی یا بحرِ اسود کے ایک پہاڑ کا نام ہے اور زیتون سے مراد بیت المقدس بھی ہے۔

تیہ : یہ وُہ تاریخی بیابان ہے۔ جس میں قوم موسیٰ چالیس برس تک بھٹکتی رہی۔ یاقوت اس کی حدُود کا تعیّن نہیں کر سکا۔

ڈاکٹر کانن بوْنی۔ پروفیسر یونیورسٹی کالج۔ لنڈن۔ اپنے ایک محققانہ مضمون (کیمبرج کمینٹری ٹو دی بائبل۔ اڈیشن کیمبرج۔ ۱۸۹۲ء صـــ۲۳۲) میں لکھتا ہے کہ :۔

تیہ اُس سنگلاخ زمین کا نام ہے۔ جو خلیجِ عقبہ کی شمالی حد سے شروع ہو کر مغرب میں جزیرہ نمائے سینا کے وسط تک اور شمال میں صحرائے نجیب (اندازاً ستّر میل لمبا اور ۵۰/۴۰ میل چوڑا اور جس کی آخری شمالی سرحد بئرِ شیبہ ہے) تک چلی جاتی ہے۔ اِس کا طُول اندازاً اسّی میل اور عرض بھی اتنا ہی ہے۔

یاقوت لکھتا ہے کہ بیابانِ تیہ ایلہ۔ مصر۔ بحرِ قلزم اور جبالِ سراۃ کے مابین واقع ہے اور اِس کا طُول و عرض ۴۰ در ۴۰ فرسخ ہے۔

ث

ثَأْب : یمامہ کے قریب ایک مقام

ثَأْبِرِیْ : غالباً ثَبْرَہ (دیارِ ضَبّہ کی ایک وادی میں ایک پانی) کا اسمِ منسوب۔

ثَأْث : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

ثَأْج : بحرین کی ایک بستی یا چشمہ۔

ثَأْجَہْ : قبلیّہ (نواحِ مکّہ) کی ایک آبادی۔

ثَأْدِق : دیارِ عُقَیل میں ایک ندی۔

ثَأْفِث : یمن میں ایک موضع۔

ثَأْفِل : تہامہ کا ایک پہاڑ۔

ثَأْمَلِیَہْ : عرفات کے قریب ایک چشمہ۔

ثِبَأْج : یمن میں ایک پہاڑ۔

ثِبَأْز : خَیبَر سے چھ میل پر ایک موضع۔

ثُبُرْ : بلادِ نُمَیر میں ایک پتھریلا خِطّہ۔

ثَبْرَہْ : دیارِ ضَبّہ کی ایک وادی میں ایک چشمہ۔

ثَبِیْر : مکّہ کے قریب کئی پہاڑیاں یعنی :۔

* ثبیر الاعرج
* ثبیرِ مِنیٰ - وغیرہ

نیز دیارِ مُزَینہ میں ایک موضع۔

ثَجْرْ : تہامہ اور وادی القریٰ کے درمیان بنو قُتَین کا ایک آبی ذخیرہ۔ یا نَجْرَان کے پاس بنو حارث بن کعب کا ایک پانی۔

ثَجَّہْ : یمن میں جَنَد سے آٹھ فرسخ پر ایک آبادی۔

ثَخْب : دیارِ کِلاب (نجد) میں ایک پہاڑ۔

ثُدَیّ : شام یا نجد میں ایک موضع۔

ثِرَأْ : رُوَیثَہ وصفراء کے درمیان ایک موضع۔

ثَرَأْمْ : یمن میں دیارِ بنو الاواس کی ایک گھاٹی۔

ثَرَبْ : دیارِ بنو محارب میں ایک آب گاہ۔

ثَرَبَأْن : سوادِ صنعاء میں ایک قلعہ۔

ثِرْبَأْن : دیارِ سُلَیم میں دو پہاڑ۔

ثَرْثَأْر : جزیرۂ ابنِ عُمَر میں ایک ندی۔

ثَرْثُوْر : سوادِ اران (ارمینیہ) میں دو دریا۔ یعنی :۔ ثرثور الکبیر اور الصغیر

ثَرَمْ : یمامہ میں ایک پہاڑ۔

ثَرْمَاءْ : سوادِ دمشق میں ایک گاؤں عین ثرماء کہلاتا ہے۔

ثَرْمَدْ : اجاء (طَے) میں طَے کی ایک شاخ بنو ثعلبہ کی ایک گھاٹی یا وادی یا پانی۔

ثَرْمَدَاءْ : وادیِ ستارَین میں بنو سعد کا

ایک پانی
یا سوادِ وشم (یمامہ) میں ایک بستی۔
یا یمامہ میں بنو نمیر یا بنو ظالم یا بنو سحیم
یا بنو امرءُ القیس کا ایک گاؤں۔
یا موضع یا پانی

ثرملیہ : یمامہ میں بنو عطارد کا ایک پانی۔

ثرمہ : سسلی کا ایک شہر۔

ثروان : بنو سُلیم کا ایک پہاڑ۔

ثرور : سوادِ طائف میں ایک قبائلی بستی۔

ثروق : یمن میں بنو کردس کی ایک آبادی۔

ثریا : مکہ میں بنو تیم بن مُرّہ کا ایک کنواں۔ جمی ضریہ میں بنو ضباب کا ایک پانی۔ یا شُعَبیٰ (ضریہ میں ایک پہاڑ) میں بنو محارب کا ایک پانی یا التاج (بغداد میں معتضد کا بنایا ہوا ایک محل) کے قریب چند عمارات۔

ثرید : یمن میں بنو حاتم بن سعد کا ایک قلعہ۔

ثربر : حجاز کا ایک خطہ یا کعبہ کے پاس ایک موضع۔

ثعال : روحاء و رُوَیثہ کے درمیان ایک کوہ بند وادی۔

ثعالبات : بلادِ جعفر بن کلاب (نجد) میں چند پہاڑیاں۔

ثعل : نجد میں ایک موضع۔

ثعل : نجد میں بنو قوالہ کا ایک پانی یا سُلیم کی ایک وادی۔

ثعلبیہ : کوفہ و مکہ کی راہ پہ خزیمیہ و شقوق کے درمیان ایک منزل۔

ثغر : لغوی معنی سرحد۔ مراد کوئی سے دو ممالک کی درمیانی سرحد۔

ثغرہ : مدینہ کے قریب ایک علاقہ۔

ثغور : یمن میں حمیر کا ایک قلعہ۔

ثغید : نجد میں بنو عُقیل کا ایک پانی۔

ثقب : یمامہ میں بنو عدی بن حنیفہ کا ایک گاؤں۔

ثقبان : یمن میں سوادِ جَند کا ایک گاؤں۔

ثقبہ : مکہ میں حراء و ثبیر کے درمیان ایک پہاڑ۔

ثقیب : ثعبیہ سے شام کو جانے والا راستہ۔

ثکامہ : ارضِ عُقیل میں ایک بستی۔

ثکد : بنو نمیر کا ایک پانی۔

ثکن : صحرائے عرب میں ایک پہاڑ۔

ثلاء : یمن کا ایک قلعہ۔

ثلاث : یمن میں بنو مراد کا ایک پہاڑ یا وادی یا پانی۔

ثلاثاء : بنو اسد کا ایک پانی نیز بغداد کا ایک محلہ۔

ثلاثان : بنو اسد کا ایک پانی۔

ثلبوت : طے اور ذُبیان کے درمیان بنو نصر بن قعین کی ایک وادی۔

ثلم : عمان میں ایک موضع۔ نیز یمامہ میں جرفہ سے نکلتی ہوئی ایک ندی۔

ثلماء : نواحِ یمامہ میں ایک موضع یا پانی۔

ثلیث : دیارِ طے اور شام کی راہ پہ ایک مقام۔

ثما : حجاز میں ایک موضع۔

ثماد : یمن میں ایک قلعہ۔

ثماد : یمن میں نیز مروت کے پاس دیارِ تمیم میں ایک موضع۔

ثمامہ : مدینہ و بدر کے درمیان ایک مقام۔ جہاں حضورؐ نے قیام فرمایا تھا۔

ثمانی : عمان میں کچھ پہاڑ اور غار۔ دیارِ تمیم میں یا بلادِ بنو سعد بن زید مناۃ بن تمیم میں آٹھ پہاڑیاں۔

ثمانین : جب حضرت نوحؑ کی کشتی کوہِ جودی پہ رکی اور آپ بعد از طوفان کشتی سے اترے تو آپ کے ہمراہ اسی آدمی اور بھی تھے۔ ان سب نے موصل کے شمال میں جودی کے قریب ہی سکونت اختیار کرلی اور یہ مقام ثمانین کے نام سے مشہور ہوگیا۔

ثمد الروم : مدینہ و شام کے درمیان ایک مقام نیز تمیم کی ایک شاخ بنو حویرث کا ایک پانی۔

ثَہْرٌ: بادیۂ عرب میں ایک وادی۔

ثَمَرٌ: یمن کی ایک بستی۔

ثَمْغٌ: مدینہ میں حضرت عمرؓ بن خطاب کی ایک جائیداد جو آپ نے وقف کر دی تھی۔

ثَنِیٌّ: جزیرۂ ابن عمر میں ایک موضع نیز ذوقار (کوفہ اور واسط کے درمیان) کے قریب نواحِ اُدَم میں ایک پانی۔

ثَنِیَّۃُ اُمِّ قِرْدَان: مکہ میں اسود بن سفیان کے گھر کے پاس ایک گھاٹی۔

ثَنِیَّۃُ بَیْضَاء: مکہ کے شمال میں ایک گھاٹی۔

ثَنِیَّۃُ الرِّکَاب: نہاوند سے چند فرسخ دور ایک گھاٹی۔

ثَنِیَّۃُ الْعُقَاب: دمشق و حمص کے راستے پر، نیز مقیصرہ کے پاس ایک گھاٹی۔

ثَنِیَّۃُ مِدْرَان: مدینہ و تبوک کے راستے پر ایک مقام۔

ثَنِیَّۃُ الْمَذَابِح: کوہِ ثہلان (نجد) کی ایک چڑھائی۔

ثَنِیَّۃُ الْمُرَّۃ: مکہ و مدینہ کے درمیان ایک مقام جہاں سے سفرِ ہجرت میں حضورؐ بھی گزرے تھے۔

ثَنِیَّۃُ الْوَدَاع: مدینے کے جنوب میں ایک گھاٹی جہاں تک اہلِ مدینہ اپنے معزز مہمانوں کو رخصت کرنے جاتے ہیں۔

ثَوَابَہ: بغداد کا ایک محلہ۔

ثَوْر: مکہ کے قریب ایک پہاڑ۔ جس کے غار میں حضور صلعم نے ہجرت کے دوران پناہ لی تھی۔ نیز بلادِ مُزَینہ میں ایک وادی۔

ثَوْرَا: دمشق میں ایک دریا۔

ثَوْمَہ: یمن میں ایک قلعہ

ثَوِیْر: ضریّہ کا ایک پہاڑ۔

ثَوِیَّہ: کوفہ میں یا کوفہ کے پاس ایک موضع یا حیرہ کی طرف ایک مقام۔

ثَہْلَان: بلادِ بنو نمیر (نجد) میں ایک پہاڑ۔

ثَہْلَل: ساحلِ بحر کے ایک سبز خطے ریف (یاقوت نے ساحل کی تعیین نہیں کی) کی ایک بستی۔

ثَہْمَد: حمیٰ ضریّہ کی سرحدی پہاڑیوں میں سے ایک یا دیارِ بنو عامر میں ایک پہاڑ۔

ثَیْتَل: نباج کے قریب ایک پانی یا بنو حمان کی ایک بستی۔

ثَیْلَہ: نجد میں بنو اسد کے ایک پہاڑ قطن کے دامن میں ایک چشمہ۔

ج

جاب : بلادِ تمیم میں شقیق کے پاس ایک مقام۔

جابان : یمن میں ایک آبادی۔ نیز واسط کا ایک گاؤں۔

جاب روان : تبریز کے قریب ایک شہر۔

جابری : یمامہ میں ایک مقام۔

جابق : شاید طوس کے پاس ایک بستی۔

جابلق : مراکش کا ایک شہر۔

جابیہ : سوادِ دمشق کی ایک بستی۔

جاجرم : نیشاپور۔ جُوین اور جُرجان کے درمیان ایک علاقہ نیز ایک شہر۔

جاجن : بُخارا کا ایک گاؤں۔

جادوا : جبلِ نفوسہ (طرابلس اور قیرواں کے درمیان پہاڑوں کا ایک سلسلہ) کا ایک شہر۔

جادیہ : سوادِ بلقاء (اُردن) کی ایک بستی۔

جاذر : واسط کا ایک گاؤں۔

جار : مدینہ کے جنوب مغرب میں ساحلِ قلزم پہ ایک شہر۔ نیز بحرین کا ایک گاؤں اور موصل کے مشرق میں ایک پہاڑ۔

جارف : تہامہ کا ساحلی علاقہ۔

جاش : دیارِ بلقین (بنو القین) بن جسر میں ایک پہاڑ۔

جازان : صنعاء اور مکّہ کے درمیان ایک موضع۔

جازر : سوادِ نہروان میں ایک گاؤں۔

جاسک : خلیج ایران میں عُمان اور جزیرۂ کیش کے درمیان ایک جزیرہ۔

جاسم : دمشق سے آٹھ فرسخ دُور ایک گاؤں۔

جاکردیزہ : سمرقند کا ایک محلّہ۔

جاکہ : بلادِ اہواز میں ایک علاقہ۔

جال : آذربیجان میں ایک موضع۔

جالصہ : سِسلی کا ایک شہر۔

جالطہ : سوادِ قرطبہ میں ایک گاؤں۔

جالقان : سیستان کا ایک قصبہ۔

جامدہ : سوادِ واسط میں ایک گاؤں۔

جامع : سوادِ دمشق کی ایک بستی۔

جامعین : کوفہ اور بغداد کے درمیان ایک شہر جسے حِلّہ بنو مزید کہتے ہیں۔

جاورسان : ہمدان کا ایک محلّہ یا گاؤں۔

جاورسہ : مرو کے قریب ایک بستی۔

جاہلی : یمن کا ایک قلعہ۔

جاثف : یمامہ میں اس نام کے کئی مواقع ہیں۔

جُبْث : ارضِ بربر میں ایک شہر۔
* کوہِ سلمیٰ میں طے کی ایک سیرگاہ۔
* نجد میں مختلف قبائل کا پانی۔
* حلب کی ایک بستی۔
* قاہرہ کے پاس ایک گاؤں۔
* اُرْدُن کا وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو پھینکا گیا تھا۔ یہ طبریہ و بانیاس کے مابین یا نابلس اور سنجل کے درمیان واقع تھا۔

جَبَا : یمن میں جَنَد کے قریب ایک پہاڑ نیز مکہ و مدینہ کے درمیان وادیٔ جبیٰ (رُوَیثہ کے پاس) کی ایک شاخ۔

جُبًّا : خُوزستان کا ایک قصبہ۔

جُبَاب : دیارِ بنو سعد بن زید مناۃ بن تمیم میں ایک موضع۔

جُبَابَات : ذُوقار کے پاس ایک جگہ۔ نجد میں ایک پانی، اور دیارِ اَوْد بن صَعب میں ایک موضع۔

جَبَا اَلْبَرَاق : جزیرہ اور شام میں ایک ایک موضع۔

جُبَابَہ : ذُوقار کے پاس ایک موضع یا نجد میں ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

جَبَابِیْن : سوادِ بغداد میں دُجیل (ایک دریا) کا ایک گاؤں۔

جَبَاجِب : مکہ کے چند محلے یا پہاڑ۔

جُبَاجِبَہ : دیارِ بنو کلاب میں ایک پانی۔

جَبَاخَان : بلخ کے قریب ایک گاؤں۔

جُبَار : مدینہ اور فَید کے درمیان بنو حُمَیس بن عامر کا ایک پانی۔

جَبَّاز : یمن کا ایک گاؤں۔

جِبَال : اصفہان۔ زنجان۔ ہمدان اور رَے کا درمیانی علاقہ جِبَال کہلاتا ہے۔

جَبَّان : سوادِ اَبَرْاز میں ایک علاقہ۔

جَبَانَا : انبار و بغداد کے درمیان ایک علاقہ۔

جَبَّانَہ : کوفہ میں قبرستان کو جَبَّانَہ کہتے ہیں اور وہاں کئی جبانہ ہیں :
مثلاً :- جَبَّانَۃُ کِنْدَۃ
جَبَّانَۃُ السَّبِیْع وغیرہ

جَبَاۃ : شام میں حلب اور تدمر کے درمیان ایک چشمہ۔

جُبَّاۃ : فارس میں ایک موضع۔

جَبْتَل : یمن میں ایک موضع۔

جُبْثَا : سوادِ موصل کا ایک علاقہ۔

جُبْ جُب : نواحِ یمامہ میں ایک چشمہ۔

جَبْ جَبَان : مکہ میں دو پہاڑ۔

جُبْجَۃ : یمن کا ایک موضع۔

جِبْرِین : بیت المقدس اور عسقلان کے مابین ایک علاقہ۔

جُبْلَان : یمن میں وادیٔ زُبید اور وادیٔ رِمَع کے درمیان ایک وسیع آباد علاقہ۔

جَبَلُ جَوْش : دیارِ بکر کے متصل ایک وسیع علاقہ۔

جَبَلُ الْخَمْر : بیت المقدس کا پہاڑ۔

جَبَلُ السُّمَّاق : سوادِ حلب میں ایک اونچا پہاڑ۔

جَبُّل : واسط و نعمانیہ کے درمیان ایک قصبہ۔

جَبَلُ الطَّیْر : نیل کے مشرق میں مصرِ صعید کا ایک پہاڑ۔

جَبَلَہ : نجد میں ایک سُرخ پہاڑی۔ نیز حجاز میں ایک موضع۔

٭ لاذقیہ کے قریب ساحلِ شام پر ایک قلعہ۔

٭ بحرین میں ایک گاؤں۔ اور

٭ تہامہ میں ایک قلعہ۔

جِبْلَہ : یمن میں ایک شہر۔

جَبَلِ ہِلَال : دمشق کے پاس ایک پہاڑ۔

جُبْن : یمن میں ایک قلعہ۔

جَبُوب : ایضاً۔

جَبُّول : سوادِ حلب میں ایک گاؤں۔

جُبَّہ : دمشق اور بعلبک کے درمیان ایک علاقہ جو جبۃِ عسَیل کہلاتا ہے۔ نیز سوادِ بغداد میں نہروان کا ایک گاؤں۔

٭ کوفہ کے قریب ایک خطّہ۔

٭ راہِ خراسان پر اور مصر و طرابلسِ شام میں ایک ایک گاؤں۔

جُبَیب : بلادِ طے اور ارضِ جُشَم میں ایک ایک وادی۔

جُبَیل : سَلع (دیارِ ہذیل کا ایک پہاڑ) یا کوہِ سَلع (حجاز) کا ایک نام۔ نیز بیروت کے مشرق میں ایک شہر۔

٭ یمامہ میں بنو زید بن عُبَید بن ثعلبہ کا ایک پانی۔

٭ مدینہ و سمذر کے درمیان ایک موضع۔

٭ کوفہ و فَید کے درمیان ایک پہاڑ۔

٭ حمص کے قریب ایک پہاڑی۔ اور

٭ جبلِ بان کا ایک نام۔

جُتَاوِب : نواحِ مکہ میں ایک موضع۔

جُثَا : خیبر اور فَدَک کے درمیان ایک مقام۔

جُثَّا : طے کا ایک پہاڑ۔

جَثْ جَاثَہ : بنو عمرو بن کلاب کے پہاڑوں میں ایک کڑوا پودا۔

٭ نیز حِمٰی ضریّہ کے مشرق میں بنو غنی کا ایک پانی۔

جَثْ یَاثَہ : ضریّہ میں بنو غنی کا ایک پانی۔

جِجَاز : بخارا کی ایک نواحی بستی۔ اسے سِجَاز بھی کہتے ہیں۔

جُحَاف : یمن میں ایک پہاڑ۔

جُحَّاف : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

جَحْدَم (اُمِّ جُحْدَم) : یمن میں بلادِ کنانہ و ازد کے درمیان ایک گاؤں۔

جَحْشِیَّہ : سوادِ خابور میں ایک بستی۔

جُحْفَہ : مدینہ اور مکہ کی راہ پر چوتھی منزل پہ ایک گاؤں۔ جو اہلِ شام اور مصر کی میقات بھی ہے۔

جَحُوز : یمامہ میں بنو سَعد کا ایک موضع۔

جُخَادَہ : بخارا کا ایک گاؤں۔

جَخْ زَنی : سمرقند سے تین فرسخ پر ایک گاؤں۔

جَدّ : جزیرہ اور بلادِ سُغد میں ایک ایک چشمہ۔

جَدَاء : نجد میں ایک موضع۔

جَدَا جِد : مکہ و مدینہ کی راہ پہ ایک کنواں۔ جس سے سفرِ ہجرت میں حضور صلعم گزرے تھے۔

جِدَاذ : کوفہ و شام کے درمیان ایک مقام۔

جُدَاذ : عرب میں ایک ندی یا دریا۔

جِدَار : یمامہ کی ایک بستی۔

جُدّان : موصل سے دو منزل دُور ایک قصبہ۔

جَدّاوَة : بَرقہ کا ایک گاؤں۔

جَداءَة : بلادِ غطفان میں ایک موضع۔

جَدّاثِر : بلادِ ضباب میں حِمیٰ ضریّہ سے تین میل کے فاصلے پر ایک وادی۔

جَدُّ الاَثافی : عقیقِ مدینہ میں ایک موضع۔

جَدُّ المَوالی : عقیق۔ جزیرہ دیارِ بنو سعد اور دیارِ عبس (نجد) میں ایک پانی۔

جَدَد : بلادِ ہُذَیل میں ایک موضع۔

جَدَر : حمص اور سَلَمِیَّة کے مابین ایک گاؤں۔

جَذر : مدینہ سے چھ میل قباء کی طرف ایک چراگاہ جس میں حضورؐ کی اونٹنیاں چرتی تھیں۔

جَدرِیق : یمن میں سوادِ جَنَد کا ایک گاؤں۔

جَدَن : شاید یمن میں ایک جنگل۔

جَدوَاء : نجد میں ایک موضع۔

جَدُود : ارضِ تمیم میں ایک موضع۔

جِدَّة : بحیرۂ قلزم میں مکّہ کی بندرگاہ جو مکّہ سے اندازاً چالیس میل دُور ہے۔

جَدَیا : دمشق کی ایک نواحی بستی۔

جُدَید : بصرہ میں دیارِ بنی جُدَید۔ یہ یمن کا ایک قبیلہ تھا جو بصرے میں آباد ہو گیا تھا۔

جَدِید : دیارِ ازد میں ایک پہاڑ، اور یمامہ کی ایک نہر۔

جَدِیدَة : مصر میں اس نام کے دو گاؤں : ایک مشرقی مصر میں۔ اور دوسرا مغربی مصر میں۔

جُدَیدَة : موصل اور نَصِیبَین کے درمیان ایک قلعہ۔

جُدَیف : حجاز میں ایک موضع۔

جَدِیلَة : بصرہ و مکّہ کی راہ پر ایک مقام یا مشرب۔

جَدِیَّة : نجد میں ایک خِطّہ۔

جُدَیَّة : طے کا ایک پہاڑ۔

جَذَم : بلادِ فَہم بن عمرو بن قیس عَیلان میں ایک خِطّہ۔

جُذمان : مدینہ میں ٹیلوں والا ایک موضع۔

جَذِیذ : مکّہ کے پاس ایک موضع۔

جَذِیمَة : کوفہ کی ایک مسجد۔

جَرّ : شام میں بعلبک کے قریب ایک پہاڑ۔ نیز حجاز و اُحد میں ایک ایک موضع۔

جَرّا : قُم اور ہمدان کے درمیان ایک علاقہ۔

جُراب : شاید مکّہ میں ایک پُرانا کنواں۔

جُراباذ : مَرو کا ایک گاؤں۔

جَرّاح : مصر میں ایک شہر۔

جُراد : دیارِ تمیم میں ایک پانی یا ریگستان یا دیارِ بنو عامر میں ایک موضع۔

جَرادی : سوادِ منشعار میں ایک گاؤں۔

جِراز : سوادِ مدینہ اور نواحِ قِنّسرین میں ایک موضع۔

جَرّارة : سوادِ بطیحہ میں ایک علاقہ۔

جُرارة : سوادِ بصرہ میں ایک موضع۔

جُراف : ایک ندی جو سُلّی میں گرتی ہے۔

جِرام : فارس کا ایک گاؤں۔

جَرامیز : یمامہ میں ایک موضع۔

جَرَوِی : بلادِ قَین بن جَسر یا ارضِ طے

میں ایک پانی۔

جَرَبْ : یمن میں ایک موضع۔

جَرْبَا : شام کا ایک شہر۔

جَرْبَاء : اَرْدُن میں عُمّان کا ایک موضع۔ نیز بصرہ و یمامہ کے درمیان بنو سعد بن زید مناۃ بن تمیم کا ایک پانی۔

جَرْبَاذَقَانْ : اِصفہان و ہمدان کے درمیان نیز جُرجان و اَستر آباد کے درمیان ایک ایک شہر۔

جَرْبَتَانْ : جہران کے قریب یمن کا ایک گاؤں۔

جَرْبَشْت : جبالِ طبرستان میں ایک بستی۔

جُرُبَّہْ : بنو عامر کا ایک پہاڑ۔

جَرْبَہْ : مراکش کا ایک گاؤں یا جزیرہ۔

جُرْث : صنعاء کی ایک نواحی بستی۔

جُرْثُمْ : نجد میں تکنان اور ثرمُس کے درمیان بنو اسد کا ایک پانی۔

جُرْج : فارس کا ایک قصبہ۔

جَرْجَا : اِخمیم کے قریب مصر کا ایک گاؤں۔

جُرْجَانْ : دامغان اور اَستر آباد کے درمیان طبرستان کا ایک اہم شہر۔

جُرْجَانِیَّہْ : سوادِ خُوارزم میں لبِ جیحُون ایک بڑا شہر۔ جسے اہلِ خوارزم کُرْکانج کہتے ہیں۔

جَرْجَرَایَا : واسط و بغداد کے درمیان نہروان کا ایک شہر۔

جُرْجَسَار : بلخ اور مرو کے پاس ایک ایک گاؤں۔

جَرْجَنْبَانْ : رَے اور ساوہ کے مابین ایک قریہ۔

جُرْجُوْمَہْ : انطاکیہ کے قریب ایک گاؤں۔

جَرْجِیْر : مصر میں فرما کے قریب ایک موضع۔

جُرْجِیْنْ : بصرہ اور واسط کے درمیان ایک موضع۔

جَرْحَہْ : عسقلان (اَرْدُن) کا ایک قریہ۔

جُرْخَانْ : خُوزستان کا ایک شہر۔

جُرْخَبَنْد : ارمینیہ یا اذربیجان کا ایک قصبہ۔

جِرْدْ : نواحِ بیہق میں ایک بستی۔

جَرَدْ : دیارِ سُلیم میں ایک پہاڑ۔

جَرْدَانْ : غزنی و کابُل کے مابین ایک قصبہ۔

جَرَدَہْ : یمامہ کی ایک نواحی بستی۔

جَرْدَوْس : کرمان کا ایک ناحیہ (علاقہ)۔

جُرْذَقِیْلْ : سوادِ زوزان میں ایک قلعہ۔

جُرْزَانْ : ارمینیہ میں ایک علاقہ۔

جُرْزُوَانْ : نواحِ جوزجان (از اعمالِ بلخ) کا ایک آباد شہر۔

جُرْزَہْ : بنو ربیعہ (یمامہ) کا ایک خطّہ۔

جَرْسِیْف : مراکش میں تلمسان و فارس کے درمیان ایک شہر۔

جَرَشْ : سوادِ بلقاء (اَرْدُن) میں ایک پہاڑی شہر۔

جُرَشْ : یمن کا ایک گاؤں۔

جَرْعَاءُ مَالِکْ : دہناء میں حزوی کے پاس ایک مقام۔

جَرَعَہْ : کوفہ کے قریب ایک موضع۔

جُرْف : مدینہ و شام کی راہ پہ مدینہ سے تین میل دُور ایک موضع۔ یمن، حیرہ، یمامہ اور مکّہ کے قریب بھی ایک ایک جُرف ہے۔

جُرَفَاز: نواحِ عُمان میں ایک سبز شہر۔
جُرْفَہ: یمامہ میں عَدِی بن عبدِ مناۃ کا ایک پانی۔
جَرقُوَہ: اصفہان کا ایک نواحی گاؤں۔
جَرکَان: جُرجان کی ایک بستی۔
جُرکَان: اصفہان کی ایک بستی۔
جِرْم: نواحِ بدخشاں میں ایک قصبہ۔
جَرْمَاثَا: نواحِ دمشق کا ایک موضع۔
جُرْمَانُس: ایضاً۔
جَرْمَق: صُوبۂ فارس میں ایک قصبہ۔
جَرْمَہ: جنوبی افریقیہ میں علاقۂ فزان کا ایک قصبہ۔
جَرمیذَان: غالباً سوادِ ہمدان میں ایک گاؤں۔
جُرمِیقَن: نواحِ مَرْو میں ایک بستی۔
جُرَنی: ارمینیہ میں دبیل کے پاس ایک بستی۔
جُروَآان: اصفہان کا ایک محلّہ۔
جَروَاتِکَن: سیستان کا ایک گاؤں۔
جَرُوْد: نواحِ دمشق میں ایک بستی۔
جُرُوز: مصر میں ایک گاؤں۔
جَرُوز: فارس کا ایک موضع۔
جَرَوس: ہرات و غزنی کے درمیان غور کا ایک قصبہ۔
جُرُوس: نجد میں بنو عُقَیل کا ایک پانی۔
جَرْوَلَہ: نجد میں بنو غنی کا ایک پانی۔
جِرَہ: فارس کا ایک خطّہ۔
جُرْہَد: طبرستان میں ایک قلعہ۔
جُرَیب: یمن اور سوادِ ہجر (بحرین) میں ایک ایک گاؤں۔
جَرِیب: نجد کی ایک ندی جو بطن الرّمہ میں بہتی ہے۔
جَرِیر: کُوفہ کا ایک موضع۔
جُرَیر: دیارِ بنی اسد کی ایک وادی۔ یا حمیٰ ضریۃ کے مشرق میں غنی کا ایک گاؤں۔
جُزَیر: بصرے کا ایک محلّہ۔ نیز مکّہ کے پاس ایک موضع۔
جَرِیرا: مَرْو کا ایک گاؤں۔
جُرَیزَہ: بنو اسد کا ایک ذخیرۂ آب۔
جُرَیسَات: مصر میں ایک موضع۔
جُرَیسی: قاع اور زُبالہ کے درمیان۔ زُبالہ سے گیارہ میل پر ایک موضع۔
جُرَین: نجد میں سواج اور منیر کے درمیان ایک موضع۔
جَزْء: شخص اور یبرین کے درمیان ایک ریگستان۔
جُزْء: خوزستان میں عسکرِ مُکرَم کے قریب ایک دریا۔
جَزَائر: تونس اور مراکش کے درمیان ایک وسیع مُلک۔ جس کا رقبہ ۱۹۰۶ء میں ساڑھے آٹھ لاکھ مربع میل تھا، اور آبادی اندازاً سوا کروڑ۔
اَلجَزَائِرُ الخَالِدَات: بحرِ اوقیانوس میں طنجہ کے سامنے چھ جزائر، جن میں کبھی چند منجم، فلسفی اور جغرافیہ دان جمع ہو گئے تھے۔ انھیں جزائر السعادۃ بھی کہتے ہیں۔
جَزبَاذَان: سوادِ نیشاپور میں ایک بستی۔
جُزُب: یمن میں ذمار کا ایک گاؤں۔
جَزْز: حلب میں ایک ضلع اور بیابانِ عرب میں ایک موضع۔

جُزْرَةٌ : کوفہ و فَید کے درمیان ایک وادی، اور یمامہ میں ایک موضع۔

جَزْعُ بَنِی کُوزْ : دیارِ بنو ضباب (نجد) میں ایک موضع۔

جَزْعُ بَنِی حَمَّازْ : یمامہ میں ایک وادی۔

جَزْعُ الدَّوَاهِیْ : ارضِ طے میں ایک موضع۔

جَزْلْ : مکہ کے قریب ایک موضع۔

جَزْنَقْ : آذربیجان میں مَراغہ کے قریب ایک شہر۔

جَزْنَةْ : غزنی کے قریب ایک گاؤں۔

جَزَةْ : سیستان کا ایک شہر۔

جِزَّةْ : خراسان میں ایک موضع۔

جُزَیْرَةْ : اَندلس کے مشرق میں جزائر منارقہ اور مجارقہ کے نام۔ نیز یمامہ میں ایک موضع۔

جَزِیْرَةُ ابْنِ عُمَرْ : موصل اور جزیرہ، نیز دجلہ و فرات کے درمیان ایک وسیع خطہ۔

جَزِیْرَةُ اَقُوْرْ : یہ دجلہ اور فرات کے دوآبے کا وہ حصہ ہے۔ جو شام سے ملحق ہے۔ یہ دیارِ بکر اور دیارِ مُضر پر مشتمل ہے۔

جَزِیْرَةُ خَضْرَاءْ : جبرالٹر کے قریب اُندلس کا ایک شہر، نیز علاقہ، نیز مشرقی افریقہ کا ایک جزیرہ جو بحرِ ہند میں واقع ہے۔

جَزِیْرَةُ شَرِیْک : سُوسہ و تُونس کے درمیان ایک علاقہ۔

جَزِیْرَةُ قَوْسَنِیَا : مصر میں فُسطاط و اسکندریہ کے مابین ایک علاقہ۔

جَزِیْرَةُ کَاوَانْ : بحرِ ایران میں عُمان و بحرین کے درمیان ایک جزیرہ۔

جَزِیْرَةُ کَمَرَانْ : یمن میں زَبید کے قریب ایک جزیرہ۔

جَزِیْرَةُ مَزْغَنَّاءْ : الجیریا میں شہر الجزائر کا ایک نام۔

جَزِیْرَةُ مِصْرْ : فُسطاط کا ایک محلہ۔

جَزِیْرَةُ بَنُوْ نَصْرْ : مشرقی مصر کا ایک علاقہ۔

جُزَیْنْ : نیشاپور کا ایک گاؤں۔

جِزِیْنْ : اصفہان کی ایک بستی۔

جِسْرْ : جیزہ کے قریب ایک مقام۔

جِسْرُ الْوَلِیْدْ : مصیصہ اور اُذنہ کے درمیان ایک پُل۔

جَسْرَةْ : یمن میں ایک بستی۔

جِسْرِیْنْ : نواحِ دمشق میں ایک گاؤں۔

جَشْ : صُور و طبریہ (فلسطین) کے درمیان ایک قصبہ۔ نیز دیارِ جشم بن بکر (حجاز) اور دیارِ طے میں ایک ایک پہاڑ اور بنو فزارہ کا ایک کھاری پانی۔

جَشَرْ : نجد میں بنو عامر، عُقیل اور بنو حارث بن کعب کا ایک پہاڑ۔

جُشَمْ : سوادِ نیشاپور میں بیہق کا ایک گاؤں۔

جِصِّیْنْ : مرو کا ایک محلہ۔

جَطَّاءْ : دجلہ کے مشرق میں بصرہ کا ایک دریا۔

جَطِیْنْ : جزیرۂ سسلی کا ایک شہر۔

جَعْبَرْ : صفین کے قریب رقہ و بالس کے درمیان ایک قلعہ۔

جِعْرَانَةْ (جِعِرَّانَةْ) : طائف اور مکہ کے درمیان ایک ذخیرۂ آب۔ جہاں حضورؐ نے بعد از غزوۂ حُنین قیام فرمایا تھا۔

جَعْفَرِیْ : سامرا (نزد بغداد) میں خلیفہ

متوکّل کا ایک محل۔ متوکّل اِسی محل میں قتل ہُوا تھا۔

جَعْفَرِیَّۃ : مشرقی بغداد کا ایک محلّہ۔

جُعْفِیْ : یمن میں ایک قبیلہ جُعْفِی بِن سَعْد کی بستیاں۔

جَمْعُوْسَۃ : نجد میں جبلہ کے قریب بنو ضبینہ کا ایک پانی۔

جَغَانِیَان : ماوراءُ النہر میں ترمذ کے قریب ایک علاقہ۔

جِفَار : بنو تمیم کا ایک پانی
* نجد میں ایک موضع۔
* ضریّہ کے قریب بنو ضباب کا ایک آبی ذخیرہ۔
* مصر و فلسطین کے درمیان ایک علاقہ۔

جِفَافُ الطَّیْر : بلادِ اسد میں ایک پتھریلی زمین۔

جَفْ جَفْ : مکّہ کے قریب ایک گھاٹی۔ جو وادیٔ ترہ سے آملتی ہے۔

جَفْر : حِمیٰ ضریّہ میں ایک موضع۔
* بنو نصر بن قُعَین کا ایک پانی۔
* ارضِ جزیرہ میں ایک مقام (جغرافیہ ملاک)۔
* حجر یمامہ میں رابعس کے قریب، منیوذ دیارِ ابوبکر بن کلاب میں اور مکّہ و یمامہ کے درمیان ایک ایک پانی۔
* بطنِ رُمّہ میں بنو عبس کا ایک پانی (جفر الشّم)۔
* مکّہ میں ایک کنواں جو مُرّہ بن کعب یا اُمیّہ نے کھدوایا تھا اور جفر الھباءۃ ارضِ شربّہ میں تھا۔

جَفْرَان : یمامہ میں ایک موضع۔

جُفْرَتَان : بصرہ میں ایک موضع۔

جُفْرَۃ : ایضاً

جُفْلُوْد : سسلی کا ایک شہر۔

جَفْن : نواحِ طائف میں ایک علاقہ۔

جُفَیْر : بحرین میں ایک بستی۔

جَکَّان : ہرات کا ایک محلّہ۔

جُکْرَان : سیستان کا ایک قصبہ۔

جِکِل : ترکستان کا ایک گاؤں۔

جُلّ : واقصہ سے آٹھ میل پر سلمان کے قریب ایک موضع یا قادسیہ و زُبالہ کی راہ پر قَرْعَاء سے سولہ میل دُور ایک مقام۔

جُلَاب : حرّان کے پاس ایک دریا۔

جُلَابَاذ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

جُلَاجِل : دہناء میں ایک پہاڑ۔

جَلَال : نجد کا وُہ راستہ جو مکّہ کو جاتا ہے۔

جَلَال آبَاد : پشاور اور کابل کے وسط میں ایک اہم شہر اور گومس کے قریب ایک قلعہ۔

جَلَامِیْد : دیارِ تمیم میں بنو یربوع کا ایک موضع۔

جَلَّانِیَّۃ : نواحِ موصل میں ھکّاریہ کا ایک قلعہ۔

جَلَاوَنْد : قُم کے پاس ایک بستی۔

جُلْب : تہامہ کی ایک ندی۔

جَلْث : بلادِ عبس (نجد) میں ایک موضع۔

جُلْبَاط : انطاکیہ و مرعش کے درمیان ایک علاقہ۔

جُلْجُل : دیارِ ضباب میں ایک مقام۔

جَلْع : نجد میں بنو کلب کا ایک پانی۔

جَلْحَاء : غُویر سے چھ میل پر عقبہ اور قاع کے درمیان ایک موضع۔

جَلَغ بَاقَان : مَرْو کا ایک گاؤں۔
جُلَغ تُجَان : مَرْو سے پانچ فرسخ دُور ایک بستی۔
جِلْذَان : طائف کے قریب ایک مقام۔
جِلْس : دیارِ غطفان کے قریب ایک پہاڑ۔
جَلْس : نجد کی سطحِ مرتفع۔
جَلَسَذ : حضرموت میں کندہ کا ایک بُت۔
جَلَق هَوْرِی : نواحِ موصل میں هکاریہ کا ایک قلعہ۔
جُلَعَب : نواحِ مدینہ میں ایک پہاڑ۔
جَلَف : مصر میں علاقہ بہنیہ کا ایک قصبہ۔
جُلْفَار : مَرْو شاہ جہان کی ایک نواحی بستی۔
جُلْفَار : عمان کا ایک قصبہ۔
جِلِق : نواحِ دِمشق میں ایک علاقہ یا خود دمشق یا دِمشق کے قریب ایک بستی نیز اَندلُس میں سرقسطہ کا ایک علاقہ۔
جُلَک : شاید نواحِ اِصفہان میں ایک بستی۔
جُلَل : صنعاء کے پاس ایک علاقہ۔
جُلَل ثَا : نہروان کا ایک گاؤں۔
جُل مَاشِرْذ : اِصفہان کے قریب ایک بستی۔
جَلُو آباذ : ہمدان کے پاس ایک گاؤں۔
جَلُوذ : اِفریقیہ کا ایک شہر یا شام میں ایک گاؤں۔
جَلُولَاء : خانقین سے سات میل مشرق کی طرف ایک علاقہ نیز ایک دریا۔ قیروان سے چوبیس میل دُور ایک شہر۔
جَلُونَتَيْن : سوادِ بعلبک کی ایک بستی۔
جَلْوَد : ضریّہ میں بنو ضبّہ کا ایک پانی۔
جَلْهَتَان : ضریّہ میں دو مواضع۔

جِلْيَانَة : اَندلُس میں ایک قلعہ۔
جُلَيْجِل : دِمشق کے مشرق میں دو منزل پہ ایک مقام۔
جَلِيل : ساحلِ شام پہ ایک پہاڑ جو حمص تک چلا جاتا ہے۔ اس کے کئی نام ہیں۔ فلسطین کا حصہ جبل الخَمَل۔ اُردُنّ میں جبل الجلیل۔ دمشق کے قریب لُبنان اور حمص میں سنیر کہلاتا ہے۔ اِجاء اور مکّہ کے قریب ایک ایک وادی ذوالجلیل کہلاتی ہے۔
جُلَيَّة : وادیِ القُریٰ کے قریب ایک موضع۔
جَمّ : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔
جَمّاء : مدینہ سے تین میل عقیق کی طرف ایک پہاڑی یا تین ندّیاں۔ جو مدینہ کے قریب مختلف سمتوں میں بہتی ہیں۔
جُمَلْجِم : طائف کی ایک وادی عَمْق میں ایک جھیل۔
جَمَاجِمُو : جُرجان کا ایک محلّہ۔
جِمَار : مِنیٰ میں ایک موضع۔ جہاں کنکریاں ماری جاتی ہیں۔
جَمّاز : یمن کے قریب ایک جزیرے کی ایک بستی۔
جَمّاعِيل : نابُلس (فلسطین) کے قریب ایک پہاڑی گاؤں۔
جُمَان : نجد کا ایک موضع۔
جُمَاق : یمن میں ایک جگہ۔
جَمَاهِرِيَّة : ساحلِ شام پہ ایک قلعہ۔
جُمَح : بنو نُمیر کا ایک پہاڑ۔
جُمْجُمَة : عمان اور عدن کے درمیان ایک دریائی چٹان۔
جُمُد : بنو نصر (نجد) کا ایک پہاڑ۔

جَمَدْ : بغداد کے قریب ایک شاداب گاؤں۔

جُمْدَان : ینبع اور عیص بطنِ اِضم(؟) سُلیم کے مابین ایک پہاڑ۔

جُمْرَان : حِمیٰ ضریّہ میں یا یمامہ و فیدک کے درمیان ایک پہاڑ۔

جَمْرَة : منیٰ میں کنکریاں مارنے کی جگہ۔

جَمْرِیس : مصر صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک بستی۔

جَمْز : یمامہ و یمن کے درمیان ایک پانی۔

جَمْع : مُزدلفہ کا ایک نام۔ نیز جبال سراۃ میں شَنُوکہ کے پاس ایک قلعہ۔

جَمَلْ : چاہِ جَمَل مدینہ میں ہے۔ لحیِ جَمَل دو مقامات کا نام ہے۔ ایک مدینہ و فید کے درمیان ہے اور دوسرا نَجْرَان و تَثْلِیث کے مابین۔ لحیا جَمَل یمامہ کے دو پہاڑوں کا نام ہے اور عَینِ جَمَل کوفہ کے قریب ایک چشمے کا۔

جُمُن : یمامہ میں ایک پہاڑ۔

جَمُوم : بصرہ و مکہ کی راہ پر مَرّان کے پاس ایک پانی۔ نیز بنو سُلیم کا ایک خطہ۔

جَمِیل : بغداد کا ایک دروازہ یا محلّہ (دابِ جَمیل)۔

جَنَاب : سماوہ (عراق) میں ایک جگہ۔

جِنَاب : یمن یا یمامہ یا خیبر اور وادی القریٰ کے قریب ایک مقام یا مدینہ و فید کے درمیان بنو فزارہ کا ایک گاؤں۔

جُنَابِذ : نیشاپور کا ایک ناحیہ (علاقہ)۔

جَنَّابَه : فارس میں ساحل کے قریب ایک شہر۔

جَنَاخ : دیارِ بنو عجلان (نجد) میں ایک پہاڑ۔

جُنَادِل : مصرِ صعید میں اَسوان کے قریب ایک مقام۔

جِنَارَة : اَسترآباد کے قریب طبرستان کا ایک گاؤں۔

جَنَاشُک : جرجان (طبرستان) کا ایک قصبہ۔

جَنَان : نجد کی ایک وادی یا پہاڑ۔

جِنَان : جنّت کی جمع۔ اس کی طرف کئی درواز منسوب ہیں :- ایک رقّہ میں ہے۔ دوسرا حلب میں اور تیسرا بصرے میں۔ اندلس میں طلیطلہ کا ایک باغ جِنان الورد کہلاتا ہے۔

جَنَّب : دجلہ کے مشرق میں بصرے کا ایک علاقہ۔

جَنْب : یمامہ میں بنو العدویہ کا پانی۔ نیز یمن کی ایک قبائلی آبادی، اور عراق میں سوادِ بطیحہ کا ایک خطہ۔

جَنْبَاء : یمامہ میں تمیم کا ایک موضع۔

جُنْبُذ : نیشاپور نیز فارس کا ایک ایک گاؤں۔

جُنْبُلَاء : کوفہ و واسط کے درمیان ایک منزل۔

جِنْثَاء : دمشق اور بعلبک کے درمیان ایک خطہ۔

جَنْجَان : فارس میں ایک قصبہ۔

جُنْجُرُوذ (کَنْجَرُوذ) : نیشاپور کا ایک گاؤں۔

جَنْجَرَة : حضرموت کا ایک قصبہ۔

جَنْد : ماوراء النہر میں لب سیحون ایک شہر۔

جَنَد : صنعاء سے ۵۸ فرسخ کے فاصلے پر ایک شہر۔ جہاں حضرت معاذ بن جبل (جنہیں حضورؐ نے محصّلِ زکوٰۃ بنا کر بھیجا تھا) نے ایک مسجد بنائی تھی جس کی زیارت کو لوگ حج سمجھتے ہیں۔

جُنْد : چند بستیوں کا کوئی مجموعہ۔ نیز یمن میں ایک پہاڑ۔

جُنْدفَرَج : نیشاپور کا ایک قریہ۔

جُنْدفَرْقَان : مَرْو کا ایک نواحی گاؤں۔

جَنْدَف : دیارِ خثعم (یمن) میں ایک پہاڑ۔

جَنْدَوِیَه : طالقان (خراسان) کا ایک گاؤں۔

جَنْدَة : نیل اور نعمانیہ (عراق) کے درمیان

ایک ناحیہ (علاقہ)۔

جَنْدِ یْوخُسْرَۃ : مدائنِ کسریٰ (عراق) کا ایک گاؤں۔ جہاں منصور عباسی نے خلافتِ عباسیہ کے بانی ابُو مُسلِم خُراسانی کو قتل کیا تھا۔

جَنْدِی شَاپُوْر : اس شہر کا بانی مشہور ساسانی بادشاہ شاپُورِ اعظم (۳۰۹ - ۳۷۹ء) تھا۔ جب وہ بنائے شہر ڈالنے لگا۔ تو زمین کے مالک جُنْدِی نے اصرار کیا کہ اُس کا نام بھی شہر کے نام میں شامل کیا جائے۔ چنانچہ اس کا نام جَنْدِی ۔ شاپور رکھ دیا گیا۔ (تفصیلی)

جُنْدِیْن : نواحِ ہمدان کا ایک گاؤں۔

جَنْزَرُوْذ : سوادِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔

جُنْزَۃ : شروان و آذربیجان کے درمیان ایک شہر۔

جِنْش : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔

جَنَفَاء : بلادِ فزارہ۔ نیز خیبر و فَید کے درمیان، اور یمامہ و مدینہ کی راہ پر ایک ایک موضع۔

جُنْقَان : فارس اور سوادِ خوارزم میں ایک ایک موضع۔

جَنُوْجِرْد : مَرْو سے پانچ فرسخ دُور ایک بستی۔

جُنَیْد : سوادِ نہروان میں ایک گاؤں۔

جُنَیْنَۃ : وادی القُریٰ اور شام کے درمیان ایک مقام۔ ضریّہ و دیارِ بنو یربوع (نجد) کے درمیان ایک سبزہ زار۔ نیز یمامہ کا ایک صحراء اور ضریّہ کی ایک وادی۔

جَوّ : یمامہ میں ایک علاقہ۔ نیز کئی دیگر مقامات کا نام۔ مثلاً :

* جوّ الخضارم * جوّ الجوادہ
* جوّ سویقہ * جوّ آثال

اور جوّ مرامر۔ جبل اجا میں بنو ثعلبہ بن درماء کی ایک بستی۔ بنو ثعل کا ایک خطہ۔ بنو نمیر (یمامہ) کے چند مواضع۔ جو جوِّ أَوْس ، جَوّ الضُّبَیْب اور جوِّ بَرْذَعَۃ کے نام سے مشہور ہیں۔ بنو یربوع کا ایک موضع جوُّ الْمَلَا جس پر بعد میں بنو جذیمہ قابض ہو گئے تھے۔

جِوَاء : یمامہ یا دیارِ عبس و اسد (نجد) میں ایک وادی۔ جہاں ایامِ ابوبکرؓ میں غطفان و ہوازن کے مُرتدین اور اسلامی عساکر (بہ قیادتِ خالد بن ولیدؓ) میں جنگ ہوئی تھی۔

جَوَّابَۃ : نجد کا ایک خطہ۔ جس کے پہاڑوں کا رنگ کالا ہے۔

جُوَاثَاء : بحرین میں ایک موضع، نیز عبد القیس کا ایک قلعہ۔

جَوَادَۃ : دیارِ طے (نجد) کا ایک مقام۔

جَوَاز : مدینہ کے قریب دیارِ مُزینہ کی ایک گھاٹی۔

جَوَان دَان : فارس کا ایک گاؤں۔

جَوَان کَان : جُرجان کی ایک بستی۔

جَوَّانِیَۃ : مدینہ کے قریب ایک موضع۔

جُوَاذ : یمن میں جَنَدْ اور زَبِیْد کا ایک ایک گاؤں۔

جُوبَار : اِصفہان کا ایک محلہ۔ نیز ہرات کا ایک قریہ (گاؤں)۔

جُوبَان : مَرْو کا ایک گاؤں۔

جَوْبَر : بغداد۔ نیشاپور اور نواحِ دمشق کا ایک ایک گاؤں۔ نیز قریۂ نیشاپور۔

جَوْبَرْقَان : سوادِ اِصطَخر (فارس) میں ایک علاقہ۔

جَوْبَرَۃ : بصرہ کے پاس ایک دریا۔

جُوبَق : نیشاپور، نسف اور مَرْو میں ایک

ایک موضع۔

جُوبَۃُ صَینیا : یمن میں عَشّر کے پاس ایک بستی۔

جُوجَر : دمیاط (مصر) کے قریب ایک قصبہ۔

جُوخا : سوادِ بغداد میں ایک نہری علاقہ۔

جَوخاء : واسط و مکہ کی راہ پر عینِ ضید اور زُبالہ کے درمیان ایک موضع۔

جَوخان : نواحِ اَہواز میں ایک گاؤں۔

جُوذ : کوہِ شُطَب (یمن) میں ایک قلعہ۔

جُوذَۃ : یمن کی ایک وادی میں ایک موضع۔

جُودِی : تُرکی اور ارمینیہ کی سرحد پر ایک پہاڑ ۱۶۹۴۶ فٹ بلند۔ جس پر کشتیِ نُوح جا ٹھہری تھی۔ اسے ارارات بھی کہتے ہیں۔

جُوذَرز : فارس میں ایک قلعہ۔

جوذقان : نیشاپور کے قریب بَاخَرز کا ایک گاؤں۔

جُوذمۃ : اذربیجان کا ایک پہاڑی گاؤں۔

جُور : فارس میں شیراز سے بیس فرسخ پر ایک شہر۔

جُور : اِصفہان کی ایک نواحی بستی۔

جُوراب : اِرمینیہ میں کُرزج کے پاس ایک گاؤں۔

جُوران : ہمدان کی ایک نواحی بستی۔

جُوزبذ : سوادِ نیشاپور میں اِسفرائین کی ایک بستی۔

جُوزتان : اِصفہان کی ایک نواحی بستی۔

جُوزجیز : اصفہان کا ایک محلہ۔

جَوز : تہامہ میں پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔

جُوز : نواحِ کرمان کی ایک بستی۔

جَوزان : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

جُوزجان (جُوزجانان) : افغانستان میں بلخ اور مرو کے درمیان ایک علاقہ۔

جُوزدان : نواحِ اصفہان کی ایک بستی۔

جَوزران : بغداد کے قریب عکبراء کا ایک گاؤں۔

جَوزفلق : گیلان کا ایک قصبہ۔

جَوزَق : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

جُوزقان : نواحِ ہمدان میں ایک بستی، اور حلوان کے پاس کُردوں کا ایک پہاڑ۔

جُوزۃ : سوادِ موصل میں ہکاریہ کا ایک پہاڑی گاؤں۔

جَوسف : سوادِ اصفہان میں ایک صحرائی علاقہ۔

جَوسَق : دُجیل (نواحِ بغداد) نہروان، مصر، تونس، سوادِ رَے اور نواحِ کوفہ میں ایک ایک قریہ (گاؤں)۔

جَوسقان : اِسفرائین کی نواحی بستی۔

جُوسِیَۃ : حمص کے جنوب میں چھ فرسخ کے فاصلے پر ایک بستی۔

جُوش : طوس کی ایک بستی۔

جَوش : بلادِ بَلقین بن جَسر میں ایک پہاڑ اور حِسمیٰ میں دو مقامات۔

جُوش : اِسفرائین (سوادِ نیشاپور) کا ایک گاؤں۔

جَوشن : حلب کے قریب ایک پہاڑ۔

جَوشنیۃ : ضباب (ارضِ نجد) کا ایک پہاڑ۔

جَوعبدون : نواحِ بصرہ میں اَہواز کی طرف ایک علاقہ۔

جُوغان : جُرجان کی ایک بستی۔

جَوف : بصرہ میں ایک دروازہ۔ بنو سعد کا

ایک خطہ۔ یمامہ میں بنو امرء القیس بن زید مناۃ کا ایک موضع۔ ارضِ عاد (حضرموت) میں ایک وادی۔ غربی اندلس میں ایک ہموار میدان۔ ارضِ مُراد (یمن) میں ایک موضع۔ اور عُمان میں ایک مقام۔

جُوَکَانْ : صوبۂ فارس کا ایک قصبہ۔

جَوْلَانْ : نواحِ دمشق میں ایک گاؤں۔

جُوَمَلْ : سوادِ موصل میں ایک علاقہ۔

جُوَمَہْ : فارس کا ایک شہر۔ نیز نواحِ حَلَب کی ایک بستی۔

جَوْنْ : یمامہ کا ایک قلعہ یا پہاڑ۔

جَوْنَانْ : نواحِ بحرین میں ایک گاؤں۔

جَوْنَہْ : مکہ و طائف کے درمیان ایک گاؤں۔

جُوْنِیَہْ : شام میں طرابلس کے قریب ایک ساحلی شہر۔

جَوَّہْ : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

جُوَّدْ : یمن کا ایک گاؤں۔

جُوْھَہْ : مرّاکش کا ایک قصبہ۔

جُوَیْ : نجد میں ابوبکر بن کلاب کا ایک پہاڑ۔ واقصہ کے مغرب میں ثباک کے پاس ایک موضع۔

جُوْیَبَارْ : سمرقند، ہرات، نسف اور مرو کا ایک ایک گاؤں۔

جَوِیْثْ : بصرہ کے قریب دجلہ کے مشرقی کنارے پر ایک شہر۔

جُوَیْثْ : بغداد اور اوانا کے مابین ایک شہر۔

جُوِیْخَانْ : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔

جُوِیْکْ : نسف کا ایک محلہ۔

جُوَیْمْ : فارس کا ایک شہر۔

جُوَیْنْ : بسطام اور نیشاپور کے درمیان ایک وسیع علاقہ جس کا آخری شمالی شہر جاجرم، اور مغربی شہر بیہق ہے۔ اس کی بستیوں کی تعداد یاقوت حَموی (۵۷۵ — ۶۲۶ھ) کے زمانے میں ۱۸۹ تھی۔ اس ناحیہ سے بڑے بڑے آدمی پیدا ہوئے۔ ان میں امام الحرمین اور عطا ملک جوینی بہت مشہور تھے۔ اس نام کا ایک شہر مغربی افغانستان میں بھی ہے۔ سیستان کے شمال میں۔

جُوَیْنْ آبَادْ : بلخ میں ایک مقام۔

جِہَارْ : ہوازن کا ایک بُت جو عُکاظ میں رکھا تھا۔

جِہَارْسُوْجْ : بغداد کا ایک محلہ۔

جَہْرَانْ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

جَہْرَمْ : فارس کا ایک شہر۔ جو قالین سازی میں مشہور رہا۔

جَہْضَمِیَّہْ : ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

جَہُوْذَانْ : بلخ کا ایک گاؤں۔

جَہُوْذَانَکْ : نواحِ بلخ میں ایک چھوٹا جہوذان۔

جُہَیْنَہْ : بنو قضاعہ کی ایک شاخ۔ جو ساحلِ قلزم کے قریب خیبر کے شمال مغرب میں آباد تھی۔ نیز نواحِ موصل میں ایک قریہ جس کی طرف کئی علماء منسوب ہیں۔ اسم نسبت جُہَنِی ہے نہ کہ جُہَینِی۔ اس نام کا طبرستان میں ایک قلعہ بھی ہے۔

جَیّْ : سوادِ اصفہان میں ایک قدیم شہر۔

جِیّْ : مکہ و مدینہ کے درمیان رُوَیثہ کے قریب ایک وادی۔

جِیَادْ : اَجیاد (مکہ میں صفا کے قریب ایک موضع) کا ایک نام۔

جِیَاذْ : ارضِ خیبر میں ایک جگہ۔

جَبَّاز: بحرین میں ایک موضع۔
جِیَامَز: مَرْو کا ایک گاؤں۔
جِیَافِث: کُوفَہ اور مَکّہ کی راہ پر ایک جھیل۔
جَیَّان: قرطبہ کے مشرق میں ایک علاقہ نیز اصفہان کا ایک گاؤں۔
جِیْب: بیت المقدس اور نابُلُس کے درمیان دو قلعوں (جیب فوقانی اور تحتانی) کا نام۔
جَیحَان: مصیصہ کے قریب ایک دریا، جو بلادِ رُوم سے نکل کر بحرِ رُوم میں گرتا ہے۔
جَیحُون: تُرکستان کا مشہور دریا — جو افغانستان کے ایک پہاڑ سے نکل کر شمال کی طرف بہتا ہے اور اندازاً ایک ہزار میل دُور بُحَیرَۂ آرال (یا خُوارِزم) میں جا گرتا ہے۔
جِیخَن: مَرْو سے چار فرسخ کے فاصلے پر ایک گاؤں۔
جَیدُور: نواحِ دمشق میں ایک علاقہ۔
جُیدَہ: حجاز میں ایک موضع۔
جِیذَا: نواحِ واسط (عراق) میں ایک گاؤں۔
جَیر: جنوبی مصر میں ایک علاقہ۔
جِیرَاخشت: بُخارا کا ایک گاؤں۔
جَیرَان: اِصفہان سے دو فرسخ دُور ایک بستی۔
جِیرَان: بصرے کے قریب بحرِ ایران میں ایک جزیرہ۔
جِیرَفت: سوادِ کرمان کا ایک شہر۔
جَیرَم: وہ غار جس میں اصحابِ کہف صدیوں سوئے رہے۔
جِیرَمَزدَان: نواحِ مَرْو کی ایک بستی۔
جِیرَنج: مَرْو کے قریب ایک دریا کے دونوں کناروں پہ ایک شہر۔
جِیرَنخجیر: نواحِ مَرْو کی ایک بستی۔
حَیرُوث: بلادِ مَہرَہ (یمن) میں ایک گاؤں۔
جَیرُون: دمشق میں ایک عمارت جو حضرت سُلیمان علیہ السلام کے شیاطین نے تیار کی تھی۔
جَیزَہ: دیارِ کنانہ (حجاز) میں یا ساحلِ مکہ پہ ایک موضع۔
جِیزَآباد: نیشاپور میں ایک محلّہ۔
جِیزَہ: فسطاط کے مغرب میں ایک گاؤں۔
جَیش: عقیق مدینہ میں ایک موضع جسے لوگ ذَاتُ الجَیش کہتے ہیں۔ نیز ذُوالحُلَیفَہ (مدینہ کے قریب) اور برثان کے درمیان ایک وادی جہاں سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سفرِ بدر میں گزرے تھے۔
جَیشَان: یمن میں ایک بستی اور مِصر میں ایک خطّہ۔
جِیش بُر: سوادِ مَرْو میں ایک بستی۔
جِیفَان: یمامہ میں کچھ مواضع۔
جِیفَہ: مدینہ اور تبوک کے درمیان ایک مقام جہاں حضور صلعم نے سفرِ تبوک میں نماز ادا فرمائی تھی۔
جِیل: سوادِ بغداد میں ایک بستی، نیز

جیلان کا باشندہ۔

جِیلان آباذ : رَے کے مشرق میں ایک موضع۔

جِیلاذَن (گِیلاذَن) : بحیرۂ خزر کے جنوب مغرب اور قزوین کے شمال میں ایک پہاڑی علاقہ، جس کا سب سے بڑا شہر دَیلَمْ ہے۔

جَیلاذَن : بحرین کا ایک خطہ جہاں اِصطَخر (فارس) کا ایک قبیلہ جَیلاذَن ہجرت کرکے آباد ہوگیا تھا۔

جَیلَہ : یمن میں سوادِ آبَین کا ایک قلعہ۔

جِینانِ جَکَث : ماوراءُ النَّہر کا ایک شہر۔

جِینِین : اُرْدُن میں نابُلُس اور بَیسان کے درمیان ایک شہر۔

جَیہان : ترکستان میں دریائے مروز کے کنارے ایک شہر جسے لوگ جَیحُون کہنے لگے اور رفتہ رفتہ یہ دریا بھی اسی نام سے مشہور ہوگیا۔

ح

حَاتِمِيَّة : یمامہ میں آلِ ابوحفصہ کا ایک گاؤں اور نخلستان۔

حَاج : مدینہ وشام کے درمیان ایک موضع اور غطفان کی ایک وادی (ذُوحاج)۔

حَاجِر : فَید کے قریب ایک موضع۔

حَاذ : نجد میں ایک موضع۔

حَارِب : حَوران (دِمشق) کے قریب دیارِ قضاعہ میں ایک مقام۔

حَارِث : حَوران کے پاس ایک بستی، یا شام کے ایک پہاڑ جَولان کی ایک چوٹی، یا اِرمینیہ میں ایک پہاڑ جس کے نیچے اصحابِ رسّ دب گئے تھے۔ رَسّ اِرمینیہ کے ایک دریا کا نام ہے۔

حَارِم : انطاکیہ کے قریب ایک قلعہ، نیز علاقہ۔

حَازَة : یمن میں بَنوشہاب کی بستیاں۔

حَاس : سوادِ مَعَرَّة (شام) میں ایک مقام۔

حَاضِر : حَلَب کا ایک محلہ، یا ایک نواحی گاؤں۔

حَاضِرَة : طَے کے ایک پہاڑ اِجَاء میں ایک بستی۔ نیز اندلس میں ایک گاؤں۔

حَاطِب : مدینہ و خیبر کا راستہ۔

حَاطِمَة : مکہ کا ایک نام۔

حَافِد : صنعاء میں ایک قلعہ۔

حَافِر : شام میں بالس اور حَلَب کے درمیان ایک بستی۔

حَاكَة : بلادِ عُذرہ میں ایک وادی۔

حَال : یمن میں بَنو ازد کی ایک بستی۔

حَالَة : مدینہ وشام کے درمیان دیارِ بلعتین (بَنوقَین) بن جَسر کا ایک موضع۔

حَامِد : کوہِ حرا میں ایک جگہ۔

حَامِر : رقہ و منبج کے درمیان فرات کے کنارے ایک علاقہ۔

نیز شام کی ایک وادی۔

٭ دیارِ غطفان میں ایک موضع۔

اور یمامہ میں یَبْرِیْن کے قریب بَنوسعد کی ایک وادی۔

حَامِرَة : بصرہ میں ایک مسجد۔

حَانِی : دیارِ بکر کا ایک شہر۔

حَامِضَة : فَید کے قریب سمیرا اور حاجر کے درمیان یا نجد میں ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

حَائِر : کربلا میں وہ مقام جہاں حضرت امام حسین علیہ السلام مدفون ہیں۔ نیز بصرہ اور یمامہ میں ایک ایک مقام۔

حَائِط : یمامہ میں ایک موضع۔

حَائِط بَنِی الْمَدَاش : وادی القری میں ایک زرعی زمین جو حضور صلعم نے بنی مداش کو عطا کر دی تھی۔

حَائِطُ الْعَجُوز : روایت ہے کہ :

ایک دولت مند بڑھیا کا اکلوتا بیٹا دریائے نیل کے کنارے درندوں کا لقمہ بن گیا۔ اس نے جنگل اور نیل کے درمیان ایک طویل دیوار بنوائی۔ تاکہ درندے نیل تک نہ پہنچ سکیں۔

ایک اور روایت یہ ہے کہ :

یہ دیوار مصر، صعید اور نوبہ یا حبشہ کے درمیان کھینچی گئی تھی۔ تاکہ اہل مصر اہل نوبہ و حبشہ کے حملوں سے محفوظ رہیں۔ اس کی لمبائی تین سو فرسخ تھی۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ :

فرعون موسے کی غرقابی کے بعد مصر کے شاہی خاندان میں کوئی کام کا مرد نہیں رہا تھا۔ مجبوراً مصریوں نے ایک عورت کو تخت پہ بٹھا دیا اور اس نے اپنی جنوبی سرحد پر ایک طویل دیوار بنا دی۔ جو حائطُ العجوز کہلاتی تھی۔

حَائِل : یمامہ میں بنو نمیر، بنو حمان یا بنو قشیر کا ایک موضع یا یمامہ و باہلہ کے درمیان ایک وسیع خطہ یا بلاد یربوع (نجد) میں ایک چشمہ یا طے کے پہاڑوں یا دہنا میں ایک وادی۔

حَبّ : یمن میں سبا کے نواح میں ایک قلعہ، یا حضرموت کی طرف ایک پہاڑ، یا سواد بغداد میں ایک پہاڑی۔

حَبَابَاء : نجد میں ایک پہاڑ۔

حَبَابِیَہ : مشرقی مصر میں دو گاؤں۔

حَبَارَان : شام میں ایک موضع یا شہر۔

حَبَاشَہ : تہامہ کی ایک منڈی۔

حِبَال : شام میں کرک کے قریب وادی موسیٰ کے پہاڑوں میں ایک گاؤں۔

حِبَّان : نیشاپور کا ایک مقام۔

حَبَّانِیَہ : بغداد کے مغرب میں ایک شہر۔ اس نام کا ایک گاؤں بصرہ کے پاس بھی تھا۔

حِبْتُون : نواح موصل میں ایک پہاڑ۔

حُبْنج : نواح مدینہ میں ایک موضع۔

حَبّ جَرِیٰ : نجد میں بنو عبس کا پانی یا شربہ (نجد) کے قریب ایک علاقہ۔

حِبْر : سُلیم کے دو پہاڑ۔

حَبْرُوَن : بیت المقدس کے قریب ایک گاؤں۔ جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر ہے۔

روایت ہے کہ :

جب حضرت سارہؑ (زوجۂ ابراہیمؑ) فوت ہوئیں تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ایک آدمی صفوان سے پچاس درہم میں قبر کے لیے جگہ خریدی اور سارہؑ کو وہاں دفن کیا۔ وہ خود بھی وہیں سارہؑ کے ساتھ دفن ہیں۔ یہ گاؤں خلیل بھی کہلاتا ہے۔ حضرت اسحاقؑ اور اُن کی زوجہ، نیز حضرت یعقوب علیہ السلام اور اُن کی زوجہ ایلیا بھی یہیں دفن ہیں۔

حِبْرَہ : مدینہ میں یہود کا ایک ٹیلہ۔

حِبْرِیَر : سواد بحرین میں ایک پہاڑ۔

حُبُس : بلاد طے میں، یا بنو قرہ کا یا دیار سُلیم اور سوار قیہ کے درمیان ایک پہاڑ۔

حِبْس : بنو اسد (نجد) کا ایک پہاڑ۔

حُبْسَان : کوفہ و مکہ کی راہ پر ایک جبیل۔

حَبَش : دَرْبُ الحَبَش بصرے میں ہے۔
بَرْکَۃُ الحَبَش مصر میں اور
قَصْرُالحَبَش تکریت کے قریب ایک مقام ہے۔

حُبْشِیْ : مکّہ سے چھ میل دُور ایک پہاڑ۔

حَبَشِیْ : سمیراء کے مشرق یا دیارِ بنُواسد میں ایک پہاڑ۔

حَبْل : عرفات کے قریب ایک پہاڑ، نیز بصرہ کا ایک موضع۔

حُبَل : یمامہ میں ایک مقام۔

حَبْلَہ : عسقلان کا ایک قریہ۔

حِبَوْتَن : یمامہ کی ایک وادی۔

حُبَیّ : تہامہ میں کنانہ اور اسد کا ایک موضع۔

حُبَیّا : حجاز یا شام کا ایک موضع۔

حَبِیْب : سوادِ حلب کا ایک شہر اور بغداد کا ایک محلہ۔

حُبَیْبَہ : یمامہ کا ایک گاؤں نیز بصرہ کے قریب ایک موضع۔

حَبِیْر : حجاز میں ایک مقام۔

حَبِیْش : رَقّہ کے قریب ایک مقام۔ جہاں شہدائے صِفّین دفن ہیں۔ یہ لوگ حضرت علیؓ کے ساتھ تھے۔ نیز مکّہ کے پاس جبل اسوَد میں ایک موضع۔

حَبِیْض : معدنِ بنُوسُلیم کے پاس ایک پہاڑ۔

حُبَیْق : مرَو کا ایک محلّہ۔

حُتَّ : عمان کا ایک موضع یا بصرے کا ایک محلّہ۔

حُتَی : عمان یا جبلہ کا ایک پہاڑ۔

حُتَاث : بصرہ میں ایک کھیت یا جاگیر۔

حَتَاوَہ : عسقلان کا ایک گاؤں۔

حَثْمَہ : مکّہ میں حضرت عمر بن خطاب کے صحن میں قریب ایک یا چند چٹانیں۔

حَثَا : شام میں ایک موضع۔

حَشْمَہ : مکّہ میں حزورہ کے پاس ایک مقام جو بعد میں شاملِ حرم کر لیا گیا تھا۔

حُثُن : بلادِ ہُذیل میں ایک موضع۔

حَجَاج : سوادِ نیشاپور میں بیہق کا ایک گاؤں۔

حِجَاز : لغوی معنی :۔ حجاب۔ پردہ اور رکاوٹ۔ یہ ایک لمبے پہاڑ کا نام تھا۔ جو تہامہ اور نجد کے مابین حائل تھا۔ اور اب ایک علاقے کا نام ہے۔ جو جنوب میں جدّہ اور مکّہ سے شروع ہو کر ساحل کے ساتھ ساتھ خلیج عَقَبہ کے شمالی ساحل تک چلا جاتا ہے۔ اس کی لمبائی اندازاً سوا چھ سو میل ہے اور چوڑائی جدّہ سے دیارِ جُہَینہ تک ستّر سے نوّے میل۔ اور جُہَینہ سے آگے پانچ سے دس میل۔ اس کے بڑے بڑے شہر جدّہ، مکّہ، طائف، مدینہ اور ینبُع ہیں۔ یہ حجاز کی موجودہ ہیئت ہے۔ یاقوت کے زمانے میں حجاز کی حدود میں اختلاف تھا۔ اصمعی خیبر، فدک اور دیارِ مزینہ کو شاملِ حجاز سمجھتا تھا۔ اور مکّہ کو تہامہ کا حصّہ قرار دیتا تھا۔ ایک اور رائے یہ تھی کہ آدھا مدینہ حجازی اور آدھا تہامی ہے ابراہیم حربی کے ہاں تبوک و فلسطین بھی داخلِ حجاز تھے۔

ہشام بن ابی النضر کلبی اپنی کتاب اِفتِرَاقُ العَرَب میں لکھتا ہے کہ عرب کے پانچ حصّے ہیں :۔

۱ : یَمَن جس میں حضرموت اور عمان بھی شامل ہیں۔

۲ : تِہَامَہ جو نجد (یمن) سے جدّہ

تک ساڑھے پانچ سو میل میں ہے۔

۳ : حِجَاز

۴ : نَجْد جو جبالِ سراۃ کے مشرق میں عراق تک چلا جاتا ہے۔ یہ پہاڑ یمن سے اردن تک پھیلے ہوئے ہیں۔

۵ : عروض جو یمامہ و بحرین پر مشتمل ہے۔

حَجْبَة : یمن کی ایک جھیل۔

حِجْر : مدینہ و شام کے درمیان سوادِ وادی القرٰی میں قومِ ثمود کا وطن یا بستی۔ یہ لوگ پہاڑوں میں جنھیں اثالث کہتے ہیں اپنے گھر کھودا کرتے تھے۔ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتاً انہی پہاڑوں میں پانی کا وہ چشمہ بھی تھا جس سے ناقۂ صالحؑ پانی پیتی تھی اور جس کا ذکر : لَهَا شِرْبٌ وَلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ میں ہے۔ نیز کعبہ کا وہ حصہ جسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تو کعبہ میں شامل کیا تھا لیکن قریش نے چھوڑ دیا۔ حضرت ہاجرہ کی قبر اسی حصے میں ہے، مدینہ کے قریب دیارِ سُلیم میں ایک بستی کا نام بھی حِجر ہے۔

حَجْر : دیارِ عقیل میں ایک موضع۔

- ارضِ سُلیم کی ایک بستی۔
- غطفان کا ایک پہاڑ۔
- یمامہ کا مرکزی شہر۔ اور
- بلادِ عُذرہ و غطفان میں ایک ایک وادی۔

حُجْر : یمن میں ایک گاؤں نیز بصرہ و مکہ کی راہ پر جدیلہ و فلجہ کے درمیان دو پہاڑ۔

حِجْرا : دمشق کا ایک گاؤں۔

حَجَرِ اَسْوَد : کالے رنگ کا وہ مقدس پتھر جو دیوارِ کعبہ میں پیوست ہے، اور جو طواف کا نقطۂ آغاز ہے۔

حَجَرُ الذَّهَب : دمشق کا ایک محلہ۔

حَجَرِ شُغْلَان : انطاکیہ کے قریب جبلِ لُکام میں ایک قلعہ۔

حَجْرَة : یمن کا ایک قصبہ۔

حَجُوْر : یمن میں ایک موضع اور دیارِ بنی سعد بن زید مناۃ بن تمیم میں ایک مقام۔

حَجُوْن : مکۂ اعلیٰ کا ایک پہاڑ یا کعبہ سے ڈیڑھ میل پر ایک عمارت، جس میں اوائل عباسیہ کا عامل رہا کرتا تھا۔

حَجَّة : یمن کا ایک پہاڑ۔

حَجِيَّان : یمن میں جَنَد کے قریب ایک بستی۔

حَجِيْرا : نواحِ دمشق کا ایک گاؤں۔

حَجِيْل : عمان میں ایک پانی۔

حُجَيْلَاء : یمامہ میں ایک کنواں۔

حَدَّاء : مکہ و جدہ کے درمیان ایک وادی۔

حِدَاب : بلادِ بنو یربوع میں ایک موضع۔

حَدَّادَة : بسطام اور دامغان کے درمیان ایک قصبہ۔

حَدَّادِيَّة : سوادِ واسط میں بطیحہ کا ایک گاؤں۔

حَدَال : شام اور سماوہ کے درمیان ایک موضع۔

حُدَّان : بصرہ کا ایک محلہ۔ جس میں ایک قبیلہ حُدّان بن شمس آباد تھا۔

حَدْبَاء : موصل کا ایک شہر۔

حَدَث : ملاطیہ، سمیساط اور مرعش کے درمیان ایک قلعہ۔

حَدَثَانْ : طے کا ایک پہاڑ۔

حَدَثَہْ : تہامہ کی ایک وادی۔

حَدَدْ : تیماء کے پاس ایک پہاڑ۔

حُدَّرْ : بصرہ کا ایک محلّہ۔

حَدَسْ : شام میں ایک شہر۔ جو بنو لخم کی ایک شاخ کا وطن تھا۔

حَدَوْدَاءْ : بلادِ عُذرہ میں ایک موضع۔

حَدَوْرَہْ : بنو حارث بن کعب کی زمین۔

حَدَّہْ : یمن میں سوادِ حبت کا ایک قلعہ۔ نیز جدّہ و مکّہ کے درمیان ایک سبز شاداب وادی۔

حُدَیْبَاءْ : بنو جذیمہ کا ایک پانی۔

حُدَیْبِیَّہْ : مکّہ کے شمال میں کوئی ۱۳ ۱/۴ میل دُور ایک گاؤں۔ جہاں ہجری کے چھٹے سال جب قریش نے حضورؐ کو حج سے روک دیا تو آپؐ نے یہیں قیام فرمایا تھا اور قریش سے ایک تاریخی معاہدہ کیا تھا۔

حَدِیْثَہْ : نواحِ دمشق کی ایک بستی۔

حَدِیْثَۃُ الْمَوْصِلْ : سوادِ موصل میں زابِ اعلیٰ کے قریب دجلہ کے کنارے ایک شہر۔

حَدِیْثَۃُ الْفُرَاتْ : اَنبار کے مغرب میں فرات کا ایک قلعہ جسے ہر طرف سے پانی نے گھیر رکھا تھا۔

حُدَیْجَاءْ : شام کا ایک گاؤں۔

حُدَیْقَہْ : دیارِ یربوع میں ایک موضع۔

حَدِیْقَہْ : یمامہ میں مُسیلمہ کذّاب کا باغ۔ جسے وہاں کے لوگ حدیقۃُ الرّحمٰن کہتے تھے۔ مُسیلمہ اسی باغ کے قریب ہلاک ہوا تھا اور اس واقعہ کے بعد یہ حدیقۃُ الموت کے نام سے مشہور ہو گیا۔ نیز مدینہ کے قریب ایک بستی۔

حُدَیْلَہْ : یمن کا ایک قصبہ۔ نیز مدینہ کا ایک محلّہ۔ جہاں خلیفہ عبد الملک بن مروان کا گھر تھا۔

حُذَارِقْ : تہامہ میں بنو کنانہ کا ایک پانی۔

حِذْرِیَہْ : بنو سُلیم کا ایک پتھریلا خطّہ زمین۔

حُذُنَّہْ : یمامہ کے قریب ایک مقام، یا بنو عامر بن صعصعہ کا ایک خطّہ۔

حِذْیَمْ : نجد کا ایک موضع۔

حِذْیَہْ : حضرموت میں ایک خطّہ۔

حَذِیَّہْ : مکّہ کے قریب ایک پہاڑی۔

حُرْ : موصل کا ایک قصبہ۔ نیز جزیرہ و نجد میں ایک ایک وادی۔

حِرَاءْ : مکّہ کے پاس وہ مشہور پہاڑ جس کے ایک غار میں حضور صلعم عبادت کیا کرتے تھے۔ اور یہیں آپ پر پہلی وحی نازل ہوئی تھی۔

حُرَاذْ : بلادِ سلول (نجد) میں چند پہاڑیاں۔

حَرَازْ : یمن میں زبید کے قریب ایک گاؤں۔

حُرَاضْ : مکّہ کے نزدیک ایک موضع۔

حُرَاضَانْ : قبلیہ کی ایک وادی۔

حَرَاضَہْ : نجد کے قریب بنو عامر کی ایک شاخ قُشَیر بن مُعاویہ کا پانی یا یَنْبُعْ اور شَغْبْ کے درمیان حوراء کے قریب ایک مقام۔

حُرَاضَہْ : بصرے کا ایک بازار۔

حَرَامْ : کوفہ یا بصرے کا ایک محلّہ۔ جس میں تمیم کی ایک شاخ حرام بن سعد بن مالک کی اولاد آباد تھی۔

حَرَامِیَّہْ : نجد میں بنو زنباع (عمرو بن کلاب کی شاخ) کا ایک پانی۔

حَرّان : شام کا یہ قدیم شہر اب (۱۹۱۸ء سے) ترکی کی جنوبی سرحد پر نصیبین اور غرفہ کے درمیان ترکی میں ہے۔ نیز سوادِ حَلب اور نواحِ دمشق میں ایک ایک بستی۔ اور بحرین میں بنو عامر بن حارث بن انمار کے دو گاؤں۔

حُرّان : نجد اور جزیرۂ ابن عمر میں (شاید شام میں بھی) دو وادیاں۔

حُرَاث : اصفہان میں ایک موضع۔

حَرْب : صنعاء و مکہ کی راہ پر بیشہ و یَبَن بَغر کے درمیان ایک قصبہ۔ نیز بغداد کا ایک محلہ۔

حَرْبا : بغداد و تکریت کے درمیان حظیرہ کے سامنے ایک قصبہ۔

حُرْبُث : عمان و یمن کے درمیان ایک بیابان۔

حَرْبَنَفْسا : حمص کی ایک بستی۔

حَرْبَنُوش : سوادِ حَلب میں علاقۂ جزر کا ایک گاؤں۔

حَرْبَہ : واقصہ (بلادِ طے) کے قریب ثُعف کی طرف ایک ریتلا خطّہ۔

حَرْبِیَہ : بغداد کے باب الحرب میں امام احمد بن حنبل کے مقبرہ کے قریب ایک محلّہ۔

حَرْث : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔

حُرَث : یمن کا ایک خِطّہ۔

حُرْج : دیارِ فزارہ میں ایک تالاب۔

حُرْجُلَہ : دمشق کی ایک نواحی بستی۔

حَرَجَہ : مصرِ صعید میں قوص سے مشرق کی طرف ایک علاقہ۔ نیز یمامہ میں ایک بستی۔

حَرْجَاز : حجاز میں جُہینہ کا ایک موضع۔

حُرْدَان : دمشق کا ایک گاؤں۔

حُرْدُفَنَہ : شام میں سوادِ مَنبج کا ایک گاؤں۔

حُرْدُفِنِین : حَلب سے تین میل دور ایک بستی۔

حَرْدَہ : یمن میں ایک قصبہ۔

حَرَزْمَہ : ماردین اور دُنیسَر کے درمیان ایک قصبہ۔

حَرَس : مشرقی مصر میں ایک شہر۔

حَرْس : نجد میں بنو عُقیل کا ایک پانی۔ نیز ایک وادی۔

حَرَسْتا : دمشق کے شمال میں فرسخ بھر دور ایک قصبہ۔

حَرْض : نجد کا ایک پہاڑ۔

حُرُض : معدنِ نقرہ کے قریب نیز مدینہ کے پاس اُحد کی ایک وادی۔

حَرَض : شمالی یمن میں ایک شہر۔

حُرْف : سوادِ انبار میں ایک گاؤں۔

حُرْقَہ : عمان کا ایک علاقہ۔

حَرْلَاذَن : نواحِ دمشق میں ایک علاقہ۔

حَرَم : مکہ کے اردگرد دس میل کا علاقہ حرم کہلاتا ہے۔ اس علاقے میں شکار اور ناپسندیدہ اعمال ممنوع ہیں۔ مدینہ بھی ایک حرم ہے۔ لیکن اس کی حدود صرف شہر تک ہیں۔

حُرَم : یمامہ کی ایک وادی۔

حِرْم : ارضِ یمن کی ایک ندی۔ جو بطن اللّیث میں گرتی ہے۔

حَرْمَلِیَہ : انطاکیہ کا ایک گاؤں۔

حَرْمَہ : حمیٰ ضریّہ میں نسار (پہاڑ) کے قریب ایک موضع۔

خَزَنَق : ارمینیہ میں ایک موضع۔

حِرَّۃ : یمامہ کی ایک بستی۔

حَرَوْرَاء : کوفہ کے قریب ایک بستی، جہاں واقعۂ تحکیم کے بعد تمام خوارج جمع ہو گئے تھے اور پھر اسی مقام کی نسبت سے حروریہ کہلانے لگے تھے۔

حَرَّۃ : سیاہ رنگ کی پتھریلی زمین۔ عرب میں ایسی زمینوں کی تعداد خاصی تھی۔ مثلاً :۔

حَرَّۃُ تَبُوْک : وہ مقام جہاں غزوۂ تبوک ہوا تھا۔

حَرَّۃُ حَقْل : دیارِ سُلیم میں پتھریلی زمین۔

حَرَّۃُ رَاجِل : بلادِ بنو عبس یا حوران کی بلند زمین جو پتھریلی تھی۔

حَرَّۃُ رَاھِط : بنو قریظہ یا بنو فزارہ کا ایک خطّہ۔

حَرَّۃُ رِجْلَاء : مدینہ اور شام کے درمیان دیارِ بنو القین بن جسر میں ایک خطّہ۔

حَرَّۃُ رِمَاخ : دَہنا میں ایک پتھریلی زمین۔

حَرَّۃُ سُلَیم : دیارِ سُلیم میں ایک خطّہ۔

حَرَّۃُ شَوْرَان : بلادِ غطفان میں ایک پتھریلا خطّہ۔

حَرَّۃُ ضَارِج : یمن اور مدینہ کے درمیان ایک سنگلاخ زمین۔

حَرَّۃُ ضَرْغَد : بنو دہلے یا غطفان میں ایک پتھریلا خطّہ۔

حَرَّۃُ عَبَاد : مدینہ کے قریب ایک خطّہ سنگلاخ۔

حَرَّۃُ عُذْرَۃ : بلادِ عذرہ (یمن) میں ایک پتھریلی زمین۔

حَرَّۃُ قُبَا : نواحِ مدینہ میں ایک سخت خطّہ۔

حَرَّۃُ لُبْنیٰ : نجد یا بلادِ ہُذیل میں ایک پتھریلی زمین۔

حَرَّۃُ لَفْلَف : جبالِ طے اور تیماء کے درمیان ایک پہاڑی زمین۔

حَرَّۃُ لَیْلیٰ : وادی القریٰ اور مدینہ کے درمیان ایک سخت زمین۔

حَرَّۃُ مَیْطَان : نواحِ مدینہ میں کوہِ شوران کے سامنے ایک پہاڑی زمین۔

حَرَّۃُ النَّار : نواحِ مدینہ میں حرۂ لیلیٰ کے قریب یا سُلیم یا جذام یا بنو قین یا غطفان کے دیار میں ایک پتھریلا خطّہ۔

حَرَّۃُ وَاقِم : مدینہ میں ایک ٹیلہ۔

حَرَّۃُ الْوَبَرَۃ : مدینہ سے تین میل دور ایک پتھریلی زمین۔

حَرَّۃُ ھِلَال : یمن اور مکہ کی راہ پر ضنکان کے قریب ایک پتھریلا خطّہ۔

حُرَیْرَۃ : مکہ و ابواء کے درمیان ایک موضع

حَرِیْز : یمن کی ایک بستی۔

حَرِیْش : سوادِ موصل میں ایک گاؤں۔

حُرَیْضَہ : بلادِ ہُذیل میں ایک موضع۔

حُرَیْم : سوادِ تعز (یمن) میں ایک قلعہ۔

حَرِیْمِ طَاھِری : بغداد میں طاہر ذوالیمین (مامون کی طرف سے خراسان کا گورنر۔ جو بڑی حد تک خود مختار تھا) کا ایک محل۔

حُزَیْن : آمد (دیارِ بکر) کے قریب ایک شہر۔

حَرِیْوَیْث : نواحِ صنعاء میں ایک قلعہ۔

حَزْ : تہامہ و یمن کے درمیان ایک موضع۔
حُزَاٰذ : بلادِ سلول (بنو ضباب اور عمرو بن کلاب کے درمیان) میں چند پہاڑیاں۔
حَزّاُمُوْن : واسط میں ایک محلّہ۔
حُزْز : نجد میں ایک پہاڑ یا وادی۔
حَزْرَم : دیارِ اسد (نجد) میں ایک پہاڑ۔
حَزْم : سخت بلند اور پتھریلی زمین۔ جس میں چلنا دشوار ہو۔ عرب میں ایسے کئی خطے تھے مثلاً :-
حَزْمُ اَبنَیض : بلادِ ضبّہ میں ایک سخت زمین۔
حَزْمُ الاَنْعَمَیْن : مدینہ و یمامہ کے درمیان اَنعان میں ایک سنگلاخ خطہ۔
حَزْمُ خَزَاَزیٰ : نجد میں عاقل و منعج کے درمیان ایک سخت زمین۔
حَزْمُ شَرْج : دیارِ ابوبکر بن کلاب میں ایک پتھریلا قطعہ۔
حَزْمُ عَوَاَل : دیارِ غطفان کا ایک پہاڑ۔
حَزْمُ عَیْصَاَن : بلادِ ضباب میں ضریّہ کے قریب ایک موضع۔
حَزْمُ النُّمَیْرَة : حزمِ ابنیض کے پاس یا عمرو بن کلاب کی ایک بستی۔
حَزْن : لغوی معنی ہے سخت زمین۔ اگر وہ بلند اور پتھریلی ہو تو حَزْم کہلائے گی۔ اگر وہ پتھریلی اور بلند نہ ہو، بلکہ سخت اور ہموار ہو۔ تو اُسے حَزْن کہیں گے۔ مدینہ اور خیبر کا درمیانی راستہ اسی لیے حزن کہلاتا تھا کہ وہ ہموار اور سخت تھا۔ ایک اور فرق یہ کہ حَزْم بنجر ہوتی ہے۔ اور حَزْن میں کھیت اور باغات بھی ہو سکتے ہیں۔
حَزْنُ بَنِیْ جَعْدَة : قیس عیلان (نجد) کی ایک شاخ، جعدۃ بن کعب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ کی ایک زمین۔
حَزْنُ غَاضِرَة : حزنِ بنی یربوع کے پاس ایک خطہ۔
حَزْنُ یَرْبُوْع : فید کے قریب کوفہ کی طرف ایک شاداب و سرسبز مرغزار۔ یربوع بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم کی ملکیت۔
حُزْنَة : یمن میں اَزد کا ایک پہاڑ۔
حَزْوَاء : شاید یمن کا ایک موضع۔
حَزْوَرَة : مکہ کی ایک منڈی۔ جو بعد میں مسجدِ کعبہ کا حصّہ بنا دی گئی تھی۔
حُزْوٰی : دہنا کا ایک پہاڑ یا نجد میں دیارِ تمیم کا ایک موضع یا یمامہ میں ایک نخلستان۔
حَزَّة : نصیبین اور راسِ عین کے درمیان لبِ خابور ایک مقام۔
نیز سوادِ موصل میں اِربل کے پاس ایک قصبہ اور حجاز میں ایک موضع۔
حِزْیَز : یمن کی ایک بستی۔
حَزِیْز : لغوی معنی :- سخت اور ہموار زمین۔ عرب میں ایسی کئی زمینیں تھیں۔ مثلاً :-
حَزِیْزِ اُضَاخ : غنی کا ایک پہاڑ۔
حَزِیْزِ بَصْرَة : بصرہ میں ایک موضع۔
حَزِیْزِ تَلْعَة : یمامہ میں بنو سلیط کا ایک مقام۔
حَزِیْزِ ثَاُبُوْث : نجد میں ایک قطعۂ زمین۔
حَزِیْزِ حَوْاَب : حواب مکہ و بصرہ کی راہ پہ بصرہ کے قریب ایک وادی تھی۔ یا نجد میں

ایک پہاڑ۔
حَزِیزِ صُفَیَّہ : نجد میں بَنُو اَسَد کا ایک خطہ۔
حَزِیزِ ضَبَّہ : دیارِ ضبہ میں ایک قطعہ۔
حَزِیزِ عُکْل : نجد میں ایک موضع۔
حَزِیزِ عَنَق : حمیٰ ضریّہ کے مشرق میں اُضاخ سے نجیلہ تک کا علاقہ۔
حَزِیزِ غَوْل : بنو ضبّہ کا ایک خطّہ۔
حَزِیزُ کَلْب : دیارِ کَلب (شام) میں ایک خطۂ زمین۔
حَزِیزُ مُحَارِب : سمیراء کے جنوب میں ایک خطّہ۔
حَزِین : نجد میں ایک چشمہ۔
حُسَا : دیارِ غطفان و عبس میں شَرَبَّہ یا بنو عجلان کی ایک وادی۔
حِسَاء : یمامہ میں بنو فزارہ کا ایک پانی۔
حَسَّان : واسط اور دَیر العاقول کے درمیان ایک گاؤں۔
حَسَّانِیَات : حسّان کے تمام آبی ذخائر کا مجموعی نام۔
حَسَبَہ : بسترین (یمن) سے ایک رات کی مسافت پر ایک وادی۔
حَسَلَات : نجد میں غضا کے پاس سفید رنگ کے پہاڑ۔
حَسَلَہ : غضا (نجد) کی طرف سفید رنگ کا پہاڑ۔
حِسْمَیٰ : وادی القریٰ سے دو رات کی مسافت پر بادیۂ شام میں ایک خطۂ زمین۔
یا اَیْلَہ (فلسطین) اور تِیْنَہ (سیناء) کا درمیانی حصّہ۔

یا جُودِی کے قریب ایک پہاڑ۔ جہاں حضرت نوحؑ نے کشتی سے باہر آکر ایک شہر (حرّان) کی بناء ڈالی تھی۔
حَسَن : دیارِ ضبّہ میں ایک پہاڑ۔
حَسَنَا : ینبع کے قریب ایک پہاڑ۔
حَسَن آباد : کرمان اور اصفہان کا ایک ایک گاؤں۔
حَسَنَان : بلادِ ضبّہ کے دو پہاڑ۔
حَسَنَہ : اصطخر کا ایک گاؤں۔
حِسْنَہ : اجاء (طے کا ایک پہاڑ) کا ایک حصّہ۔
حَسَنِی : بغداد میں عبّاسیہ کے ایک مشہور وزیر حسن بن سہل کا محل۔ نیز مکّہ اور بصرہ کی راہ پر فتر و دی (موضع) سے چھ میل دور ایک کنواں۔
حَسَنِیَّہ : موصل کے مشرق میں ایک قصبہ۔
حُسَیکَہ : مدینہ کے ایک پہاڑ ذِباب میں ایک موضع۔
حُسَیلَہ : دیارِ ضباب میں غضا (وادیٔ نجد) کی طرف ایک پہاڑ۔
حِسْیِ ذِی تَمْنِیٰ : یمامہ میں بنو عنبر کا ایک نخلستان۔
حَشَا : مکّہ و مدینہ کے درمیان ایک پہاڑ، جسے اَبْوَاء کہتے ہیں۔ نیز حجاز میں ایک وادی اور دیارِ طے میں ایک موضع۔
حَشَّاک : ارضِ جزیرہ میں دجلہ و فرات کے درمیان ایک ندی یا دریا۔
حِشَّان : مدینہ میں یہود کا ایک ٹیلہ۔
حَشْر : دیارِ بنی سُلَیم کی ایک پہاڑی۔

حَشِّ کَوْکَبْ : مدینہ میں بقیع کے قریب زمین کا ایک ٹکڑہ جسے حضرت عثمانؓ نے خرید کر بقیع میں شامل کر دیا تھا۔ کوکب ایک انصاری کا نام ہے جو اس ٹکڑے کا مالک تھا۔ اور حَش کے معنی ہیں :- باغ یا کھیت۔

حُصّ : نواحِ حمص میں ایک موضع۔

حَصَّاء : لغوی معنی :- ایسی زمین جس میں کوئی پودا نہ ہو۔ یہاں مراد ابو بکر بن کلاب (نجد) کے پہاڑ ہیں۔ یا اُن کا ایک پانی۔

حِصَابْ : مِنیٰ کا وہ مقام جہاں کنکریاں ماری جاتی ہیں۔

حَصَّاصَہْ : سوادِ کوفہ میں ایک بستی۔

حَصَاثْ : طے کے پہاڑوں اور تیماء کے درمیان ایک پانی۔

حِصَانْ : مدینہ کے قریب ایک پہاڑ۔

حَصْحَاصْ : مکہ کے پاس ایک پہاڑ۔

حِصْنْ : حلب اور رقہ کے درمیان ایک موضع یا مکہ میں ایک گھاٹی۔ نیز یمن میں ایک موضع جو حِصْنِ اَبْیَضْ کہلاتا ہے۔ اس لفظ (حِصْن) کے معنی ہیں :- قلعہ۔ تاریخ میں ایسے کئی قلعوں کا نام آیا ہے۔ مثلاً :-

۱ : حِصْنِ اَزْکَرَاذْ : حمص کے قریب۔
۲ : حِصْنِ اَلدَّوِیَہْ : شام میں۔
۳ : حِصْنِ ذِی الْکَلَاعْ : مِصّیصہ کے پاس۔
۴ : حِصْنِ الرَّاسْ : یمن میں۔
۵ : حِصْنِ زِیَاذْ : ارمینیہ میں آمد اور ملاطیہ کے درمیان۔
۶ : حِصْنِ سَلْمَانْ : ارمینیہ کا ایک قلعہ۔
۷ : حِصْنِ سِنَانْ : بلادِ روم میں۔
۸ : حِصْنِ طَائِبْ : دیارِ بکر میں۔
۹ : حِصْنِ عَاصِمْ : یمامہ میں۔
۱۰ : حِصْنِ الْعِنَبْ : فلسطین میں۔
۱۱ : حِصْنِ الْعُیُوْنْ : بلادِ روم میں۔
۱۲ : حِصْنِ کَیْفَا : آمد اور جزیرہ کے درمیان دیارِ بکر میں۔
۱۳ : حِصْنِ مَسْلَمَہْ : رقہ و راس عین کے درمیان جزیرۂ ابن عمر میں۔
۱۴ : حِصْنِ مَقْدِیَہْ : سوادِ دمشق میں۔
۱۵ : حِصْنِ منصور : فرات کے غربی کنارے پر سمیساط کے پاس۔
۱۶ : حِصْنِ مُنِیْفْ ذُبْحَانْ : اَرْضِ ذُبْلَوَہ (یمن) میں۔
۱۷ : حِصْنِ مَهْدِیْ : سوادِ خوزستان میں۔

حُصُوْصْ : مِصّیصہ کے قریب جیحان کے شرق میں ایک شہر

حُصَیْبْ : یمن کی وہ وادی جس میں زبید بھی ہے۔

حَصِیْدْ : عراق میں جزیرہ کی طرف ایک موضع۔

حَصِیْرْ : یمن کا ایک قلعہ، نیز بلادِ غطفان میں ایک پہاڑ یا مدینہ کے قریب آبہائے نخل میں سے ایک پانی۔

حُصَیْصْ : نجد میں بنو عقیل کا ایک گاؤں۔

حُصَیْلِیَہْ : طے کا ایک گاؤں جس میں انھوں نے امیہ کے ایک عامل کو پھینک دیا تھا۔

حُصَیْنْ : لب خابور (جزیرہ کا ایک دریا) ایک قصبہ۔

حَضَاذ : بصرہ و یمامہ کے مابین ایک پہاڑ۔

حَضَّارَۃ : یمن کا ایک شہر۔

حَضْر : تکریت کے قریب ایک شہر۔

حَضْرَمَوْت : یہ قحطان کے ایک بیٹے کا نام ہے۔ جو اس علاقے میں آباد ہو گیا تھا۔ یہ یمن سے مشرق کی طرف ایک وسیع علاقہ ہے۔ جس میں بیسیوں بستیاں اور شہر ہیں۔ شہروں میں مشہور تریم اور شبام ہیں۔ حضرت ہود علیہ السلام اسی علاقے میں مدفون ہیں۔

حِضْرَۃ : تہامہ میں ایک موضع۔

حَضَن : دیارِ سُلیم کی طرف نجدِ اعلیٰ (بلند حصہ) میں ایک پہاڑ۔

حَضُوْر : یمن میں سوادِ زبید کا ایک قصبہ۔

حَضُوْض : جیزہ اور قادسیہ (کوفہ سے ۲۵ میل مغرب میں) کے درمیان ایک دریا۔

حَضَوْضیٰ : الجزائر میں ایک پہاڑ۔

حِضْوَۃ : مدینہ سے تین میل پر ایک موضع۔

حُضَیَّان : بنو نمیر کا ایک قلعہ یا بازار یا کھیت۔

حَضِیْر : مدینہ سے سولہ میل دور ایک خطہ۔

حَضِیْرِیَّہ : مشرقی بغداد میں ایک محلہ۔

حُطَمِیَّہ : بغداد کے مشرق میں ایک فرسخ پر ایک گاؤں۔

حَطِیْم : کعبہ کی شمالی دیوار کے ساتھ ایک چھوٹی سی چار دیواری جس میں میزاب رحمت گرتا ہے۔

حِطِّیْن : فلسطین میں طبریہ و عکہ کے درمیان ایک موضع۔ جس کے قریب ہی ایک بستی خیارہ ہے حضرت شعیبؑ کی قبر ہے۔ نیز مصر میں تنیس و فرما کے درمیان ایک موضع۔

حَظَائِر : یمامہ میں ایک موضع۔

حُظَیَّان : بنو نمیر (یمامہ) کی ایک منڈی، یا بازار۔

حَظِیْرَۃ : سوادِ بغداد میں جانب تکریت ایک قصبہ۔

حُفَاف : یمن میں یا تہامہ و یمن کے درمیان ایک موضع۔

حُفَائِل : یمن میں ایک پہاڑ۔

حَفَائِر : کوفہ و مکہ کی راہ پر بنو قریط کا ایک پانی۔

حَفْر : مکہ میں بنو تیم بن مُرّہ کا ایک کنواں۔ نیز مدینہ کے نزدیک وادیٔ مہزول میں آبہائے ثمنی میں سے ایک۔

حَفَر : لغوی معنی:- گڑھا یا خندق۔ عرب ایسے گڑھے پانی جمع کرنے کے لیے کھودا کرتے تھے۔ ان میں سے چند ایک یہ ہیں:-

حَفَرُ اَبِیْ مُوْسیٰ : یہ ایک تالاب تھا۔ جو ابو موسیٰ اشعریؓ نے بصرہ و مکہ کی راہ پر نباج کے قریب بنوایا تھا۔

حَفَرُ الرِّبَاب : دہنا میں تیم بن مُرّہ کا ایک پانی۔

حَفَرُ السَّبِیْع : کوفہ میں سبیع بن صعب کا ایک موضع۔

حَفَرُ سَعْد : دہنا کے قریب سعد بن زید مناۃ بن تمیم کا ایک پانی۔

حَفَرُ السِّیْدَان : بصرہ و بحرین کے درمیان یا دیارِ تمیم میں یا نجد کے ایک پہاڑ میں ایک پانی۔

حَفَرُ ضَبَّۃ : دیارِ ضبہ میں شواجن کے پاس پانی کے گڑھے۔

حُفْرَۃ : قیروان میں ایک موضع۔
حَفْص آبَاذ : سوادِ مرو یا سرخس کا ایک گاؤں۔
حَفْن : مصر سعید میں ایک علاقہ یا گاؤں۔ جو حضرت ماریہؓ کا وطن تھا۔
حَفْنَا : مصر کا ایک گاؤں۔
حَفَّہ : حلب کے مغرب میں ایک علاقہ۔
حَفْیَاء : مدینہ کے قریب ایک موضع۔
حَفِیْر : مکہ و مدینہ یا مکہ و بصرہ کے درمیان نیز نجد میں ایک موضع۔
٭ دیارِ بنو قین بن جسر (شام) میں ایک دریا۔
٭ غطفان، بنو ہجیم بن عمرو بن تمیم، اور بنو جعفر بن کلاب کی منازل اور ذبنار میں ایک ایک پانی۔
٭ مکہ میں ایک کنواں، اور بصرہ سے پانچ رات کی مسافت پر ایک مقام۔
حُفَیْر : ذوالحلیفہ اور ملل (براہِ مدینہ اور مکہ) کے درمیان حاجیوں کی ایک منزل۔ نیز بصرہ سے چار میل پر باہلہ کا ایک پانی اور طے کے ایک پہاڑ اجاء میں ایک آبی ذخیرہ۔
حَفِیْرَۃ : یمامہ کی طرف ایک موضع۔
٭ بنو موہبی ضبابی، بنو کعب بن ابوبکر، اور ابوبکر بن کلاب کا ایک ایک پانی۔
٭ زمزم کا ایک نام۔
حَقْل : بلادِ سلیم کی ایک وادی۔
٭ حجاز کے ایک پہاڑ آرہ کا ایک نام۔
٭ ایلہ (فلسطین) کے پاس ایک موضع۔
٭ ساحل تیماء پہ ایک بستی۔
٭ یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

٭ دیارِ حمیر کی ایک بستی۔
٭ اجاء میں بنو ذرمانہ کی ایک آبادی اور یمامہ کی ایک وادی "غرنج" میں ایک گاؤں۔
حَقْلَاء : نواحِ حلب میں ایک بستی۔
حَقْلَہ : نواحِ یمامہ میں ایک ریگستان۔
حَقْو : واقصہ سے بارہ میل عقبہ کی طرف ایک کنواں۔
حُقَیْبَہ : سوادِ زبید (یمن) میں ایک پہاڑی قلعہ۔
حَقِیْل : حلہ (عراق) کے پہاڑوں میں بنو عکل کی ایک وادی۔ نیز بلادِ اسد میں ایک موضع اور یمن میں ایک قلعہ۔
حَقِیْن : دیارِ سلیم یا غطفان میں ایک پانی۔
حَکَّامِیَّہ : یمامہ میں بنو حکام (بنو حنیفہ کی ایک شاخ) کا ایک نخلستان۔
حُکْرَہ : طائف کی ایک آبادی۔
حَکَم : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔
حَکَمَان : بصرہ میں ابو نواس (مشہور شاعر) کی بیوی کے موالی (آزاد کردہ غلام۔ یا پناہ میں آئے ہوئے لوگ) کی جائداد۔
حِلَاءَت : مدینہ کے ایک پہاڑ میطان کے سامنے پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔
حَلَال : بنو فزارہ کا ایک صنم۔ نیز شام و مصر کی راہ پر عریش کے قریب ایک پہاڑ۔
حِلَال : نواحِ یمن میں ایک مقام۔
حَلَائِق : مکہ اور مدینہ کے درمیان عشیرہ کے قریب ایک مقام۔
حَلَب : حلب کے لغوی معنی ہیں : دودھ۔
روایت ہے کہ :
حضرت ابراہیم علیہ السلام اس بستی میں

اپنے ریوڑ کا دُودھ دوہا کرتے تھے اور اِسی نسبت سے یہ حَلَب کہلانے لگی۔ آج کل یہ غربی شام کا ایک اہم شہر ہے۔ ترکی کی سرحد پر، انطاکیہ کے شمال مشرق اور الیکزینڈریٹا کے جنوب میں۔

٭ نیز قاہرہ کا ایک محلّہ۔

حَلَبَانْ : نَجران کے قریب ایک موضع، یا بنوقُشَیر کا ایک پانی۔

حُلْبَۃْ : سوادِ زَبِید (یمن) میں ایک قلعہ۔

حَلْبَۃْ : تہامہ کی ایک وادی۔ نیز شرقی بغداد میں ایک محلّہ۔

حَلْحَلْ : عُمان کا ایک پہاڑ۔

حَلْحُوْلْ : یوروشلم اور خلیل (مدفنِ ابراہیمؑ) کے مابین ایک قریہ، جہاں حضرت یُونُس علیہ السلام دفن ہیں۔

حَلْ فَبَلْتَا : سوادِ دِمشق میں ایک گاؤں۔

حُلْوَانْ : سوادِ بغداد میں پہاڑوں کی جانب ایک شہر۔ مصر میں فسطاط سے دو فرسخ پر اور کہستانِ نیشاپور میں جانبِ اصفہان ایک بستی۔

حُلْوَۃْ : ثَلبُوت کے نشیبی حصّوں میں بنی نعامہ کا ایک پانی، سمیراء و حاجر کے مابین ایک گاؤں۔

٭ وادیٔ ستار میں ایک چشمہ اور مصر میں ایک موضع۔

حِلَّۃْ : کُوفہ و بغداد کے درمیان حِلّۂ بنُومَزْیَد کا ایک بڑا شہر ہے۔ واسِط و بصرہ کے درمیان دو اور شہر بھی حِلّہ کہلاتے ہیں۔ یعنی :-

۱ : حِلَّۃِ بنُو قَیلَۃْ

۲ : حِلَّۃِ بنُو دُبَیْس

حَلَّۃْ : ضرِیّہ و یمامہ کے درمیان شریف کے پاس ایک سطحِ مرتفع۔ نیز سوادِ دُجَیْلْ میں ایک گاؤں۔

حَلْیْ : یمن کا ایک ساحلی قصبہ۔

حِلِیْتْ : حمٰیٔ ضرِیّہ کے سرحد پر چند پہاڑیاں جو بنو کِلاب کی ملکیّت تھیں۔ یا ضرِیّہ میں ضباب کا ایک پانی۔

حُلَیْسِیَۃْ : بنوسَلُول کے پڑوسی بنو حُلَیْس کا ایک پانی۔

حُلَیْفْ : نجد میں ایک موضع۔

حُلَیْفَۃْ : مدینہ سے چھ سات میل کے فاصلے پر ایک گاؤں۔ جہاں سے اہلِ مدینہ احرام باندھتے ہیں۔ پورا نام ذُوالحلیفہ۔ نیز تہامہ میں ایک موضع۔

حُلَیْقَۃْ : یمامہ و مکّہ کی راہ پر بنو عجلان کا ایک پانی۔

حُلَیْلْ : دیارِ سُلَیم میں ایک موضع۔

حُلَیْمَاتْ : فَلج میں چند ٹیلے۔

حَلْیَۃْ : یمن کی طرف ایک باغ یا ایک وادی۔ یا نواحِ طائف میں ایک مقام۔ یا تہامہ کی ایک وادی جس کا شمالی حصّہ ہُذَیل کی ملکیت تھا، اور جنوبی کِنانہ کی۔ نیز یمن میں کوہِ عُبر پر ایک قلعہ۔

حُلَیَّۃْ : ضرِیّہ میں قبیلۂ غنی کا ایک پانی۔

حُمْ : دیارِ بنو کِلاب (نجد) میں ایک کالا پہاڑ۔

حِمْ : طے کی ایک وادی۔

حَمَاۃْ : حَلَب سے کوئی ستّر میل جنوب اور حِمص سے تیس میل شمال میں ایک شہر۔

حِمیٰ : لغوی معنی :- چراگاہ۔ عرب میں

چراگاہوں کی تعداد خاصی تھی اور یہ مختلف ناموں سے مشہور تھیں۔ مثلاً :

- مدینہ کے قریب حِمَی الرَّبذہ
- دَہناء میں حِمَی ذو الشّری
- شمالی نجد میں حِمَی ضریّہ
- فَید کے قریب حِمَی فَید
- حجاز میں حِمَی نقیع ، اور
- نجد میں حِمَی النّیر

حَمَاتَان : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔

حَمَادَہ : یمامہ میں بنو عدی بن عبدِ مناۃ کا ایک خطّہ۔

حِمَار : یمن کی ایک وادی۔

حَمَّار : جزیرۂ ابن عُمر کا ایک موضع۔

حَمَاطَان : دَہناء میں ایک ریتلا پہاڑ۔

حَمَاک : یمن میں بنو زُبید کا ایک قلعہ

حَمَّال : دیارِ بنی کلاب (نجد) میں ایک پہاڑ۔

حُمَام : مکہ و مدینہ کے درمیان ایک موضع۔

- یمامہ کے قریب دیارِ قُشیر، نیز ضریّہ میں ایک ایک پانی۔
- بحرین میں ایک موضع۔ اور بنو ہنا بن حرام کا ایک بُت۔

حَمَّامُ اَعْیَن : کوفہ میں ایک حمام۔ جو حضرت سعد بن ابی وقاص کے ایک مولیٰ۔ اَعْیَن۔ کی طرف منسوب تھا۔

حَمَّامُ بَلْج : بصرہ میں ایک حمام۔

حَمَّامُ سَعْد : کوفہ اور مکہ کی راہ پر ایک موضع۔

حَمَّامُ عَلِی : موصل اور جُہَینہ (سوادِ موصل میں ایک گاؤں) کے درمیان گندھک کا ایک چشمہ۔

حَمَّامُ فِیل : بصرہ بن زیاد (قاتلِ حسینؓ) کے ایک مولیٰ فِیل کی طرف منسوب ایک حمام۔

حَمَّامُ مَنْجَاب : بصرے میں ایک حمام جو مَنجاب بن راشد الضّبی کی طرف منسوب تھا۔ نیز اسکندریہ و افریقیہ کے درمیان ایک شہر۔

حَمَّامَہ : بنو سُلیم کا ایک چشمہ یا سعد بن زید مناۃ کا ایک پانی۔

حِمَّان : بصرہ میں ایک محلّہ۔

حَمَایِم : یمامہ کا ایک قلعہ یا موضع۔

حَمْرَاء : سوادِ لَبلَہ (اَندلس) میں ایک شہر۔

- بیت المقدس کے نواح میں ایک قلعہ۔
- مصر میں فسطاط کے قریب اور مغربی حصّے میں ایک ایک گاؤں۔ اور
- یمن میں سنحان کی ایک بستی۔

حَمْرَاءُ الْاَسَد : مدینہ سے آٹھ میل دُور ایک موضع۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم اُحد کے روز تلاشِ مشرکین میں اسی مقام تک گئے تھے۔

حُمْرَان : قاع و عقبہ کے درمیان ایک محل نیز غربی سامرّا کی ایک بستی۔

- دیارِ رباب میں ایک پانی۔ اور
- رقّہ میں ایک موضع۔

حُمْرَان دِز : خراسان میں ایک قلعہ۔

حِمَّران : نجران (یمن) کا ایک گاؤں۔

حَمْزَةُ : مراکش کا ایک شہر۔

حِمْصُ : دمشق اور حلب کے وسط میں ایک شہر جس کا بانی حمص بن مہر بن حاں تھا۔ خالد بن ولید یہیں مدفون ہیں۔

حِمّصُ : مصر میں ایک مقام۔

حَمَصُ : آذربیجان میں خلخال کے قریب ایک گاؤں۔

حَمَضُ : بصرہ و بحرین کے درمیان ایک موضع۔

حَمَضَةُ : سوادِ عثّر میں یمن کی ایک بستی۔

حَمَقتَانُ : شام کی بلند سطوح (حصّے۔ خطّے)۔

حَمُلُ : یمن کا ایک گاؤں۔

حَمَلُ : بنو قین بن جسر کا، نیز سوادِ مکہ میں نخلۂ یمانیہ کے پاس ایک پہاڑ۔

حُمْلَانُ : یمن کا ایک موضع۔

حَمْنَانُ : ایضاً۔

حَمُّورِيَةُ : نواحِ دمشق میں ایک گاؤں۔

حَمَّةُ : لغوی معنی : کالے رنگ کے پتھر۔
عرب میں ایسے کئی خطے تھے۔ جن کی چٹانیں کالے رنگ کی تھیں، اور اُن کے مختلف نام تھے، مثلاً :-

نجد میں حَمَّةُ الثُّوَيْرُ
- حَمَّةُ الكَيْمَةُ
- حَمَّةُ البُرْقَه
- حَمَّةُ جِنْزَرْ وغیرہ وغیرہ
- نیز ثور و سمیرا کے درمیان ایک پہاڑ۔
- دیارِ ربیعہ، مصر صعید، یمامہ اور افریقیہ میں ایک ایک گاؤں۔
- حجاز میں ایک وادی یا پہاڑ۔ اور
- لبِ دجلہ جزیرہ میں ایک گرم چشمہ۔

حُمَيَّانُ : جبالِ سَلمیٰ (طے) میں سے ایک پہاڑ۔

حِمْيَرُ : صنعاء (یمن) کے جنوب مغرب میں حمیر بن غوث بن سعد بن عوف بن . . . . . بن سبا کی منازل۔

حُمَيْرَاء : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔

حِمْيَرِيُّونَ : دمشق کا ایک محلّہ۔

حُمَيْطُ : دہناء میں ایک ریتلا خطہ۔

حُمَيْلِيَّةُ : نواحِ بغداد میں نہر الملک کی ایک بستی۔

حُمَيْمَةُ : سوادِ عمّان (اردن) کا ایک شہر۔ نیز نواحِ مکہ میں ایک گاؤں۔

حِنَّاءَتَانُ : سوادِ عالج میں ایک ریتلا خطہ۔

حَنَابِجُ : غنی بن اعصر کے تین پانی۔ یعنی :
- حَبَنْج
- حِنْبَج اور
- حُنَيْبِج

حُنَاكُ : مَعَرَّةُ النُّعْمَانْ (شام) کا ایک قلعہ۔

حِنَاكَ : ذمار (یمن) کی ایک بستی۔

حَنَانُ : بدر کے قریب ایک بڑا ٹیلہ

حَنَّابَةُ : موصل کے مغرب میں ایک علاقہ۔

حِنَبَا : دجلہ کے مشرق میں سوادِ راذان کا ایک علاقہ۔

حَنْبَلُ : بلادِ تمیم میں ایک باغ۔

حَنْبَلِيُّ : بصرہ و مکہ کی راہ پر سُمَيْنَه کے

جنوب میں ایک چشمہ۔

حَنجَر : جزیرۂ ابنِ عُمر میں ایک موضع۔

حُندُرَة : عسقلان کا ایک گاؤں۔

حُندُوثا : معرّۃ النّعمان کی ایک بستی۔

حُنذُورَة : نجد میں بنو عقیل کا ایک پانی۔

حَنَذ : حجاز میں بنو سُلیم و مُزینہ کا ایک پانی۔ نیز نواحِ مدینہ میں ایک بستی۔

حُنُص : نواحِ ذمار (یمن) کا ایک موضع۔

حَنظَلَة : رَے کا ایک محلّہ یا دروازہ۔

حَنفاء : بنو معاویہ بن عامر بن ربیعہ کا ایک پانی۔

حَنِی : نجد میں ایک مقام۔

حِنِی : عراق اور شام کے درمیان سماوہ میں ایک موضع۔

حُنَیبِج : غنی بن اعصر کا ایک پانی۔

حَنِیذ : وادیٔ ستار میں (بحرین کے پاس) بنو سعد کا ایک پانی۔

حُنَیظِلَة : یمامہ اور مکّہ کی راہ پر بنی سُلول کا ایک پانی۔

حُنَین : طائف کے قریب ایک وادی۔ جو مکّہ سے اندازاً ۱۴–۱۵ میل دُور ہے۔ حُنَین عمالقہ کا ایک سردار تھا۔ جو غالباً کبھی اس وادی کا مالک رہا تھا۔ پورا نام : حُنَین بن قانیہ بن مِہلا بِیل۔ اس وادی میں ہوازن و ثَقیف کے ایک لشکر نے حضور صلعم پر، جب آپ ۸ھ میں مکّہ سے لوٹ رہے تھے، حملہ کیا تھا۔ ان کے چھ ہزار آدمی اسیر ہو گئے تھے، اور حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے انھیں چھوڑ دیا تھا۔

حَنِیناء : قِنّسرین یا سوادِ دمشق میں ایک گاؤں۔

حَوّاء : سوادِ یمامہ میں یا یمامہ و ضریّہ کے درمیان ضبّہ یا عُکل یا کسی دیگر قبیلے کا ایک پانی۔

حَوأب : مکّہ و بصرہ کی راہ پر ایک موضع یا گڑھا۔ جہاں حضرت عائشہؓ نے بصرہ جاتے ہوئے (جنگِ جمل میں شریک ہونے کے لیے) کُتّوں کے بھونکنے کی آواز سُنی تھی۔ نیز طائف میں ایک قبائلی آبادی۔

حُوَار : سوادِ ہجر (ساحلِ بحرین) میں ایک علاقہ۔

حَوّار : حَلَب کے قریب ایک علاقہ۔ نیز مَنبِج (شام) کے پاس ایک گاؤں۔

حُوّار : جزیرۂ ابن عُمر میں ایک موضع یا جَیحان کے مغرب میں ایک پہاڑ یا حلب کے پاس ایک علاقہ۔

حُوَارِین : بحرین میں ایک قصبہ۔

حُوّارِین : حلب کا ایک گاؤں اور حمص کا ایک قلعہ۔

حَوَاطِب : یمامہ میں ایک پہاڑ۔

حَوَایا : ثعلبیہ کے پاس ایک موضع۔

حَوتَنَانَان : بلادِ قیس (نجد) میں دو وادیاں۔

حَودُ حُوذ : عُمان اور حضر موت کے درمیان ایک پہاڑ۔

حَورا : سوادِ بغداد میں دُجیل کا ایک گاؤں۔

حَوراء : مصر کا ایک علاقہ، یا طے کی ایک شاخ بنو نبہان کا ایک پانی۔

حَوران : دِمشق کے مغرب میں ایک علاقہ یا

نجد میں ایک پانی۔

حَوْرَۃ : رقہ و بالس کے درمیان ایک گاؤں۔

حَوْز : واسط کے مشرق میں ایک بستی۔ یعقوبا کا ایک محلہ اور کوفہ میں ایک مقام۔

حَوْزَان : مرو الرود کے نواح میں ایک علاقہ۔

حَوْزَۃ : حجاز میں ایک وادی۔

حُوْش : ینبع سے آگے ایک صحرا۔

حَوْش : نواحِ نیشاپور میں اسفرائین کا ایک گاؤں۔

حَوْشَب : یمن میں ایک قبائلی بستی۔

حُوْشِی : دَهناء میں ایک ریتلا خطہ۔

حَوْصَاء : وادی القریٰ اور تبوک کے درمیان ایک موضع۔

حَوْضَا : نجد میں بنو طہمان یا بنو عُتیل کا ایک پانی یا موضع۔

حَوْضَاء : دیارِ کلاب (نجد) میں ایک پہاڑ۔

حَوْضُ الثَّعْلَب : عُمان کے پاس ایک مقام۔

حَوْضِ دَاوُد : بغداد کا ایک محلہ۔

حَوْضِ رِزَاہ : مَرْو شاہجہاں کا ایک محلہ۔

حَوْضِ عَمْرو : مدینہ میں عمرو بن زُبیر بن عوّام، اور بصرہ میں ابو عمرو حفص بن عمر بن حارث (راویِ احادیث) کا محلہ۔

حَوْضِ ہَیْلَانَہ : ہارون الرشید کے محل میں ایک تالاب جو اُس کی ایک کنیز ہیلانہ کے نام پر تھا۔

حَوْط : حمص یا ساحلِ شام پر جَبلہ کی ایک بستی۔

حَوْف : عُمان میں ایک مقام اور مصر میں دو علاقے۔ حوفِ شرقی و غربی۔ شرقی حدودِ شام تک پھیلا ہوا ہے اور غربی دِمیاط تک۔ مصر کا ایک اور موضع، حوفِ رامیس کہلاتا ہے۔

حَوْلَان : یمن میں ایک بستی۔

حَوْلَایَا : نواحِ نہروان میں ایک گاؤں۔

حُوْلَہ : شام کے دو علاقے۔ ایک سوادِ حمص میں حمص و طرابلس کے درمیان واقع ہے اور دوسرا سوادِ دمشق میں صُور اور بانیاس کے درمیان۔

حَوْمَان : بلادِ عامر بن صعصعہ میں ایک موضع۔

حَوْمَانَۃُ الدَّرَّاج : بصرہ و مکہ کی راہ پر قیصومہ کے نزدیک یا بلادِ اسد میں ایک پانی۔

حَوْمَل : اثرہ (بصرہ و مکہ کے درمیان) اور اَسْوَدُ العَین (نجد) کے مابین ایک مقام۔

حُوَّۃ : بلادِ کلب میں ایک موضع۔

حُوَیّ : بلادِ بنو عامر میں ایک جگہ۔

حُوَیَّاء : دیارِ عبداللہ بن کلاب میں ایک وادی یا پانی۔

حُوَیْذَان : یمن میں ایک خطہ۔

حُوَیْزَۃ : خوزستان، واسط اور بصرہ کے درمیان ایک موضع۔

حَیَاء : بلادِ قشیر میں ایک وادی۔

حِیَار : حلب سے دو یوم کی مسافت پر قنسرین کی طرف ایک ناحیہ۔

حَیَّانِیَّہ : سوادِ دمشق میں ایک علاقہ۔

حِیَاوَۃ : یمن کا ایک قلعہ۔

حَیْدَث : یمن میں ایک موضع۔

حَیْدَیْن : اخمیم (مصر) میں ایک قبرستان۔

حَیْر : سامرا (عراق) میں ایک محل۔ جو متوکل نے بنوایا تھا۔

حَیَرَۃ : جبالِ ہذیل میں ایک گاؤں۔

حِیرَۃ : کوفہ سے تین میل دور ایک شہر، جسے آج نجف کہتے ہیں۔ یہ ریاستِ حیرہ کا پایۂ تخت رہا ہے۔ اور
٭ فارس کا ایک گاؤں۔ نیز
٭ نیشاپور کا ایک محلہ۔

حِیزان : ارمینیہ یا دیارِ بکر میں ایک شہر۔

حَیش : نواحِ زبید (یمن) میں ایک علاقہ۔

حَیض : تہامہ میں ہذیل کی ایک گھاٹی۔

حَیفا : ساحلِ شام پر ایک شہر اور قلعہ، جو اب ریاستِ اسرائیل کا حصّہ ہے۔

حَیفاء : مدینہ کا ایک موضع۔

حَیق : یمن کا ایک شہر، یا ایک پہاڑ، یا ساحلِ عدن، یا کوہِ قاف۔ جو دنیا کو محیط ہے۔

حَیل : مدینہ و خیبر کے درمیان ایک موضع۔

حُیلان : حلب کی ایک نواحی بستی۔ یہاں سے کچھ چشمے حلب کی طرف بہتے ہیں۔

حَیلہ : سراۃ کا ایک شہر۔

حَیمہ : یمن میں سوا دِ حَنَد کا ایک شہر۔

حِینی : دیارِ بکر کا ایک شہر۔

حَیَّہ : طے کا ایک پہاڑ، نیز یمن کا ایک گاؤں۔

خ

خَابَرَان : خُراسان میں سَرَخس اور اَبِیْوَرْد کے درمیان ایک علاقہ جس میں مُتعدد شہر اور بستیاں ہیں۔

خَابُوْر : عراق میں راسِ عَیْن اور فُرات کے درمیان جزیرۂ ابنِ عُمر کا ایک دریا، جو راسِ عَین سے نکلتا اور فرات میں جا گرتا ہے۔ نیز سوادِ موصل میں موصل سے مشرق کی طرف ایک دریا جو اِزْمِینِیہ سے نکل کر موصل کے قریب دجلہ میں مل جاتا ہے۔

خَاخ : مدینے کے قریب ایک چراگاہ۔

خَاخَسْر : سمرقند سے دو فرسخ کے فاصلے پر ایک بستی۔

خَار : رے کا ایک موضع۔

خَارْبَاْن : نواحِ بلخ میں ایک جگہ۔

خَارِجَہ : تُونس کی ایک زراعتی بستی۔

خَارِز : موصل اور اِرْبِل کے درمیان ایک دریا۔

خَارْزَنْج : نواحِ نیشاپور میں ایک علاقہ۔

خَارِف : سوادِ مَشْرَف (یمن) میں ایک گاؤں۔

خَارَک : خلیجِ فارس میں خوزستان کے سامنے ایک جزیرہ۔

خَاسَت (خاشت) : سوادِ بلخ میں ایک بستی۔

خَاشَک : نواحِ مکران میں ایک گاؤں۔

خَاص : خیبر کی ایک وادی۔

خَاکَہ : بلادِ عُذرہ میں ایک وادی۔

خَال : بلادِ سُلَیم یا ارضِ غطفان میں ایک پہاڑ۔ نیز یمن میں ایک موضع۔

خَال بَرْزَن : سوادِ سَرَخس میں ایک بستی۔

خَالِد : نیشاپور میں ایک موضع۔

خَالِدآبَاد : سَرَخس کے پاس ایک گاؤں۔

خَالِدِیَہ : سوادِ موصل میں ایک بستی۔

خَالِص : بغداد کے مشرق میں ایک وسیع علاقہ۔

خَالِصَہ : مکہ و کوفہ کی راہ پر اَجْفَر اور خُزَیمیہ کے درمیان ایک پانی۔

خَالَہ : صحرائے شام میں کعب بن وَبَرہ کا ایک پانی۔

خَامِر : حجاز میں ایک پہاڑ۔

خَان : اصفہان میں ایک موضع۔

خَانِ اُمِّ حَکِیْم : سوادِ حَوْران میں ایک موضع۔

خَان جَاہ : ہمدان کا ایک محلہ۔

خَانِسَاش : ہمدان کے قریب جُرْبَاذْقان کی ایک بستی۔

خَانِق : تہامہ کا ایک ناحیہ (علاقہ)

خَانِقَان : مدینہ کی تین ندیوں بُطحان، قناۃ، اور عقیق کا مقامِ اتصال۔

خَانِقَة : بیت المقدس میں فرقۂ کرامیّہ کی ایک عبادت گاہ۔

خَانِقِین : بغداد اور ہمدان کی راہ پر قصرِ شیریں سے چھ میل دُور سواد (علاقہ) میں ایک قصبہ، نیز نواحِ کوفہ میں ایک موضع۔

خَان لَنجَان : اِصفہان سے دو یوم کی مسافت پر ایک شہر، نیز فارس میں ایک موضع۔

خَانِ وَرْدَان : بغداد میں ایک سرائے جو منصور کے ایک سپہ سالار وَرْدَان نے بنوائی تھی۔

خَانُوقَة : رقّہ کے پاس لبِ فرات ایک قصبہ۔

خَانِیجَار : بغداد اور اِربِل کے درمیان ایک قصبہ۔

خَاوَر : حَرّان (غربی مصر) کے جنوب میں ایک شہر۔

خَاوَرَان : وسطی اِرمینیہ میں خلاط کی ایک نواحی بستی۔

خَاوِس : ماوراء النہر میں بلادِ اشروسنہ کا ایک گاؤں۔

خَائِعَان : غیقہ اور یَلیل میں ایک ایک وادی یا گھاٹی۔

خِب : کوفہ کی طرف بنو غنی کا ایک پانی۔

خَب : قُبا کی طرف مدینہ کی ایک وادی، نیز نجد میں ایک مقام۔

خَبَار : مدینہ کے قریب ایک جگہ۔ جہاں سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بدر جاتے ہوئے گزرے تھے۔

خَبَائِر : یمن میں ایک بستی۔

خَبَاش : یمامہ میں بنو یشکر کا ایک نخلستان۔

خَبَاق : مَرْو کی ایک بستی۔

خُبَّان : نجران کے قریب ایک وادی جس کی ایک بستی سے اَسْوَدُ الْعَنسی (مدعیِ نبوت بہ عہدِ ابوبکر صدیق) اٹھا تھا۔

خَبَّان : فَدَک کے قریب ایک پہاڑ۔

خَبِیْث : مکہ و مدینہ کے مابین ایک صحرا۔ نیز یمن میں سوادِ زَبید کا ایک قریہ (گاؤں)۔

خُبَیْج : سوادِ ذمار (یمن) میں ایک بستی۔

خَبْر : مسجد سعد بن ابی وقاص سے چھ میل پر ایک موضع اور شیراز کے پاس ایک قصبہ۔

خَبْرَة : بنو ثعلبہ بن سعد کا رَجمی زبدہ میں ایک پانی۔

خَبِرتن : سوادِ بُست میں ایک گاؤں۔

خُبْزَة : سوادِ ینبع میں مکہ کی جانب ایک قلعہ۔

خَبِق : نواحِ کرمان کی ایک بستی۔

خَبَنک : بلخ کی ایک بستی جسے خَوْزَنق بھی کہتے ہیں۔

خَبُوشَان : سوادِ نیشاپور کا ایک قصبہ۔

خُبَّة : نجد میں ایک ریتیلا خطۂ زمین۔

خَبِی : ذو قار کے پاس ایک موضع اور کوفہ و شام کے درمیان ایک مقام۔

خُبَیْب : مصر میں ایک مقام۔

خُبَیْبَت : نجدِ اعلیٰ میں بنو عقیل اور بنو اشجع کا مشترکہ پانی۔

خَبِیرَات : صَنعاء میں کچھ ہموار میدان۔
خَبِیص : کرمان کا ایک قصبہ۔
خُت : عمان کا ایک پہاڑی شہر۔
خُتّا : سوادِ دربند میں ایک شہر۔
خُتّل : ماوراءُ النہر میں ایک وسیع علاقہ۔
خَتلَان : سمرقند کے قریب بستیوں کا ایک جھنڈ۔
خُتَن : غربی چین میں کشمیر کے شمال، افغانستان کے مشرق اور یارقند کے جنوب میں ایک مشہور شہر۔ جو کشمیر کی شمالی سرحد سے اندازاً دو سو میل دُور ہے۔
خُتَنی : دربند کا ایک شہر۔
خَثمَاء : نواحِ یمامہ میں ایک مقام۔
خُجَادَہ : بخارا کی ایک بستی۔
خُجُستَان : ہرات کے پہاڑوں میں ایک بستی۔
خُجَندَہ : ماوراءُ النہر میں سیحُون کے کنارے ایک شہر۔
خُدَابَاد : بخارا سے پانچ فرسخ دُور ایک گاؤں۔
خِدَار : صنعاء سے دس میل کے فاصلے پر ایک قلعہ۔
خَدَد : یمن کا ایک قلعہ۔
خُدَد : دیارِ بنو سُلیم میں ایک مقام۔ نیز ہجر میں ایک چشمہ۔
خَدّ العِذَار : کُوفہ کا ایک نام۔
خَدعَہ : کُوفہ کے قریب غنی اور بنو عتریف کا پانی۔
خُدَفرَان : سوادِ سمرقند کا ایک گاؤں۔
خُدُود : طائف کے قریب ایک بستی۔
خَدُورَاء : بلادِ حارث بن کعب میں ایک موضع۔

خُدَیسَر : ماوراءُ النہر میں اُشروسنہ کے قریب ایک قصبہ۔
خُدَی مِنکَن : نواحِ سمرقند میں ایک گاؤں۔
خُذَابَان : نواحِ ہرات کا ایک گاؤں۔
خُذَارِق : تہامہ کا ایک کھاری چشمہ۔
خِذَام : نیشاپور میں ایک مقام۔ ہَمدان کے قریب ایک وادی اور دیارِ بنو اسد میں ایک پانی۔
خُذَانَذ : سمرقند سے ڈیڑھ فرسخ کے فاصلے پر ایک بستی۔
خَذقَدُونَہ : شام و ترکی کی سرحد پر طرسُوس کے قریب ایک شہر۔
خَذِیفَہ : نجد میں کعب بن عبد بن ابی بکر بن کلاب کا ایک پانی۔
خُجَر : شام میں بنو کلب بن وبرہ کا ایک پانی۔
خَرَاب : بغداد کا ایک موضع۔
خَرَاجِرَا : نواحِ بخارا کی ایک بستی۔
خَرَادِیق : ایضاً
خَرَّار : حجاز میں جُحفہ کے قریب ایک مقام یا مدینہ کی ایک وادی یا خیبر کا ایک موضع۔
خَرَّارَہ : کُوفہ کے قریب ایک جگہ۔
خُرَاسَان : مشرقی ایران کا ایک وسیع علاقہ، جو جنوب میں سیستان، مشرق میں بلخ و ہرات، شمال میں تا حدِّ جیحُون اور مغرب میں قزوین تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کے بڑے بڑے شہر:

- نیشاپور
- ہرات
- بُوشَنج
- طُوس
- مَرو
- سَرخَس
- ابی وَرد
- فاریاب

٭ جُوزجان اور

٭ بامیان ہیں

کچھ جغرافیہ نگاروں کے ہاں خُراسان اتنا وسیع علاقہ نہیں اور اِس کی حدود کچھ اور ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ آج تک اس کی حدود کی تعیین نہیں ہوسکی۔ بعض افغانستان، اور ماوراء النہر کے بعض علاقوں کو بھی شامل خُراسان سمجھتے ہیں، اور بعض دیگر اِن سے اتفاق نہیں کرتے۔ آجکل (۱۹۷۰ء) کا خُراسان حدودِ ایران میں محصُور ہے۔

خَرَاسَكَان : اِصفہان کا ایک گاؤں۔

خَرَانديز: خُراسان کی ایک بستی۔

خَرَانِق : دیارِ طے میں اجاء اور سَلا کے درمیان خشک نالے۔

خَرِب : قَید اور سَعد (مدینہ کی راہ پر ایک پہاڑ) کے درمیان ایک موضع۔

٭ دیارِ سُلَیم میں تعار کے قریب ایک پہاڑ۔

٭ ھِیت اور شام کے درمیان ایک وسیع خِطہ۔

خَرَب : دیارِ بنو کلاب (نجد) میں سُبحا اور ثَہل کے درمیان ایک خِطہ۔

خَرِبتا : اِسکندریہ کے قریب ایک علاقہ۔

خَرَبَة : نجد میں ضَرِیّہ کے قریب ایک خِطہ۔

خُرْبَة : ضریّہ سے چھ فرسخ دُور دیارِ سعد بن ذُبیان میں ایک پانی۔

خَرِبَةُ المَلِك : نیل کے مشرقی کنارے پر ایک شہر جس کے قریب زُمرّد کی کان ہے۔

خَرتَبِرت : بلادِ رُوم میں ملاطیہ سے مشرق کی طرف فرات کے مشرقی کنارے پر ایک قلعہ۔

خَرتَنگ : سمرقند کے قریب ایک گاؤں۔ جس میں مشہور محدّث اِمام محمد بن اسماعیل بُخاریؒ کی قبر ہے۔

خَرتِیز : سوادِ دہستان (طبرستان کا ایک شہر یا ناحیہ) میں ایک گاؤں۔

خَرج : یمامہ میں قیس بن ثعلبہ کی ایک وادی۔

خُرج : دیارِ تمیم ہیں کعب بن عنبر کی ایک وادی۔

خَرجَاء : بصرے سے مکّہ کی طرف تین منزل پر ایک کوآں۔

خُرجَان : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔

خَرجَان : اِصفہان کا ایک قلعہ۔

خُرجِرد : ہرات میں بُوشنج کے قریب ایک بستی۔

خَرجوش : نیشاپور میں ایک محلّہ یا موضع۔

خُرخَان : قُومس (طبرستان کا ایک علاقہ) کی ایک بستی۔

خُرَّزاذ اَزدَشِیر : نواحِ موصل میں ایک قصبہ۔

خَرزَة : ارضِ فزارہ اور دیارِ اسد کے درمیان ایک چشمہ، یا جوہڑ۔

خَرش : آرمینیہ میں ایک قلعہ۔

خُرستاباذ : نینوی (موصل کے مشرق میں ایک علاقہ) کی ایک بستی۔

خُرسی : بغداد کا ایک محلّہ۔

خِزشَافْ : بحرین کے ساحل پر بلاد جذیمہ میں بیضار کے قریب ایک مقام۔
خَرشکَث : سیحون کے مشرق میں شاش کی ایک آبادی۔
خَزشَنُونْ : ترکی میں ملاطیہ کے قریب ایک علاقہ۔
خَرشَنَہ : خرشنون کا ایک شہر۔
خُرشِیذْ : فارس کا ایک ساحلی شہر۔
خِرصَانْ : بحرین کی ایک بستی۔
خَرطَطْ : مَرْو کا ایک گاؤں۔
خَرعُونْ : سمرقند کی ایک بستی۔
خَرغَانْ کَث : بخارا کی ایک بستی۔
خَرَقْ : مَرْو کا ایک سرسبز گاؤں۔
خَرقْ : نیشاپور کے پاس ایک گاؤں۔
خَرقَانْ : سمرقند سے آٹھ فرسخ کے فاصلے پر ایک بستی۔
خَرَقَانْ : نواحِ بسطام کا ایک قریہ۔
خَرَّقَانْ : ہمدان کی ایک بستی۔ نیز تبریز کے قریب ایک قصبہ۔
خَرکَنْ : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔
خَرکُوشْ : نیشاپور کا ایک بڑا محلّہ۔
خُرمْ : کاظمہ (بصرہ اور بحرین کے درمیان) میں کچھ پہاڑیاں۔
خُرَّمْ : سوادِ اردبیل میں ایک گاؤں۔
خُرَّمْ آبَاذْ : نواحِ بلخ میں ایک بستی
خرما رود : بسطام اور جرجان کے درمیان ایک دریا۔
خُرمَانْ : مکّہ میں ایک موضع، نیز مکّہ کے شمال مشرق میں اہلِ عراق کی میقات سے آٹھ میل مشرق کی طرف ایک پہاڑ۔ جہاں سے کوفہ اور بصرہ کی راہیں الگ ہوتی ہیں۔
خُرمُقْ : فارس میں ایک موضع۔
خُرَّمَہ : صوبۂ فارس میں اصطخر کے قریب ایک علاقہ۔
خَرمَیثَنْ : بخارا کی ایک بستی۔
خَرَّنْ : سوادِ ہمدان میں ایک بستی۔
خَرَنْبَاءْ : حلب اور ارضِ روم کے درمیان ایک خطہ، نیز مصر میں ایک موضع۔
خَرنَقْ : مکّہ و بصرہ کے درمیان ایک موضع۔
خَرُّوبَہْ : ساحلِ شام پر عکّہ کے قریب ایک قلعہ۔
خَرُوالْجَبَلْ : طوس اور خابران (خراسان) کے درمیان ایک بستی۔
خَرُوزْ : نواحِ خوارزم میں ایک بستی۔
خَرُوزَنجْ : بلخ کے قریب ایک آبادی۔
خَرُونْ : خراسان کا ایک علاقہ۔
خُرَیبَہْ : بصرہ میں ایک مقام۔ ساحلِ شام پر ایک قلعہ اور قادسیہ کے پاس ایک پانی۔
خُرَیجَہْ : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔
خَرِیزْ : وشم (یمامہ) کے پاس ایک موضع۔
خُرَیزِی : بلادِ طے میں کوہِ اجاء کی ایک وادی۔ اور خیبر میں ایک کوآں۔
خُرَیزِدْ : یمامہ میں وادیٔ حمقی کے قریب ایک پانی۔
خَرِیشِیمْ : عمان میں ایک غار۔
خُرَیقْ : جار کے قریب اور ینبع سے متصل ایک وادی۔

خُزَیمہ : جار اور مدینہ یا مدینہ اور رَوحاء کے درمیان ایک گھاٹی۔ جس میں سے حضورؐ بدر سے واپسی پر گزرے تھے۔

خُزَاشر : نَسَف یا سوادِ بلخ کی ایک بستی۔

خَزَاز (خَزَزَا) : منعج اور رنافل کے درمیان ضریّہ کے سامنے ایک پہاڑ۔

خَزَاز : بصرہ و واسط کے درمیان ایک دریا۔

خُزَامہ : نجد کی ایک وادی۔

خَزَامین : مدینہ میں ایک بازار۔

خُزَانند : سمرقند سے دو فرسخ کے فاصلے پر ایک بستی۔

خَرَبَاتُ دَدُّو : یما۔ میں بنو عقیل کا ایک موضع۔

خَزَر : دربند سے آگے ترکوں کے علاقے۔ خزر نوحؑ کا پوتا اور یافثؑ کا بیٹا تھا جو اس علاقے میں آکر آباد ہوا تھا۔ بحیرۂ خزر اسی علاقے کا سمندر ہے۔ اس علاقے کا بادشاہ خاقان کہلاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ذوالقرنین کی دیوار اسی علاقے میں تھی۔

خَزَق : بغداد میں ایک چھت والی گلی۔

خَزْوَان : بخارا کی ایک بستی۔

خُزَیمیّہ : کوفہ اور مکہ کی راہ پر ثعلبیہ کے بعد ایک منزل۔

خُسَاف : حجاز و شام کے درمیان ایک جنگل۔

خُسْرَوآباذ : مرو سے دو فرسخ پر ایک بستی۔

خُسْرَاہا باذ : رَے کا ایک گاؤں۔

خُسْرَاویہ : واسط کی ایک بستی۔

خُسْرَوجِرْد : نیشاپور اور قومس کے درمیان خراسان کا ایک شہر۔

خُسْرَوسَابُور : واسط کے قریب ایک بستی۔

خُسْرَوشَاذ فَیْرُوز : حلوان العراق کے قریب ایک علاقہ۔

خُسْرَوشَاذ قُبَاذ : سوادِ عراق میں ایک علاقہ۔

خُسْرَوشَاذ هُرْمُز : سواد (دجلہ و فرات کا دوآبہ) کا ایک علاقہ جس کے مشرقی حصے میں جلولاء تھا۔

خُسْرَوشَاہ : مرو سے دو فرسخ دور ایک بستی۔

خِشْفِین : سوادِ حوران میں ایک گاؤں۔

خِشْمہ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

خُشّ : سوادِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔

خشا : دیارِ محارب میں ایک پہاڑ۔

خُشَاب (خُشَاب) : دراصل خوش آب تھا۔ رَے کا ایک گاؤں۔

خَشَاش : مدینہ کے پاس ایک پہاڑ۔

خَشَاغَر : بخارا کا ایک گاؤں۔

خُشَاوَرہ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

خُشُب : یمامہ میں یا مدینہ سے دس بارہ میل دور ایک وادی۔

خَشَب : یمن کی ایک آبادی۔

خَشْبَاء : حاجر کے قریب حاجیوں کی راہ پر ایک پہاڑ۔

خَشَبِی : مصر کا ایک سرحدی شہر جو شام کی سرحد پر واقع تھا۔

خَشَبیّہ : مصیصہ (ترکی) کے قریب ایک پہاڑ۔

خُشْرَق : سوادِ بخارا کی ایک بستی۔

خَشْرَمَہ : یَنْبُوعْ کے قریب ایک ندی، جو سمندر میں گرتی ہے۔

خَشْعَانْ : یمن کا ایک گاؤں۔

خُشْنَکْ : ہرات کا ایک دروازہ۔

خُشَّکْ : نواحِ کابل میں ایک شہر۔

خُشْک رُوْذ : ؟نی میں ایک موضع۔

خُشْمَنْ جَکْثْ : ماوراء النہر میں کش کے قریب ایک گاؤں۔

خُشْ مِیْثَنْ : نواحِ خوارزم میں ایک بستی۔

خُشَنْ : افریقیہ میں ایک موضع۔

خُشُوْبْ : دیارِ مزینہ میں ایک پہاڑ۔

خُشُوْفَغَنْ : نواحِ سمرقند میں ایک بستی۔

خَشُوْنَ جَکَثْ : سوادِ کش کی ایک بستی۔

خُشَیْبَہْ : یمامہ کے قریب ایک خطہ۔

خُشَیْنْ : ارضِ جشمی میں ایک پہاڑ۔

خَشِیْنَانْ : اصفہان میں ایک محلہ۔

خَشَیْنْ دِیْزَہْ : نسف کی ایک بستی۔

خُصْ : قادسیہ کے قریب ایک گاؤں۔

خُصَاْ : نجد میں یربوع بن حنظلہ کا ایک موضع۔

خُصَّاْ : سوادِ بغداد میں حربی اور تکریت کے درمیان ایک بستی۔

خَصَاْصَہْ : حجاز اور تہامہ کے درمیان بنو زبید اور حارث بن کعب کی ایک بستی۔

خِصَاْفَہْ : بنو ضباب کی ایک وادی۔

خَصْنٌ : نجد میں شابہ کے قریب سلیلہ و ربذہ کے درمیان ایک پہاڑ۔

خُصْلَہْ : نجد میں بنو اسد کی ایک شاخ بنو ابی الحجاج بن منقذ بن طریف کا ایک پانی۔

خُصُوْصْ : کوفہ کے پاس ایک موضع۔

خُصُوْفْ : یمن میں صعدہ کے قریب ایک موضع۔

خَصِیْ : دیارِ یربوع (نجد) میں ایک موضع۔

خَضْیَانْ : بصرہ اور کوفہ کی زد پر بلاد بنی بکر میں ایک مقام۔

خُضَیْلْ : شام میں ایک موضع۔

خُضَاْبْ : یمن میں ایک مقام۔

خَضَاْرِمْ : یمامہ میں بنو عجل کی ایک وادی۔

خَضْرَاْءْ : یمامہ میں بنو عطارد کا ایک نخلستان۔

❊ یمن میں ایک قلعہ، اور

❊ اندلس و افریقیہ میں ایک ایک شہر۔

خِضْرِمَہْ : یمامہ میں ربیعہ کی ایک بستی اور بنو سلول کا ایک پانی۔

خَضِرَہْ : نجد میں بنو محارب کا یا مدینہ کے پاس تہامہ کا ایک موضع۔

خَضِلَاْتْ : یمامہ میں بنو عبد اللہ بن الدئل کا ایک نخلستان۔

خُضَیْرِیَّہْ : بغداد میں ایک محلہ۔

خَطْ : عمان کا ساحلی علاقہ جس میں قطیف و قطر بھی شامل ہیں۔

خُطْ : مکہ کے قریب ایک پہاڑ۔ نیز بحرین میں ایک موضع۔

خِطَاْ : جبالِ سراۃ میں ایک گھاٹی۔

خُطَاْ : کوفہ و شام کے درمیان ایک موضع۔

خَطَاْبَہْ : ارضِ تمیم میں بنو کریب کا ایک موضع۔

خِطَاْمَہْ : یمامہ میں ایک بستی۔

خَطَایِمہ : یمامہ میں ایک پانی۔

خُصَرِنیۃ : سوادِ بابل میں ایک علاقہ۔

خَطْمَۃ : مدینہ میں ایک موضع۔
نیز ایک پہاڑ جو مدینہ اور وادی القریٰ کے درمیان ہے۔

خِطْمِی (ذَاتُ الخِطْمِی) : ایک مقام جہاں حضور صلعم نے تبوک جاتے ہوئے ایک مسجد کی بنا ڈالی تھی۔

خُفَاف : ضریہ میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

خَفَّان : کوفہ کے مغرب میں ایک مقام۔

خُفْنِیَان : سوادِ اربل کے دو قلعے:-
٭ ایک مراغہ کی طرف، اور
٭ دوسرا شہرزور کی راہ پر۔

خَفْشَن : ینبع اور مدینہ کے درمیان ایک وادی۔

خَفِیّہ : کوفہ کے پاس ایک گھنا جنگل۔

خَکَنْجَہ : سوادِ بخارا میں ایک گاؤں۔

خَلّ : واسط اور مکہ کی راہ پر ثعلبیہ کے پاس ایک موضع۔
٭ مکہ اور مدینہ کے درمیان مرجح کے قریب ایک مقام۔
٭ وادی زمع (یمن) میں ایک موضع۔ اور
٭ بنو عنبر (یمامہ) کا ایک پانی۔

خُلَّد : بلاد طے میں ایک مقام یا گاؤں۔

خَلاز : فارس کا ایک موضع۔

خِلَاط : وسطی آرمینیہ کا ایک شہر۔

خِلَاطا : منیٰ میں ایک موضع۔

خِلَان : حمیٰ ضریہ میں ایک موضع۔

خَلَائِق : مدینہ کے قریب ایک جگہ۔

خُلَائِل : مدینہ کا ایک نواحی مقام۔

خِلِنْتَا : موصل کے مشرق میں ایک قصبہ۔

خَلْج : غزنی کے قریب ایک موضع۔

خَلْخَال : سوادِ آذربیجان میں ایک علاقہ۔

خُلْد : خلیفہ منصور عباسی کا محل۔ جو اس نے لبِ دجلہ بنایا تھا۔ اس کے ارد گرد ملازموں اور دیگر لوگوں کے گھر دور تک پھیل گئے تھے اور یہ ساری بستی خُلْد کے نام سے مشہور ہو گئی تھی۔

خَلْص : مکہ و مدینہ کے مابین ایک سبز وادی۔

خَلْصَاء : دہناء میں ایک گاؤں۔

خَلَصَہ (ذُوالخَلَصَہ) : یہ دوس، خثعم، بجیلہ اور ان قبائل کا بت تھا۔ جو مکہ اور یمن کے درمیان ایک مقام تبالہ میں رہتے تھے، اور بعض دیگر اسے عمرو بن لحی بن قمعہ کا وہ بت قرار دیتے ہیں، جو اس نے اسفل مکہ میں نصب کیا تھا اور لوگ اس کی پرستش کرتے تھے۔
٭ ایک اور قول یہ ہے کہ یہ اس کعبۂ یمانیہ کا نام ہے جو ابرہۃ بن الصباح الحمیری نے یمن میں تعمیر کیا تھا۔
٭ نیز نواحِ مکہ میں ایک بستی۔

خَلْقَدُونَہ : ترکی کا وہ علاقہ جس میں مصیصہ و طرسوس واقع ہیں۔

خَلْم : بلخ کا ایک نواحی گاؤں۔

خَلَند : عدن کے قریب ایک بستی۔

خَلِیت : تیماء میں ایک قلعہ۔

خَلِیج : سمندر کے مختلف حصوں کا نام مثلاً:-

٭ خلیج فارس

٭ خلیج استنبول وغیرہ

نیز مکہ کا ایک پہاڑ۔

خُلَیْص: مکہ و مدینہ کے درمیان ایک قلعہ۔

خَلِیف: کوہ دجلہ میں ایک گھاٹی نیز بنو عدی التیم کا ایک نخلستان۔

خَلِیفَہ: مکہ کے قریب ایک پہاڑ۔

خَلِیقَہ: دیارِ سُلیم اور مدینہ کے مابین ایک منزل۔ نیز یمامہ و مکہ کے درمیان ایک ذخیرۂ آب۔

خَلِیقِی: بلادِ عقیل میں ایک پہاڑی۔

خَلِیل: حبرون کا دوسرا نام۔ یہاں حضرت ابراہیمؑ اور چند دیگر انبیاء دفن ہیں۔

خُم: غدیر خُم کا نام۔ یہ وہ مقام ہے جہاں حضور صلعم نے آخری حج سے واپسی پر اعلان فرمایا تھا:

مَن کُنتُ مَولَاہُ فَعَلِیٌّ مَولَاہُ۔

یہ مکہ اور مدینہ کے درمیان جحفہ سے تین میل دُور ہے۔ اس میں خزاعہ، کنانہ اور کئی دیگر لوگ آباد تھے۔ اس میں ایک تالاب خُم کہلاتا تھا۔

ایک روایت کے مطابق خُم ایک رنگ ریز کا نام تھا۔ جس کی طرف یہ تالاب منسوب تھا۔

یا اُس جنگل کا نام، جس میں یہ تالاب واقع تھا۔

نیز مکہ میں ایک کنواں جو عبد شمس یا مُرّہ بن کعب نے کھدوایا تھا۔

خِمَار: تہامہ میں ایک موضع۔

خَمّان: شام میں دمشق کے پاس ایک بستی۔

خِمَان: شام کے راستے پر دیارِ قُضاعہ میں پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔

خُمائے جان: صوبۂ فارس میں ایک بستی۔

خُمْخَیْسَرَہ: بخارا کی ایک بستی۔

خَمّی: مدینہ کے پاس ایک گھاٹی۔

خُمْرَاق: خراسان کا ایک شہر۔

خَمْرَبَرْث: سوادِ شلاط [illegible] میں ایک شہر۔

خُمْرَک: ماوراء النہر میں ارضِ تاشکند کا ایک قصبہ۔

خَمْطَہ: نجد میں ایک موضع۔

خمق آباد: مرو کی ایک بستی۔

خَمْرقَری: خراسان میں پانچ گاؤں۔ جو پنج دہ کہلاتے ہیں۔

خَمْلِیخ: بلادِ خزر میں ایک شہر۔

خَمّہ: عمان میں بنو عبداللہ بن دارم کا ایک پانی۔

خُمَیثَن: سمرقند کی ایک بستی۔

خُمَیز: صدہ (نجد) کے شمال میں بنو ربیعہ بن عبداللہ کا ایک پانی۔

خَنّاب: کرمان کا ایک علاقہ۔

خَنَاثا: نجد میں ایک موضع

خُنَاجن: یمن میں ایک قبائلی آبادی

خُنَاش: یمن کی ایک قبائلی آبادی

خُنَاصِرہ: سوادِ حلب میں ایک قصبہ

خَنَافِس: انبار (عراق) کے قریب ایک خطہ۔

خُنَامتی: بخارا کی ایک بستی۔

خُنَان: سوادِ جرزان (ارمینیہ) میں ایک قصبہ۔

خَنبُوْن : بخارا کا ایک گاؤں

خَنثَل : دیارِ بنو کلاب (نجد) میں زرِ زمین کا ایک خطہ۔

خَنجَرَہ : تہامہ کا ایک پانی۔ یا ترکی میں ایک علاقہ۔

خَندَاذ : ہمدان و نہاوند کے درمیان ایک گاؤں۔

خَندَرُوذ : فارس میں ایک موضع۔

خَندَق : جرجان کا ایک محلہ۔
٭ مصر میں قاہرہ کے پاس ایک بستی۔ اور
٭ سوادِ کوفہ میں ایک طویل خندق، جو شاپور نے عرب قبائل کے حملوں سے بچنے کے لیے سرحد پر کھدوائی تھی۔

خَندَمَہ : مکہ کا ایک پہاڑ جہاں سے اہلِ مکہ عمارت کے لیے پتھر نکالتے تھے۔

خَنزَرَہ : دیارِ بنو عبد اللہ بن کلاب (نجد) میں ایک پہاڑی۔

خَنزَر : ایضاً۔

خَنزَرَہ : دیارِ ضباب میں ایک لمبی پہاڑی۔

خِنزِیر : یمامہ میں ایک علاقہ۔

خَنعَس : ضریہ کے قریب غنی بن اعصر کا ایک پہاڑ۔

خَنفَس : سوادِ یمامہ میں ایک موضع۔

خُنلِیق : دربند کے قریب ایک قصبہ۔

خَنَق : فلج اور نجران کے درمیان ایک پہاڑی علاقہ جس میں ہمدان، ہند بن زید اور چند دیگر یمنی قبائل آباد تھے۔

خَنُوفَہ : بنو عقیل کی ایک وادی۔

خُنَیس : کوفہ کا ایک محلہ۔

خُنَیفَغَان : سوادِ فارس میں ایک گاؤں۔

خِنَیبَہ : نواحِ قسطنطنیہ میں ایک بستی۔

خَوّ : دیارِ اسد کی ایک ندی۔

خُوَار : سوادِ رے میں ایک شہر، نیز نواحِ مکہ میں ایک گاؤں۔

خَوَارِج : یمامہ میں دو پہاڑی چوٹیوں کا نام۔

خُوَارِزم : ترکستان کا ایک علاقہ جس کا اہم شہر خیوہ ہے۔ یہ شہر جیحون کے غربی کنارے پر بحیرۂ آرال سے ۲۰۰ میل جنوب، مرو سے ۲۸۰ میل شمال اور بحیرۂ خزر سے ۴۰۰ میل مشرق میں ہے۔

خُوَاش : سیستان کا ایک شہر۔

خُوَاشت : بلخ کا ایک نواحی گاؤں۔

خَوَاف : نیشاپور کا ایک قصبہ۔ نیز خراسان میں ایک علاقہ، جس میں کئی سو بستیاں تھیں۔

خُوَاقَند : فرغانہ (ترکستان) کا ایک قصبہ۔

خَوَّان : بلادِ تمیم میں دو وادیاں۔

خُوَایَہ : سوادِ رے کی ایک بستی۔

خُوبَذَان : فارس میں ارجان اور نوبندجان کے مابین ایک موضع۔

خُوجَان : ماوراء النہر نیز سواد نیشاپور کا ایک قصبہ۔

خُوجَان : مرو کی ایک بستی۔

خَوخَةُ الأشقر : مصر میں ایک موضع۔

خَوْر : لغوی معنی :- پست زمین۔ خلیج اور ساحل پر آبادی۔

ایسی خَوریں ہیں۔ مثلاً :

- ساحلِ عُمان پر خَورِ بَدْوَعَن۔
- کراچی کے قریب خَورِ دَیبُل۔
- بصرہ کے قریب خَورِ سَیف۔
- عُمان کے ساحل پر خَورِ فَکَان۔
- نجد میں ایک موضع۔

خُوْر : بلخ کی ایک بستی۔ اور فارس کا سارا صوبہ۔

خُورِ سَفَلْق : غالباً استرآباد کا ایک گاؤں۔

خُورَزَن : ہَمَدان کے پاس ایک پہاڑی۔

خَوَرْنَق : ماوراء النہر کا ایک شہر۔

- بلخ سے نصف فرسخ پر ایک گاؤں۔
- کوفہ میں ایک موضع۔ اور
- حیرہ میں ایک محل۔

خُوز : خُوزِستان کا مخفف۔ نیز مکہ میں ایک گھاٹی۔

خُوزَان : نواحِ ہرات (خراسان) اور اصفہان میں ایک ایک بستی۔

خُوزِستَان : ایران اور عراق کی سرحد پر بصرہ کے مشرق میں ایک بڑا علاقہ (صوبہ)۔

جس کے مشہور شہر یہ ہیں :-

- آہواز
- شُوستر
- جَندِیشَاپُور
- رَامَہُرمُز
- شادقان اور
- حُنَّہ شہر۔

خُوزِیَان : ماوراء النہر میں نسف کے قریب ایک محل۔

خَوشَت : سواد بلخ میں ایک علاقہ۔

خَوسَر : موصل کے مشرق میں ایک ندی۔

خُوش : نواحِ اسفرائین (خراسان) میں ایک بستی۔

خَوشَب : آرمینیہ میں زوزان کا ایک قلعہ۔

خَوصاء : شاید بحرین میں ایک موضع۔

خَوضُ الثعلب : نجد (ساحل بحرین) کے قریب ایک موضع۔

خُوط : نواحِ بلخ میں ایک بستی۔

خَوغ : خیبر کے پاس ایک پہاڑ۔

خَولَان : نواحِ دمشق اور سوادِ یمن میں ایک ایک بستی۔

خُومِین : رَے کے پاس ایک گاؤں۔

خُونَا : مراغہ و زنجان (آذربیجان) کے درمیان ایک قصبہ۔

خُونَث : آرمینیہ میں آرزن الروم کے پاس ایک خطہ۔

خُونَجَان : سوادِ اصفہان میں ایک بستی۔

خَوَۃ : سمیراء کے مشرق میں بنو اسد کا ایک پانی۔

خُوَیّ : سوادِ آذربیجان میں ایک قصبہ اور فلیج (خرتہ) کی ایک ندی۔

خَوِیّ : سوادِ حمٰی ضریّۃ میں ایک وادی۔

خُوَیث : دیارِ بکر کا ایک شہر۔

خُوَیلِثَۃ : سوادِ فلسطین میں ایک موضع۔

خَیاذان : سوادِ اصفہان میں ایک بستی۔

خَیارَج : قزوین کے قریب ایک گاؤں۔

خِیارَۃ : طبریہ اور عکّہ کے درمیان ایک بستی۔ جہاں حضرت شعیب علیہ السلام کی قبر ہے۔

خَیال : دیارِ تغلب میں ایک شہر۔

خَیبَر : مدینہ اور تیماء کے درمیان یہود کا ایک شہر، جسے حضورؐ نے ساتویں سال ہجری میں فتح کیا تھا۔

خِیث : سوادِ بلخ میں ایک گاؤں۔

خَیذَب : نجد میں ایک پہاڑ یا دیارِ بنو سعد میں ایک موضع۔

خَیذَشَر : سمرقند کا ایک نواحی قریہ۔

خَیو : بصرہ میں بنو خیو کا محلہ۔

خَیرَان : بیت المقدس کا ایک پہاڑ۔

خَیرَث : مکہ کا ایک پہاڑ۔

خِیرَۃ : مکہ کے پاس ایک کھیت۔

خَیرَتن : سوادِ نینوی کا ایک گاؤں۔

خَیزَاخزَا : بخارا سے پانچ فرسخ دُور ایک بستی ہے۔

خَیزَاز : سوادِ ارمینیہ میں ایک مقام۔

خِیش : نواحِ یمامہ میں ایک گاؤں۔

خَیس : مصرِ غربی کا ایک علاقہ۔

خَیسَار : ہرات اور غزنی کے درمیان ایک قصبہ۔

خَیش : مکہ کے قریب وادی نخلہ کا یا جبالِ سراۃ میں سے ایک پہاڑ۔

خَیشان : شاید سمرقند میں ایک موضع۔

خَیصل : جبالِ ہذیل میں ایک موضع۔

خَیف : ریت اور پتھروں کا وہ ٹیلہ، جو پہاڑ گرنے یا سیلاب کی وجہ سے تعمیر ہو۔ خَیف نام کے کئی ٹیلے ہیں۔ مثلاً:

٭ **خَیفِ بنی کنانۃ** : جو مکہ کے قریب منٰی میں ہے۔

٭ **خَیفُ سلّام** : جو عُسفان (شمالی تہامہ کا سرحدی شہر) کے پاس ہے۔

٭ **خَیفُ الحُمَیراء** : جو حجاز میں ہے۔

٭ **خَیف ذی النبر** : جو خَیف سلّام کے قریب ہے۔ اور

٭ **خَیفُ التِّعَم** : جو عُسفان کی جانب ہے۔

خَیفان : بلادِ تمیم میں ایک چھوٹی سی جھیل۔

خَیل : رَے اور قزوین کے درمیان ایک قصبہ نیز علاقہ۔ مدینہ کا ایک موضع جو بقیع الخیل کہلاتا تھا۔ اور جو زید بن ثابت کے گھر کے پاس تھا۔ شاید اس سے مراد عام قبرستان بقیع الغرقد ہی ہو۔ نیز مدینہ کے

پاس ایک پہاڑ۔

خَیلاَغَر : سوادِ فرغانہ میں ایک قصبہ۔

خِیْثَمْ : جزیرۂ ابن عمر میں ایک موضع۔ نجد میں عمایہ کے قریب ایک پہاڑ۔ اور ارضِ مَہرہ (یمن) میں ایک بستی۔

خَیْثَمْ : مدینہ اور دیارِ غطفان کے درمیان ایک موضع۔

خَیْمَاء : بنواسد کا ایک پانی۔

خَیَمَات : بنو سلول کا ایک باغ۔

خَیْمَۃ : رُقمہ اور ابان کے درمیان ایک ٹیلہ جس میں بنو عبس کا ایک پانی تھا۔ نیز طائف کے پاس ایک تہائی آبادی۔

خَیْمَۃُ اُمِّ مَعْبَد : مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک گوآں جس پر حضور صلعم نے سفرِ ہجرت میں نزول فرمایا تھا۔

خِیْنْ : طوس کا ایک نواحی قصبہ۔

خَیْنَف : جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک وادی۔

خَیْوَان : یمن میں ایک بستی۔

خَیْوَق : خیوہ کا ایک نام۔

خِیْوَہ : خوارزم کا مشہور شہر۔

د

دَاْأَتْ : مکہ کے قریب نخلۂ شامیہ اور نخلۂ یمانیہ کے مابین ایک پہاڑ۔

دَآثْ : تہامہ میں ایک موضع۔

دَابِقْ : حلب کے قریب ایک بستی۔

دَاْثِرْ : بنو فزارہ کا ایک پانی۔

دَاْثِنْ : فلسطین میں غازہ کے پاس ایک علاقہ۔

دَاْجُوْنْ : رملہ (فلسطین) کی ایک نواحی بستی۔

دَاْذُوَمَاْ : قوم لوط کی ایک بستی۔

دَاْرْ : بصرہ و بحرین کے درمیان ایک موضع۔

دَاْرَاْ : ترکی میں ماردین اور نصیبین کے درمیان ایک قصبہ۔ طبرستان میں ایک قلعہ اور دیار بنو عامر میں ایک وادی۔

دَاْرَاْءْ : بحرین کا ایک گاؤں۔

دَاْرَاْبْجِرْدْ : فارس کا ایک ضلع اور سوادِ اصطخر میں ایک گاؤں، نیز نیشاپور کا ایک موضع۔

دَاْرُالْبِطِّیْخْ : بغداد میں خربوزہ فروشوں کا ایک بازار۔

دَاْرُالْبُنُوْدْ : مصر کا ایک جیل خانہ۔

دَاْرُالْحَکِیْمْ : کوفہ کا ایک محلہ۔

دَاْرُالْخَیْلْ : بغداد میں ایک کھلے صحن والا محل، جس میں دو ہزار سوار جمع ہو سکتے تھے۔

دَاْرِدِیْنَاْرْ : بغداد میں دینار (مامون کا سپہ سالار) کا محل۔

دَاْرُالرَّقِیْقْ : غربی بغداد کا ایک محلہ۔

دَاْرُالرَّیْحَاْنِیِّیْنْ : بغداد میں مستظہر باللہ کا تعمیر کردہ ایک محل۔

دَاْرُزَرِیْنْ : کرمان یا سیستان میں ایک موضع۔

دَاْرَزَنْجْ : ماوراء النہر میں صغانیان کی ایک نواحی بستی۔

دَاْرُالشَّجَرَہْ : بغداد میں خلیفہ مقتدر کا محل۔

دَاْرِشَرْشِیْرْ : بغداد کا ایک محلہ۔

دَاْرُالطَّوَاْوِیْسْ : بغداد میں خلیفہ مطیع کا بنا کردہ محل۔

دَاْرُالْعَجَلَہْ : مکہ میں قریش کی پہلی عمارت۔

دَاْرِعَلْقَمَہْ : مکہ میں علقمہ بن عمر بن جذیمہ کا گھر۔

دَاْرِعُمَاْرَہْ : بغداد میں دو عمارتیں :-

* ایک خلیفہ منصور کے ایک مولیٰ عمارہ

بن ابی الخصیب کی۔ اور

* دوسری منصور ہی کے ایک اور موالی عُمارہ بن حمزہ کی۔

دَارِفَرَج : شرقی بغداد کا ایک محلہ

دَارُالقَزّ : بغداد کا ایک محلہ۔

دَارُالقَضَاء : مدینہ میں مروان بن حکم کا گھر۔

دَارُالقُطن : غربی بغداد کا ایک محلہ۔

دَارُقُمَامُر : کوفہ کا ایک محلہ یا محل۔

دَارُالقَوَارِیر : مکہ میں عتبہ بن ربیعہ بن عبدشمس کا گھر۔

دَارَک : سوادِ اصفہان میں ایک بستی۔

دَارکَان : سرخس کی ایک بستی۔

دَارُالمُثَمَّنَۃ : بغداد میں خلیفہ مطیع کی بنائی ہوئی ایک عمارت۔

دَارُالمُرَبَّعَۃ : ایضاً۔

دَارُالمُقَطَّع : کوفہ میں ایک عمارت۔

دَارُالنَّدْوَۃ : مکہ میں ایک عمارت (دارالحجرہ) جس میں اکابرِ مکہ مشورہ کے لیے جمع ہوتے تھے۔

دَارِنخلَہ : مدینہ کا ایک بازار۔

دَارِوَاشْکِیذَان : ہرات کی ایک بستی۔

دَارُوْم : غازہ کے مغرب میں ایک قلعہ۔

دَارُوْمَا : فلسطین میں قوم لوط کا ایک گاؤں۔

دَارَہ : سوادِ خابور میں ایک شہر۔

دَارَۃُ الاَسْوَاط : نجد میں قیس بن جزء بن کعب بن ابی بکر کا ایک پہاڑ۔

دَارَۃُ اَھْوَے : بحرین کے ساحل پر ایک مقام۔

دَارَۃُ بُخْتُر : اجاء (طے) میں بحتر بن عتود کا گھر۔

دَارَۃُ بَذْوَتَیْن : ربیعہ بن عقیل کا ایک موضع۔

دَارَۃُ تِیْل : دیارِ عامر بن صعصعہ (نجد) میں ایک مقام۔

دَارَۃُ الجَأْب : دیارِ تمیم میں ایک موضع۔

دَارَۃُ الجُثُوْم : اَضْبَط بن کلاب کا ایک پانی۔

دَارَۃُ جُلْجُل : حمی ضریّہ میں یا فزارہ کے نخلستان کے بالمقابل یا منازلِ حُجرِ الکندی (نجد) میں ایک موضع۔

دَارَۃُ الخَنْزَرَتَیْن : دیارِ ضباب میں ایک پانی۔

دَارَۃُ دَائِر : ارضِ فزارہ میں ایک مقام۔

دَارَۃُ الذِّئْب : دیارِ بنو کلاب (نجد) میں ایک موضع۔

دَارَۃُ الرَّوْم : ایضاً۔

دَارَۃُ رَمْخ : عمرو بن ربیعہ (نجد) کا ایک پانی۔

دَارَۃُ سَعْر : ابوبکر (نجد) کی ایک شاخ، بنو وقاص کا ایک مقام۔

دَارَۃُ شُبَیْث : بطن الجریب (نجد) میں بنو اضبط کی ایک بستی۔

دَارَۃُ صَارَۃ : بلادِ غطفان میں ایک مقام۔

دَارَۃُ الصَّفَائِح : صمان (دیارِ تمیم) کا ایک گاؤں۔

دَارَۃُ صُلْصُل : عمرو بن کلاب (نجد) کی ایک بستی۔

دَارَۃُ عَسْعَس : بنو جعفر بن کلاب (نجد)

کے ایک پہاڑ عشقش میں ایک مقام۔

دَارَةُ عَوَارِمٍ : بنو جعفر اور ضباب کا ایک پانی۔

دَارَةُ غَبِيْرٍ : بنو اضبط (نجد) کا ایک مقام۔

دَارَةُ الْغُزَيِّلِ : نجد میں حارث بن ربیعہ کا ایک موضع۔

دَارَةُ فَرْوَعٍ : بلادِ ہذیل میں ایک موضع۔

دَارَةُ الْقَدَاحِ : دیارِ تمیم میں ایک موضع۔

دَارَةُ قُرْحٍ : وادی القریٰ میں ایک وادی جس میں قوم عاد ہلاک ہوئی تھی۔

دَارَةُ الْقَلْتَيْنِ : دیارِ نمیر (یمامہ) میں ایک جگہ۔

دَارَةُ كَبْدٍ : نجد میں بکر بن کلاب کا ایک موضع۔

دَارَةُ الْكَبْشَاتِ : نجد میں بنو ضباب اور بنو جعفر کا ایک ایک موضع۔

دَارَةُ مَأْسَلٍ : دیارِ بنی عُقیل میں ایک مقام۔

دَارَةُ مِخْضَرٍ : دیارِ نُمیر میں ایک جگہ۔

دَارَةُ الْمُرْدَمَةِ : نجد میں بنو مالک بن ربیعہ بن عبداللہ بن ابی بکر کا ایک مقام۔

دَارَةُ مَعْرُوفٍ : حمیٰ ضریّہ میں ایک جگہ۔

دَارَةُ الْمَكَامِنِ : دیارِ بنو نمیر (یمامہ) میں ایک موضع۔

دَارَةُ مَكْمَنٍ : بلادِ قیس (نجد) میں ایک مقام۔

دَارَةُ وَسَطٍ : بنو جعفر (نجد) کا ایک پہاڑ۔

دَارَةُ هَضْبٍ : نجران کے قریب حارث بن کعب کی ایک جگہ۔

دَارَيَّا : نواحِ دمشق میں ایک گاؤں۔

دَارِيْنُ : بحرین کی ایک بندرگاہ۔

دَارَيْنُ : حلب میں ایک سرائے۔

دَاسِنُ : موصل کے شمال میں ایک پہاڑ۔

دَاشِيْلُوَا : رے سے بارہ فرسخ دور ایک بستی۔

دَالِيَةُ : عانہ اور رحبہ کے درمیان لب فرات ایک شہر۔

دَامُ : بلادِ بنو سعد میں ایک آبادی۔

دَامَانُ : رافقہ (متصل رقّہ) کے پاس ایک بستی۔

دَامَغَانُ : رے اور نیشاپور کے درمیان ایک شہر۔

دَامُوْسُ : بربروں کی ایک بستی۔

دَانَا : حلب کے قریب ایک گاؤں۔

دَانِيْثُ : سوادِ حلب میں ایک شہر۔

دَانِيَةُ : اندلس میں سَوَادِ بَلَنْسِيَه کا ایک شہر۔

دَاوَرُ : افغانستان میں غور اور سیستان کی سرحد پر دریائے ہلمند کے کنارے ایک علاقہ۔

دَاوَرْدَانُ : واسط سے دو فرسخ مشرق میں ایک شہر۔

حضرت ابن عباس اس آیت :

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ حَذَرَ الْمَوْتِ۔

کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ یہ لوگ داوردان کے باشندے تھے۔ ایک مرتبہ اس شہر میں

طاعون پھیل گیا۔ کچھ لوگ بھاگ نکلے اور بچ گئے جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے، ان میں سے بیشتر مر گئے اور جو زندہ رہ گئے تھے وہ کہنے لگے، اگر آئندہ طاعون آیا تو ہم بھی بھاگ جائیں گے۔ اگلے سال پھر طاعون پھوٹ پڑا اور تمام باشندے جن کی تعداد تیس ہزار سے زیادہ تھی، شہر سے نکل گئے اور ایک وادی میں جا ٹھہرے۔ وہاں غیب سے ایک آواز آئی کہ مر جاؤ اور وہ سب مر گئے۔ پھر انھیں حِزقیل نبی نے قُم باذن اللّٰہ کہہ کر زندہ کیا۔ اُن لوگوں نے اُس وادی میں ایک مسجد بنایا۔ جس کا نام دَیرِ حِزقِیل رکھا۔

دَاوُوْدَان : بصرہ کے قریب ایک قصبہ۔

دَاہِرِیَّہ : بغداد کے قریب ایک گاؤں جس میں کئی ہزار کھجور کے درخت تھے۔

دَایَان : سوادِ عَسقلان میں ایک قلعہ۔

دَبَا : عُمان کا ایک شہر۔

دُبَا : بصرہ کی ایک نواحی آبادی۔

دَبَاب : مکے کا ایک پہاڑ۔

دِبَاب : حجاز کا ایک موضع۔

دَبَالَہ : ایضاً۔

دُبَاوَنْد : رَے اور طبرستان کے درمیان ایک آبادعلاقہ۔

دَبَاہَا : سوادِ بغداد میں نہرِ ملک کی ایک بستی۔

دِبثا : واسط کے پاس ایک گاؤں۔

دَبر : دیارِ مکے اور تیماء کے درمیان ایک پہاڑ۔

دَبر : صنعاء کا ایک نواحی قریہ۔

دَبزَن : مَرو کا ایک گاؤں

دُب زَند : ایضاً۔

دَبقَا : مصر میں تِنّیس کے قریب ایک بستی۔

دَبُوب : جبالِ ہُذَیل میں ایک موضع۔

دَبُورِیَہ : طبریہ کے قریب ایک قصبہ۔

دَبُوسِیَہ : سمرقند کے قریب ایک شہر۔

دَبَہ : مدینہ و بدر کے درمیان ایک مقام جس سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدر جاتے وقت گزرے تھے۔

دَبِیثَا : نہروان کے قریب ایک بستی۔

دَبِیر : نواحِ نیشاپور کی ایک آبادی۔

دَبِیرَا : بغداد کی ایک نواحی بستی۔

دَبِیرَہ : بحرین کا ایک گاؤں۔

دَبِیق : مصر میں تِنّیس کے پاس ایک گاؤں۔

دِبِیقِیَہ : سوادِ بغداد میں نہرِ عیسیٰ کی ایک بستی۔

دَبِیل : یمامہ اور یمن کے درمیان یا یمامہ میں ایک ریتلا خطہ۔ نیز رَملہ کی ایک بستی۔

دَثَر : ذمار (یمن) کا ایک قلعہ۔

دَثِینَہ : یمن میں جَنَد اور عدن کے درمیان ایک علاقہ۔

دُثَینَہ : بنو فزارہ کی ایک شاخ کا ایک پانی۔

دُجَاکَن : نسف کی ایک بستی۔

دَجرجَا : مصر صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک شہر۔

دَجلَہ : عراق کا مشہور دریا۔

دَجَنْتَیْن : بلادِ تمیم میں ایک موضع۔
دَجْنِیَتَان : دیارِ ضبّہ میں ضبّہ کی دو شاخوں بکر بن سعد بن ضبّہ اور ثعلبہ بن سعد بن ضبّہ کا ایک ایک پانی۔
دَجُوْج : تیماء سے دو دن کی مسافت پر ایک پہاڑ۔
دُجْوَہ : فسطاط سے چھ فرسخ دُور نیل کے شرقی کنارے پہ ایک بستی۔
دُجَیْل : دو نہروں کا نام :۔
ایک دُجَیْلِ بغداد، جو تکریت کے قریب سے نکل کر ایک وسیع علاقے کو سیراب کرنے کے بعد دجلہ میں مل جاتی ہے اور دُوسری اَھْوَاز کے پاس۔ جو ایران کے ایک بادشاہ اَزدشیر بن بابک نے کھُدوائی تھی۔ یہ اصفہان سے نکل کر عبادان کے قریب خلیجِ ایران میں گرتی ہے۔
دَجَادِح : نواحِ منشعار میں ایک قلعہ۔
دُحْرُض : دہنار کے قریب کعب بن سعد کا ایک پانی۔
دَحْل : دیارِ یربُوع (نجد) کے قریب یا دیارِ غطفان میں ایک پانی۔
دُحْل : بحیرۂ قلزم میں ایک جزیرہ۔
دَحْنَا : طائف کے قریب ایک مقام، جس کی خاک سے بروایتے آدم کی تخلیق ہُوئی تھی۔
دَحُوْض : حجاز میں ایک مقام۔
دَحُوْل : نجد میں بنو عجلان کا ایک پانی۔
دُحَیْ : نجد میں بنُو اَضبط بن کلاب کا ایک پانی۔
دَحِیْضَہ : تمیم کا ایک آبی ذخیرہ۔

دَخ فَنْدَوْن : بخارا کا ایک گاؤں۔
دَخ کَث : ایلاق (ماوراء النہر) کی ایک بستی۔
دُخْل : مدینہ کے پاس ایک موضع۔
دَخْلَہ : شاید بحرین کی ایک بستی۔
دَخْمِیْس : مغربی مصر کا ایک گاؤں۔
دَخُوْل : یمامہ کے ایک پہاڑ عُلَیَّہ کی ایک وادی۔
یا دیارِ بکر بن کلاب (نجد) میں ایک موضع۔
یا بنو عجلان (نجد) کا ایک پانی۔
یا دیارِ سُلیم میں ایک پہاڑی۔
دَر : دیارِ بنو سُلیم میں ایک تالاب۔
دَرَابْجِرْد (دَرَاوَرْد) صُوبۂ فارس میں ایک علاقہ۔
دَرَّاجِیَّہ : دمشق کے ایک دروازے بابِ تُوما پر ایک بُرج۔ جو امیر معاویہ کے ایک موالی عبداللہ بن دَرّاج کی طرف منسوب تھا۔
دَرْب : نہاوند اور بغداد میں ایک ایک موضع نیز یمن میں ایک بستی۔
دُرْبَا : بغداد کے مشرق میں ایک علاقہ۔
دَرْبَاشِیَا : سوادِ نہروان میں ایک گاؤں۔
دَرْبُ دَرَّاج : وسطِ موصل میں ایک محلہ۔
دَرْبُ الزَّعْفَرَان : بغداد میں تاجروں کا ایک محلہ۔
دَرْبُ السِّلْق : بغداد کا ایک محلہ۔
دَرْبُ سُلَیْمَان : بغداد میں سلیمان بن جعفر بن ابو جعفر منصور کا محلہ۔
دَرْبُ الْقُلَّہ : بلادِ رُوم میں ایک مقام۔
دَرْبُ الْکِلَاب : دیارِ بکر میں میّافارقین کے قریب ایک مقام۔

دَرْبُ الْمُفَضَّل : مشرقی بغداد کا ایک محلہ۔
دَرْبِ مُنِیْرَہْ : ایضاً۔
دَرْبَنْد : بابُ الابواب کا ایک نام۔
دَرْبُ النَّهر : بغداد کے دو محلوں کا نام۔
٭ ایک مشرقی بغداد میں تھا، اور
٭ دُوسرا کرخ میں۔
دُرْبِیْشِیَہْ : بغداد کے جنوب میں ایک بستی۔
دُرْبِیْقَان : مَرْو سے پانچ فرسخ پر ایک گاؤں۔
دَرْتَا : بغداد کے قریب ایک موضع۔
دَرْخُشْک : شہرِ ہرات کا ایک دروازہ۔ جس کے سامنے ایک نہر تھی، جو بعد میں خشک ہو گئی۔
دَرْخِیْد : شاید ماوراءُ النّهر کا ایک موضع۔
دَرْدَشْت : اصفہان کا ایک محلہ۔
دَرْدُوْر : بحرِ عُمان کی ایک خلیج۔
دِرِزْدَہ : نَسَف (ماوراءُ النّهر) کا ایک گاؤں۔
دُرْزِبِیْنِیَّہ : سوادِ بغداد میں نہرِ عیسیٰ کا ایک گاؤں۔
دَرْزِیْجَان : بغداد کے قریب دجلہ کے غربی کنارے پر ایک قصبہ۔
دَرْزِیْو : سوادِ سمرقند کا ایک گاؤں۔
دَرْسِیْنَان : مَرْو سے چار فرسخ کے فاصلے پر ایک بستی۔
دَرْعَہ : جنوبی الجزائر کا ایک گاؤں۔
دَرْغَان : خوارزم میں لبِ جیحوں ایک شہر۔

دَرْغَمْ : سوادِ سمرقند میں ایک علاقہ۔
دَرْغُوْز : سیستان کا ایک قصبہ۔
دَرَق : سمرقند کے قریب ایک شہر۔
دَرْقِیْط : بغداد کے جنوب مغرب میں ایک علاقہ۔
دَرَک : نواحِ طُوس میں ایک قلعہ، اور مکران میں ایک شہر۔
دَرْکَزِیْن (دَرْگَجِیْن) : سوادِ ہمدان کی ایک بستی۔
دَرْکُوْش : انطاکیہ کے پاس ایک قلعہ۔
دَرَن : بربروں کا ایک پہاڑ۔
دُرْنَا : سوادِ عراق یا نواحِ یمامہ یا یمن میں ایک موضع۔
دَرْنَہ : لیبیا میں اَنْطَابُلُس کے قریب ایک موضع۔
دَرْوَازَق : مَرْو کے قریب ایک بستی۔
دَرْوَت سَرَبَام : مصرِ صعید کا ایک گاؤں۔
دَرْوَد : بنو سُلیم کی ایک وادی۔
دَرْوَقَرَہ : عراق کا ایک شہر، جسے حجاج نے تباہ کر دیا تھا۔
دَرَوْلِیَّہ : ارضِ رُوم کا ایک شہر۔
دَرَہ : ہرات اور سیستان کے مابین ایک قصبہ۔
دَرْہَمَہ : یمامہ میں ایک موضع۔
دَرِیْجَہ : مَرْو سے دو میل دُور ایک بستی۔
دُرَیْعَاء : سوادِ زَبِید (یمن) کا ایک گاؤں۔

دِزَآء : رَے کی ایک بستی۔

دِزْبَاز : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

دِزْبَز : سابُور خواست (اصفہان و خوزستان کے درمیان ایک شہر) کا ایک قلعہ۔

دِزَق : کئی مقامات کا نام۔ مثلاً :

مَرْو میں :-

* دِزَقِ حفص
* دزق العُلیا اور
* دزقِ شیرازاد

مَرْوِ شاہ جہان میں :-

* دزقِ مسکین اور
* دزقِ بارال

نیز ماوراء النہر میں شاش کی راہ پر ایک گاؤں۔

دِزْمَار : تبریز کے قریب ایک قلعہ۔

دَستَبَا : رَے اور ہمدان کے درمیان ایک وسیع علاقہ۔

دَستَجِرد : مَرْو، طُوس، سَرْخس، بلخ، اور نہاوند کے قریب بعض بستیوں کے نام۔

دَستُمیسَان : واسط اور بصرے کے درمیان ایک علاقہ۔

دَستَوَا : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔

دَسکَرَہ : بغداد کے مغرب میں سوادِ نہر الملک کا ایک گاؤں۔

۔ نیز بغداد اور خراسان کی راہ پر شہرابان کے قریب ایک بستی۔

۔ جَبُّل (عراق) کے سامنے ایک آبادی اور

۔ خوزستان میں ایک قصبہ۔

دَسْمَح : مکہ کے قریب ابنِ محرز مفتی کی قبر کے متصل ایک موضع۔

دَشْت : نواحِ اصفہان نیز اربل اور تبریز کے درمیان ایک بستی۔

دَشتِ اَرْزَن : شیراز کے قریب ایک شکارگاہ۔

دَشتِ بَارِین : فارس کا ایک شہر۔

دَشتَک : رَے یا اصفہان کی ایک بستی۔ نیز استر آباد کا ایک محلہ۔

دَشْتِیَہ : اصفہان کی ایک بستی۔

دِشْنَیٰ : مصرِ صعید میں نیل کے مشرقی کنارے پر ایک شہر۔

دَعَان : مدینہ اور یَنبُوع کے درمیان ایک وادی۔

دَعَانِیم : حجاز میں بنو حُلیس کا ایک پانی۔

دُعْمَہ : جبالِ طَے میں ایک چشمہ۔

دَعْنَج : ساحلِ یمن کا ایک حصہ۔

دَعَانِین : نجد میں عمرو بن کلاب کی پہاڑیاں۔

دَغْنَان : حمیٰ مزینہ میں ایک پہاڑی۔

دَغُوث : عُمان میں ایک قصبہ۔

دُف : مدینہ کے قریب سوادِ عسفان میں ایک موضع۔

دَفَا : نواحِ نجران (یمن) میں ایک شہر۔

دُفَاق : مکہ یا خیبر کے قریب ایک موضع۔

دَفن : شام میں ایک موضع۔

دَفینَہ : بنوسُلیم کا ایک پانی۔

دَقَاتِش : مصرِ صعید میں ایک موضع۔

دَقَانیہ : دمشق کی ایک بستی۔

دَقدُوس : شرقی مصر کا ایک قصبہ۔

دَقْرَانٌ : صفراء کی ایک وادی یا بدر کی ایک جانب۔

دَقَلَۃ : یمامہ میں بنو غبر کا ایک موضع۔

دَقَہلَۃ : دمیاط (مصر) کے قریب ایک قصبہ۔

دَقُوقَاء : بغداد اور اربل کے درمیان ایک شہر۔

دَکَّالَۃ : مراکش میں بربروں کی ایک بستی۔

دُکَّان : ہمدان کے قریب ایک بستی

دَکَمَۃ : مراکش میں بنو حماد کا ایک گاؤں۔

دَکَہ : دمشق کے پاس ایک مقام۔

دَلَاص : مصر صعید میں نیل سے مغرب کی طرف ایک علاقہ۔

دُلَامَۃ (ابنو) مکہ کے قریب ایک پہاڑ۔

دَلَان وذَمُوران : ذمار (یمن) کے دو گاؤں۔

دَلَایَۃ : اندلس کا ایک ساحلی شہر۔

دَلجَۃ : نیل کے مغرب میں مصر صعید کا ایک قصبہ۔

دَلغَاطَان : مرو کی ایک بستی۔

دُلُوث : اہواز کا ایک مقام۔

دُلُوک : نواح حلب میں ایک قصبہ۔

دُلَیجَان : اصفہان کا ایک نواحی قصبہ۔

دَمَا : سوادِ عمان کا ایک شہر۔

دُمَّا : بغداد کے جنوب میں ایک موضع۔

دِمَاخ : حمی الضریۃ کا ایک پہاڑ۔

دُمَاط : غربی مصر کا ایک گاؤں۔

دَمَامِین : نیل کے مشرق میں مصر صعید کا ایک قصبہ۔

دُمَانِس : ارمینیہ میں تفلیس کے قریب ایک شہر۔

دُمَاوَند : رے کے قریب اور کرمان میں ایک ایک پہاڑ نیز علاقہ۔

دَمخ : دیارِ عمر بن کلاب (نجد) کا ایک پہاڑ۔

دَمخ : دیارِ بنو نفیل بن عمرو بن کلاب میں ایک پہاڑ۔

دِمَشق : شام کا دارالخلافہ۔ جو دمشق بن ارم بن سام بن نوح کے نام پر ہے۔

یاقوت کے خیال میں :

وَاوَینٰھُمَا اِلٰی رَبوَۃٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ مَعِینٍ سے مراد دمشق ہے۔

قتادہ لکھتے ہے کہ :

وَالتِّینِ سے مراد وہ ٹیلہ ہے جس پر دمشق واقع ہے، اور زَیتُونِ سے مراد وہ پہاڑ ہے جس پر بیت المقدس تعمیر ہوا۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ولادت دمشق کے قریب ایک بستی برزۃ میں ہوئی تھی۔

دِمَشقَین : مصر میں فیوم کے قریب ایک بستی۔

دِمعَانَۃ : شام میں کلب کی ایک شاخ بنو بحر بن بنی زہیر کا پانی۔

دِمَقرَاط : نیل کے غربی کنارے پر مصر صعید کا ایک قصبہ۔

دِمَقش : غربی مصر کی ایک بستی۔

دُمْقُلَہْ : نُوْبِیَہْ (شمالی سُوڈان) کا ایک شہر۔
دُمْلُوَہْ : یمن کا ایک قلعہ۔
دِمَمَّا : بغداد کے قریب لبِ فُرات ایک آبادی۔
دَمَنْدَان : کرمان کا ایک شہر۔
دَمُرْنِش : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔
دَمَنْ هُوْر : اسکندریہ سے ایک دن کی مسافت پر ایک شہر۔
دِمَنُو : نیل کے غربی کنارے پر مصرِ صعید کا ایک شہر۔
دِمْیَاط : نہرِ سویز کے مغرب میں بحیرۂ روم کے ساحل پر مصر کا ایک اہم شہر۔
دَمِیْرَہْ : دمیاط کے پاس ایک قصبہ۔
دَمَیْنِکَہْ : نیل کے غربی کنارے پر ایک گاؤں۔
دُنْ : بغداد میں ایوان کسریٰ کے قریب ایک نہر یا صحرائے عرب میں ایک پہاڑ۔
دَنَا : دیارِ تمیم میں ایک موضع۔
دَنَاخ : ثعلبیہ میں ایک موضع۔
دُنْبَاوَنْد : نواحِ رَے میں ایک پہاڑ۔
دَنْجُوِیَہْ : دِمیاط کے قریب ایک بستی۔
دَنْدَانْقَان : مَرْوِ شاہ جہان کی ایک نواحی بستی۔
دَنْدَرَہْ : نیل کے غربی کنارے پر مصرِ صعید کا ایک قصبہ۔
دَنْدَنَہْ : سوادِ واسط کا ایک گاؤں۔
دَنْدِیْل : مصر میں سوادِ بُوصیریہ کی ایک بستی۔

دَنَنْ : نجران کے قریب ایک جھیل۔ یا ایران میں ایک محل۔
دَنُوَہْ : حمص کا ایک گاؤں۔
دُنَیْسِر : ترکی میں ماردین سے دو فرسخ مشرق کی طرف ایک شہر۔
دَوْ : مکّہ اور بصرے کے درمیان ایک ہموار خطّہ۔
دَوَّار : یمامہ میں ایک جیل خانہ۔
دُوَان : عُمان کا ایک ساحلی ناحیہ۔
دَوَّان : فارس کا ایک ناحیہ۔
دُوبَان : شام میں صُور کے قریب ایک بستی۔
دُوْدَاء : مدینہ کے قریب ایک موضع۔
دُوْر : کئی مقامات کا نام :۔
ایک : تکریت و سامرا میں ہے۔
دُوسرا : سوادِ دُجیل میں ایک بستی جو دُور الوزیر کے نام سے مشہور ہے۔
سوم : سمیساط کے قریب ایک بستی۔
چہارم : نیشاپور میں ایک محلّہ۔
پنجم : نواحِ دُجَیل میں دورِ حبیب۔
دُوْرُ الرَّاسِبِی : خُوزستان میں جندیشاپور کے قریب ایک مقام۔
دَوْرَق : خُوزستان کا ایک شہر۔
دُوْرَیْنَت : رَے کا ایک گاؤں۔
دَوْسَر : صفین کے قریب لبِ فرات ایک بستی۔
دُوْسَرْکَان : قریۂ بلخ۔
دَوْعَنْ : حضرموت کا ایک مقام۔
دَوْغَان : راس عین اور نصیبین کے درمیان ایک گاؤں۔
دَوْقَرَہْ : واسط کے قریب ایک قصبہ۔

دَوْقَۃ : تہامہ میں یَلَمْلَم سے تین دن کی مسافت پر ایک وادی۔

دَوْلَاب : کئی مقامات کا نام۔ مثلاً :۔
- شرقی بغداد میں دَوْلَاب مُبارک۔
- رَے کے قریب ایک بستی۔ اور
- خُوزستان میں ایک قصبہ۔

دَوْلَت آباد : شیراز کے پاس ایک موضع۔

دَوْلَعِیَۃ : موصل اور نُصَیبین کے درمیان ایک قصبہ۔

دُوْمَا : کُوفہ و نجف میں ایک ایک محلہ۔

دُوْمَۃ : دِمشق کے قریب جانبِ شمال ایک بستی۔

دُوْمَۃُ الْجَنْدَل : دِمشق سے سات منزل جنوب میں ایک شہر۔
ایک اور رائے یہ ہے کہ :۔
یہ ایک قلعہ ہے۔ جو شام و مدینہ کے درمیان جبالِ طے کے قریب، سوادِ وادی القریٰ میں تیماء کی طرف چار رات کی مسافت پر، اور دِمشق سے تین سو میل جنوب میں اردن کی سرحد پر واقع ہے۔

دَوْمَرِیَّۃ : وسطِ نیل میں ایک جزیرہ۔

دَوْمِیْن : حِمْص سے چھ فرسخ پر ایک بستی۔

دُوْن : دِیناوَر کی ایک بستی۔

دَوْنَق : نواحِ نہاوند کا ایک گاؤں۔

دَوْنَۃ : ایضاً۔

دَوْرَہ : جحفہ سے چھ میل دُور ایک بستی۔

دَوِیْرَۃ : نیشاپور کا ایک نواحی گاؤں۔

دُوَیْرَۃ : بغداد کا ایک محلہ۔

دُوَیْس : بَیہق کی ایک بستی۔

دَوِیْن : تُفلیس (ارمینیہ) کے قریب ایک شہر۔ نیز نیشاپور کا ایک قریہ۔

دَهَاسَۃ : بصرہ اور مکہ کی راہ پر حِمیراء کے جنوب میں ایک پانی۔

دَهَالِک : دَہناء میں ایک بستی۔

دَہ بَالَا : سوادِ ماسبذان میں ایک بستی۔

دَہ شَمُوْن : مصر کے حوفِ شرقی میں ایک گاؤں۔

دَہْجِیَۃ : اصفہان کے پاس ایک گاؤں۔

دَہْدَایَۃ : دامغان سے ایک منزل پر ایک بستی۔

دَہْر : حضرموت کے شمال میں ایک وادی۔

دَہْرَان : یمن کی شمالی سرحد کے قریب ساحل کی طرف ایک شہر۔

دَہْرُوْط : نیل کے غربی کنارے پر مصرِ صعید کا ایک شہر۔

دِہِسْتَان : طبرستان سے آگے خوارزم کے قریب ایک شہر۔

دَہْشُوْر : نیل کے غربی کنارے پر ایک گاؤں۔

دَہَک : رَے کا ایک گاؤں۔

دَہْلَک : حبشہ اور یمن کے درمیان ایک جزیرہ۔

دَہْمَاء : نواحِ مدینہ میں بلادِ مُزینہ کا ایک موضع۔

دُہْنَا : مدائنِ کسریٰ کے قریب سواد میں ایک علاقہ۔

دَہْنَاء : مشرقی عرب میں ایک وسیع خطہ۔ جس کے شمال میں کُوَیت۔ جنوب میں ریاض۔

مشرق میں خلیجِ فارس، اور
مغرب میں طے اور کلاب وغیرہ کے
دیار ہیں۔ یہ اندازاً نوے ہزار مربع میل ہے۔
دراصل دَہناء ایک ندی کا نام ہے۔ جو سوادِ
بصرہ سے نکل کر فید اور اردن سے ہوتی ہوئی
سینا کی طرف چلی جاتی ہے۔

دِہْخِیْرجَان : اذربیجان کا ایک شہر۔

دِیارِ بَکْر : ترکی کا ایک علاقہ جو دجلہ سے
آرمینیہ تک پھیلا ہُوا ہے۔

- آمِد
- کَیفا اور
- مَیّافارِقِین

اس کے مشہور شہر ہیں۔

دِیارِ رَبِیعَہ : موصل اور دیارِ بکر کا
درمیانی علاقہ۔ جس میں دیارِ بکر بھی شامل ہے۔

دِیارِ مُضَر : فرات کے مشرق میں وہ علاقہ
جس میں حرّان و رقّہ بھی شامل ہیں۔

دِیاف : شام میں ایک بستی۔

دَیالا : بغداد کے قریب ایک دریا۔

دَیالَہ : حجاز میں ایک موضع۔

دَیْبُل : کراچی کے مشرق میں دریائے سندھ
کے دہانے پر ایک شہر۔ جہاں سے محمد بن قاسم
سندھ کی طرف بڑھا تھا۔

دَیْبُور : جزیرۂ ابن عمر کا ایک علاقہ۔

دَیْدَان : شمالی حجاز کا ایک قصبہ۔

[1] **دَیْرِ اَبْشِیا** : مصر میں سیوط کے
قریب ایک موضع۔

دَیْرِ اَبْلَق : اَہواز میں ایک گرجا۔

دَیْرِ ابنِ بَرّاق : حیرہ میں ایک کلیسا۔

دَیْرِ ابنِ وَضّاح : ایضاً۔

دَیْرِ اَبُومِینا : مصر کی ایک بستی۔

دَیْرِ اَبُون : جزیرۂ ابن عمر اور باسورین کے
درمیان ایک مسیحی معبد۔

دَیْرِ اَبی بُخُوم : مصرِ صعید میں ایک گرجا۔

دَیْرِ اَبی سَوِیرس : مصرِ صعید میں نیل سے
مشرق کی طرف نیز اسیوط میں ایک گرجا۔

دَیْرِ اَبی ہُور : سوادِ قاہرہ میں بنر باقوس
کے قریب ایک کلیسا۔

دَیْرِ اَبیض : رُہا کے پاس نیز مصر میں
ایک معبد۔

دَیْرِ اَبی یُوسُف : موصل کے شمال میں
ایک کلیسا۔

دَیْرِ اَترِیب : مصر میں ایک معبد۔

دَیْرِ اَخْمِیْنا : دیارِ بکر میں ارزن کے
قریب ایک گرجا۔

دَیْرِ اَساقِف : نجف میں ایک معبد۔

دَیْرِ اِسْحاق : شام میں حمص اور سلمیہ
کے درمیان ایک گرجا۔

دَیْرِ اَشکُون : دَیرِ عاقول (عراق) کے
قریب ایک کلیسا۔

---

[1] : دَیر کے لغوی معنی کلیسا ہیں۔ اور اسمائے ذیل میں دَیر کا استعمال عموماً انہی معنوں میں ہُوا ہے
صرف چند مقامات ایسے ہیں جہاں کوئی بستی اپنے کلیسا کے نام سے مشہور
ہوگئی تھی۔

دَیرِ اَشمُونیٰ : بغداد کے قریب قطربل میں ایک معبد۔

دَیرِ اَعلیٰ : موصل کے پاس ایک پہاڑ میں ایک گرجا۔

دَیرِ اَعوَر : کوفہ کا ایک کلیسا۔

دَیرِ اَکمَن : جودی کے قریب ایک پہاڑ کی چوٹی پر ایک گرجا۔

دَیرِ اَیّا : شام میں ایک مسیحی معبد۔

دَیرِ اَیّوب : نواحِ دمشق میں حوران کے پاس ایک بستی۔ جہاں حضرت ایّوب علیہ السّلام مبتلائے مرض ہُوئے تھے۔

دَیرِ باثاوَیٰ : جزیرۂ ابنِ عمر کے پاس ایک معبد۔

دَیرِ باشہرآ : بغداد اور سامرّا کے درمیان لبِ دجلہ ایک عبادت گاہ۔

دَیرِ باعَربا : موصل اور حدیثہ کے درمیان لبِ دجلہ ایک کلیسا۔

دَیرِ البا عِقیٰ : بُصریٰ کے قریب وُہ تاریخی کلیسا جس کے پادری بحیرا نے حضور صلعم کو ایک تجارتی سفر میں نبوّت سے پہلے نبوّت کی بشارت دی تھی۔

دَیرِ باعَنتَل : سوادِ حمص میں بوریۃ کے پاس ایک گرجا۔

دَیرِ باغُوث : موصل اور جزیرہ کے درمیان لبِ دجلہ ایک مسیحی معبد۔

دَیرِ باطا : موصل اور تکریت کے درمیان ایک گرجا۔

دَیرِ بانِ خیال : شمالی موصل کا ایک معبد۔

دَیرِ بتُول : معرصبد کا ایک کلیسا

دَیرِ بُخت : دمشق سے دو فرسخ پر ایک مسیحی عبادت گاہ۔

دَیرِ برصُوما : ترکی میں ملاطیہ کے قریب پہاڑ پر ایک گرجا۔

دَیرِ بَساک : سوادِ حلب میں انطاکیہ کے قریب ایک قلعہ جس میں نصاریٰ رہتے تھے۔

دَیرِ بِشر : نواحِ دمشق میں حجیرا کے قریب ایک گرجا۔

دَیرِ بُصریٰ : "بُصریٰ" حوران کے پاس ایک بستی ہے۔ جس کے معبد میں بحیرہ راہب رہتا تھا۔ یہ وُہی راہب ہے جس نے حضور صلعم کو ایک تجارتی سفر میں نبوّت سے پہلے نبوّت کی بشارت دی تھی۔

دَیرِ بلاص : دمیاط کے قریب ایک مقام۔

دَیرِ بلاش : سوادِ حلب میں ایک معبد۔

دَیرِ بَلوط : نواحِ رملہ میں ایک بستی۔

دَیرِ بَنی مَرینا : حیرہ کے قریب ایک مقام۔

دَیرِ بُولَس : نواحِ رملہ میں ایک گرجا۔

دَیرِ بَوَنّا : نواحِ دمشق میں ایک کلیسا۔

دَیرِ تَنادَہ : سوادِ اسیوط (مصر) میں ایک معبد۔

دَیرِ ثَعالِب : بغداد سے ۰۰ میل دور سوادِ نہر عیسیٰ میں ایک گرجا۔

دَیرِ جابیان : بصرہ کے قریب ایک مقام۔

دَیرِ جاثلیق : بغداد کے قریب دجلہ کے غربی کنارے پر ایک قدیم گرجا۔

دَیرِ جُب : موصل اور اربل کے درمیان

ایک معبد۔

دَیرُ الجَرعَۃ : حیرہ میں ایک کلیسا۔

دَیرِ جَمَاجِم : نواحِ کوفہ میں بصرہ کی طرف ایک گرجا۔

دَیرِ جُودِیْ : کوہِ جودی پر ایک معبد۔

دَیرِ حَافِر : حلب اور بالس کے درمیان ایک گرجا۔

دَیرِ حَرَجَہ : قوص (مصر) کے مشرق میں ایک معبد۔

دَیرِ حَرَیق : حیرہ کا ایک کلیسا۔

دَیرِ حَشِیَان : نواحِ حلب میں ایک گرجا۔

دَیرِ حَمِیم : اہواز میں ایک موضع۔

دَیرِ حَنظَلَہ : نواحِ جزیرہ میں فرات کے مشرقی کنارے پر دالیہ کے قریب ایک معبد۔

دَیرِ حَنَّہ : کوفہ یا حیرہ میں ایک کلیسا۔

دَیرِ خَالِد : دمشق میں ایک گرجا۔

دَیرِ خِضیَان : دمشق اور بیت المقدس کے درمیان ایک معبد۔

دَیرِ خَصِیب : بزیقیا (بابل) کے قریب ایک کلیسا۔

دَیرِ خَل : یرموک کے قریب ایک موضع۔

دَیرِ خَنَاصِرَہ : حلب کے قریب ایک بستی، "خناصرہ" میں ایک گرجا۔

دَیرِ خَنَافِس : نینوسے میں پہاڑی پر ایک کلیسا۔

دَیرِ خِندِف : سوادِ خوزستان میں ایک معبد۔

دَیرِ خُوَات : عکبراد (عراق) کا ایک گرجا۔ جس میں صرف لڑکیاں عبادت کرتی تھیں۔

دَیرِ دُرتَا : بغداد میں لبِ دجلہ ایک معبد۔

دَیرِ دَرمَالِس : بغداد میں باب الشماسیہ کے قریب ایک کلیسا۔

دَیرِ دَهدَاز : بصرہ کے پاس واسط کی طرف ایک گرجا۔

دَیرِ دِینَار : جزیرہ میں اقور کے قریب ایک علاقہ یا معبد۔

دَیرِ رُصَافَہ : رقہ سے چار فرسخ مغرب کی طرف رصافہِ ہشام بن عبدالملک میں ایک گرجا۔

دَیرِ رُمَّان : رقہ اور خابور کے درمیان ایک اہم شہر۔

دَیرِ رُمَّانِین : حلب اور انطاکیہ کے درمیان ایک مقام سرمد میں ایک گرجا۔

دَیرِ رُوم : مشرقی بغداد میں نسطوری فرقے کا ایک معبد۔

دَیرِ زُرنُوق : جزیرہ ابنِ عمر سے دو فرسخ دور دجلہ کے کنارے ایک پہاڑ پر ایک گرجا۔

دَیرِ زَعفَرَان : جزیرۂ ابنِ عمر کے قریب قلعۂ اردشت کے نیچے ایک پہاڑ کے دامن میں نیز نصیبین کے قریب ایک پہاڑ پر ایک مسیحی معبد۔

دَیرِ زَکّی : رہا میں یا رقہ میں ایک گرجا؛ نیز نواحِ دمشق میں ایک گاؤں۔

دَیرِ زَندَوَرد : بغداد کے قریب مشرق کی طرف ایک کلیسا۔

دَیرِ زَور : اَہواز میں ایک گرجا۔
دَیرِ سابا : موصل کی ایک بستی۔
دَیرِ سابان : دَیرِ مُرتاہنین کا ایک نام۔
دَیرِ سابُر : بغداد کے قریب مَزرَفَہ اور هاخبہ کے درمیان۔ نیز دِمشق کے قریب ایک مسیحی عبادت خانہ۔
دَیرِ سَرجِس : نَجران میں، یا کُوفہ اور قادسیہ کے درمیان قادسیہ سے صرف ایک میل دُور ایک کلیسا۔
دَیرِ سَعد : بلادِ غطفان و شام کے درمیان ایک گرجا۔
دَیرِ سَعِید : موصل کے مغرب میں دجلہ کے قریب ایک کلیسا۔
دَیرِ سُلَیمان : سوادِ حلب میں دُلوک کے پاس ایک معبد۔
دَیرِ سَمالُو : بغداد میں نہر مہدی کے قریب ایک گرجا۔
دَیرِ سَمعان : نواحِ دمشق میں نیز انطاکیہ کے پاس ایک کلیسا۔
دَیرِ سَوا : حیرہ میں ایک گرجا۔
دَیرِ سُوسِی : سُرَّ مَن رأٰی کے مغرب میں ایک معبد۔
دَیرُ الشّاء : یہ گرجا کوفہ میں ہے۔
دَیرُ الشَّمع : مصر میں فسطاط سے تین فرسخ دُور جیزہ کے پاس ایک کلیسا۔
دَیرِ شَیاطِین : موصل اور بلد کے درمیان ایک عبادت گاہ۔
دَیرِ شَیخ : سوادِ حلب میں ایک گرجا۔
دَیرِ صَباعی : تکریت کے مشرق میں لبِ دجلہ ایک کلیسا۔
دَیرِ صَلوبا : موصل کی ایک بستی۔
دَیرِ صَلیبا : نواحِ دمشق میں ایک گرجا۔ جسے دَیرِ خالد بھی کہتے ہیں۔
دَیرِ طَمُویَہ : مصر میں حُلوان کے سامنے لبِ نیل ایک گرجا۔
دَیرِ طَواوِیس : سامرا میں ایک کلیسا۔
دَیرِ طُور : طبریہ اور بَیسان کے درمیان ایک گرجا، جو کوہِ طور پہ واقع ہے۔ یہ طُورِ سینا سے الگ ہے۔ دیکھیے طُور۔
دَیرِ طُورِ سِیناء : طُورِ سینا پر ایک گرجا۔
دَیرُ الطَّیر : مصر میں اِخمیم کے پاس ایک کلیسا۔
دَیرُ العاقُول : یہ گرجا مدائنِ کسریٰ اور نعمانیہ کے مابین بغداد سے پندرہ فرسخ دُور لبِ دجلہ واقع تھا۔
دَیرِ عَبدُ المَسیح : حیرہ میں دَیرِ جَرعَہ کا ایک نام۔
دَیرِ عَبدُون : جزیرۂ ابنِ عُمر اور سُرَّ مَن رأٰی میں ایک ایک کلیسا۔
دَیرِ عَجّاج : تکریت اور ہیت کے درمیان ایک گرجا۔
دَیرِ عَذارَیٰ : موصل اور باجَرمی کے درمیان رَقّہ کے قریب کنواری لڑکیوں کا ایک گرجا۔ ایسے گرجے سُرَّ مَن رأٰی، بغداد اور چند دیگر مقامات پر بھی تھے۔ نیز حَلَب کے قریب ایک موضع۔
دَیرِ عَسَل : مصرِ صعید میں نیل کے مغربی

کنارے پر ایک ٹیلہ۔

دَیرِ عَلث : خطیرہ کے قریب دجلہ کے کنارے ایک گرجا۔

یا دیرِ عذاریٰ کا ایک نام۔

دَیرِ عَلقَمَہ : حیرہ میں ایک کلیسا۔

دَیرِ عَمّان : نواحِ حلب میں ایک گرجا۔

دَیرِ عَمرو : دیارِ مضر میں قریۂ جوز کے قریب پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔

دَیرِ عَنادر : حلوان (عراق) کے قریب ایک کلیسا۔

دَیرُ الغَرس : جزیرۂ ابنِ عمر کے قریب ایک گرجا۔

دَیرِ فاخور : اردن کا ایک کلیسا۔

دَیرُ الفار : مصر میں لبِ نیل ایک گرجا۔

دَیرِ فثیون : سرّمن رأی میں ایک کلیسا۔

دَیرِ فطرس : نواحِ دمشق میں ایک گرجا۔

دَیرِ فیق : طبریہ کے قریب ایک کلیسا۔

دَیرِ قانون : نواحِ دمشق میں ایک گرجا۔

دَیرُ القائم الاقصیٰ : بغداد و رقہ کی راہ پر فرات کے کنارے ایک کلیسا۔

دَیرِ قباب : نواحِ بغداد میں ایک گرجا۔

دَیرِ قرّہ : دیرِ جماجم (کوفہ) کے سامنے ایک معبد۔

دَیرُ القُصَیر : مصرِ صعید میں حلوان کے قریب لبِ نیل ایک گرجا۔

دَیرُ القَلَمون : سوادِ فیوم (مصر) میں ایک کلیسا۔

دَیرِ قُنّیٰ : سوادِ نہروان میں دیرِ عاقول کے قریب ایک گرجا۔

دَیرِ قِنّسریٰ : نواحِ جزیرہ میں لبِ فرات ایک کلیسا۔

دَیرِ قوطا : بغداد و بردان کے درمیان لبِ دجلہ ایک گرجا۔

دَیرُ القیارہ : موصل سے چار فرسخ مغرب میں دجلہ کے قریب ایک معبد۔

دَیرِ کاذیٰ : خراسان میں ایک کلیسا۔

دَیرِ قیس : نواحِ دمشق میں ایک گرجا۔

دَیرِ کردشیر : رَے اور قم کے درمیان ایک قلعہ۔

دَیرُ الکلب : سوادِ موصل میں باعذرا کے قریب ایک کلیسا۔

دَیرِ کوفر : سوادِ موصل میں عمادیہ کے قریب ایک گرجا۔

دَیرِ لُبّیٰ : ارضِ تغلب میں فرات کے مشرقی کنارے پر ایک کلیسا۔

دَیرِ لُجّ : حیرہ میں ایک گرجا۔

دَیرِ مارت مروثا : حلب کے پاس ایک پہاڑی کلیسا۔

دَیرِ مارت مریم : نواحِ حیرہ میں نجف کے پاس، نیز شام میں ایک گرجا۔

دَیرِ مار فائثون : حیرہ میں نجف کے پاس ایک کلیسا۔

دَیرِ مار خایال : نواحِ موصل میں ایک گرجا۔

دَیرِ ماسرجیس : سامرا کے قریب مطیرہ میں یا لبِ فرات عانہ میں ایک کلیسا۔

دَیرِ مَاطِرُونْ : دمشق کے قریب ماطرون میں ایک گرجا۔

دَیرِ مَتّیٰ : موصل کے مشرق میں ایک پہاڑ پر ایک معبد۔

دَیرِ مُحَرِّق : مصر صعید میں نیل کے مغربی کنارے پر ایک کلیسا

دَیرِ مُحَمَّد : دمشق کے پاس ایک گرجا۔ جو ایک اُموی شہزادہ محمد بن ولید بن عبداللہ بن مروان کی طرف منسوب ہے۔

دَیرِ مُحَلّیٰ : مصیصہ (ترکی) کے قریب لب جیحان ایک گرجا۔

دَیرِ مِخْرَاقْ : سوادِ خوزستان میں ایک کلیسا۔

دَیرِ مِذْیَانْ : بغداد کے قریب نہر کرخایا پر ایک گرجا۔

دَیرِ مُرَّانْ : دمشق کے قریب ایک ٹیلے پر نیز مَعَرّہ کے پاس کوہ الفرعاب پر ایک گرجا۔

دَیرِ مَرْتُوْمَا : دیارِ بکر میں میافارقین سے دو فرسخ پر ایک کلیسا۔

دَیرِ مَرْجُرْجِسْ : بغداد سے چار فرسخ دور مَزْرَفَہ (ایک بستی) میں ایک گرجا۔

دَیرِ مَرْجُرْجِیسْ : جزیرۂ ابنِ عمر سے تین فرسخ دور پہاڑ پر ایک معبد۔

دَیرِ مَرْحَنَّا : مصر میں فسطاط اور برکۃ الحبش کے درمیان ایک گرجا۔

دَیرِ مَرْعَبْدَا : نواحِ جزیرہ میں ایک مسیحی معبد۔

دَیرِ مَرْقُسْ : نواحِ حلب میں ایک گرجا۔

دَیرِ مَرْمَاجُرْجُسْ : سامرا کے ایک نواحی گاؤں مطیرہ میں ایک گرجا۔

دَیرِ مَرْمَارِیٰ : نواحِ سامرا میں ایک گرجا۔
یا دَیرِ قُنّیٰ کا ایک نام۔

دَیرِ مَرْمَاعُوْث : فرات کے مغربی کنارے پر ایک کلیسا۔

دَیرِ مَرْیُوْحَنَّا : تکریت کی طرف لبِ دجلہ ایک گرجا۔

دَیرِ مَرْیُوْنَانْ : انبار میں لبِ فرات ایک کلیسا۔

دَیرِ مَرْعُوْق : حیرہ میں ایک مسیحی عبادت گاہ۔

دَیرِ مِسْحَلْ : حمص اور بعلبک کے مابین ایک گرجا۔

دَیرِ مُغَانْ : حمص میں ایک مسیحی معبد

دَیرِ مِیْخَائِیْلْ : یہ دو مقامات پر ہے :-
(۱) موصل، اور (۲) دمشق میں
موصل والے کو دَیرِ مَارِخایال بھی کہتے ہیں، اور
دمشق والے کو دَیرِ بُخْتْ۔

دَیرِ مَلْکِیْسَاوَا : موصل کے شمال

میں لبِ دجلہ ایک گرجا۔

دَیرِ مَنصُور : موصل کے مشرق میں لبِ خابور ایک کلیسا۔

دَیرِ مِیمَاس : حمص اور دمشق کے درمیان دریائے میماس پر ایک گرجا۔

دَیرِ نَجرَان : یمن کے قریب نجران میں ایک گرجا۔ جس کا طواف حج سمجھا جاتا تھا۔ نیز سوادِ دمشق میں بُصرٰی کا وُہ تاریخی گرجا جس کے راہب بحیرا نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت سے پہلے نبوت کی بشارت دی تھی۔

دَیرِ نُعم : بغداد اور رقّہ کے درمیان رحبۂ مالک بن طوق میں ایک گرجا۔

دَیرِ نَقِیرَہ : شام میں معرّہ کے پاس ایک پہاڑ پر ایک کلیسا۔

دَیرِ نَمَل : بلد (دیکھیے بلد) کے شمال میں ایک کلیسا۔

دَیرِ نَہیَا : جیزہ (مصر) میں ایک گرجا۔

دَیرُ الوَلِید : شام میں ایک معبد۔

دَیرِ وَنَا : مصر کے ایک گاؤں وَنَا میں ایک گرجا۔

دَیرِ ہَرمِس : اہرام (مصر) کے مغرب میں ایک کلیسا۔

دَیرِ ہِزقَل : بصرہ و عسکرِ مکرم کے درمیان ایک گرجا۔ جو **اَو کَالَّذِی مَرَّ عَلٰی قَریَۃٍ ......** کا مصداق تھا۔

دَیرِ ہِند : دمشق کا ایک گاؤں۔

دَیرُ ہِندِ الصُّغرٰی : حیرہ میں کوفہ کے پاس ایک کلیسا۔

دَیرُ ہِندِ الکُبرٰی : حیرہ کی ایک عبادت گاہ۔ جو عمرو ابنِ ہند کی والدہ ہند نے تعمیر کرائی تھی۔

دَیرِ یُونُس :

دَیرَۃُ البِیض : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر دو گرجے۔

دِیزَک : سمرقند کی ایک بستی۔

دِیسَان : ہرات کا ایک گاؤں۔

دِیشَان : مرو کی ایک بستی۔

دِیصَا : مصر کا ایک قدیم شہر۔

دِیکدَان : فارس کے ساحل پر ایک قلعہ، جو قلعۂ بنی عُمارہ کے نام سے مشہور تھا۔ یہ قلعہ بنی عمارہ کا تھا۔ جو مشرقی فارس میں کرمان کے قریب آباد تھے۔ یہ لوگ یمن سے آئے تھے، اور انھوں نے ساحلِ فارس پر ایک اچھی خاصی سلطنت قائم کر لی تھی۔ عہد موسٰیؑ میں ان کے بادشاہ کا نام جُلَندَی تھا۔ جو غریبوں کی کشتیاں ظلماً پکڑ لیتا تھا۔ شاید : **وکَانَ وَرَاءَھُم مَلِکٌ یَاخُذُ کُلَّ سَفِینَۃٍ غَصبًا** (کہف) سے مراد یہی جُلَندَی ہے۔

دَیلَم : بحرِ خزر کے جنوب مغرب، اور قزوین کے شمال میں ایک پہاڑی علاقہ جس کا مرکزی شہر دَیلَم ہے۔

دَیلَمَان : اصفہان کا ایک گاؤں، جو جانب جرجان تھا۔

دَیْلَمِسْتَانْ : شہرزور (۱مرانم) کے جنوب میں ایران و عراق کی سرحد پر (۱) کے قریب ایک بستی۔

دَیْلَمِیْ : جبالِ مکہ میں سے ہے۔

دِیْمَاسْ : واسط میں حجاج کا ایک جیل خانہ۔ نیز عسقلان میں ایک مقام۔

دِیْ مَرْتْ : اصفہان کی ایک نواحی بستی۔

دِیْ مَرْتِیَانْ : ایضاً۔

دِیْ مَشْ : بخارا کی ایک بستی۔

دِیْنَارْ : رَے کا ایک محلہ۔

دِیْنَارْ آبَادْ : سوادِ ہمدان کا ایک گاؤں۔

دِیْنْ بَاذْ : مَرْو کی ایک بستی۔

دِیْنَوَرْ : ہمدان اور شہرزُور کے درمیان ایک شہر۔

دِیْنَۃْ مَرْدَانْ : مَرْو کی ایک بستی۔

دِیْوَانْ : مَرْو کا ایک محلہ۔

دِیْوَانْ جَاہْ : ہرات کی ایک بستی۔

دِیْ وَرَہْ : نیشاپور کا ایک نواحی گاؤں۔

دِیْ وَقَانْ : ہرات کی ایک بستی۔

ذ

ذَاتُ اَبْوَاب : سوادِ مکہ میں خثعم و جدیس کی ایک آبادی۔

ذَاتُ السَّلَاسِل : عہدِ رسولؐ کا وہ غزوہ جو بنو جذام کے ایک چشمے یا جوہڑ سلاسل کے قریب ہوا تھا۔ یہ وادی القریٰ اور اردن کے درمیان تھا۔

ذَاتُ اَنْمَار : جنوبی اردن کا ایک سرحدی موضع۔

ذَاذِیْخ : سوادِ حلب کا ایک گاؤں۔

ذِبَاب : مدینہ کا ایک پہاڑ۔

ذَبْذَب : دیارِ ابوبکر بن کلاب (نجد) میں ایک موضع۔

ذَبُوْب : یمن کا ایک قلعہ۔

ذِبْیَان : اردن کا ایک گاؤں۔

ذَخْکَث : سیحون کے مشرق میں ایک شہر۔

ذَخِیْنَوِی : سمرقند سے تین فرسخ دور ایک بستی۔

ذَرَّاخ : یمن میں ایک قلعہ۔

ذَرَائِغ : بحرین کے شمال میں ایک آبادی۔

ذَرَاة : یمن میں ایک قلعہ، جو کوہ جحاف میں تھا۔

ذَرَائِب : بحرین کا ایک موضع۔

ذَرَبَہ : نجد میں بنو عُقیل کا ایک پانی۔

ذَرْغَیْنَہ : بخارا کا ایک گاؤں۔

ذَرْق : یمامہ میں ایک وادی۔

ذَرْوَان : مدینہ میں بنو زُرَیق کا ایک کنواں۔ نیز یمن میں ایک قلعہ۔

ذِرْوَة : دیارِ غطفان میں ایک موضع۔

ذَرَة : بنو سُلَیم کی ایک شاخ، بنو حارث بن بُہثہ بن سلیم کا ایک سلسلۂ جبال۔

ذِرْیَخ : یمن کے ایک موضع یحیر میں ایک بُت۔ نیز یمن میں ایک شہر۔

ذَفِرَان : مدینہ و بدر کی راہ پر ایک وادی۔

ذَلْقَامَان : یمامہ میں دو وادیاں۔

ذَمَّا : سمرقند کا ایک گاؤں۔

ذِمَار : یمن میں صنعاء سے دو منزل کی مسافت پر ایک قصبہ۔

ذَمَرْمَر : صنعاء کا ایک قلعہ۔

ذَمْوَرَان : یمن کی ایک بستی۔

ذِنَاب : بنو مُرّہ (یمامہ) کی ایک وادی۔

ذِنَابَہ : یمن میں ایک موضع۔

ذَنَابَہ : بصرہ اور واسط کے درمیان بطیحہ میں ایک موضع۔

ذَنَائِب : نجد میں فلجہ سے جنوب کی طرف تین پہاڑیاں۔ نیز بصرہ و مکہ کی راہ پر بلادِ بنی البغر میں ایک موضع۔ یمن میں زبید کے شمال میں ایک بستی

اسُوق اللہ نائب) یا تجی ضریّہ میں ایک مقام۔

ذَنَبُ الحُلَیفَۃ : بنو عُقَیل کا ایک پانی۔

ذَنَبَۃ : نجد میں بنو اسد کا ایک پانی، نیز سوادِ دمشق اور بلقاء میں ایک ایک موضع۔

ذُوَال : یمن میں ایک وادی۔

ذُوْرَۃ : بنو سُلیم کا ایک پہاڑ، یا وادیٔ نخل کی ایک ندی۔

ذُوقَار : کوفہ اور واسط کے درمیان بکر بن وائل کا ایک پانی۔

ذُوَیب : نجد میں بنو دُہمان کا ایک پانی۔

ذُوَیبَان : بنو اَنمبط کے دو پانی۔

ذَہبَان : جُہینہ کا ایک پہاڑ۔

ذَہَبَان : بحرین کے قریب ایک بستی۔

ذہبانیّۃ : رَقّہ کے قریب ایک موضع۔

ذِیَاد : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

ذِیب : بلادِ کلاب میں ایک موضع۔

ذِیبَذوَان : بخارا کا ایک گاؤں۔

ذِیمُون : بخارا کے قریب ایک بستی۔

ر

رَابِغ : نجد میں ایک مقام۔

رَابِغ : جحفہ اور ودّان، یا جحفہ اور ابواء کے درمیان، یا جحفہ کے قریب ایک وادی۔

رَابَہ : سسلی میں ایک شہر۔

رَاتِج : مدینہ میں یہود کا ایک ٹیلہ۔

رَاجِل : نجد میں ایک وادی، یا حَوْرَان اور سِرّ کے درمیان ایک ندی، جو سِرّ میں گرتی ہے۔

رَاحَت : یمن۔ نیز بلادِ خُزاعہ کا ایک موضع۔

رَاخ : یمن کا ایک قلعہ۔

رَارَان : اِصفہان کی ایک بستی۔

رَاذَان : سوادِ بغداد میں ایک علاقہ، نیز نواحِ مدینہ میں ایک قریہ۔

رَاذَکَان : طُوس کی ایک بستی۔

رَازَان : اِصفہان کی ایک آبادی۔

رَاسُ الاِنْسَان : مکّہ کا ایک پہاڑ۔

رَاسُ الحِمَار : حضرموت کا ایک شہر۔

رَاسِب : مکّہ و طائف کے درمیان ایک بستی۔

رَاسُ عَیْن : جزیرۂ ابنِ عمر میں حرّان و نصیبین کے درمیان ایک شہر۔

رَاسُ ضَان : بلادِ دَوس (یمن) کا ایک پہاڑ۔

رَاسُ الکَلْب : یمامہ میں ایک پہاڑ اور قومس (خراسان) میں ایک قلعہ۔

رَاسُ کَیْفَا : حرّان کے پاس ایک بستی۔

رَاسُ وَرِیسَان : سوادِ زبید میں ایک قلعہ۔

رَاسِک : مکران کا ایک شہر۔

رَاسَہ : یمن میں ایک گاؤں۔

رَاشْت : ترمذ کے قریب خراسان کا ایک شہر۔

رَاشِتِنَان : اِصفہان کی ایک بستی۔

رَاشِدِیَّہ : بغداد کا ایک قریہ۔

رَاغِسَرْسَنَہ : نسف کی ایک بستی۔

رَاغَن : نواحِ سمرقند میں ایک گاؤں۔

رَافِقَہ : رَقّہ کے قریب ایک شہر جو رَقّہ کے تباہ ہو جانے کے بعد رَافِقَہ کے نام سے مشہور ہو گیا۔

رَاکِسَہ : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

رَاہ : یمامہ میں ایک پہاڑ۔

رَاہَارْدَشِیر : اِصفہان و خوزستان کے

درمیان ایک شہر۔
رَاماشَاۃ : مَرو شاہ جہان کا ایک قریہ۔
رَامَان : اَہواز کا ایک علاقہ۔
رَامجِرد : صُوبۂ فارس کا ایک قریہ۔
رَامِخ : عراق میں حیرہ کی طرف ایک جگہ۔
رَاھَرَان : نَساء سے ایک فرسخ پر ایک گاؤں۔
رَامِش : دیارِ محارب (نجد) میں ایک موضع۔
رَامُش : بخارا کی ایک بستی۔
رَامَشَہرِستَان : سیستان کا ایک شہر۔
رَامَشِین : ہمدان کا ایک گاؤں۔
رَامَن : ہمدان سے سات فرسخ دُور ایک قصبہ۔
رَامَنی : بخارا سے دو فرسخ کے فاصلے پر ایک شہر۔
رَامُوسَہ : نواحِ حلب میں قنسرین کی طرف ایک موضع۔
رَامَہُرمُز : خوزستان کا ایک اہم شہر۔
رَامَہ : بصرہ اور مکّہ کی راہ پر رمادہ سے ایک شب کی مسافت پر ایک منزل۔ نیز بیت المقدس کا ایک گاؤں۔
رَامِیثَن : بخارا کا ایک گاؤں۔
رَان : غربی ایران میں مراغہ اور زنجان کے درمیان ایک شہر، یا ارمینیہ کے ایک علاقے اران کا مخفف۔ نیز ترکی میں ملاطیہ کے قریب ایک قلعہ۔
رَانُونَا : مدینہ کے قریب ایک وادی، جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سفرِ ہجرت میں نمازِ جمعہ ادا کی تھی۔ یہ مدینہ اور قبا کے درمیان واقع ہے۔

رَاوَر : سندھ کی ایک بستی جسے محمد بن قاسم نے فتح کیا تھا۔
رَاوَسَان : نیشاپور کا ایک گاؤں۔
رَاوَن : بلخ کے مشرق میں ایک قصبہ۔
رَاوَند : کاشان و اصفہان کے پاس، یا سوادِ موصل میں ایک بستی۔
رَاوَندَان : نواحِ حلب میں ایک قلعہ۔
رَاوَن سَر (رَاوَن بَر) سوادِ نیشاپور میں اَرغیان (علاقہ) کا ایک گاؤں۔
رَاوِیہ : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔
رَاہِص : دیارِ بکر بن کلاب میں ایک پہاڑ۔
رَاہِط : دمشق کے مشرق میں ایک موضع۔
رَایَان : نواحِ ہمدان میں ایک گاؤں اور حجاز میں ایک پہاڑ۔
رَائِعَہ : مکّہ میں ایک موضع۔ جہاں حضور صلعم کی والدۂ محترمہ حضرت آمنہؓ مدفون ہیں۔ نیز بصرہ و مکّہ کی راہ پر اِمّرہ کے بعد اور ضریّہ سے پہلے ایک منزل۔
رَائِعَنَہ : یمامہ میں بنو عنبر کا ایک نخلستان۔
رَایَہ : فسطاط میں ایک محلّہ۔ جس میں حضرت عمرو بن عاص کی تعمیر کردہ ایک مسجد بھی تھی۔ نیز بلادِ ہُذیل میں ایک موضع۔
رُبَا : مکّہ اور مدینہ کی راہ پر اَبواء اور سُقیا کے درمیان ایک موضع۔
رَبَاب : مکّہ میں چاہِ میمون کے پاس ایک موضع اور مدینہ و فید کے درمیان ایک پہاڑ۔
رُبَاب : نجد میں دیارِ بنی عامر اور ارضِ حارث بن کعب کے درمیان ایک خطّہ یا حجاز میں مُرّہ بن

غطفان کی ایک منزل۔

رَبَاطْ : ساحلِ اوقیانوس پر ایک شہر، جو آجکل (۱۹۷۲ء) مراکش کا دارالخلافہ ہے۔

رُبَّانِیَہْ : یمامہ میں کلیب بن یربوع کا ایک پانی۔

رَبَائِعْ : بلادِ اسد میں چند پناہ گاہیں۔

رَبَبْ : نجد میں عمرو بن تمیم کی یا اُبلہ کے قریب عُذرہ کی ایک وادی۔

رَبَذْ : ربذہ کے پاس ایک پہاڑ۔

رَبَذَہْ : فَیْد اور مکّہ کی راہ پر ذاتِ عرق کے قریب ایک گاؤں۔ جہاں حضرت ابوذر غفاری مدفون ہیں۔ اَصمَعی کے ہاں یہ شرف (نجد) میں ایک چراگاہ ہے۔

رَبَضْ : لفظی معنی :- ماحول، محلّہ اور جائے رہائش (سرائے وغیرہ) ہیں۔ ایسے کئی مقامات ہیں۔ جو رَبَض کہلاتے ہیں۔ مثلاً :-

۱ : **رَبَضِ اَصْفَہَانْ** : اصفہان میں۔

۲ : **رَبَضِ اَبِی حَنِیفَہْ** : بغداد کا ایک محلّہ جو خلیفہ منصور کے ایک سپہ سالار ابوحنیفہ کی طرف منسوب تھا۔

۳ : **رَبَضِ اَبِی عَوْنْ** : بغداد میں تھا۔

۴ : **رَبَضِ حُمَیْدْ** : ایضاً۔

۵ : **رَبَضِ الْخُوَارِزمِیَّہْ** : غربی بغداد میں۔

۶ : **رَبَضِ الدَّارَیْنْ** : حلب میں۔

۷ : **رَبَضِ الرَّافِقَہْ** : رقہ میں۔

۸ : **رَبَضِ رُشَیْدْ** : بغداد میں۔

۹ : **رَبَضِ شِیرَازْ** : شیراز میں۔

۱۰ : **رَبَضِ سَعِیْدْ** : ایضاً۔

۱۱ : **رَبَضِ زُہَیْرْ** : بغداد میں۔

۱۲ : **رَبَضِ سُلَیْمَانْ** : ایضاً۔

۱۳ : **رَبَضِ عُثْمَانْ** : ایضاً۔

۱۴ : **رَبَضِ قُرْطُبَہْ** : قرطبہ میں۔

۱۵ : **رَبَضِ مَرْوْ** : مرو میں۔

۱۶ : **رَبَضِ نَصْرْ** : بغداد میں۔

۱۷ : **رَبَضِ ہَیْلَانَہْ** : ایضاً۔

رَبَعَہْ : یمن کا ایک قلعہ۔

رِبْقُ الذَّاہِبَہْ : یمامہ میں عدی بن عبد مناۃ کا ایک پانی۔

رُبْوَہْ : دمشق سے ایک فرسخ کے فاصلے پر ایک سرسبز پہاڑ۔ جہاں کبھی حضرت مسیح علیہ السلام اور اُن کی والدہ نے پناہ لی تھی۔ (وَآوَیْنَاهُمَا اِلٰی رُبْوَۃٍ ......)

رُبَّہْ : اُردُن کا ایک قریہ۔ جہاں حضرت لُوط علیہ السّلام کی ایک بیٹی رُبَّہ دفن ہے۔ اس کا پُورا نام عَیْنُ رُبَّہ تھا۔ جب حضرت لُوط علیہ السّلام عذاب سے پہلے اپنی بستی سے نکلے، تو اُن کے ساتھ اُن کی دو بیٹیاں (رُبَّہ اور زُغَر) بھی تھیں۔ رُبَّہ بیمار ہوگئی اور بعد از وفات ایک چشمے کے قریب دفن ہوئی، اور وہ مقام عَیْنِ رُبَّہ کے نام سے مشہور ہوگیا۔

رَبَنْجَنْ : سمرقند کے قریب ایک آبادی۔

رَبِیغْ : مدینہ کا ایک نواحی منطقہ۔

رَبِیعَہْ : جنوبی مصر میں اسوان کے قریب ایک بستی۔

رَبِیقْ : حجاز کی ایک وادی۔

رَتَخ : بلادِ غطفان میں ایک موضع۔
رَجَا : سرخس کے قریب ایک بستی۔ نیز بصرہ اور مکّہ کی راہ پر وَجرۃ کے قریب ایک موضع۔
رَجَاز : نجد کی ایک وادی۔
رِجَام : لغوی معنی :۔ چٹانیں یا پہاڑیاں۔ پہاڑیوں کے کئی سلسلے رِجام کہلاتے ہیں۔ ان میں سے :۔
٭ ایک حجاز میں۔
٭ دُوسرا ضریّہ میں، اور
٭ تیسرا عُمان کی طرف ہے۔
رَجّان : نجد کی ایک وادی۔ نیز ارّجان (فارس اور اہواز کے درمیان ایک شہر) کی تحریف۔
رَجراجَة : بحرین کا ایک گاؤں۔
رِجل : یمامہ کا ایک موضع۔
٭ حجاز میں ایک بُت۔
٭ بکر بن وائل اور بنو کلب کا ایک ایک موضع۔
رِجلَة اَحجَار : بادیۂ شام میں ایک موضع۔
رِجلَتا بَقَر : بلادِ بنی یربُوع میں کچھ وادیاں۔ جن میں ندیاں بھی ہیں۔
رِجلَة التَّیس : کُوفہ اور شام کے درمیان ایک موضع۔
رَجَم : دیارِ طے میں ایک پہاڑ۔
رَجمَان : جزیرۂ ابنِ عُمر میں خابُور کی ایک نواحی بستی۔
رَجِیع : بلادِ غطفان اور خیبر کے درمیان ایک وادی، جہاں حضورؐ نے غزوۂ خیبر کے سفر میں قیام فرمایا تھا۔ نیز مکّہ اور طائف کے درمیان

ہُذیل کا پانی۔
رَحَا : یمامہ اور بصرہ کے درمیان ایک پہاڑ۔ نیز سیستان میں ایک مقام۔
رَحَاب : اَذربیجان کا ایک علاقہ۔
رَحَا بطَان : بلادِ ہُذیل میں ایک موضع۔
رَحَا بَطرِیق : بغداد میں ایک مقام۔ جہاں پن چکیاں چلتی تھیں۔
رُحَابَة : مدینہ میں ایک ٹیلہ نیز یمن میں ایک قبائلی بستی۔
رُحب : بلادِ ہُذیل کا ایک موضع۔
رُحبَة : کُوفہ سے ایک منزل مغرب کی طرف قادسیہ کے قریب ایک گاؤں۔ نیز وادی القُریٰ کا ایک علاقہ۔
رَحبَة : لغوی معنی : کشادہ جگہ، میدان، وادی، محلّہ اور بستی۔ شعرِ عرب اور تاریخِ اسلام میں کئی ایسے مقامات کا ذکر ملتا ہے۔ جو رَحبَہ کہلاتے تھے۔ مثلاً :۔
۱ : رَحبَة حَاجِر : دیارِ غطفان میں۔
۲ : رَحبَةُ خَالِد : دِمشق میں۔
۳ : رَحبَةُ خُنَیس : کُوفہ میں۔
۴ : رَحبَةُ دِمَشق : نواحِ دِمشق میں۔
۵ : رَحبَةُ صَنعَاء : یمن میں۔
۶ : رَحبَةُ مَالِک بن طَوق : رقہ اور بغداد کے درمیان لبِ فرات ایک بستی۔ جو مامُون کے ایک حاکم مالک بن طوق تغلبی نے تعمیر کرائی تھی۔
۷ : رَحبَةُ الہَدَّار : یمامہ میں۔
۸ : رَحبَةُ یَعقُوب : بغداد میں۔
رَحرَحَان : عرفات کے قریب ایک پہاڑ۔

رُحَیْضَۃ : جبالِ ضریّہ میں ایک آبی ذخیرہ۔
رَحِضِیَّۃ : نجد میں انصار اور بنو سُلیم کی ایک بستی۔
رُحقان : مدینہ کے قریب ایک موضع۔ جہاں سے حضورؐ سفرِ بدر میں گزرے تھے۔
رَحُوب : جزیرہ میں بنو جُشم بن بکر کا ایک پانی۔
رُحَیّب : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔
رُحَیْل : بصرے سے ۲۴ میل مغرب میں ایک منزل۔
رُحَیَّۃ : جُحفہ کے قریب ایک کُنواں۔
رُخ : نیشاپور کی ایک سرائے۔
رُخام : جبالِ طے میں ایک مقام۔
رُخان : مروٗ سے چھ میل دُور ایک بستی۔
رُخّج : نواحِ کابل میں ایک ناحیہ، نیز شہر۔
رُخَّجِیّہ : بغداد سے ایک فرسخ دُور ایک گاؤں۔
رَخش : نیشاپور میں ایک سرائے۔
رُخشَیُوذ : ترمذ کی ایک بستی۔
رَخَم : مکّہ میں ایک مقام، نیز شام اور نجد کے درمیان ایک خطّہ۔
رَخمان : دیارِ ہُذَیل میں ایک موضع۔
رَخَمہ : ہُذیل کی ایک شاخ بنو لحیان کی ایک بستی۔
رُخَمہ : حجاز میں ایک موضع۔
رَخَمہ : تہامہ میں بنو دُئل کا ایک پانی۔ نیز یمن کی ایک بستی۔
رُخَیخ : رَوْحاء کے قریب ایک مقام۔
رَخِیمَہ : عرضِ یمامہ میں بنو وَعلہ کا ایک پانی۔
رَخِینُون : سمرقند سے تین فرسخ پر ایک گاؤں۔
رُداع : نجد اور حمیر کے درمیان ایک علاقہ، جس میں وادیِ المتمل واقع ہے۔
اِس وادی کا ذکر قرآن میں بھی آیا ہے۔
رَدعان : یمن کی ایک آبادی۔
رَدم : بحرین میں بنو عامر بن حارث کی ایک بستی۔ نیز مکّہ میں ایک مقام۔
رَدمان : یمن کی ایک بستی۔
رَدُوف : ہجر اور یمامہ میں پہاڑوں کا ایک سلسلہ۔
رَدہ : بلادِ قیس (نجد) میں ایک موضع۔
رَذ : ایران اور عراق کی سرحد پر ماسبذان کا ایک گاؤں۔
رَذان : نسا کی ایک بستی۔
رِزام : مروِ شاہجہان کا ایک محلّہ۔
رَزجاۃ : بسطام کا ایک نواحی قریہ۔
رَزم : بلادِ مُراد (یمن) میں ایک موضع اور ارمینیہ کی ایک ندی جو دجلہ میں گرتی ہے۔
رُزم آباذ : اصفہان کی ایک بستی۔
رَزماذ : نواحِ سمرقند کا ایک قصبہ۔
رَزمان : سمرقند سے چھ فرسخ دُور ایک گاؤں۔
رِزہ : ہرات کے قریب ایک موضع۔
رَزیق : مروٗ کا ایک دریا۔
زُرَیق : یمن کا ایک قلعہ۔
رَس : لغوی معنی :- کُنواں۔
کہتے ہیں کہ ایک قوم نے اپنے نبی کو کنوئیں میں لٹکا دیا تھا، اور وہ اصحاب الرّس

کے نام سے مشہور ہو گئی تھی۔ رَس۔ یمامہ میں ایک بستی تھی۔ یا

٭ ثمود کی ایک شاخ کی سرزمین۔ یا

٭ نجد میں ایک وادی۔ یا

٭ اسد کی ایک شاخ بنو مُنقذ کا ایک پانی۔ یا

٭ آذربیجان کی ایک وادی۔ جو بہت آباد تھی۔ اللہ نے انہی کی طرف ایک نبی بھیجا۔ یہ نہ مانے، اور تباہ ہو گئے۔

رُستاق : کرمان کا ایک شہر۔

رَستغفر : نواحِ سمرقند میں ایک بستی۔

رُستغفن : سمرقند کی ایک نواحی بستی۔

رُستقُباذ : صُوبۂ فارس میں دَستوا کی ایک بستی۔

رُستم آباذ : قزوین میں ایک خطہ۔

رُستم کویہ : نواحِ قزوین میں ایک قلعہ۔

رُستمیّہ : کوفہ و مکّہ کی راہ پر شقوق و بطان کے درمیان ایک منزل۔

رَستن : حمص و حماۃ کے درمیان نہر میماس پہ ایک قصبہ۔

رَسکن : طخارستان (افغانستان) میں ایک گاؤں۔

رُسیس : نجد میں ایک وادی۔

رَشا : بنو نُمیر (نجد) کا ایک پہاڑ۔

رَشت : جیلان کا دارالخلافہ۔

رِشتان : ماوراءُ النہر میں سوادِ فرغانہ کی ایک بستی۔

رَشید : اسکندریہ کے قریب ایک ساحلی شہر۔

رُشَین : جُرجان کا ایک قریہ۔

رُصافۂ ابی العبّاس : انبار میں ایک عمارت۔

رُصافۂ بصرہ : بصرہ کے پاس ایک بستی۔

رُصافۂ بغداذ : بغداد کے مشرق میں چند سرکاری اور فوجی عمارات پر مشتمل ایک بستی۔

رُصافۂ شام : رقّہ میں ہشام بن عبدالملک کا محل۔ ہشام کا ایک ایسا ہی محل بغداد میں بھی تھا۔

رُصافۂ قرطبہ : یہ ایک شہر تھا۔ جو عبدالرحمان اوّل (اموی خلیفہ) نے تعمیر کرایا تھا۔

رُصافۂ کوفہ : کوفہ کے پاس یہ بستی خلیفہ منصور عباسی نے بنوائی تھی۔

رُصافۂ نیشاپور : نیشاپور کے پاس ایک جاگیر۔

رُصافۂ واسط : سوادِ واسط میں ایک بستی۔

رُصد : یمن میں ایک بستی۔

رُصفہ : افریقہ کے شمالی ساحل پر ایک علاقہ۔

رُضاء : بنو ربیعہ بن کعب بن سعد بن زید مناۃ کا ایک بُت۔

رَضراضہ : سمرقند کا ایک موضع۔

رَضم : کوفہ اور مکّہ کی راہ پر زُبالہ اور شقوق کے درمیان۔ نیز نواحِ یمامہ میں ایک ایک مقام۔

رَضْمَۂ : نواحِ مدینہ میں ایک بستی۔ یا موضع۔

رَضْوَیٰ : سوادِ مدینہ میں ایک پہاڑ۔
عرام لکھتا ہے کہ :
" یہ یَنْبُعْ سے ایک دن کی اور مدینہ سے سات منازل کی مسافت پر ایک پہاڑ ہے۔"
ابنِ سکیت کہتا ہے کہ :
" یہ یَنْبُع اور حَوْرَاء (قلزم میں ایک بندرگاہ) کے درمیان ایک پہاڑ ہے۔ جُہَینہ کی ملکیت۔"

رَظ : رَامْ ہُرْمُز اور رازجان کے درمیان خُوزِستان کا ایک مقام۔

رِعَانْ : بَیْرُوت کے قریب ایک موضع۔

رَعْبَانْ : حلب اور سُمَیْساط (فرات کے غربی کنارے پر) کے درمیان ایک شہر۔

رَعْشَاء : شام میں ایک شہر۔

رَعْشَنَۂ : نجد میں ابوبکر بن کلاب کی دو شاخوں بنو عمرو بن قریط اور سعید بن قریط کا ایک ایک پانی۔

رَعْمْ : دیارِ بجیلہ (یمن) میں ایک پہاڑ۔

رُعْنْ : بصرہ و مکہ کی راہ پر ایک موضع۔

رَعْنْ : نواحِ بحرین اور حجاز میں ایک ایک موضع۔

رَعْنَاء : بصرہ کا ایک نام۔

رُعَیْن : یمن میں ایک قبیلے کی بستی۔ نیز یمن میں ایک پہاڑ اور قلعہ۔

رُغَافَۂ : یمن میں صَعْدَہ سے ایک منزل پر ایک بستی۔

رَغَال : ضَرِیّہ کے قریب ایک پہاڑ۔

رِغَالْ : ابُو رغال طائف کا ایک ظالم بادشاہ تھا۔ ایک دن وہ ایک ایسے گھر کے پاس سے گزرا۔ جہاں ایک بکری بندھی تھی اور اُس گھر میں ایک بچّہ اسی بکری کے دُودھ پر پلتا تھا، وہ بکری کھول کر ساتھ لے گیا اور بچّہ بھُوک سے مرگیا۔ رغال کو طائف اور مکّہ کے درمیان دفن کیا گیا تھا ہر عرب اس کی قبر پر برسوں پتھر برساتا رہا۔ یہاں تک کہ ایک دن حضور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم نے بھی اسے پتھر مارے۔
ایک روایت یہ بھی ہے کہ یہ ابرہہ کے لشکر میں ایک فیل بان تھا۔
اور یہ بھی کہ :
یہ طائف کا ایک امیر تھا۔ جو بطورِ راہ بر ابرہہ کے لشکر میں شامل ہو گیا تھا۔

رَغَامْ : یمامہ میں ایک ریتلا خطّہ۔

رَغْبَانْ : بغداد میں ابن رغبان کی مسجد۔

رُغْوَۂ : طے کے ایک پہاڑ اجاء میں ایک پانی۔

رَفَحْ : فلسطین و مصر کی راہ پر عسقلان سے دو یوم کی مسافت پر ایک منزل۔

رَفَدَۂ : سوادِ سوارقیہ میں سُبْخہ کے قریب ایک پانی۔

رَفْرَفْ : دیارِ بنو نُمیر میں ایک موضع اور دیارِ سُلَیم میں ایک وادی۔

رَفَنِیَّۂ : سوادِ حمص میں ایک شہر و علاقہ یا ساحل شام پر طرابلس کے قریب ایک قصبہ۔

رَفُوْنْ : سمرقند کی ایک بستی۔

رَفِیقْ : موصل کی طرف ایک محلہ۔

رَقَّادَۂ : قَیْروان (تُونس) سے چار میل

دُور ایک شہر۔

رَقَاشَان : نجد میں عمرو بن کلاب کی ایک پہاڑی۔

رِقَاع : اس کے لغوی معنوں میں ایک ہے:- رنگ برنگی۔

حضور صلعم کا ایک غزوہ غزوۂ ذات الرّقاع کے نام سے مشہور ہے۔ یہ ۴ھ میں ہُوا تھا۔ اس میں مسلمانوں نے مختلف رنگ کے جھنڈے اٹھائے ہُوئے تھے۔

بعض مؤرخین کا خیال یہ ہے کہ:

میدانِ جنگ کے ارد گرد رنگ برنگے (سُرخ، سفید، سیاہ) پہاڑ تھے۔ جس کی وجہ سے یہ تصادم ذاتُ الرِّقاع کے نام سے مشہور ہو گیا۔

واقدی لکھتا ہے کہ:

یہ میدان مدینہ سے تین چار میل دُور نجد کی طرف تھا۔

رَقْبَتَان : دو کالے رنگ کے پہاڑ، جو مکّہ کے قریب ایک وادی بطنِ مُر سے ہوتے ہُوئے شمال کی طرف نکل جاتے ہیں۔

رَقْد : بلادِ اسد یا قیس (نجد) میں ایک وادی یا پہاڑ۔

رَقْ رَاقْ : قادسیہ کے نزدیک ایک پانی۔

رَقْعَہ : وادی القُریٰ کے قریب ایک موضع، جہاں حضور صلعم نے تبوک جاتے ہوئے نماز ادا کی تھی۔

رُقْعَہ : یمامہ میں ایک موضع۔

رُقْق : نجد میں بنو عمرو بن کلاب کی ایک بستی۔

رَقْمَتَان : بصرہ کے قریب، بصرہ اور نباج کے درمیان دو گاؤں۔

یا بلادِ بنو اسد۔

یا بلادِ بنو عنبر میں دو باغ۔

یا بصرہ اور مدینہ کے قریب ایک ایک باغ۔

نیز مدینہ کے قریب ایک بستی۔

رَقَم : مدینہ میں ایک مقام۔ نیز دیارِ غطفان میں ایک پہاڑی سلسلہ۔

رَقَّہ : شام میں صِفّین کے سامنے، اور حرّان کے جنوب میں لبِ فُرات ایک اہم شہر۔ نیز بغداد کے قریب ایک بستی۔

رُقَیْبَہ : خیبر کے پاس ایک پہاڑ۔

رُقَیْدَات : نجد میں بنو کلب کا پانی۔

رُقَیْعِی : مکّہ اور بصرہ کے مابین بنو تمیم کے ایک آدمی ابن الرُّقَیْع کا ایک آبی ذخیرہ۔

رَقِیْق : بغداد کا ایک محلّہ۔

رَقِیْم : اُس پہاڑ کا نام، جس کے ایک غار میں اصحابِ کہف صدیوں سوئے رہے۔

بعض کے ہاں یہ اُن کی بستی کا نام تھا۔ جو عمّان (اُردُن) کے قریب تھی۔

بعض کا خیال ہے کہ:

اُن کی بستی کا نام اَبْسُس تھا۔ اور یہ بلادِ رُوم میں تھی۔

یاقوت لکھتا ہے کہ:

خلیفہ واثق عبّاسی نے مشہور منجّم محمد بن موسیٰ خوارزمی کو اصحابِ کہف کی غار کی تلاش میں بھیجا۔ وہ پُوچھتے پُوچھتے روم کے ایک چھوٹے سے پہاڑ تک جا پہنچا۔ جس کی

ایک غار پر ایک مکان سا بنا ہُوا تھا اور باہر
ایک محافظ کھڑا تھا۔ یہ اُس کی اجازت سے
غار میں اُترا تو دیکھا کہ وہاں اصحاب کہف
کی محنوط شدہ نعشیں رکھی ہیں۔ اُن کے جسم
اِس حالت میں تھے کہ گویا زندہ ہیں۔ اُن کی
تعداد تیرہ تھی۔ اُن میں ایک نوجوان لڑکا بھی تھا۔
دراصل یہ سات تھے۔ باقی نعشیں بعد میں
وہاں تبرّکاً رکھ دی گئی تھیں۔ جب حضرت
ابوبکرؓ نے آغازِ خلافت میں عُبادہ بن صامت
کو شاہِ رُوم کی طرف دعوتِ اسلام کے لیے بھیجا۔
تو اُس نے بھی اِس غار میں تیرہ نعشیں دیکھی تھیں۔
جن کے چہرے ننگے، لیکن نُورانی اور باقی بدن
چادروں سے ڈھکے ہُوئے تھے۔ محافظ نے
اِسے بتایا کہ زندوں کی طرح اِن کے بال اور
ناخن بھی بڑھ جاتے ہیں۔ جنھیں ہم وقتاً
فوقتاً کاٹتے رہتے ہیں۔ اِس پہاڑ کا نام
بَلَدُ الرُّوم ہے۔ اور غار کا رقیم۔

بقولِ ابنِ عبّاس :

یہ بلادِ روم میں عَمُوریہ اور نیقیہ
کے درمیان واقع ہے۔

رِکَاء : دیارِ بنی عجلان (نجد) میں ایک وادی۔

رِکَابِیَّہ : مدینہ سے دس میل پر
ایک موضع۔

رَکَایَا : نجد میں ایک موضع جہاں بنو نصر بن معاویہ
یا بنو دُہمان کے آبی ذخائر تھے۔

رَکْب : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

رَکْبَان : وادی القُریٰ کے پاس ایک مقام۔

رُکْبَہ : مکّہ اور طائف کے مابین، یا
سوادِ طائف یا مکّہ اور عراق کے درمیان
ارضِ بنی عامر میں ایک وادی۔
یا حجاز میں ایک پہاڑ۔
یا نجد میں بنو عوف بن نصر یا بنو نصر
بن معاویہ کا ایک پانی۔

رَکْضَہ : زمزم کا ایک نام۔

رَکَک : مکّے کے ایک پہاڑ
میں ایک مقام۔

رُکْن : یمامہ میں ایک موضع۔

رُکْنِ شَامِی۔ عِرَاقِی اور یَمَانِی :
بیت اللہ کے چار کونے ہیں :۔

* شمالی دیوار کا مشرقی کونہ رُکنِ عِرَاقِی
کہلاتا ہے۔
* مغربی رُکنِ شَامِی۔
* جنوبی دیوار کے مشرقی کونے میں حجرِ
اَسود پیوست ہے۔ اور
* مغربی رُکنِ یَمَانِی کے نام سے
مشہور ہے۔

رَکُوبَہ : مکّہ اور مدینہ کے درمیان کوہِ
ورقان کی ایک گھاٹی۔ جس سے سفرِ ہجرت
میں حضورؐ بھی گزرے تھے۔

رَکِیَّۃ لُقمَان : بحرین کے قریب
لُقمان بن عاد کا ایک کُنواں۔

رُمّ : مکّہ میں ایک کُنواں۔

رِمّ : حجاز میں ایک عمارت۔

رَمّ : لغوی معنی :۔ محلّہ، منزل اور علاقہ۔
ایران میں کئی مقامات رَمّ کہلاتے تھے، مثلاً۔
شیراز کے پاس :۔

* رَمّ البازنجان، یا
* رَمّ الحسن، نیز

- رَمْرِدام
- رَمُّ القاسم
- رَمُّ الاکراد
- رِمّا احمد

یہ کُل فارس میں تھے اور ان کی تعداد پانچ تھی۔

رَمَا : ارضِ بنوعامر (نجد) میں ایک موضع۔

رِمَاح : تبالہ (یمن) میں ایک موضع۔

رُمَاح : نجد یا دہناء کا ایک موضع۔

رَمَادَہْ : لغوی معنی :- خاکستری رنگ۔ اصطلاحاً یہ اُس خطۂ زمین کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جو خاکستری رنگ کا ہو اور ایسے خطّے مختلف مقامات پر موجود ہیں۔ جن میں سے بعض پر بستیاں، محلّے اور شہر بن چکے ہیں، مثلاً :-

- رَمَادَۃِ یَمَن
- رملہ کے پاس رَمَادَۃِ فلسطین۔
- برقہ و اسکندریہ کے مابین رَمَادَۃِ بُرقہ، رَمَادَۃِ حَلَب۔
- بصرہ و مکہ کے درمیان ایک بستی۔
- رمادۃِ بلخ
- رمادۃِ تمیم
- یمامہ میں زید مناۃ بن تمیم کی ایک بستی۔ اور
- وادیٔ رغام (یمامہ) میں ایک موضع۔

رُمَّان : نواحِ واسط میں ایک مقام۔

رَمَّان : بلادِ طے کا ایک پہاڑ۔

رُمَّانَتَان : ساحلِ بحرین پر ہجر سے آگے بلادِ سعد میں کچھ مواضع۔ نیز بلادِ عبس (نجد) میں دو پہاڑ ہیں۔

رِمْث : نجد میں بنواسد کی ایک وادی۔

رِمْثَہ : یمامہ میں بنو ربیعہ کا ایک نخلستان۔

رَمْجَار : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

رُمْح : شام کا ایک قریہ، اور دیارِ بنوکلاب میں ابرقی رنگ کی زمین یا پہاڑ۔

رَمْطَہ : سسلی میں ایک قلعہ۔

رِمَع : یمن میں ایک موضع یا پہاڑ یا وادی۔

رَمْلَہ : فلسطین میں یروشلم سے ۱/۲ ۹ میل شمال کی طرف ایک شہر۔ نیز بغداد و سرخس کا ایک ایک محلّہ۔

- نواحِ بحرین میں ایک بستی ؛ اور
- نجد میں ایک موضع۔

رُمَّہ : نجدِ اعلیٰ میں ایک وادی۔ یا دہناء کی ایک ندی۔ یا نجد میں ایک وسیع خطّہ جس کے بلند ترین حصّوں میں بنوکلاب۔ ذرا نیچے بنوعبس، پھر غطفان اور بنواسد رہتے تھے۔

- اَصْمَعِی کے ہاں اسی وادی یا ندی کا نام بطنُ الرّمّہ ہے جو فلجہ اور دَ ینہ کی طرف سے آتی ہے اور عَدَنہ و شَرَبّہ سے گزر کر ریت میں ختم ہو جاتی ہے۔ اس کے بلند حصّوں میں اہلِ مدینہ اور بنو سُلَیم آباد ہیں۔
- وسط میں بنوکلاب و غطفان، اور
- پست میں بنواسد و عبس۔

رَمِیْتَانْ : یمامہ میں عمارہ بن عُقَیل کا ایک نخلستان، نیز پانی۔

رُمَیْثَۃْ : یمامہ میں بنو سیار بن عمرو ..... بن فُزارہ کا ایک پانی۔

رُمَیْلَۃْ : بصرہ و مکہ کی راہ پہ ایک منزل۔ نیز بحرین اور فلسطین میں ایک ایک بستی۔

رُنَانْ : اصفہان کی ایک نواحی بستی۔

رَنْبُوْیَہْ : رَے کے قریب ایک بستی، جہاں امام محمد بن حسن شیبانی اور علی بن حمزہ الکسائی نحوی مدفون ہیں۔

رَنْدَوَرْدْ : بغداد کے قریب ایک مقام۔

رَنْقَاْءْ : بلادِ بنی عامر بن صعصعہ (نجد) کا ایک موضع۔ اور بنو تمیم بن غالب کا ایک پانی۔

رَنِیَہْ : سوادِ تبالہ کا ایک گاؤں۔

رَوَاْءْ : چاہِ زمزم کا ایک نام۔

رَوَاْبِیْ بَنِیْ تَمِیْمْ : نواحِ رَقّہ میں ایک موضع۔

رُوَاْفْ : تیماء اور جعفر عنزہ (پدرِ قبیلہ) کے درمیان ایک پہاڑ۔

رُوَاوَۃْ : جبالِ مُزَینہ میں ایک مقام۔

رُوُبْ : نواحِ بلخ کا ایک قریہ۔

رُوْبَا : دُجَیل بغداد کا ایک گاؤں۔

رُوْبَانْجَاْذْ : بلخ کی ایک بستی۔

رُوْبَنْجْ : فارس میں ایک موضع۔

رُوْتَنْکْ : نواحِ مکران میں ایک شہر۔

رَوْثَۃْ : دیارِ بنی اسد (نجد) میں ایک آبادی۔

رُوْجْ : حَلَب اور مَعَرّۃ کے درمیان ایک علاقہ۔

رَوْحَاْءْ (روحا) : بغداد کے قریب نہرِ عیسیٰ پہ ایک بستی۔
نیز مدینہ و مکہ کے مابین ایک مقام۔ اور سوادِ رُخبہ (عراق) میں ایک بستی۔

رَوْحَانْ : یمامہ کی ایک وادی۔

رَوْحَۃْ : قیروان (تونس) کی ایک بستی۔

رُوْحِیْنْ : جبلِ لبنان میں حلب کے قریب ایک گاؤں۔

رُوْذَاْنْ : فارس میں آبَرْقُوہ کے پاس ایک قصبہ۔
٭ یا سوادِ کرمان میں ایک بستی۔
٭ نیز خوارزم اور سوادِ بُشت (غزنی کے قریب) میں ایک ایک گاؤں۔

رُوْذْبَاْرْ : سوادِ اصفہان میں ایک علاقہ۔
نیز بغداد کی ایک بستی۔
طُوس، بلخ،
مَرْوِ شاہ جہان،
شاش (ماوراء النہر) اور
ھَمَدان میں نہروں کے کنارے بستیاں اور محلّے۔

رُوْذْدَشْتْ : اصفہان کی ایک بستی۔

رُوْذْرَاوَرْ : نہاوند کے قریب ایک علاقہ۔

رُوْذْفَغْکَذْ : سمرقند کا ایک گاؤں۔

رُوْذَکْ : ایضاً۔

رُوْذَہْ : رَے کا ایک محلہ یا گاؤں۔

رَوْرْ : سندھ، نیز اَھْوَاز کا ایک ایک علاقہ۔

رُوْسْتُقْبَاذْ : بغداد اور اَہواز کے مابین ایک علاقہ۔

رُؤُسُ الشَّیَاطِیْن : حجاز کا ایک پہاڑ۔

رُؤ سِینس : انطاکیہ اور طرسوس کے درمیان ایک علاقہ۔

رَوْضَۃ : لفظی معنی :- باغ۔ مراد چراگاہ۔ یا وہ مقام جہاں پانی جمع ہو جائے یا بہے۔ مثلاً :- کوئی جھیل یا چشمہ۔

عرب میں ایسے ڈیڑھ سو سے زیادہ باغ تھے۔

اِن میں سے بعض یہ ہیں :-

* **رَوْضَۃُ آجَام** : جبالِ ہذیل میں شاقل کی طرف ایک چراگاہ۔
* **رَوْضَۃُ آلِیث** : حجاز میں۔
* **رَوْضَۃُ اَجَاوِل** : نواحِ ودّان میں۔
* **رَوْضَۃُ اَجْدَاد** : بلادِ غطفان میں۔
* **رَوْضَۃُ اَدْحَال** : نجد میں۔
* **رَوْضَۃُ اَشَاءَۃ** : یمن کا ایک موضع۔
* **رَوْضَۃُ اَعْرَاف** : بلادِ بنی عامر (نجد) میں ایک چراگاہ۔
* **رَوْضَۃُ بُصْرٰی** : بُصریٰ میں۔
* **رَوْضَۃُ بَطْنِ الْحَرِیْم** : نجد میں بنو ابوبکر بن کلاب کی ملکیت۔
* **رَوْضَۃُ بَطْنِ خُوَیٌّ** : ضریّہ کی ایک چراگاہ۔
* **رَوْضَۃُ بَطْنِ الدَّکَاک** : بلادِ بنو نمیر میں۔
* **رَوْضَۃُ بَلَاذِیْق** : یمامہ میں۔
* **رَوْضَۃُ بُلْبُوْل** : یمامہ میں۔
* **رَوْضَۃُ بِذْشَۃ** : یمن میں۔
* **رَوْضَۃُ تِبْرَاک** : بنو عمرو بن کلاب (نجد) کی ایک چراگاہ۔
* **رَوْضَۃُ تَرِیْک** : یمن میں۔
* **رَوْضَۃُ تَسْرِیْر** : بلادِ تمیم میں۔
* **رَوْضَۃُ ثَلَبُوْت** : حجاز میں۔
* **رَوْضَۃُ ثَمَد** : طے کی ایک وادی بطنِ نکیرہ میں۔
* **رَوْضَۃُ ثُوَیْر** : مکّہ کے قریب یا ارضِ مُزینہ میں ایک چراگاہ۔
* **رَوْضَۃُ جَوّ الْقِبَّۃ** : یمامہ میں۔
* **رَوْضَۃُ جَوْف** : ایضاً۔
* **رَوْضَۃُ حَجْرَۃِ دَوْس** : دوس ازد کی ایک شاخ ہے۔ جو غربی حضرموت میں آباد تھی۔
* **رَوْضَۃُ حَزْم** (حزن) : بنو اسد (نجد) کا ایک پانی۔
* **رَوْضَۃُ حَزْنِ لَیَّۃ و سَیْحَان** : ثقیف یا تمیم یا بنو یربوع کی ایک چراگاہ۔
* **رَوْضَۃُ حَزِیْز** : دیکھیے حزیز۔
* **رَوْضَۃُ حَنْبَل** : دیارِ تمیم میں۔
* **رَوْضَۃُ خَاخ** : نواحِ مدینہ میں۔
* **رَوْضَۃُ خَبْث** : مکّہ اور مدینہ کے درمیان۔
* **رَوْضَۃُ خُرْج** : نواحِ مدینہ میں۔
* **رَوْضَۃُ خَزّ** : دیارِ کلب میں۔
* **رَوْضَۃُ خَبِل** : نجد میں

بنو یربوع کی ملکیت۔

❖ رَوْضَۃُ دَبُوب : روضۂ آجام کے قریب۔

❖ رَوْضَۃُ دُعْمِیٰ : بلادِ بنی عقیل میں ایک پہاڑ۔

❖ رَوْضَۃُ ذَاتُ الْحِمَاط : نواحِ مدینہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ ذَاتُ کَہَف : ایضاً۔

❖ رَوْضَۃُ ذِی الْغُصُن : ایضاً۔

❖ رَوْضَۃُ رُبَاب : دیکھیے رباب۔

❖ رَوْضَۃُ رَعْثَم : دیارِ بجیلہ (یمن) میں۔

❖ رَوْضَۃُ زَبِیدِیٰ : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ سَاجِر : ایضاً۔

❖ رَوْضَۃُ سَنَار : حجاز میں ایک پہاڑ۔

❖ رَوْضَۃُ سَخَال : یمامہ میں ایک چراگاہ۔

❖ رَوْضَۃُ سَرْبَخ : یمن میں۔

❖ رَوْضَۃُ سَلَان : تہامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ سَلْہَب : عراق والے دومۃ الجندل میں۔

❖ رَوْضَۃُ سُوَیْش : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ سَہْبَا : ایضاً۔

❖ رَوْضَۃُ شُبَیْکَہ : مکہ کے قریب نواحِ جوف میں۔

❖ رَوْضَۃُ شُقُوق : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ شَوْطیٰ : ارضِ بنو سلیم میں۔

❖ رَوْضَۃُ شَہْلَاء : بنو عمرو بن کلاب کا پانی۔

❖ رَوْضَۃُ ابْنِ صَعْفُوق : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ صُہَا : مدینہ سے شمال کی طرف وادیٔ سنجہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ طُنُب : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ عُرَیْنَات : عرفات کے قریب۔

❖ رَوْضَۃُ عُرَیْنَہ : مدینہ کی ایک وادی میں۔

❖ رَوْضَۃُ عَزَاز : یمن میں۔

❖ رَوْضَۃُ عَقِیق : نواحِ مدینہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ عَمَایَہ : سوادِ بحرین میں۔

❖ رَوْضَۃُ عَمْق : حجاز میں۔

❖ رَوْضَۃُ عَنْز : نجد میں۔

❖ رَوْضَۃُ غَائِط : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ غُسْل : نباج اور یمامہ کے درمیان۔

❖ رَوْضَۃُ فَلَاج : حجاز میں ایک گاؤں۔

❖ رَوْضَۃُ فِقِیٰ : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ فُوَرَہ : ایضاً۔

❖ رَوْضَۃُ قَبْلیٰ : دیارِ بنو کلب (نجد) میں۔

❖ رَوْضَۃُ قَطَا : بلادِ تمیم میں۔

❖ رَوْضَۃُ قَعْدَات : یمامہ میں۔

❖ رَوْضَۃُ قَمْنَہ : ایضاً۔

❖ رَوْضَۃُ کِلَاب : دیارِ بنو نمیر میں۔

∴ رَوْضَۃُ لُقَاعْ : یمامہ میں۔
∴ رَوْضَۃُ مُخَابِط : سوادِ حضرموت میں۔
∴ رَوْضَۃُ مَرَخْ : نواحِ مدینہ میں۔
∴ رَوْضَۃُ مَضْجَعْ : بلادِ ابوبکر بن کلاب میں۔
∴ رَوْضَۃُ مُلْتَذْ : نواحِ مدینہ میں۔
∴ رَوْضَۃُ مُلَیْص : نجد میں۔
∴ رَوْضَۃُ مَمَالِخْ : ایضاً۔
∴ رَوْضَۃُ نَسْرْ : نواحِ مدینہ میں۔
∴ رَوْضَۃُ نَوَازْ : نواحِ نجد میں۔
∴ رَوْضَۃُ وَاحِدْ : دیارِ بنوکلب میں۔
∴ رَوْضَۃُ وَکِیْعْ : بلادِ دمشق میں۔
∴ رَوْضَۃُ هَوَایِجْ : یمامہ میں۔

رُوْطَہ : اندلس میں سرقسطہ کا ایک قلعہ۔

رَوْعْ : یمن کا ایک قصبہ۔

رَوْقْ : عراق میں بادیہ کی طرف ایک موضع۔

رُوْقْ : جرجان کی ایک بستی۔

رَوْذَنْ : بنوسُلَیم کی ایک وادی۔

رُوْمْ : ترکی کی سرزمین۔ اس کی حدود ہر زمانے میں بدلتی رہیں۔ آجکل (۱۹۰۱ء) اس کی حدود یہ ہیں :-
∴ شمال میں بحیرۂ اسود۔
∴ جنوب میں : عراق، شام، اور بحیرۂ روم۔
∴ مشرق میں : ارمینیہ و آذربیجان، اور
∴ مغرب میں : بحیرۂ مارمورا، درۂ دانیال، اور جزائر روڈس۔

اس کا رقبہ ۲۹۶۱۸۵ مربع میل ہے۔ اور آبادی سوا تین کروڑ۔ آج کا دارالخلافہ

رومہ (ROME) ایک الگ شہر ہے۔ یہ یورپ میں ہے اور رُومہ ایشیا کی ایک ریاست ہے۔

رُوْمَہ : مدینہ کے نزدیک جُرْف اور زنابہ کے درمیان ایک میدان، جہاں غزوۂ خندق کے موقع پر کفار کے لشکر فروکش ہوئے تھے۔ یہیں وہ کنواں بھی تھا۔ جسے حضرت عثمانؓ نے خرید کر وقف کر دیا تھا۔

رُوْمِیَّہ : یہ چار شہروں کا نام رہا ہے :-
اوّل : مدائنِ کسریٰ کے نزدیک ایک شہر جو اب ناپید ہے۔
دوم : جرمنی کا دارالخلافہ۔ (قفقطی)
سوم : اٹلی کا دارالخلافہ۔ رُومہ
چہارم : قسطنطنیہ۔ عصرِ رواں میں اس نام کا کوئی شہر موجود نہیں۔

رَوْنَاتْ : اہواز کا ایک علاقہ۔

رُوْیَانْ : طبرستان کا ایک شہر۔
∴ حلب کی ایک بستی، اور
∴ رَے کا ایک محلہ۔

رُوَیْثَاتْ : ارضِ سُلَیم میں چند پہاڑ۔

رُوَیْثَہ : مدینہ سے ایک رات کی مسافت پر ایک مقام۔
∴ نیز کوفہ اور بصرہ کے درمیان بنو عجل کا ایک پانی۔ یا
∴ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک چشمہ۔

رُوَیْحَانْ : فارس میں ایک موضع۔

رُوَیْن دَزْ : تبریز کے قریب ایک قلعہ۔

رُوَیْدَشْت : اصفہان کی ایک بستی۔

رُوَیْل : دیارِ بنو کلاب کی ایک وادی۔
رُوَیْن : یمن اور جُرجان کی ایک ایک بستی۔
رُوَیَّہ : اندلس میں سوادِ بَطلیوس کی ایک بستی۔
رُہَا : جزیرۂ ابنِ عُمر میں موصل و شام کے درمیان ایک شہر۔
رُہَاط : مکہ سے تین رات کی مسافت پر ایک موضع۔ یا
٭ بلادِ ہُذیل میں ایک وادی۔ یا
٭ مکہ کے قریب راہ مدینہ پر حُذَیبیہ کے پاس ایک پہاڑ۔ نیز بستی۔ یا
٭ ینبع کے نواح میں ایک موضع۔
رَہْبَاء : دیارِ تمیم میں عُمان کا ایک موضع۔
رَہْجَان : ایک ندی جو نُعمان (ہُذَیل کی ایک وادی) میں گرتی ہے۔
رُہْنَہ : کرمان کی ایک بستی۔
رَہْوَہ : ارضِ بنو جُشَم بن معاویہ بن بکر بن ہوازن میں ایک موضع۔ یا غلاط (ارمینیہ) کے پاس ایک صحراء۔
رُہَیْمَہ : کوفہ کے پاس ایک کھیت۔
رَیّ (رَے) : طہران کے جنوب مشرق میں ایک اہم شہر۔ جو امام فخرالرازی، ابوبکر رازی اور دیگر متعدد عُلماء و حکماء کا مولد تھا۔
رِیَاح : بصرے کا ایک محلّہ۔
رِیَاحِیَّہ : واسط میں ایک علاقہ۔
رِیَاضُ الرَّوْضَہ : بلادِ مَہرہ (حضرموت) میں ایک موضع۔
رِیَاضُ الْقَطَا : یمن میں مَہرہ و حضرموت کے درمیان ایک خِطہ۔

رِئَام : یمن میں ایک بُت خانہ۔
رَیَّان : نَسا کی ایک بستی۔
رَیَّان : طَے کا ایک پہاڑ۔
٭ نَسا کی ایک بستی۔
٭ سرخس (خراسان) کے پاس ایک شہر۔
٭ مدینہ میں ایک ٹیلہ۔
٭ ضَرِیَّہ میں ایک وادی۔
٭ بلادِ بنو عامر، بلادِ طے اور بصرہ و مکہ کی راہ پر ایک ایک پہاڑ۔
٭ معدنِ بنو سُلَیم سے دو میل پر ایک موضع۔
٭ شرقی بغداد کا ایک محلہ۔ اور
٭ مکہ کے پاس ایک بستی۔
رَیْب : یمامہ میں بنو قُشَیر کا ایک علاقہ۔
رَیْث : دیارِ طے میں ایک موضع۔ اور بنو قُشَیر میں ایک پہاڑ۔
رِیحَاء : بیت المقدس سے پانچ فرسخ دُور اُردن کا ایک شہر۔
رَیحَان : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔
رِیْغ : خراسان میں ایک موضع۔
رِیْخَشَن : سمرقند کی ایک بستی۔
رَیْدَان : مدینہ میں ایک ٹیلہ، اور یمن میں ایک قلعہ یا محل۔
رَیْدَہ : یمن یا حضرموت یا نجد کا ایک شہر۔
رَیْسُوت : عُمان اور عدَن کے درمیان ساحل پر ایک قلعہ۔
رَیْسُون : اُردُن میں ایک گاؤں۔
رَیْشَان : یمن میں اَبْیَن کی طرف ایک قلعہ۔
رِیْشَہر : اَرَّجان (شمالِ شیراز) کا ایک علاقہ۔

رِیغ : ترّاگش بنو بَماد کے ایک قلعے اَشیر کے پاس ایک علاقہ۔

رِیغ ذَمُون : بخارا کا ایک گاؤں۔

رِیف : ساحلِ بحر پر سبز و شاداب خطہ رِیف کہلاتا ہے۔ ایسے خطّے مختلف سواحل پہ موجود ہیں، اِن میں مشہور ترین ترّاگش کا رِیف ہے۔ اور غیر مشہور خطّے :-

- بحرِ قلزم
- بحرِ ایرَان
- بحرِ عدن ؛ اور دیگر سواحل پہ ملتے ہیں۔

رِی کَنج : مَرْو کا ایک گاؤں۔

رِیشَہ : مُزَینہ کی ایک وادی۔

رَیمَان : یمن کی ایک قبائلی آبادی، نیز بحرین کی ایک بستی۔

رَیمَہ : یمن کا ایک قلعہ۔

رِیو : بخارا کا ایک محلّہ۔

رِیوَدَذ : سمرقند کے پاس ایک بستی۔

رِیوَدَے : بخارا کی ایک بستی۔

رِیوَذ : بَیہق کی ایک بستی۔

رِیوَقَان : مَرْو کا ایک گاؤں۔

رِیوَنج : نیشاپور کا ایک گاؤں۔

رِیوَنذ : نیشاپور کا ایک علاقہ۔

⁂ ⁂ ⁂

ز

زَاب : موصل داربل کے درمیان ایک دریا۔ یہ زاب اعلےٰ کہلاتا ہے۔ اسی نام کا ایک اور دریا دو یوم کی مسافت پر جنوب کی طرف ہے۔ جو دجلہ میں گرتا ہے۔ یہ زاب اسفل کہلاتا ہے۔ بغداد اور واسط کے مابین دو اور دریا بھی زاب اعلےٰ اور اسفل کے نام سے مشہور تھے۔ نیز تلمسان (مراکش) اور سجلماسہ کے درمیان ایک علاقہ اور دریا۔

زَابَاث : موصل والے زاب کے کنارے پر چند بستیاں۔

زَابُلِسْتَان : بلخ اور طخارستان کے جنوب میں ایک علاقہ جس کا مرکزی شہر غزنی ہے۔

زَابُوقَہ : بصرہ کے پاس ایک موضع۔

زَابِیَا : واسط کے شمال میں ایک نہر جو حجاج نے کھدوائی تھی۔

زَابِیَان : واسط اور بغداد کے مابین نعمانیہ کے پاس ایک نہر۔ اِرْبَان کے پاس دو نہریں گزرتی ہیں اور یہ اُس مقام پر زابیان کہلاتی ہیں۔

زَاجِذ : سوادِ زبید (یمن) میں ایک قلعہ۔

زَاذَان : رقہ (شام) کے قریب ایک مقام۔

زَاذَک : ماوراء النہر میں کش یا خراسان میں طوس کا ایک گاؤں۔

زَاذِیک : سوادِ نیشاپور میں ایک بستی۔

زَاز : نواحِ سمرقند میں ایک قریہ۔

زَارْجَان : اصفہان کے پاس ایک بستی۔

زَارْیَان : مَرْو سے ایک فرسخ دور ایک گاؤں۔

زَارَہ : بحرین کا ایک قصبہ۔ نیز طرابلس (افریقہ) کی ایک بستی اور مصر میں قفط کے پاس ایک علاقہ۔

زَاغَرْسَوْسَن : سمرقند یا نسف کی ایک بستی۔

زَاغُول : مَرْو کا ایک گاؤں۔

زَاغُونِی : بغداد کے پاس ایک بستی۔

زَافُون : مغربی سوڈان کا ایک صوبہ۔

زَاقِف : سوادِ نیل میں ایک بستی۔

زَالِق : سیستان کا ایک علاقہ۔

زَام : سوادِ نیشاپور کا ایک علاقہ، جس کا مرکزی شہر بوزجان ہے۔

زَامِیثَن (زَامِینَہ) بخارا کی ایک بستی۔

زَامِین : بخارا و سمرقند کی ایک ایک بستی۔

زَاوَر : نواحِ سمرقند یا عراق کا ایک گاؤں۔

زَاوَطَا : بصرہ، واسط اور خوزستان کے درمیان ایک قصبہ۔

زَاوَۃ : سوادِ نیشاپور کا ایک علاقہ ۔ یا ہرات اور نیشاپور کے درمیان ایک بستی ۔

زَاوِیَۃ : سوادِ موصل میں ۔ نیز مدینہ اور بصرہ کے قریب ایک ایک گاؤں ، اور واسط و بصرہ کے درمیان لبِ دجلہ ایک بستی ۔

زَاہ : نیشاپور کا ایک گاؤں ۔

زَاہِرِیَۃ : راسِ عَین (جزیرہ) میں ایک چشمہ ۔

زَبَاء : یمامہ میں ایک چشمہ ۔

٭ تمیم کی ایک شاخ بنو طُہَیَّہ یا بنو سلیط یا عمرو بن کلاب کا ایک ایک ذخیرۂ آب ۔

٭ نیز فرات کے کنارے ایک گاؤں اور بصرہ اور مکہ کی راہ پر ایک روضہ ۔

زَبَاب : نجد میں بکر بن کلاب کا ایک پانی ۔

زَبَارَا : نواحِ کوفہ میں ایک مقام ۔

زَبَالَہ : کوفہ و مکہ کی راہ پر ایک گاؤں ۔

زَبَّان : حجاز میں ایک موضع ۔

زَبَخ : نواحِ جُرجان میں ایک بستی ۔

زَبَد : یمن میں ایک پہاڑ ۔ یا قنسرین کی ایک بستی ۔

زُبَد : یمامہ میں ایک موضع ۔

زُبْدَان (زَبَدَانی) : دمشق اور بعلبک کے درمیان ایک علاقہ ۔

زَبْدَقَان : عراق میں شابور کے کنارے ایک بستی ۔

زُبْدَۃ : ارضِ رُوم میں ایک شہر ۔

زُبْرَاء : تیماء کے پاس ایک مقام ۔

زَبْرَان : جَنَد (یمن) کے پاس ایک بستی ۔

زِبَطْرَۃ : ملاطیہ اور سمیساط (ترکی) کے درمیان ایک قصبہ ۔

زَبَغدُون : بخارا کی ایک بستی ۔

زُبُنَّہ : افریقیہ میں ساحلِ بحرِ روم پر ایک موضع ۔

زَنْبُوِیَہ : نواحِ مَرو میں ایک بستی ۔

زُبَیْبِیَّہ : بغداد کا ایک محلہ ۔

زَبِید : غربی یمن کا ایک شہر ۔

زُبَیْدِیَّہ : بغداد کا ایک محلہ ۔

٭ سوادِ کرمان شاہ اور واسط میں ایک ایک گاؤں ۔

٭ مُغِیثَہ اور عُذَیب کے مابین ایک تالاب ۔

زُبَیر : بصرہ کے جنوب مغرب میں ایک قصبہ ۔

زَبِیر : کوہِ طُور کا ایک نام اور ثعلبیہ کے قریب ایک موضع ۔

زُبَیلاذان : نواحِ بلخ میں ایک بستی ۔

زُبَیْنَہ : قبیلۂ ہوازن کی ایک وادی ۔

زُج : نجد میں ایک موضع ۔

عَبُّود : تبالہ و تثلیث یا مدینہ و تبالہ کے درمیان ایک پہاڑ۔ یا
٭ مکہ و بدر کے مابین ایک موضع۔ یا
٭ شام میں ایک پہاڑ۔

عُبَیدان : یمن کی ایک وادی۔

عُبَیثَۃ : یمامہ میں بنو قیس بن ثعلبہ کے دو پانی۔

عُتائِد : حجاز میں بنو عوف بن نصر بن معاویہ کا ایک پانی۔

عِتر : مدینہ کے جنوب میں ایک پہاڑ۔

عَتک : یمامہ میں عوف بن کعب کی ایک وادی۔

عَتَل : ایضاً۔

عُتمَۃ : یمن کا ایک قلعہ۔

عُتُمَۃ : زبید کے پاس ایک قلعہ۔

عَتُّود : تبالہ و تثلیث کے درمیان یا وادیٔ نقیع کی طرف ایک پہاڑ۔

عُتُّود : حجاز میں ایک موضع یا سوادِ غثر (یمن) میں ایک گاؤں۔

عَتِیبٌ : بصرے کا ایک محلہ۔
عُتَیْذ : یمامہ کا ایک موضع۔
عَتِیقُ السَّاجَۃ : بغداد اور آذربیجان کی راہ پر ایک گاؤں۔
عَتِیقَہ : غربی بغداد کا ایک محلہ۔
عَتِیکِیَّہ : ایضاً۔
عَثَاعِث : ضریّہ میں عُرائس (پہاڑ) کے قریب چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں۔
عِثَالِن : ارضِ جُذام میں ایک وادی۔
عُثَانَہ : وادیٔ تثلیث میں بنو جُذیمہ بن نصر..... بن اسد کا ایک پانی۔
عَثْجَلِیَّہ : وادیٔ سُلَیع (یمامہ) میں بنو تمیم کا ایک پانی۔
عَثَر (عَثْر) : یمن میں ایک قصبہ۔
عَثْعَث : مدینہ کا ایک پہاڑ جسے سُلَیع بھی کہتے ہیں۔
عَثْلَب : غطفان کا ایک پانی۔
عَثْلِیث : ساحلِ شام پر ایک قلعہ۔
عَثْمَان : مدینہ کے پاس شام کی راہ پر ایک پہاڑ۔
عُثْمُر : بلادِ طے میں ریت کا ایک ٹیلہ۔
عَثِیر : حجاز یا بلادِ اسد میں ایک موضع۔ نیز شام میں ایک مقام۔
عَجَاج : موصل کے قریب ایک موضع۔
عَجَب : شام میں ایک جگہ۔
عَجَرَد : یمن میں ذُمار ذمار کی ایک بستی۔
عُجْرُوم : ذُوقار (عراق) کے قریب ایک پانی۔
عُجُز : حضرموت کی ایک بستی۔
عَجَّس : سوادِ عسقلان کی ایک بستی۔

عَجْلَانِیَّہ : ترکی میں مصیصہ کے قریب ایک قصبہ۔
عِجْلَہ : انبار کے قریب ایک موضع۔
عَجْلَہ : یمن کا ایک گاؤں۔
عَجْمَاء : یمامہ کی ایک وادی۔
عَجُوز : دہنا میں ریت کا ایک ٹیلہ۔
عَجُول : مکہ میں قریش کا ایک کنواں۔
عَجِیب : یمن میں ایک موضع۔
عُدَاد : صحرائے یمامہ میں ایک موضع۔
عُدَافِث : سراۃ میں اَزد کی ایک وادی۔ یا پہاڑ۔
عُدَامَہ : نجد میں بنو خثعم بن معاویہ کا ایک گہرا کنواں۔
عَدَان : دیارِ تمیم میں ایک موضع۔ یا
* سعد بن زید مناۃ کا ایک پانی۔ یا
* سمندر کا ساحل۔
عَدَّان : لبِ فرات عُرّان کے سامنے ایک شہر۔
عَدْفَان : یمن میں ایک قلعہ۔
عَدَم : یمن کی ایک وادی۔
عَدَن : عرب کے جنوب مغربی گوشے میں بحرِ ہند کے ساحل پر ایک مشہور شہر اور بندرگاہ۔
عَدَنَہ : شَرَبَّہ کے پاس نجد میں ایک مقام۔
عَدَوْلَی : بحرین کا ایک گاؤں۔
عَدَوِیَّہ : مصر میں نیل کے مشرقی کنارے پہ ایک گاؤں۔
عَدِیذ : بنو کلب کی ایک شاخ عُمَیرہ کا ایک پانی۔

عُذَیْنَہْ (عَذِیْنَہْ) : یمن میں ایک سرائے نیز تعِزّ اور زُبید کے درمیان ایک گاؤں۔

عِذَاْرْ : کوفہ و بصرہ کے مابین ایک موضع۔

عَذْبَہْ : بصرے سے کوئی بیس فرسخ دُور ایک موضع۔

عَذْرَاْء : سوادِ دمشق کا ایک گاؤں۔

عَذْقْ : مدینہ میں ایک ٹیلہ۔

عَذَقْ : عمان میں ایک موضع۔

عَذَمْ : یمن میں ایک وادی۔

عَذْلُوْنْ : دمشق کے مغرب میں ایک ساحلی شہر۔

عُذَیْبْ : مغیثہ و قادسیہ کے درمیان قادسیہ سے چار میل دُور ایک جھیل۔ یا بنو تمیم کی ایک وادی۔

عُذَیْبَہْ : جار اور ینبع کے درمیان ایک چشمہ، یا قریہ۔

عُذَیْقَہْ : سوادِ صنعاء میں جہران سے مشرق کی طرف ایک گاؤں۔

عُرّْ : عدن میں ایک پہاڑ۔

عَرَاْبَہْ : ساحلِ شام پر سوادِ عکہ (فلسطین) کی ایک بستی۔

عِرَاْدَہْ : راس عین اور نصیبین کے درمیان ایک گاؤں۔

عَرَاْرْ : نجد میں ایک وادی۔

عِرَاْرْ : یمامہ میں بنو باہلہ کا ایک موضع۔

عِرَاْقْ : عرب کی ایک ریاست۔ جس کی موجودہ (۱۹۷۱ء میں) حدود یہ ہیں :۔

شمال میں : ترکی۔

جنوب میں : خلیج ایران۔

مشرق میں : شمالی ایران۔ اور

مغرب میں : شام و اردن۔

اس کا رقبہ ۱۷۱۵۹۹ مربع میل اور آبادی ۶۶ لاکھ ہے۔

* بصرہ * کوفہ
* بغداد * کربلا
* نجف۔ اور
* موصل

اس کے مشہور شہر ہیں۔

عَرَاْقِیْبْ : حمی ضریۃ کے قریب ایک گاؤں۔

عِرَاْنْ : یمامہ کے قریب باہلہ کا ایک موضع۔

عَرَاْئِسْ : دہناء یا ضریۃ یا یمامہ کے چند پہاڑ۔

عَرَبْ : مدینہ کے قریب ایک علاقہ۔

عَرَبَاْتْ : بلادِ عرب نیز جبل بطریق (مصر) میں ایک راستہ۔

عَرَبَاْنْ : جزیرہ میں لب خابور ایک قصبہ۔

عَرَبْسُوْسْ : ترکی میں مصیصہ کے قریب ایک شہر۔

عَرَبَہْ : وادیٔ نخلہ میں مکہ کی طرف ایک بستی۔ نیز

* بلادِ عرب کا نام۔
* فلسطین میں ایک موضع۔ یا
* تہامہ میں ایک گاؤں۔ جہاں کبھی اولادِ اسماعیل آباد ہو گئی تھی۔

عَرْجْ : طائف کی ایک وادی۔

* مکہ و مدینہ کے درمیان ایک گھاٹی۔ اور
* یمن میں ایک قصبہ۔

عَرْجَاْء : ارضِ مزینہ میں ایک موضع۔

عَرْجَمُوش : سوادِ بعلبک میں ایک بستی۔
عَرَجَۃ : بحرین میں بنو محارب کا ایک گاؤں۔
عَرِجَۃ : بنو نُمیر کا ایک پانی۔
عَرَدَات : یمن اور نجد کے درمیان بنو بجیلہ کی ایک وادی۔
عُرَدَۃ : مُلا اور تیمار کے درمیان طے کی ایک شاخ بنو صخر کا ایک پانی۔
عَرْزَم : کوفہ میں ایک محلّہ یا مقبرہ۔
عُرُس : بلادِ ہُذیل میں ایک مقام۔
عُرْش : مکّہ کا ایک نام۔
عَرَشَان : تعکر کے جنوب میں یمن کا ایک قصبہ۔
عَرْشِیْنُ الْقُصُوْر : حلب کی ایک نواحی بستی۔
عَرْصَہ : لغوی معنی میدان۔ وادیٔ عقیق میں دو میدان عرصہ کہلاتے ہیں۔
عِرْض : یمامہ کی ایک وادی۔
- حجاز اور یمن کے درمیان اور خود حجاز میں کچھ بستیاں عِرض کہلاتی ہیں۔ نیز
- یمامہ میں ایک ندی یا دو ندیاں۔ یعنی :
  - عِرْضِ شمام اور
  - عِرْضِ حَجَر
ایک رائے کے مطابق ہر ندی عِرض کہلاتی ہے۔
- خیبر میں عنزہ کی ایک وادی۔

عَرْض : مراکش میں فاس کے پاس ایک پہاڑ۔
عُرْض : سوادِ حلب میں ایک قصبہ۔
عَرْعَر : بلادِ ہُذیل میں ایک موضع۔
عُرُف : یمن میں صنعاء سے بارہ فرسخ پر ایک بستی۔
عَرَفَات : مکّہ کے قریب ایک میدان جہاں حاجی ایک رات گزارتے ہیں اور جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشہور تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔
عَرْفَجَاء : بنو نُمیلہ یا بنو قُشیر یا بنو جعفر بن کلاب کا ایک پانی۔
عُرْفَۃ : لغوی معنی : ایسی زمین جس میں بہت گھاس ہو۔ عرب میں ایسی کئی زمینیں تھیں۔ مثلاً :-

دیارِ فزارہ میں :
عرفۃ الاَجبال
ارضِ اَسد میں :
عرفۃ اَغیار
اور دیگر مقامات پر :
- عرفۃُ الشمد
- عرفۃُ الحمٰی
- عرفۃُ خجا
- عرفۃُ رفد
- عرفۃُ ساق
- عرفۃُ فَرْوَیْن
- عرفۃُ مصرم
- عرفۃُ المصرم
- عرفۃُ منعج
- عرفۃُ نباط

عِرْق : لغوی معنی :- زمینِ شور۔ کئی مقامات کا نام۔ مثلاً :-
- تمیم کی ایک شاخ بنو حنظلہ کی ایک وادی (ذاتُ عِرق)۔

٭ نجد و تہامہ کی سرحد۔
٭ مکہ کے قریب ایک پہاڑ۔
٭ تہامہ کا شمالی حصہ۔
٭ مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام :- (عِرْقُ الظبیہ)۔
٭ بیت (عراق) سے چند میل دُور، نیز بصرہ اور زُبید کے قریب ایک ایک مقام۔

عِرْقُ ثَأْدِق : بصرہ کے قریب ایک قطعۂ شور۔

عِرْقُ نَاهِق : ایضاً۔

عَرْفُوَة : کوہِ ظُلیتہ (مکہ کے قریب) کے قریب ایک ٹیلہ۔

عِرْقَة : دِمشق کے مغرب میں ساحل کے قریب ایک قصبہ۔

عَرْقَة : ارضِ رُوم میں ایک گاؤں۔

عَرِقَة : یمامہ کی ایک وادی۔

عَرِم : یمن اور ینبع کی ایک ایک وادی۔ یمن کی یہ وُہی وادی ہے جس کا بند ٹوٹنے سے مآرب کے دیہات و باغات تباہ ہو گئے تھے۔
عَرِم کے معنی شدید بارش بھی ہیں۔

عَرَمَة : عمان کے پاس ایک سخت خطۂ زمین۔ جو یمامہ کے ایک پہاڑ (عارض) کے بالمقابل ہے۔

عَرْمَان : سوادِ دمشق میں ایک گاؤں۔

عِرْنَان : تیماء اور طے کے دو پہاڑوں کے درمیان ایک پہاڑ۔

عَرَنْدَل : شام میں یرموک کے قریب ارضِ سراۃ کا ایک گاؤں۔

عُرَنَة : عرفات کے قریب ایک وادی۔

عَزْوَان : حجاز کا وُہ پہاڑ جس پر طائف کا شہر ہے اور جس میں قبائلِ ھُذیل رہتے ہیں۔

عَرُوب : قُدس کے قریب دو دیہات۔

عَرُوش : یمن کا ایک قلعہ۔

عُرُوش : یمامہ کا ایک گاؤں یا پانی۔

عُرُوض : مدینہ منورہ، یمن، یمامہ و بحرین یا ان کا گرد و نواح۔

عُرُوند : یمن کا ایک قلعہ۔

عَرْوَی : شمام (نجد) میں ایک ٹیلہ۔ یا
٭ بکر بن کلاب کا ایک پانی۔ یا
٭ دیارِ خثعم میں ایک پہاڑ۔

عُرَی : بنو بجیلہ کی ایک شاخ بنو حُلیس کا ایک پانی۔

عُرَیَان : مدینہ میں خزرج کی ایک شاخ بنو نجار کا ایک ٹیلہ۔

عَرِیش : صحرائے سینا میں بحرۂ روم کے ساحل پر سویز کے مشرق میں مصر کا ایک شہر۔ کہتے ہیں کہ جب برادرانِ یوسفؑ غلہ لینے کے لیے مصر گئے تو اس مقام پر سرحد کے محافظ نے انھیں روک لیا اور اجازت کے لیے حضرت یوسف علیہ السلام کو لکھا۔ چونکہ حصولِ اجازت پر کئی ہفتے صرف ہوئے تھے اس لیے محافظ نے انھیں ایک چھپّر (عَرِیش) کے نیچے ٹھہرایا، اور یہ مقام عَرِیش ہی کے نام سے مشہور ہو گیا۔

عَرِیض : نجد کی ایک وادی۔
٭ پہاڑ یا موضع۔

عُرَیْض : مدینہ کے قریب ایک وادی۔

عُرَیْضَة : بلادِ بنو نُمیر میں ایک موضع۔

عُرَیْعِرَہ : یمامہ میں بنو رَبیعہ کا ایک پانی یا نخلستان۔

عُرَیْفِطَان : مکّہ اور مدینہ کے مابین ایک وادی۔

عُرَیْق : بصرہ و بحرین کے درمیان دو مقام۔

عُرَیْقِیَہ : بنو عَجلان کا ایک پانی۔

عُرَیْمَہ : بلادِ طَے میں اجا اور سلمیٰ کے درمیان ایک موضع۔

عَرِیْن : مکّہ کے قریب ایک موضع۔

عُرَیْنَہ : بلادِ فزارہ میں ایک موضع۔ نیز مدینہ کی نواحی آبادیاں۔

عِزّ : نواحِ ارّان (ارمینیہ) میں ایک قلعہ۔

عِزّا : سوادِ موصل کا ایک ناحیہ۔

عُزّیٰ : غطفان کا بُت جسے خالد بن ولید نے حضورؐ کے حکم سے توڑ دیا تھا۔

عَزَاز : حلب کے شمال میں ایک قصبہ۔

عَزَّاف : دُہنار کا ایک پہاڑ۔

عَزَّان : لبِ فرات ایک شہر۔ نیز
❊ یمن کا ایک قلعہ۔

عَزَّانُ خُبَت : کوہِ صَبِر (یمن) میں ایک قلعہ۔

عَزَّانُ ذُخُر : ایضاً۔

عَزْرَہ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

عَزَف : بنو نصر بن معاویہ (نجد) یا بنو انسان بن غُزَیّہ بن جُشَم بن معاویہ بن بکر کا ایک پانی۔

عَزْل : بصرہ اور یمامہ کے درمیان ایک پانی۔

عَزْلَةُ بَحْرَانَہ : یمن کی ایک بستی۔

عَزْوَر : مکّہ اور مدینہ کے مابین جُحفہ یا بطحاءِ مکّہ کے قریب ایک گھاٹی۔
❊ معدنِ بنو سُلَیم یا رِضوے کے بالمقابل ایک پہاڑ۔

عَزْوَرَا : مکّہ اور مدینہ کے درمیان ایک موضع۔

عَزِیزِیَہ : مصر کے چند دیہات۔

عِسَاب : مکّہ کے قریب ایک موضع۔

عَسَاقِیل : بنو بکر بن کلاب کی ایک بستی مَضجع میں ریتلے اور پتھریلے ٹیلے۔

عَسَّان : حلب کی ایک نواحی بستی۔

عَسْجَل : حرّۂ بنو سُلَیم میں ایک موضع۔

عَسْعَس : صحرائے عرب میں ایک موضع۔
❊ ضَرِیَّہ سے ایک فرسخ دُور بنو عامر کا ایک پہاڑ۔
❊ بنو جعفر بن کلاب کا ایک پانی۔ یا
❊ بلادِ بنو جعفر میں بنو زُبیر کا ایک پہاڑ۔ جس کے دامن میں ایک پانی کا نام القاصفہ تھا۔

عُسْفَان : جُحفہ اور مکّہ کے مابین ایک چشمہ۔ یا
❊ مکّہ اور مدینہ کے درمیان مکّہ سے چھتیس میل شمال میں ایک قصبہ۔ جو تہامہ کی حد بھی ہے۔ جُحفہ مکّہ سے تین منزل شمال میں ہے اور عُسفان دو منزل۔

عَسْقَلَان : غزہ کے شمال میں فلسطین کا ایک ساحلی شہر۔ نیز
❊ بلخ کی ایک بستی۔

عَسْکَرِ اَبِی جَعْفَر : ابتداء میں

بغداد کا نام۔

عَسکرِ رَملہ : رملہ کا ایک محلہ۔

عَسکرِ سَامَرّا : سامرّا کا ایک محلہ۔

عَسکرُ القَریَتَین : نباج کے قریب ایک قلعہ۔

عَسکرِ مِصر : مصر میں ایک لشکرگاہ۔

عَسکرِ مُکرَم : خُوزستان کا ایک شہر۔

عَسکرُ المَہدِی : شرقی بغداد کا ایک محلہ۔

عَسکرِ نیشَاپُور : نیشاپور کا ایک محلہ۔

عِسل : بصرہ میں ایک محل۔

عَسلَہ : یمن کا ایک گاؤں۔

عَسِیب : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔

عَسِیر : مدینہ میں ایک کُوآں۔

عُسَیلَہ : سمیرا سے مشرق کی طرف جبلِ قنان میں ایک پانی۔

عُش : نواحِ مدینہ میں سوادِ عقیق کی ایک وادی۔

عُشّان : سوادِ صعدہ میں یمن کا ایک شہر۔

عَشتَرا : سوادِ دمشق میں حَوران کا ایک موضع۔

عُشَر : ہُذَیل کی ایک وادی۔

عَشَر : مشرقی اندلس میں ایک قلعہ۔

عَشَم : مکہ و مدینہ کے درمیان یا مکہ میں ایک بستی۔ یا مقام۔

عَشَہ : یمن میں ایک قبائلی بستی۔

عَشہَاز : نجد میں حضرموت کے قریب ایک موضع۔

عُشَیرَہ : ینبع کی طرف مکہ اور مدینہ کے مابین ایک موضع۔ یا

٭ ینبع اور ذوالمروة کے مابین ایک قلعہ۔ یا

٭ بصرہ اور نباج کے درمیان مسقط الرّمل کے بعد ایک منزل۔ یا

٭ دیارِ بنو مُدلج میں ایک موضع۔

عَصَا : رُخَیمہ اور بنیث کے درمیان لبِ فرات ایک مقام۔

عِصَاز : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

عِصَر : مدینہ و خیبر کے درمیان ایک پہاڑ۔

عَصفَان : یمن کا ایک گاؤں۔

عَصلَاوَان : دو گھاٹیاں جو جبلِ ذات العرق تک چلی جاتی ہیں۔ (دیکھیے۔ عِرق)۔

عُصَم : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔

عُصَیب : بلادِ مُزَینہ میں ایک موضع۔

عَضَدِیَہ : مغربی نجد میں ایک کُوآں۔

عَضُدَان : سوادِ صنعاء کا ایک قلعہ۔

عَضَل : صحرائے عرب میں ایک وادی۔

عَضیَا شَجَر : اثواز اور مرج القلعہ کے مابین ایک موضع۔

عَضَالَہ : دیارِ بنی سعد میں دو پہاڑ۔ یا

٭ بنو تمیم کا ایک پہاڑ۔ یا

٭ یمامہ و بحرین کے مابین ایک پہاڑی۔ یا

٭ بحرین میں ایک پہاڑ۔ یا

٭ یمن میں ایک قلعہ۔

عَطَش : بغداد میں ایک بازار۔

عَطَف : نجد میں ایک موضع۔

عَطَاءَد : نجد میں بنو کعب بن ابی بکر کا یا بنو قیس بن جزء اور بنو مالک بن اخزم کا مشترک پانی۔

عَظَامَہ : شام میں ایک مقام۔

عُظْمٌ : خیبر کا ایک سرسبز خطہ۔

عُظَیْمٌ : ارضِ بنو ضباب اور رمث (نجد) میں ایک ایک پانی۔

عَفَارٌ : مکہ و طائف کے درمیان ایک موضع۔

عُفَافَۃ : یمامہ میں بنو نمیر کا ایک پانی۔

عُفْرٌ : مکہ کے پاس ایک مقام۔ یا

٭ ارضِ قیس میں ایک بستی۔ یا موضع۔

عِفْرَا : فلسطین میں ایک پانی۔

عَفْرَاء : قدس کے قریب ایک قلعہ۔

عَفْرَابَلَا : طبریہ کے قریب ایک شہر۔

عِفْرِیْن : سوادِ مصیصہ میں جنوبی ترکی کا ایک دریا۔ جو حلب کی طرف بہتا ہے۔

عَقْلَان : نجد میں ابو بکر بن کلاب کا ایک پہاڑ۔

عَقْلَانَۃ : نجد میں عَقْلَان کے قریب ایک پانی۔

عُقَیْصَا : کوہِ طخفہ کے غربی دامن میں ایک پانی۔

عُقَاب : سوادِ دمشق میں حمص کی جانب ایک پہاڑی درہ۔

عُقَار : بلادِ بہرہ (یمن) کے قریب ایک ساحلی بستی۔

عَقَار : دہناء کے قریب ایک ریتلا خطہ۔ یا

٭ دیارِ باہلہ (یمامہ) میں ایک موضع۔ یا

٭ بلادِ ضبہ میں ایک خطہ۔ نیز

٭ یمن میں ایک قلعہ۔ اور

٭ بنو قشیر کا ایک پانی۔

عَقَبَۃ : واقصہ اور قاع کے مابین ایک منزل۔ نیز

٭ بکر بن وائل کی ایک شاخ بنو عکرمہ کا ایک پانی۔

٭ ترکی میں حدث کے قریب ایک گھاٹی۔

٭ عراق میں نہرِ عیسیٰ کے قریب ایک آبادی۔

٭ فارس میں ایک موضع جو عقبۃ الطین کہلاتا ہے۔

٭ نہاوند کے پاس ایک گھاٹی جو عقبۃ الرکاب کہلاتی ہے۔

٭ ایک اور گھاٹی مصیصہ اور اذنہ کی راہ پر عقبۃ النساء کے نام سے مشہور ہے۔

٭ مکہ سے دو میل منیٰ کی طرف وہ مشہور گھاٹی جہاں ہجرت سے پہلے مدینہ کے کئی افراد نے حضورؐ کے ہاتھ پہ اسلام قبول کیا تھا۔ گیارھویں سال نبوت میں مدینہ کے چھ آدمی اسلام لائے تھے۔ بارھویں سال میں بارہ اور تیرھویں برس میں ستر۔

عُقَد : بصرہ اور ضریہ کے درمیان ایک موضع۔

عُقْدَۃ : نواحِ فارس میں یزد کے قریب اور ساوہ کے پاس کئی سبز و شاداب خطے۔

عَقَر : دو چیزوں کی درمیانی خالی جگہ عقر کہلاتی ہے۔ اور ایسے کئی مقامات ہیں جو عقر کہلاتے ہیں۔ مثلاً :-

٭ کربلا کے قریب عقر بابل۔

٭ تکریت و موصل کے درمیان ایک گاؤں۔

٭ بغداد و دسکرہ کی راہ پر ایک بستی۔

٭ بلادِ قیس (نجد) میں ایک خطہ۔ اور

٭ واسط و بصرہ کے درمیان ایک آبادی
جو عقر السدن کہلاتی ہے۔

عَقَرْ : رَملہ کی ایک نواحی بستی۔

عَقْرَبَاء : یمامہ میں نباج کی راہ پر قرقری کے پاس ایک منزل۔

عَقْرَبَۃ : حُزَیمیہ کے مشرق میں حاجیوں کی راہ پر چند ریتلے خطّے۔ یا
٭ بنو اَسد کا ایک پانی۔

عَقَرْقَش : بلادِ رُوم کی ایک وادی۔

عَقَرْ قَوْف : بغداد سے چار فرسخ مشرق میں ایک گاؤں۔

عَقَرَمَا : یمن میں ایک موضع۔

عُقفَان : حجاز کا ایک مقام۔

عَقَل : تہامہ میں ایک قلعہ۔

عَقَنَۃ : سوادِ ارّان (ارمینیہ) میں جَنزَہ کے پاس ایک قلعہ۔

عُقَیر : ہَجَر کے سامنے ساحل پہ ایک گاؤں۔
٭ یمامہ میں بنو عامر بن حنیفہ اور بنو ذُہل کا ایک ایک نخلستان۔

عُقَیْرَۃ : اُثَر سے کچھ دُور ایک گاؤں۔ اور ہجر سے ایک رات کی مسافت پہ ایک شہر۔

عَقِیق : ایک ایسی وادی یا زمین جہاں سیلاب کی وجہ سے پانی کی کئی گذرگاہیں بن گئی ہوں۔ عرب میں ایسی کئی وادیاں تھیں مثلاً :-

٭ عقیقِ یمامہ : جو بہت وسیع اور سبز تھی۔

٭ عقیقِ مدینہ : جو چشموں اور درختوں کی وجہ سے مشہور تھی۔ یہ مدینہ سے ۴½ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس وادی کا ایک لمبا چوڑا کھیت حضورؐ نے حضرت بلالؓ کو دے دیا تھا۔ چونکہ وہ سارے کھیت کو آباد نہیں کر سکتے تھے۔ اس لیے حضرت عمرؓ نے اپنے دورِ خلافت میں اُن سے فالتو کھیت لے کر بے زمین کاشت کاروں کو دے دیا تھا۔
اس وادی کے کئی حصّے تھے :-
ایک عقیقِ اصغر۔ مدینہ کے قریب جو عقیقِ مدینہ کہلاتا تھا۔ اس میں ایک کنوآں چاہِ رُومہ کے نام سے مشہور تھا۔
دُوسرا عقیقِ اکبر۔ جس میں چاہِ عُروہ تھا۔
سوم اِن سے بڑا حصّہ۔ جو بلادِ مُزینہ میں شامل تھا۔

٭ وادیٔ ذُوالحلیفہ
٭ بلادِ عُقَیل
٭ سوادِ سواکُن (ساحلِ قلزم)
٭ ارضِ بنو جَرم
٭ بصرہ
٭ تہامہ
٭ تبالہ اور
٭ ارضِ بنو کلاب میں بھی ایک ایک عقیق تھی۔

عُقَیْل : سوادِ دمشق میں حَوران کی ایک بستی۔

عَکّ : یمن میں ایک مقام۔

عُکَاد : زَبید کے قریب ایک پہاڑ۔

عُکَاش : بنو نُمیر کا ایک پانی۔

عُکَاظ : لفظی معنی :- فخر کرنا اور حسب و نسب پہ اترانا۔ جاہلیّت میں عربوں کا یہ دستور تھا کہ وہ ہر سال ایک نخلستان میں۔

جو طائف سے اندازاً ۱۵ - میل اور مکہ سے تین دن کی مسافت پر واقع تھا۔ جمع ہو کر فخریہ قصائد پڑھتے تھے۔ اور جو قصیدہ بہترین قرار دیا جاتا تھا اُسے دیوارِ کعبہ پہ لٹکا دیتے تھے۔ یہ مقام سُوقِ عُکاظ کہلاتا تھا۔

عُکْبَرَا : اوانا کے قریب بغداد سے دس فرسخ مشرق میں ایک شہر۔

عِکْرِشَۃ : یمامہ میں بنو عدی بن مناۃ کا ایک پانی۔

عُکْلِیَّۃ : بنو ابی بکر بن کلاب (نجد) کا ایک پانی۔

عُکْوَتَان : زبید کے قریب دو پہاڑ۔

عَکَّۃ : شمالی فلسطین کا ایک ساحلی شہر۔

عُلَا : وادی القُریٰ کا ایک مقام۔ جہاں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے تبوک جاتے ہوئے قیام فرمایا تھا۔ نیز
* بنو کلاب اور غطفان کا ایک ایک موضع۔

عَلَاۃ : مدینہ میں ایک ٹیلہ۔
* بخارا میں ایک محلّہ۔

عَلَاۃ : بنو جُشم بن زید مناۃ کا ایک پہاڑ۔
* یمامہ میں بنو ہزّان کا ایک موضع۔
* سوادِ حلب میں ایک مقام۔
* سوادِ معرّۃ النعمان میں ایک علاقہ۔ جو حلب اور حماۃ کے درمیان واقع تھا۔

عَلَاتَان : سوادِ حمص میں ایک علاقہ۔

عَلَاقَمَۃ : حوفِ شرقی (مصر) میں بلبیس کے قریب ایک قصبہ۔

عَلَاقِی : بلادِ بجہ (جنوبی مصر) میں ایک قلعہ۔

عِلْاَن : سوادِ صنعاء میں ایک بستی۔

عَلَانَۃ : نواحِ ذمار (یمن) میں ایک قلعہ یا ایک بستی۔

عِلْب : یمامہ کی شمالی مشرقی سرحد۔

عَلْث : سامرّا اور عُکبرا کے درمیان لبِ دجلہ ایک گاؤں۔

عُلْطَۃ : یمامہ میں ایک دَرّہ۔

عَلْعَال : شام میں غَوْر (دمشق کے پاس ایک پست زمین) اور سراۃ کے مابین ایک پہاڑ۔

عَلْق : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

عَلْقَمَۃ : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔

عَلَلَان : حِمیٰ میں ایک پانی۔

عَلَم : حاجر کے مشرق میں ایک پہاڑ، جو اِبان کے نام سے مشہور تھا۔ نیز
* دُوْمَۃ سے ایک یوم کی مسافت پر اور رُحَی سے چار یوم کے سفر پر دو دو پہاڑ۔ نیز
* تیمار سے دو یوم کی مسافت پر ایک ریگستان۔

عَلَمَان : یمن میں ذِمار کی ایک بستی۔

عَلَق : دیارِ تیم میں ایک وادی۔

عَلْوَس : سوادِ اَرزَن (ارمینیہ) میں ایک مقام۔

عَلْی : جبالِ ہُذیل میں ایک موضع۔

عَلِی آباد : ایران اور خصوصاً سوابور نے میں کئی بستیاں۔

عُلَیب : تہامہ میں ایک موضع۔

عُلَیث : کوفہ و بصرہ کے درمیان ایک مقام۔

عِلْیَبَۃ : بلادِ بنو اسد میں جبلِ عبد کے قریب ایک پانی۔

عُلَیَّة : یمامہ میں دو پہاڑ ۔
عِمْ : حلب اور انطاکیہ کے درمیان ایک گاؤں ۔
عَمَّا : عُسامعہ کے جنگل میں بالس اور حلب کے درمیان ایک قطعۂ زمین ۔
عُمَا : یمن میں خولان کا ایک صنم ۔
عِمَاد : لغوی معنی :۔ ستون ۔ مراد قومِ عاد جو ستونوں والے گھر بناتی تھی (ذات العماد) ۔ نیز مکہ کے قریب دیارِ سُلیم میں ایک مقام غَوْرُ الْعِمَاد کہلاتا ہے۔ اور
٭ عِماد الشَّبا مصر میں ہے ۔
عِمَادِیَہ : موصل کے شمال میں ایک قلعہ ۔
عِمَارَة : سلیلہ (جبلِ قطن) میں ایک پانی۔
عَمَّارِیَة : یمامہ میں ایک بستی ۔
عَمَاکِز : یمن کا ایک گاؤں۔
عُمَان : عرب کے جنوب مشرقی کونے میں بحرِ فارس کے مغربی ساحل پر ایک علاقہ ۔
عَمَّان : اُرْدُنْ کا پایۂ تخت۔
عَمَایَة : نجد یا بحرین میں ایک پہاڑ۔
عَمَایَتَان : نجد میں دو پہاڑ، جن پر:۔
٭ قُشَیْر
٭ عَجْلَان
٭ بَاهِلَة
٭ نُهْم اور
٭ حَرِیش قابض تھے۔
عَمْتَا : اُردن میں ایک گاؤں جہاں حضرت ابُو عُبَیدہ بن جرّاح مدفون ہیں۔
عَمَر (عَمْق) : سراۃ یا بلادِ ہُذیل میں ایک پہاڑ۔
عُمَرَان : بلادِ مُراد (یمن) میں ایک موضع ۔

عُمَرَابْنِیَّة : موصل کے مشرق میں ایک گاؤں۔
عُمْرُ الْحَبِیْس : بغداد کا ایک نواحی کلیسا۔
عُمْرُ الزَّعْفَرَان : سوادِ جزیرہ کا ایک گرجا۔
عُمْرُ کَسْکَر : واسط میں ایک گرجا۔
عُمَرِیَّة : بغداد کا ایک محلہ۔
عَمْرِیَة : نجد میں بنو عمرو بن قُعَین کا ایک پانی ۔
عَمْق : طائف کی ایک وادی ۔ جس میں حضورؐ نے محاصرۂ طائف کے دوران قیام فرمایا تھا۔ نیز
٭ مدینہ کے قریب بلادِ مُزینہ میں ایک موضع ۔
٭ وادیٔ فُرع (نواحِ مدینہ) میں ایک چشمہ یا ندی۔ اور
٭ سوادِ حلب میں ایک علاقہ ۔
عُمَق : معدنِ بنو سُلیم اور ذاتِ عرق کے درمیان ایک پہاڑ۔
عِمْقَا : بلادِ ہُذیل میں ایک وادی۔
عَمْقَة : بنو نُمیر کا ایک پانی ۔
عَمْقِیَان : کوہِ حِمافہ (یمن) میں ایک قلعہ۔
عَمَوَاس : فلسطین میں قُدس کے قریب ایک علاقہ۔
عَمُود : لغوی معنی :۔ ستون ۔ مراد اونچا پہاڑ ۔ عرب میں ایسے کئی پہاڑ ہیں ۔۔ جو عمود کہلاتے ہیں ۔ مثلاً :۔
٭ افاعیہ و اُفیعیہ کے قریب عمود البان ۔
٭ حفیرہ کے پاس عمودِ حفیرہ۔
٭ ارضِ غنی میں عمودِ غریفہ ۔
٭ بلادِ بنو جعفر میں عمودِ بلال ۔

٭ بنو محارب کے ایک پانی کا نام عمود
محدَث ہے۔ اور
٭ بنو جعفر کا ایک پانی عمود کرد کہلاتا ہے۔
عَمُّورِیَۃ : بلادِ روم کا ایک شہر۔
عُمَیَانِس : بنو خولان (یمن) کا ایک صنم
عُمَیْز : مکّہ کے قریب ایک موضع۔
عَمِیْش : مدینہ اور بدر کے درمیان
ایک وادی۔
عَن : مکّہ اور بصرہ کی راہ پر مران کے
قریب ایک پہاڑ۔
عُنَاب : ارضِ تمیم میں۔ یا
٭ مدینہ اور فَیْد کے درمیان یا
٭ کعب بن عَبْدَوَیہ کا ایک پہاڑ۔
عُنَابَۃ : قَباب (نجد) سے تین میل سمیراء
کی طرف ایک پہاڑ۔ اور
٭ رُوَیثَہ کے قریب ایک پہاڑ۔
عَنَاذَان : قنّسرین (شام) کی ایک
نواحی بستی۔
عَنَاق : ارضِ غنی میں ایک وادی۔
عَنَاقَۃ : بنو غنی کا ایک پانی۔
عِنَان : دیارِ بنو عامر میں ایک وادی۔
جس کا حصّۂ بلند بنو جعدہ کی ملکیت ہے۔
اور نشیبی حصّہ بنو قشیر کی۔
عُنَبْث : یمن کی ایک وادی۔
عَنْبَرَۃ : زَبید کے قریب ایک ساحلی شہر۔
عِنَبَۃ : مدینہ کے قریب بدر کی راہ
پر ایک کنواں۔
عَنْدَل : حضرموت کا ایک شہر۔
عَنْز : یمامہ اور ضریّہ کے مابین نجد
کا ایک مقام۔
عُنْش : یمن کا ایک گاؤں۔
عُنْصُل : بصرہ و یمامہ کا وہ راستہ جو دُہناء کو
چیر کر گزرتا ہے۔
عُنْقَاء : بحرین میں ایک مقام۔
عُنَک : بحرین کا ایک قریہ۔
عُنَکَب : دیارِ طے میں بنو فریر
کا ایک چشمہ۔
عُنَّۃ : یمن کا ایک گاؤں۔
عُنَیزَۃ : بصرہ و مکّہ کے درمیان
ایک مقام۔
٭ بطنِ رُمّہ کے قریب ایک موضع۔
٭ یمامہ میں ایک وادی۔ اور
٭ بحرین میں ایک گاؤں۔
عُنَیْق : کوفہ اور مکّہ کی راہ پر حاجر کے
قریب ایک پانی۔
عَوَاذِر : جَنَد (یمن) کے مشرق میں ایک شہر۔
عَوَادِن : یمن کا ایک قلعہ۔
عُوَارِض : بلادِ طے میں ایک پہاڑ۔
عُوَارَۃ : بنو فزارہ کی ایک شاخ بنو شکین
کا ایک پانی۔
عَوَاصِم : حلب اور انطاکیہ کے
مابین چند قلعے۔
عَوَاقِر : نجد میں چند مواضع۔
عُوَال : حجاز میں بنو عُوَال کا ایک خطہ۔
جس میں کنوئیں بھی ہیں۔ یا
٭ مدینہ سے ایک شب و روز کے فاصلے
پر ایک پہاڑ۔ نیز
٭ یمن میں ایک علاقہ۔

عَوَالِصْ : بلادِ طے میں بنو ثعلبہ کے چند پہاڑ۔
عَوَالِی : مدینہ سے تین۔ چار میل کے فاصلے پر ایک کھیت۔
عَوَالِیَۃ : عَدَنَۃ (نجد) میں بنو اسد کا ایک موضع۔
عَوَانَۃ : عَزِمَہ (عمان کے قریب) کے قریب دو چشمے۔
عَوَائِق : سراۃ میں ایک پہاڑ۔
عُوْج : یمن میں دو پہاڑ۔
عَوْجَاء : ارضِ طے میں ایک پہاڑ۔
* رَملہ وارسوف کے درمیان ایک دریا۔
* بطنِ تُربہ میں بنو صمُوت کا ایک پانی۔
عَوْجَان : حلب کے ایک ندیا "قُوَیق" کا ایک نام۔
عَوْرَاء : دجلہ — جب بصرے کے پاس سے گزرے۔
عَوْرْتَا : نابلس کے قریب ایک قصبہ جس میں حضرت عُزَیر اور یُوشع علیہما السلام دفن ہیں۔
عُوْش : شام میں ایک موضع۔
عَوْسَاء : مدینہ میں ایک موضع۔
عَوْسَج : یمامہ میں ایک موضع۔
عَوْسَجَۃ : ارضِ باہلہ میں چاندی کی ایک کان۔
عَوْف : نجد میں ایک پہاڑ۔
عُوْق : یمن اور بصرہ میں ایک ایک مقام۔
عَوْق : نجد اور خیبر کے درمیان بنو غطفان کا ایک خطہ۔
عَوْقَبَان : دیارِ بکر بن کلاب (نجد) کا ایک موضع۔
عَوَقَۃ : بصرہ کا ایک محلّہ۔
عَوَقَۃ : یمامہ کا ایک گاؤں۔
عَوَیْنِد : مَدیَن کے قریب ایک مقام۔
عُوَیْز : خلیج فارس میں عُمان اور بصرہ کے درمیان ایک پہاڑ۔
عَوِیْر : شام کا ایک گاؤں۔ یا
* حلب کے قریب ایک چشمہ۔
عُوَیْص : مکہ و مدینہ کے مابین ایک وادی۔
عُوَیْنِد : بنو نُمیر کا ایک پانی۔
عِیَاز : دیارِ اوس بن حجر میں ایک پہاڑی۔
عَیَّان : یمن کا ایک شہر۔
عَیَّانَۃ : یمن میں ایک قلعہ۔
عَیْبَان : یمن میں ایک پہاڑ۔
عَیْبَۃ : بنو سعد بن زید مناۃ بن تمیم بن مُر کی ایک منزل۔
عَیْثَۃ : وادیٔ شُرَیف میں ایک موضع۔
* جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک قصبہ۔
* شام میں ایک علاقہ۔ اور
* یمن میں ایک موضع۔
عَیْجَاء : سوادِ حَوران (شام) میں جاسم کے پاس ایک گاؤں۔
عَیْذَاب : ساحل قلزم پہ ایک شہر۔
عِیْذُو : حلب کے قریب ایک قلعہ۔
عَیْر : حجاز میں مدینہ کے قریب ایک پہاڑ یا وادی۔
عَیْرَۃ : مکہ کے قریب ایک موضع۔
عَیْزَارَۃ : رَقّہ (شام) سے چھ میل دُور ایک گاؤں۔

عِیسَیٰ آبَاذ : شرقی بغداد کا ایک محلہ۔
عَیسَطَان : نجد میں ایک موضع۔
عَیشَان : بخارا کا ایک گاؤں۔
عِیص : بلادِ بنی سُلیم کا ایک موضع۔
عِیصَان : بنو نُمیر کی ایک معدن یا
٭ یمامہ میں حجر سے پانچ یوم کی مسافت پر ایک علاقہ۔

عِین : حجاز میں ایک موضع۔
عَین : جبل لکام کے مغرب میں مرعش کے قریب ایک بستی۔
٭ یمن میں ایک گاؤں۔ اور
٭ ارضِ ہُذیل میں ایک موضع۔
عَینَا ثَبِیر : مکہ کے ایک پہاڑ "ثبیر" کے دامن میں دو چشمے۔
عَینَان : جبالِ اُحد میں ایک پہاڑی۔ یا وادی۔ نیز
٭ بحرین میں ایک پانی۔ یا
٭ یمن میں غُمدان کے قریب ایک پہاڑ۔
عَینَب : یمن اور عُمان کے درمیان بلادِ شِحر میں ایک خِطہ۔
٭ شاید حجاز میں بھی ایک موضع۔
عَینِ اُبَاغ : انبار کی طرف فرات و شام کے درمیان ایک وادی۔
عَینِ اَبِی نَیزَر : مدینہ کے قریب ایک زرعی زمین جو حضرت علیؓ نے مساکینِ مدینہ کے لیے وقف فرما دی تھی۔ اس میں ایک چشمہ بھی تھا۔
عَینِ اُنَا : ساحلِ عقبہ پر مدین اور ضلا کے درمیان ایک وادی یا بستی۔

عَینُ البَقَر : عَکّہ (فلسطین) کے قریب ایک چشمہ۔
عَینِ تَاب : حلب اور انطاکیہ کے درمیان ایک قلعہ۔ نیز گاؤں۔

عَینُ التَّمرِ : عراق میں انبار کے قریب ایک شہر۔
عَینِ ثَرمَا : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔
عَینِ جَارَة : حلب کے قریب ایک جاگیر۔
عَینُ الجَالُوت : نابلس کے قریب ایک قصبہ۔
عَینُ الجَرّ : بعلبک اور دمشق کے درمیان ایک مقام جہاں سے بروایتے حضرت نوحؑ کشتی میں سوار ہوئے تھے۔
عَینِ جَمَل : نجف کے قریب ایک چشمہ۔
عَینِ زَربَیٰ : طرسوس (ترکی) کے قریب ایک قصبہ۔
عَینِ سَلوَان : بیت المقدس کا ایک محلہ۔
عَینُ السَّلُوز : انطاکیہ کے قریب، ایک جبل۔
عَینِ سَیلَم : حلب کے قریب ایک چشمہ۔
عَینِ شَمس : فرعونِ موسیٰ کا شہر۔ جو فسطاط سے تین فرسخ دور تھا۔ اسی شہر میں زلیخا رہتی تھی، اور یہیں حضرت یوسفؑ کی قمیص پھٹی تھی۔ نیز
٭ عُذَیب و قادسیہ کے درمیان ایک پانی۔

عَیْنِ صَیْدٌ : کوفہ کے قریب ایک جھیل۔

عَیْنِ طَبِیْ : کوفہ اور شام کے درمیان ایک جگہ۔

عَیْنِ مُحَلِّمْ : بحرین میں ایک دریا۔

عَیْنِ مُکْرَمْ : بنو جمّاء کا ایک گاؤں۔

عَیْنُ الْوَرْدَۃ : جزیرۂ ابن عمر کا ایک شہر۔

عَیْنُوْنْ : عَیْنِ اُنا کا ایک نام اور بیت المقدس کا ایک گاؤں۔

عَیْنَیْن : اُحُد کے پاس ایک پہاڑ۔

عُیُوْنْ : واسط اور مکّہ کی راہ پر تین چشمے :-
یعنی :- ٭ صِمَاخ
٭ ادم اور
٭ مشرّجہ
٭ اندلس کا ایک شہر۔ اور
٭ بحرین میں ایک موضع۔

عَیْھَمْ : تہامہ میں ایک موضع۔

غ

غَابْ : یمن کا ایک موضع۔

غَابِرْ : صَنعاء کا ایک قلعہ۔

غَابَہْ : مدینہ کے شمال میں ایک موضع۔ نیز
٭ بحرین کا ایک گاؤں۔

غَارْ : غارِ حرا اور غارِ ثور کے علاوہ :-
٭ کوہِ بوقبیس میں غارالکَنْز اور
٭ یمامہ میں غارالمَعَرَّہ بھی تھی۔ اور
٭ سوارقیہ میں ذات الغار ایک کوئیں کا نام تھا۔

غَاضِرِیَّہْ : کربلاء کے قریب ایک گاؤں۔

غَافْ : عُمان میں ایک جگہ۔

غَالِبْ : حجاز میں ایک موضع۔

غَامِرِیَّہْ : حِلّۂ مَزْیَدْ کے قریب ارضِ بابل میں ایک گاؤں۔

غَامِیَہْ : حِمص کا ایک قریہ۔

غَانْ : یمن کی ایک وادی۔

غَانْفَرْ : سمرقند کا ایک محلّہ۔

غَانِمْ آبَاذْ : نہاوند کی طرف پہاڑوں میں ایک قلعہ۔

غَانَہْ : جنوبی مراکش کا ایک شہر۔

غَاوَہْ : شام کا ایک گاؤں یا پہاڑ۔

غَائِطِ بَنِیْ یَزِیْدْ : یمامہ میں ایک نخلستان۔

غَبَاءْ : شام میں ایک موضع۔

غُبَارَۃْ : بطنِ رُمّہ میں بنو عبس کا ایک پانی۔

غُبَارِیْ : بنو سنبس کا ایک موضع۔

غَبَبْ (ذُوْغَبَبْ) : یمن کا ایک موضع۔

غُبَرْ : بطیحہ میں ایک موضع۔ اور
٭ تبوک کے قریب ایک وادی۔

غَبَرْ : جبالِ طَے کے قریب ایک مقام۔

غَبْرَاءْ : یمامہ کی ایک بستی۔

غَبْغَبْ : طائف میں لات و عُزّےٰ کی قربان گاہ۔ یا
٭ مناۃ (ایک بُت) کی جائے نصب۔
٭ غَبْغَب دراصل ایک پتھر تھا۔ جو لات و عُزّےٰ کے سامنے نصب تھا اور وہاں جانور ذبح کیے جاتے تھے۔

غُبَیْبْ : یمامہ میں ایک علاقہ۔

غُبَیْرْ : نجد میں بنو اضبط کی ایک بستی۔ نیز
٭ بنو محارب کا ایک پانی۔

غَبِیْطْ : بنو یربوع کا ایک خطّہ۔ اور
٭ کوفہ اور فَیْد کے درمیان ایک وادی۔

غَثَاث : سوادِ حَوران (شام) میں ایک گاؤں۔
غُثَث : حمیٰ ضریّہ میں ایک پہاڑ۔
غُجدُوَان : بخارا کا ایک قریہ۔
غَدَامِس : مراکش کا ایک شہر۔
غَدَان : سوادِ بخارا میں نَسف کی ایک بستی۔
غَدَاوَد : سمرقند کا ایک محلّہ۔
غُدَر : یمن کی ایک بستی۔
غَدَر : انبار کے پاس ایک بستی۔
غُدَش فَرَد : بخارا کی ایک نواحی بستی۔
غَدَیر : دیارِ مُضَر میں ایک وادی۔
غَدِیر : لغوی معنی :۔ تالاب۔ جوہڑ۔ جھیل۔
عرب میں ایسے کئی تالاب تھے۔ مثلاً :
٭ دیارِ جذیمہ میں غَدِیرُ الصُّلَب۔
٭ عُسفان کے قریب غَدِیرُ الاَشطَاط نیز
غَدِیرِ خُمّ۔
آخر الذکر مکّہ و مدینہ کے درمیان جُحفہ کے
قریب تھا۔ یہیں حضورؐ نے وہ مشہور حدیث
ارشاد فرمائی تھی :۔
مَن کُنتُ مَولَاہُ فَعَلِیٌّ مَولَاہُ۔
٭ مراکش میں غَدِیر نام کی ایک بستی
بھی تھی۔ نیز
٭ جعفر بن کلاب (نجد) کا ایک پانی۔
غَذقَدُونَہ : جنوبی ترکی کا سرحدی علاقہ
جس کا ایک شہر طرسوس ہے۔
غَذَمَہ : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔
غَذَوَان : بصرہ و مدینہ کے درمیان ایک چشمہ۔
غَرّ : نجد میں بنو عُقَیل کا ایک پانی۔
غَرَّاء : دیارِ بنو اَسد (نجد) میں ایک موضع۔
غُرَاب : دِمشق میں ایک مقام۔ نیز مدینہ
کے قریب ایک پہاڑ۔
غُرَابَات : یمامہ میں ایک موضع۔
غُرَابَہ : یمامہ میں کالے رنگ کے پہاڑ۔
غُرَاز : تہامہ میں ایک پہاڑ۔
غَرَّاف : واسط کے جنوب میں ایک دریا۔
غُرَان : تہامہ کا ایک موضع۔
٭ حجاز کی ایک وادی۔
٭ شام و مدینہ کے درمیان ایک پہاڑ۔
٭ ارضِ بنو سُلیم میں دو ندیاں۔ اور
٭ حُدَیبیہ کے مشرق میں ایک وادی۔
غُرَّب : دیارِ کلب (شمالی عرب) کا ایک پہاڑ۔
نیز نُمیر کا ایک پانی۔
غُرَّبَہ : جبلِ غُرَّب کے قریب ایک چشمہ۔
غَرَبَہ : بغداد کا ایک دروازہ۔
غَرَد : سامرا میں متوکّل کا ایک محل۔
غَرِد : ضریّہ اور ربذہ کے مابین بنو محارب اور
فزارہ کا ایک پہاڑ۔
غَرِدیَان : ماوراءُ النہر میں کَش کی ایک بستی۔
غَرَس : فَدَک کے قریب ایک وادی۔ اور
مدینہ میں ایک کنواں۔
غَرسَہ : موصل اور نُصَیبین کے درمیان
ایک گاؤں۔
غَرش : غزنی۔ کابل۔ ہرات اور بلخ
کا درمیانی علاقہ۔
غَرشِستَان : ہرات اور مَرو کے
مابین ایک علاقہ۔
غَرَفَہ : یمن میں ایک محل یا صَعدہ اور جُرَش
کے درمیان ایک موضع۔
غَرِق : یمن میں ایک موضع۔

غَزَق : مَرْو کی ایک بستی۔
غُرَق : یمن میں ہمدان کا ایک شہر۔
غَزْقَۃ : یمامہ کی ایک بستی۔
غَرْنَاطَۃ : جنوبی اَنْدَلُس کا وہ عظیم شہر، جو جنوبی ساحل سے اندازاً اسّی میل دُور ہے۔ اور جو صدیوں اسلامی حکومت کا دارالخلافہ رہا۔
غَرَنُق (غُرْنُوق) : معدنِ بنوسُلَیم اور سوارقیہ کے درمیان آبلی میں ایک پانی۔
غَرْنِیطُوف : تراکیش کا ایک شہر۔
غَرْو : مدینہ کے پاس ایک موضع۔
غَرُوْر : ذِمْخ (نجد) میں ایک پہاڑ یا پانی۔ اور یمامہ میں ایک گھاٹی۔ جس سے نکل کر حضرت خالد بن ولید نے مُسَیلَمَۃ کذاب پر حملہ کیا تھا۔
غَرَّۃ : مدینہ میں عمرو بن عوف کا ایک محلہ۔
غَرَیَ : دیارِ طے میں اجاء کے قریب ایک پانی۔
غِرْیَان : یمن میں ایک قلعہ۔
غَرِیَّان : کوفہ میں حضرت علیؓ کی تربت کے قریب دو کلیسا نما عمارات۔ نیز
* فَیْد سے سولہ میل دُور حاجیوں کی راہ پہ ایک مقام۔
غُرَیْب : دیارِ کلب میں ایک وادی۔
غُرَیْرَاء : حَوْف مصر میں ایک موضع۔
غُرَیْر : ضَرِیَّۃ میں ایک پانی - یا
* بلادِ بکر بن کلاب میں ایک تالاب۔
غَرِیف : بنو نُمَیر کا ایک پہاڑ۔
غَرِیفَۃ : کوہِ غریف کے دامن میں ایک پانی۔
غُرَیق : بنوسُلَیم کی ایک وادی۔

غُرَیَّۃ : سوادِ حَوران میں ایک گاؤں۔
غُرَیَّۃ : جبلہ کے قریب بنوغنی کا ایک پانی۔
غَزَالۃ : جُحْفَۃ اور ہَرْشیٰ کے درمیان ایک وادی۔
غَزَائل : نجد میں ایک پانی۔
غَزَق : فرغانہ یا مَرْوِ شاہجہان کا ایک گاؤں۔
غَزْنَۃ : کابل کے جنوب مغرب میں ایک اہم شہر، جو سلطان محمود اور اس کی اولاد کا دارالحکومت رہا۔
غَزْنِیَان : ماوراءُ النّہر میں کِش (نخشب) کی ایک بستی۔
غَزْنِیز : سوادِ خوارزم کا ایک گاؤں۔
غَزْوَان : وہ پہاڑ جس پر طائف واقع ہے۔ نیز ہرات کا ایک محلہ۔
غَزَّۃ : فلسطین (اسرائیل) کا ایک اہم ساحلی شہر جو صحرائے سینا کے شمال - مشرقی کونے پہ واقع ہے۔ جنوبی ساحل کی طرف سے یہ اسرائیل کا پہلا بڑا شہر ہے۔ حضور صلعم کے دادا ہاشم یہیں دفن ہیں اور امام شافعیؒ یہیں پیدا ہوئے تھے۔ نیز
* افریقیہ میں قیروان سے تین یوم کی مسافت پر ایک قصبہ۔
غُزَیَّۃ : فَید کے پاس ایک موضع۔ اور
* جَبَلہ کے قریب بنوغنی کا ایک پانی۔
غَسَّان : یمن میں بنومازن بن اَزْد کا ایک پانی۔ یا
* جُحْفہ کے قریب مُشَلَّل (پہاڑ) میں ایک تالاب۔ نیز
* جنوبی شام میں ایک چھوٹی سی ریاست۔ جس

بنا قبیلۂ اَزد (یمن) کی ایک شاخ نے ڈالی تھی۔ یہ لوگ یمن کو چھوڑ کر شام میں چلے گئے تھے۔ وہاں عیسائیت قبول کرلی اور قیصرِ رُوم نے ان کے امیر کو ۴۹۰ء میں ایک نیم مختار سی ریاست بنانے کی اجازت دے دی۔ اس کے حکمرانوں میں حارث بن جَبلہ (۵۲۹ء - ۵۶۹ء) اور جَبلہ بن اَیہَم بہت اہم ہیں۔ ثانی الذکر وُہی ہے۔ جو اسلام لانے کے بعد حضرت فاروق اعظمؓ کے ایک فیصلے سے بگڑ کر دوبارہ مُرتد ہوگیا تھا۔ جب شام اسلامی سلطنت کا حصّہ بن گیا۔ تو یہ ریاست ختم ہوگئی۔

غَسَلْ : سیراء کے قریب ایک پہاڑ۔

غَسَلْ : جبالِ طے اور تَیماء کے درمیان ایک پہاڑ۔

غِسَلْ : یمامہ و نباج کے درمیان بنو کُلیب بن یربُوع اور بنو نُمَیر کا ایک موضع۔

غَسُولَہْ : دِمشق کی ایک نواحی بستی۔

غَشْدَانْ : سمرقند کا ایک گاؤں۔

غَشِیذْ : سوادِ بخارا کی ایک بستی۔

غَضَنْ : مدینہ کے قریب ایک وادی جو عقیق کا ایک حصّہ تھی یا حَرّہ بنو سُلَیم کا۔

غَضَا : دیارِ کِلاب میں ایک خطّہ۔ اور
* نجد میں ایک وادی۔

غَضَّا : بنو عامر بن ربیعہ کا ایک پانی۔

غَضَا شَجَرْ : اَبواء اور مرج القلعہ کے مابین ایک موضع۔

غَضَابْ : حجاز میں دیارِ ہُذیل کا ایک علاقہ۔

غَضَاضْ : طَرَقْ سے تین میل دُور ایک پانی۔

غَضْبَانْ : بصرے میں ایک محل۔ نیز
* شام میں ایک پہاڑ۔

غَضُوَرْ : دیارِ طے کے ایک پہاڑ رُمان کے قریب ایک پانی۔ یا
* مدینہ اور بلادِ خزاعہ کے درمیان ایک قصبہ۔

غُضَیّْ : عامر بن ربیعہ کا ایک پانی۔ اور
* بصرے کا ایک پہاڑ۔

غَضْیَانْ : حجاز اور شام کے درمیان ایک موضع۔

غَطَطْ : کوفہ کے قریب ایک گاؤں۔

غُطَیْفْ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔

غَفَارِیَہْ : مشرقی مصر کا ایک شہر۔

غَفَارَتِیْنْ : مصر میں جانب جیزیہ ایک گاؤں۔

غَفْجُمُونْ : مراکش میں ایک قبیلے کی زمین۔

غَلَافِقَہْ : یمن میں زَبید سے پندرہ میل مغرب کی طرف ایک ساحلی شہر۔

غَلَائِلْ : حجاز میں بنو خزاعہ کا ایک گاؤں۔

غُلْزْ : دیارِ غطفان میں ایک موضع۔

غَلَطَانْ : مَرْو سے چار فرسخ دُور ایک بستی۔

غُلْغُلْ : نواحِ بحرین میں ایک پہاڑ۔

غُمَّا : نواحِ بغداد میں عُکبرا اور بردان کے پاس ایک بستی۔

غِمَارْ : نجد میں ایک وادی۔

غُمَارَہْ : بصرہ و بحرین کے مابین ایک کنواں۔
یا تہامہ میں ایک موضع۔

غُمْدَانْ : صنعاء میں بلقیس کا ایک محل۔ جو

حضرت سلیمان کے حکم سے جنّات نے تیار کیا تھا۔
غُمَرْ : نجد میں ایک وادی۔
غَمْرْ : لغوی معنی :- کثیر مقدار میں پانی۔ غمر بنی جذیمہ شام و تیماء کے درمیان۔ غمر طے دیارِ طے میں۔ غمر ذی کندہ یمن میں۔ غمرِ تَوْز یمامہ میں۔ نیز بنو اسد کا ایک پانی اور مکہ میں ایک پُرانا کنواں۔
غَمْرَانْ : بلادِ اسد میں ایک موضع۔
غَمْرَةْ : تہامہ و نجد کے درمیان ایک پانی۔ منزل یا پہاڑ۔
غَمْرِيَّةْ : بنو عَبْس کا ایک پانی۔
غَمُوْصْ : خیبر کا وہ قلعہ جہاں صفیہ بنتِ حُیَیّ اسیر ہو کر بعد میں اُمّ المومنین بن گئی تھیں۔
غُمَيْرْ : ذاتِ عرق (نجد و تہامہ کی سرحد) اور بستان کے درمیان ایک موضع۔ دیارِ بنو کلاب میں ایک مقام۔ اور اجا میں ایک پانی۔
غُمَيْرُ الجُوعْ : سَلمیٰ (طے کا ایک پہاڑ) کی طرف رُمّان کے قریب ایک ٹیلہ۔
غُمَيْسْ : ثعلبیہ سے نو میل پر ایک مقام۔
غَمِيْسْ : مدینہ و بدر کی راہ پر مَلَل کے بعد ایک مقام جہاں سے سفرِ بدر میں حضورؐ بھی گزرے تھے۔
غُمَيْصَاءْ : مکہ کے قریب ایک موضع جہاں بنو جذیمہ بن عامر بن عبد مناۃ بن کنانہ رہتے تھے۔
غَمِيْمْ : مدینہ کے قریب رابغ اور جُحفہ کے درمیان ایک موضع جو حضورؐ نے اوفیٰ بن مُوالۃ العنبری کو اس شرط پہ عطا کیا تھا کہ وہ مسافروں کو کھانا دیں گے۔
غُمَيْمْ : بنو تمیم کی ایک شاخ حنظلہ کی ایک وادی۔
غُمَيِّمْ : بنو سعد کا ایک پانی۔
غَنَاجْ : شاش (سیحون کے مشرق میں) کے پاس ایک قصبہ۔
غِنَاظْ : یمامہ میں ایک موضع۔
غُنَاثِرْ : شام میں حِمص و سلمیہ کے درمیان ایک وادی۔

غَنْدَأبْ : ارضِ فرغانہ (ماوراء النہر) کے ایک شہر مَرْغِینان کا ایک محلہ۔
غُنْدِجَانْ : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔
غُنْدُوَذْ : نواحِ ہرات میں ایک بستی۔
غَوَأرَةْ : طہران کے قریب ایک گاؤں۔
غَوْرْ (غَوْرْ) : لغوی معنی :- پست زمین۔ یہ کئی مواضع کا نام ہے۔ مثلاً :- غورِ تہامہ۔ غورِ اُردن۔ دیارِ سُلیم میں غور العماد اور تمیم کی ایک شاخ بنو عَدَوِیہ کا ایک پانی۔ غورِ ملح۔ نیز ہرات و غزنی کے درمیان ایک ولایت جہاں سے غوری اُبھرے تھے۔
غُوْرَجْ : ہرات کی ایک نواحی بستی۔
غُوْرَشْكْ (غُوْرَجَكْ) : نواحِ سمرقند میں ایک بستی۔
غُوْرَوَأنْ : ہرات کی ایک بستی۔
غُوْرَةْ : ہرات کے قریب ایک گاؤں۔
غَوْرَةْ : سوادِ یمامہ کا ایک موضع۔
غُوْرِيَانْ : مَرْو کی ایک بستی۔
غُوْزَمْ : ہرات کی ایک بستی۔
غُوْشَنَانْ : ایضاً
غَوْشِفَنْجْ : جُرجان سے بیس فرسخ دُور سوادِ خوارزم کا ایک شہر۔
غُوْطَةْ : لغوی معنی :- نرم و ہموار زمین۔ مُراد نواحِ دمشق میں ایک سبز و شاداب علاقہ جس کا دور اٹھارہ میل تھا اور جو ہر طرف سے پہاڑوں میں گھرا ہوا تھا۔ نیز ارضِ طے میں بنو فزارہ کے پہاڑوں کے قریب بنو لام (شاخِ طے) کی ایک بستی۔ بنو عامر بن جُوَین الطائی کا ایک پانی اور بکر بن کلاب کا ایک موضع۔
غَوْلْ : طخفہ میں بنو ضباب کا ایک پانی یا پہاڑ یا جبل انسان میں ایک وادی۔
غَوْلَقَانْ : مَرْو سے پانچ فرسخ کے فاصلے پر ایک گاؤں۔

غُوَيْث : یمن کا ایک شہر۔
غُوَيْر : عراق و شام کے درمیان ارضِ سماوہ میں بنُو کلب کا ایک پانی۔
٭ مکّہ کی راہ پر عقبہ اور قاع کے درمیان ایک تالاب۔
٭ لبِ فرات ایک موضع۔
غَيَانَة : اندلس میں ایک قلعہ۔
غَيَايَة : دیارِ قیس میں یمامہ کے قریب ایک ٹیلہ۔
غَيْدَان : یمن میں ایک موضع۔
غِيْزَان : ہرات کے پاس ایک گاؤں۔
غِيْشْتَا : سوادِ بخارا کا ایک گاؤں۔
غَيْض : کوفہ و شام کے درمیان ایک موضع۔
غَيْطَلَة : ارضِ یمامہ میں ایک موضع۔
غَيْفَة : مصر کے مشرق میں ایک قصبہ۔
غَيْقَة : بنُو ثعلبہ بن سعد کے حرۃُ النار کے پاس ایک موضع۔
٭ مکّہ اور مدینہ کے درمیان بلادِ غفار میں ایک مقام۔
٭ بحرِ حجاز کے ساحل پر ایک میدان جس میں کئی وادیاں ہیں۔ نیز
٭ بنو ثعلبہ کی ایک وادی۔
غَيْل : یمامہ و ملیلہ کے قریب ایک ایک موضع۔
٭ بنو جعدہ کی ایک وادی۔
٭ صنعاء کا ایک دریا۔ اور
٭ یمن میں صعدہ کے پاس ایک قصبہ۔
غَيْنَاء : مکّہ کے ایک پہاڑ ثبیر پر ایک قبّہ نما چٹان۔
غِيْنَة : یمامہ میں ایک موضع۔
غَيْنَة : شام میں ایک موضع۔

ف

فَابَجَان : اصفہان کی ایک بستی۔

فَابَزَان : فابجان ہی کو کہتے ہیں۔

فَاثُور : نجد کی ایک وادی۔

فَاخِرَۃ : بخارا کا ایک نام۔

فَاذَجَان : اصفہان کا ایک گاؤں۔

فَار : ارمینیہ میں ایک شہر۔ اور یمن کا ایک قلعہ جسے ذُو فار کہتے ہیں۔

فَاراب : دریائے سیحون کے مشرق میں ایک علاقہ جو اندازاً دس بارہ میل لمبا ہے۔ حکیم ابونصر محمد بن محمد فارابی کا وطن یہی تھا۔

فَارَان : مکہ کا ایک مشہور پہاڑ۔ نیز
* سوادِ سمرقند کا ایک گاؤں۔ اور
* مصر میں ایک علاقہ۔

فَارِد : نجد کا ایک پہاڑ۔

فَارِزَۃ : بخارا کا ایک محلہ۔

فَارِش (فَارِس) : ایران کا ایک جنوبی صوبہ جس کا مرکزی شہر شیراز ہے۔

فَارِش کِجِین : سوادِ قزوین کا ایک شہر۔

فَارِسکُر : دِمیاط (مصر) کے قریب ایک گاؤں۔

فَارِسیّۃ : سوادِ بغداد میں نہرِ عیسی پہ ایک گاؤں۔

فَارِع : مدینہ میں ایک ٹیلہ۔ نیز
* وادیٔ سَراۃ کا ایک گاؤں۔

فَارِفَان : اصفہان کی ایک بستی۔

فَارِمَذ : طوس کا ایک گاؤں۔

فَارُوث : واسط اور مذار کے درمیان دجلہ کے کنارے ایک قصبہ۔

فَارُوز : نَسا (خراسان) کا ایک گاؤں۔

فَارُوق : اِصطخر (فارس) کی ایک بستی۔

فَارُویۃ : نیشاپور کا ایک محلہ۔

فَارِیاب : سوادِ جوزجان میں بلخ کے قریب خراسان کا ایک شہر۔

فَاشَر : سوادِ مرو کا ایک قصبہ۔ نیز
* طوس کا ایک گاؤں۔

فَاس : مراکش میں مغربی ساحل کے قریب ایک اہم شہر جو آجکل فیض کہلاتا ہے۔

فَاشَان : سوادِ مرو کی ایک بستی۔

فَاشُوق (فَاشُون) : بخارا کا ایک موضع یا گاؤں۔

فَامِنجَۃ : جبالِ ضریّہ میں ایک خطہ۔ اور
* مدینہ میں بنو نضیر کا ایک ٹیلہ۔

فَاضِخ : جبلِ ابو قبیس (مکہ) کے قریب ایک مقام۔ اور
* نجد میں نمیر کی ایک وادی۔

فَاطِمَۃ آبَاذ : ہمدان کی ایک بستی۔

فَاغ : سمرقند کا ایک قریہ۔

فَافَان : ترکی میں لبِ دجلہ ایک موضع۔

فَاقُوس : مصرِ شرقی کا ایک شہر

فَال : فارس کا ایک ساحلی شہر۔

فَالِق : منازل ابوبکر بن کلاب (نجد) میں ایک موضع۔

فَالَہ : ایذج کے قریب خوزستان کا ایک قصبہ۔

فَامِین : بخارا کی ایک بستی۔

فَامِیَۃ : سواحل حمص کا ایک علاقہ۔ نیز
٭ سوادِ واسط کا ایک گاؤں۔

فَاوُ : مصرِ صعید میں نیل کے شرقی کنارے پہ ایک گاؤں۔ اور
٭ دَوُّ کی سمت میں ایک دَرّہ۔

فَاوَۃ : طائف کی ایک قبائلی آبادی۔

فَایَا : حلب اور منبج کے درمیان ایک علاقہ۔

فَایِحَۃ : نواحِ یمامہ میں ایک نرم زمین۔

فَایِد : مکہ کی راہ پر ایک پہاڑ۔

فَایِش : یمن میں ایک وادی۔

فُب : کوفہ میں ایک موضع۔ یا
٭ قبیلۂ ہمدان کی ایک شاخ۔

فِتَاخ : ذبناء میں ایک موضع۔

فُتُق : طائف کی ایک بستی۔

فَتَک : کوہِ اجا (ارضِ طے) میں ایک چشمہ۔

فَج : دیارِ بنی سُلیم میں ایک مقام۔

فَجُ الرَّوحَاء : مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام۔ جہاں سے حضور فتح مکہ کے سفر میں گزرے تھے۔

فَجُ زَیدَان : افریقیہ میں طبنۃ کے قریب ایک قصبہ۔

فَجکَش : سوادِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔

فَحفَح : سوادِ کسکر (عراق) میں ایک علاقہ۔

فَحل : تہامہ میں ہُذیل کا ایک پہاڑ۔

فِحل : شام میں ایک موضع۔

فَحلَان : دیارِ طے میں اجاء کے پاس دو پہاڑ۔

فَحلَین : کوہِ اُحد میں ایک موضع۔

فَحلَتَان : دیارِ بنو جذام میں یا ان کے قریب ایک موضع۔

فَخ : مکہ کی ایک وادی۔

فَخر آبَاد : رَے کا ایک قلعہ جو فخرالدولہ بن رکن الدولہ بُویہی نے بنوایا تھا۔ نیز
٭ سوادِ نیشاپور کی ایک بستی۔

فَدَّان : سوادِ حران (ترکی) کا ایک گاؤں۔ جہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا ہوئے تھے۔

فَدَک : خیبر کے شمال میں ایک بستی۔

تاریخ میں درج ہے کہ جب حضور صلعم خیبر سے فارغ ہو چکے۔ تو آپؐ نے محیصۃؓ بن مسعود کو رئیسِ فدک "یوشع بن نون" کی طرف بھیجا۔ اس نے لڑے بغیر اطاعت کر لی۔ اور فدک کی نصف پیداوار ہر سال بطورِ خراج ادا کرنے کا عہد کر لیا۔ حضورؐ اس پیداوار کو اپنی ازواج، اقارب نیز مسافروں، مسکینوں اور حاجت مندوں پہ خرچ کرتے تھے۔ جب آپ رحلت فرما گئے تو حضرت فاطمہؓ نے اسے حضورؐ کی ذاتی ملکیت سمجھ کر خلیفۂ اول سے اس کا مطالبہ کیا۔ لیکن خلیفہ نے کہا۔ کہ یہ

خیبر وغیرہ کی طرح ریاست کی ملکیت ہے اور میں اس کی پیداوار کو اُسی طرح تقسیم کرتا رہوں گا جس طرح خود حضورؐ کیا کرتے تھے۔ چنانچہ یہ برسوں ریاست کے قبضے میں رہی۔ لیکن امیر معاویہ (۴۰ — ۶۰ھ) نے اسے مروان بن حکم کی جاگیر بنا دیا۔ خلیفہ عمر بن عبدالعزیز (۹۹ — ۱۰۱ھ) نے یہ آلِ مروان سے چھین کر آلِ علی کو لوٹا دی۔ لیکن یزید بن عبدالملک (۱۰۱ — ۱۰۵ھ) نے واپس لے لی۔ منصور عباسی (۱۳۶ — ۱۵۸ھ) نے دوبارہ عطا کر دی۔ لیکن چند روز بعد کسی بات پر بگڑ کر خود ہی چھین لی۔ خلیفہ مہدی (۱۵۸ — ۱۶۹ھ) نے سہ بارہ عنایت کی۔ لیکن ہادی (۱۶۹ — ۱۷۰ھ) نے پھر سے لی۔ اس کے بعد مامون (۱۹۸ — ۲۱۸ھ) نے عاملِ مدینہ کو لکھا کہ فدک آلِ فاطمہؑ کے حوالے کر دو۔ اُس نے تعمیل کی۔ لیکن متوکل (۲۳۲ — ۲۴۷ھ) نے اسے پھر ریاست کی ملکیت بنا دیا۔

فَدَیْن : نہرِ خابور (عراق) کے کنارے ایک گاؤں۔

فَدَّیْن : حَوران (شام) کے قریب ایک قصبہ۔

فَذَایَا : دِمشق کی ایک بستی۔

فَذْیَانَکَث : تُرکستان میں ہیشطل کے پاس ایک گاؤں۔

فُرَّاء : غابہ (چراگاہِ مدینہ) کے پاس ایک پہاڑ۔

فَرَاب : سمرقند سے آٹھ فرسخ دور ایک گاؤں۔

فَرَّاب : سوادِ اصفہان کی ایک آبادی۔

فُرَات : عراق کا ایک دریا۔ جو ارضِ رُوم سے نکل کر بصرہ کے قریب خلیج ایران میں جا گرتا ہے۔ کُوفہ۔ کربلا۔ رَقّہ اور صِفّین اسی کے کنارے پہ واقع ہیں۔

فِرَاخ : حجاز میں بنو ثعلبہ بن سعد بن غطفان کا ایک موضع۔

فَرَادِخ : مکے کے پہاڑوں میں ایک موضع۔

فَرَادِیس : دِمشق کے قریب ایک موضع۔

* شہرِ دِمشق کا ایک دروازہ۔
* حلب کے قریب سوادِ قِنّسرین میں ایک مقام۔

فِرَاش : تُولس کے قریب ایک بستی۔

فَرَاشَا : سوادِ بغداد میں ایک گاؤں۔

* بغداد کا ایک محلہ۔ اور
* بادیہ میں ایک موضع۔

فِرَاض : بصرہ اور یمامہ کے درمیان بکر بن وائل کا ایک موضع۔ نیز

* عراق و شام کے بعض حصص۔ اور
* جزیرۂ ابنِ عُمر پہ مشتمل ایک علاقہ۔

فَرَاغَان : مَرو کے قریب ایک بستی۔

فُرَاقِد : مدینہ کے قریب ایک وادی۔ یا

* وادیٔ عَقیق کا ایک حصہ۔ یا
* وادیٔ رابط میں چند پہاڑیاں۔

فَرَان : بنو سُلیم کا ایک پانی۔

فَرَاوَہ : سوادِ نَسا کا ایک گاؤں۔

فَرَاھَان : ہمدان کا ایک گاؤں۔

فَرَاھِینَان : مَرو کی ایک آبادی۔

فِرَبْر : بخارا اور جیحون کے درمیان نواحِ بخارا کی ایک بستی۔

فَرْبِیَا : عسقلان کے قریب ایک گاؤں۔

فُرْبَیْط : مصر میں ایک علاقہ۔

فَرْتَاجْ : بلادِ طے میں ایک موضع۔ یا
٭ بلادِ اسد میں ایک پانی۔

فَرْتَنَا : مَرْو کا ایک محل۔

فُرْج : صُوبۂ فارس کا ایک شہر۔

فَرْج : اِمّماغ اور ضریّہ کے درمیان وہ راستہ جس کے ایک طرف کوہِ طخفہ اور دوسری طرف کوہِ رجام ہے۔

فَرْجَانْ : خراسان و سیستان کا نام۔

فَرْجِیَا : سمرقند کی ایک بستی۔

فَرَخْشَا : بخارا کی ایک آبادی۔

فَرْخُوزْدِیزَہْ : نسف یا وزر اللہ کی ایک بستی۔

فَرْدْ : دیارِ سُلیم (نجد) میں ایک پہاڑ۔

فِرْدْ : دیارِ یربوع بن حنظلہ میں ایک موضع۔

فَرْدَجَانْ : ہمدان کے پاس ایک قلعہ۔

فَرْدَذْ : سمرقند کی ایک بستی۔

فِرْدَوْسْ : یمامہ یا بلادِ بنی یربوع میں ایک مرغزار۔
٭ بغداد میں ایک دروازہ۔
٭ کوفہ اور مکہ کی راہ پر ارضِ تمیم میں ایک پانی۔ اور
٭ سوادِ قزوین میں ایک قلعہ۔

فَرْدَۃْ : بادیۂ عرب میں ایک پہاڑ۔
٭ ثلبوت میں بنو نعامہ کا ایک پانی۔
٭ دیارِ طے میں ایک پہاڑ۔
٭ نجد میں ایک موضع یا پانی یا مدینہ اور شام کے درمیان ایک موضع۔

فَرَزَاذْ : رَے کی ایک بستی۔

فَرْزَامِیثَنْ : سمرقند کا ایک محلہ۔

فَرْزَلْ : سوادِ معرۃ النعمان (شام) میں ایک موضع۔ نیز بعلبک کی ایک بستی۔

فَرَزْنْ : ہرات کی ایک بستی۔

فُرْزِنْ : کرمان کی ایک نواحی بستی۔

فَرَّزِیْن : اصفہان اور ہمدان کے درمیان ایک قلعہ۔

فَرْسْ : دیارِ ہذیل میں ایک موضع۔

فُرُسْ : مدینہ اور دیارِ طے کے درمیان خیبر کے راستے پر ایک وادی۔

فِرْسْ : عدنہ کی طرف جزیرہ کا ایک پہاڑ۔ یا
٭ جزیرہ کا ایک محل۔

فَرْسَ آبَاذ : مرو کا ایک گاؤں۔

فُرْسَانْ : مراکش کا ایک قریہ۔

فِرْسَانْ : اصفہان کی ایک بستی۔

فَرَسَانْ : حضرموت اور عدن کے درمیان ایک ساحلی علاقہ۔

فَرْشْ : مدینہ اور بدر کے درمیان ایک وادی، جس میں سے حضور صلعم سفرِ بدر میں گزرے تھے۔ نیز
٭ حجاز میں ایک موضع۔

فِرْشُوطْ : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک گاؤں۔

فُرْضَہْ : بحرین میں ایک گاؤں۔ اور
٭ فرات کے کنارے ایک موضع۔

فَوْطْ : تہامہ میں ایک موضع۔

فُرُطْ : یمامہ کے قریب بلند ٹیلے۔

فِرْطْ : سوادِ بغداد میں ایک بستی۔

فُرْطَنَا : اسکندریہ کے قریب ایک گاؤں۔

فَرَعْ : کوفہ و بصرہ کے درمیان ایک مقام۔

فَزْغ : اجاء (دیارِ طے) کے پاس ایک پہاڑ۔

فَرْع : سوادِ ربذہ میں مدینہ و مکہ کے درمیان یا مدینہ کے قریب ایک بستی۔

فُزْعَانْ : وادیٔ نخشب میں ایک پہاڑ۔

فَزْعَہْ : کوہ بار (طے) میں ایک بستی۔

فُزْغ : ارضِ تیم میں دو بستیاں۔

فَزْغَانْ : یمن میں زبید کے قریب ایک شہر۔

فَرْغَانَہْ : ماوراء النہر میں سمرقند سے پندرہ فرسخ مشرق میں ایک شہر نیز ایک وسیع علاقہ۔ جہاں بابر پیدا ہوا تھا۔

فَرْغُوْل : سوادِ دہستان (طبرستان) کا ایک گاؤں۔

فَرْفَق آبَاذ : سوادِ اُرمیہ (آذربیجان) میں ایک بستی۔

فَزْقَذ : بخارا میں ایک موضع۔

فَزْقُس : شام میں سلمیہ کے قریب ایک پانی۔

فَرْقَیْن : بصرہ اور کوفہ کے مابین بنو اسد کی ایک پہاڑی۔ یا

پ کلفن کے شمال میں ایک پہاڑ۔

فَرَک : سوادِ اصفہان میں ایک گاؤں۔

فِرَک : کوفہ اور واسط کے درمیان کلواذہ کی ایک بستی۔

فَرَمَا : عریش اور قاہرہ کے درمیان بحرِ روم کے ساحل پہ ایک شہر۔

فَرْمَانْ یزْذ آبَاذ : ہرات کی طرف (غالباً مغرب میں) ایک گاؤں۔

فَرْن آبَاذ : مَرْوْ سے پانچ فرسخ کے فاصلے پر ایک شہر۔

فِرَنْذ آبَاد : نیشاپور کی ایک بستی۔

فِرِنْدَاذ : دنباوند میں ایک پہاڑ۔

فَرَنْکَذ : سمرقند کے پاس ایک گاؤں۔

فَرْنِی فَثَانْ : سوادِ خوارزم کی ایک بستی۔

فَرَوَاث : فارس میں ایک موضع۔

فَرْوَآجَانْ : مَرْو کا ایک گاؤں۔

فَرْوَانْ : غزنی کے قریب ایک قصبہ۔ اور

دیارِ اسد میں ایک پہاڑ۔

فَرَوْش یَج : بادوریا کا ایک موضع جس کا بیشتر حصّہ خلیفہ منصور عباسی نے بغداد میں شامل کر لیا تھا۔

فُرُوْق : دیارِ بنو سعد میں ایک پانی۔

فُرُوْق : ہجر اور نجد کے درمیان ایک گھاٹی۔ نیز استنبول کا ایک نام۔

فَرَہْ : سوادِ سیستان میں خراسان کی طرف ایک شہر۔

فِرْهَاذْجِرْذ : مَرْو کی ایک بستی۔

فَرْهَانْ : سوادِ ہمدان میں ایک جھیل جس کے پانی سے نمک تیار ہوتا تھا۔

فَرْهَاذَانْ : خراسان میں نسا کی ایک نواحی بستی۔

فِرْیَاب : فاریاب کا مخفف۔

فِرْیَاض : وادیٔ ستار میں ایک چشمہ۔ یا

بنو مالک بن سعد کے نخلستان۔

فِرْیَاذَانْ : مَرْو کی ایک بستی۔

فَرْیَانَہْ : افریقیہ میں سفاقس کے قریب ایک قصبہ۔

فَرِیْث : واسط کی ایک بستی۔

فَرِیْرَہْ : اندلس میں ایک قلعہ۔

فَرِیْزْهِنْذ : میثمہ کی طرف اصفہان کا ایک گاؤں۔

فَرِیْزَن : ہرات کے پاس ایک بستی۔
فَرِیْش : غربی اُندلس کا ایک شہر۔
فُرَیْق : بحرین کے قریب ایک جنگل۔
فُرَیْق : تہامہ میں ایک موضع۔
فِرِیْمَ : جبالِ دَیْلم میں ایک موضع۔
فُرَیْن : شام میں سعید بن خالد بن عمرو بن عثمان بن عفان کی ایک چراگاہ۔
فُزّ : نیشاپور کا ایک محلہ۔
فَزَّان : فَیُّوم (مصر) اور طرابلس کے درمیان ایک وسیع ولایت۔
فُزَخ : فارس کا ایک علاقہ۔
فَزْرَابِیَا : نواحِ بغداد میں نہرالملک کا ایک گاؤں۔
فَسَا : صوبۂ فارس کا ایک اہم شہر۔
فَسَارَان : اِصفہان کی ایک بستی۔
فَسَنْجَان : شیراز کی ایک نواحی آبادی۔
فُسْتُقَان : مَرْو کی ایک بستی۔
فُسْطَاط : لغوی معنی :- خیمہ۔
جب مصر کے فاتح حضرت عمرو بن عاص نے اِسکندریہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا تو اِسکندریہ کے جنوب میں اُس مقام پر جہاں نیل کئی شاخوں میں بٹ جاتا ہے، تب نیل خیمے (فسطاط) نصب کیے۔ یہی مقام بعد میں شہر بن گیا۔ اور اسی شہر کا جدید حصّہ آج قاہرہ کہلاتا ہے۔
فِسِنْجَان : سوادِ فارس میں ایک گاؤں۔
فَشَال : یمن کی وادیٔ زبید میں زبید سے نصف یوم کی مسافت پر ایک گاؤں۔
فَشْن : مصر میں سوادِ بہنسا کا ایک گاؤں۔

فَشْنَہ : بخارا کی ایک بستی۔
فِشْی دِیْزَہ : بخارا کی ایک بستی۔
فَص : یمن میں ایک قلعہ۔
فُصَا : یمن میں ایک گھاٹی یا درّہ۔
فَضَاء : مدینہ میں ایک موضع۔
فَضْل : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔
فَضْلِیَّہ : نینویٰ (موصل کے مشرق) کا ایک قصبہ۔
فُطْرُس : فلسطین میں رَملہ کے قریب ایک دریا۔
فُطَیْمَہ : بحرین کے قریب ایک موضع۔
فِعْرَیٰ : ایک پہاڑ جس کی شاخیں اور وادیاں غیقہ تک جاتی ہیں۔
فَعَن : یمن میں زبید کا ایک قلعہ۔
فَغَانِدِیْز : بخارا کی ایک بستی۔
فِغْ دِیْز : ایضاً۔
فِغْ دِیْن : ایضاً۔
فِغْشْت : ایضاً۔
فَغَنْدَزَہ : سمرقند کا ایک محلّہ۔
فَغْوَار : بخارا کی ایک بستی۔
فَغْوَہ : مکہ و مدینہ کے درمیان ایک گاؤں۔
فَغِیْفَد : سوادِ سمرقند کی ایک بستی۔
فَق : یمامہ میں ایک گاؤں۔
فَقَاث : نجد میں بنو عُقَیل کا ایک پانی۔
فَقَتَیْن : سوادِ صنعاء میں ایک قبائلی آبادی۔
فَقِی : یمامہ کی طرف ایک وادی۔
فُقَیٔ : یمامہ میں بنو عنبر کا ایک نخلستان۔
فُقَیْر : حجاز اور شام کے درمیان ایک کنواں اور ایک جنگل۔
فُقَیْر : خیبر کے پاس ایک موضع۔

فَلَا : نواحِ طوس میں ایک گاؤں۔

فَلَّا : باب کے قریب شام میں ایک وادی۔

فِلَاج : وادیٔ ذو لان (نواحِ مدینہ) میں ایک موضع۔

فَلَاکِرْد : مرو کا ایک گاؤں۔

فَلَاہ : شام میں یا شام کے قریب ایک موضع۔

فَلَا ذان : مرو کی ایک بستی۔

فَلَتُوم : حضرت سلیمان علیہ السلام کا بنایا ہوا ایک قلعہ۔

فَلَج : یمامہ میں بنو جعدہ، قُشیر اور کعب بن ربیعہ کا ایک شہر۔ نیز
- قیس عیلان (یمامہ) کی ایک بستی۔

فَلْج : بصرہ اور حمی ضریّہ کے مابین عدی بن جُندب کی ایک وادی۔ یا
- دینار کے کنارے پر بنو عنبر کا ایک موضع۔

فَلْجِرْد : ایران میں ایک قصبہ۔

فَلَجَۃ : شام میں ایک موضع۔

فَلْجَۃ : بصرہ اور مکہ کی راہ پر بنو بلکار کی ایک منزل۔ یا
- اسی راہ پر زُجیج کے بعد ایک پانی۔

فَلْخَار : مرو اور مرو رُود کے درمیان ایک گاؤں۔

فُلْس : نجد میں فید کے قریب ایک صنم۔ جسے بنو طے پوجتے تھے۔ حضور صلعم نے نویں سال ہجرت میں حضرت علیؓ کو حکم دیا۔ کہ وہ اس بت کو توڑ ڈالیں۔ آپ نے تعمیل کی اور بت کے گلے میں سے دو تلواریں اُتار لیں۔ جو والیِ غسان نے ڈالی تھیں۔
ایک کا نام مِخذَم تھا۔ اور دوسری کا رَسُوب۔
ان میں سے ایک حضورؐ نے رکھ لی۔ اور بعد ازاں حضرت علیؓ کو دے دی۔ اور اس کا نام ذوالفقار رکھ دیا۔

فَلَسْطِیْن : یہ کبھی شام کا ایک صوبہ تھا۔ لیکن آج کل یہ ایک الگ ملک ہے۔ جس کا بیشتر حصہ اسرائیل کے تحت ہے۔ اور کچھ اُردن کا حصہ ہے۔

اس کی حدود یہ ہیں :-
- شمالاً ۔ جنوباً : اندازاً دو سو میل۔
- شرقاً ۔ غرباً : زیادہ سے زیادہ نوّے میل۔
- مشرق میں : اُردن۔
- مغرب میں : بحیرۂ رُوم۔
- شمال میں : لبنان۔ اور
- جنوب میں : صحرائے سینا۔

اس کے بڑے بڑے شہر یہ ہیں :-
- بیت المُقدّس
- طبریہ
- رملہ
- غازہ
- عسقلان
- جافہ
- تلِ اَبیب
- عَکّہ
- خلیل اور
- نابُلس

فِلْفِلَان : اصفہان کی ایک بستی۔

فَلَقْ : یمن کا ایک گاؤں۔
فِلَقْ : یمامہ کی ایک بستی۔
فَلَقْ : نیشاپور کا ایک گاؤں۔
فَلَکْ : سرخس (خراسان) کی ایک بستی۔
فَلُّوجَۃ : سوادِ بغداد و کوفہ میں عَینُ التَّمر کے قریب دو گاؤں۔
جن میں سے :۔
ایک عُلیا کہلاتا ہے۔ اور
دوسرا سُفلی۔
فُلَیْج : ایک ندی جو بصرہ اور ضریّہ کے درمیان فلج میں گرتی ہے۔ اور
عِنبرانُ فُلَیْج اس جھیل یا چشمے کا نام ہے۔ جس میں مدینہ کی دو ندیوں یعنی :
عقیق اور قناۃ بطحان کا پانی شامل ہوتا ہے۔
فَلِیْش : شرقی اندلس میں ایک گاؤں۔
فَلِیْق : طائف کی ایک قبائلی آبادی۔ اور
٭ سوادِ عثر (یمن) میں ایک گاؤں۔
فَمُ الصِّلْح : واسط کے شمال میں ایک دریا۔ جس کے قریب حسن بن سہل (وزیرِ مامون) کا محل تھا۔
فَنَا : ہمیراء کے قریب ایک پہاڑ۔
٭ یا ثَلبُوت کے شمال میں بنو جذیمہ کا ایک پانی۔
فَنَاۃ : کوہِ فنا کے دامن میں بنو جذیمہ کا ایک پانی۔
فَنَاخُرَّۃ : صوبۂ فارس میں ایک علاقہ۔
فَنج دِہ (پَنج دِہ) مَرو کے قریب پانچ دیہات۔

فَنجَکَان : مَرو کی ایک بستی۔
فَنجکَرد : نیشاپور کی ایک بستی۔
فَشَد : مدینہ اور مکہ کے درمیان سمندر کی طرف ایک پہاڑ۔
فُندُق : معتیصہ (ترکی) کے قریب ایک موضع۔
فِندَلاؤ : مراکش میں ایک موضع۔
فَندَم : اہواز میں ایک موضع۔
فُندُورَج : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔
فَندَوِین : مرو کے قریب ایک بستی۔
فَندِیسجَان : نہاوند کی ایک بستی۔
فَنسجَان : سوادِ فارس کا ایک قصبہ۔
فَنک : سمرقند کی ایک بستی۔
فَن کَد : نسف کا ایک گاؤں۔
فُنیدِق : سوادِ حلب میں ایک مقام۔
فَنِیق : مدینہ کے قریب ایک جگہ۔
فَوَارِس : دہناء کے چند ریتلے پہاڑ۔
فُوَارَۃ : طہران کے قریب ایک گاؤں۔
فُوتَق : مرو کی ایک بستی۔
فُوذَان : اصفہان کا ایک قریہ۔
فُور : سوادِ بلخ میں ایک گاؤں۔
فُوز : یمامہ میں ایک موضع۔
فُورَازَد : رَے کی ایک بستی۔
فُورَان : ہمدان کے قریب ایک منزل دور اصفہان کی طرف ایک گاؤں۔
فُورَجِرد : نواحِ سمرقند کی ایک آبادی۔
فُورفَارَۃ : حمص کے پاس ایک گاؤں۔
فُوز : استرآباد کی ایک بستی۔
فُوزکَرد : ہرات سے دس فرسخ دور ایک قصبہ۔
فُوشَنج : ہرات سے دس فرسخ دور ایک قصبہ۔

فُوْعَۃ : حلب کا ایک نواحی گاؤں۔
فُوْلُوْ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔
فُوْلَۃ : فلسطین کا ایک شہر۔
فُوَّۃ : نیل کے کنارے رشید کے قریب ایک شہر۔
فُوَیْدِیْنْ : نسف کی ایک آبادی۔
فَھْدَۃ : ارضِ وُشم (یمامہ) میں ایک پہاڑی۔
فِھْرِجْ : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔ نیز
☆ بصرہ میں ایک موضع۔
فِھْرِمِذْ : رَے کا ایک گاؤں۔
فَھْلَ فِھْرَۃ : مکران کا ایک شہر۔
فَھْلَۃ : ایران کے پانچ شہر۔ یعنی :۔
۱ : اِصفہان
۲ : رَے
۳ : ھمدان
۴ : نہاوند اور
۵ : اذربیجان
اور بعض کے ہاں دو اور شہر بھی مثلاً :
۱ : قُم اور
۲ : مَاسبذان
فَھلَۃ میں شامل ہیں۔
فُھُنْدَجَان : ہمدان کا ایک گاؤں۔
فَیَادَسُوْق : سوادِ بخارا کا ایک گاؤں۔
فَیَاشِل : نجد میں بنو حُصَین بن حُوَیرث کا ایک پانی جو سُرخ ٹیلوں میں تھا۔ فیاشل ان ٹیلوں کا نام تھا۔
فَیَّاض : بصرے کا ایک دریا۔
فِیْجَکْث : نسف کی ایک بستی۔
فِیْجَۃ : دمشق اور زبدانی کے درمیان ایک گاؤں۔
فَیْحَان : ارضِ بنو سعد میں ایک موضع۔

فَیْحَۃ : دیارِ مُزَینہ میں ایک مقام۔
فَیْدْ : مکّہ اور کوفہ کی راہ پر خیبر کے مشرق میں ایک اہم شہر۔
فِیْرُوْز : طبرستان میں اُشتر آباد کے قریب ایک قصبہ۔
فِیْرُوْز آبَاذ : فارس میں شیراز کے قریب ایک شہر۔ نیز
☆ مَرو سے تین فرسخ پر ایک بستی۔
☆ سوادِ اذربیجان میں ایک قلعہ۔ اور
☆ ہرات کے پاس ایک موضع۔
فِیْرُوْزَان : اصفہان کی ایک بستی۔
فِیْرُوْزْرَاھْر : رَے کا ایک گاؤں۔
فِیْرُوْز سَابُوْر : عراق کے ایک شہر اُنبار کا نام۔
فِیْرُوْز قُبَاذ : بابُ الابواب (دربند) کے قریب ایک شہر۔ نیز بغداد کے قریب ایک خطّہ۔
فِیْرُوْز کَنْذ : جُرجان کے پاس ایک بستی۔
فِیْرُوْز کُوْہ : طبرستان میں دُنباوند کے پاس نیز ہرات اور غزنی کے درمیان ایک ایک قلعہ۔
فِیْرْ یَاب : خراسان کا ایک شہر۔ شاید فاریاب۔
فِیْشَابُوْر : جزیرۂ ابنِ عمر کا ایک شہر۔
فِیْشَان : یمامہ کی ایک بستی۔
فِیْشَۃ : غربی مصر کا ایک شہر۔
فَیْض : بصرہ کا ایک محلّہ۔ نیز
☆ بصرہ کے قریب ایک دریا۔
فَیْعَۃ : مُزَینہ کی ایک منزل۔
فَیْفَاء : لغوی معنی :۔ ایسا بیابان جس میں پانی نہ ہو۔ اور ایسے کئی مقامات ہیں۔ شلاً :

٭ مدینہ کے قریب فیفاءِ خبار۔
٭ مکہ میں فیفاءِ غزال۔
٭ مدینہ اور بدر کے درمیان فیفاءِ خریمہ وغیرہ۔

فِیق : دمشق اور طبریہ کے درمیان ایک شہر۔

فِیل : خوارزم کے ایک شہر کنو کا نج کا پرانا نام۔

فِیلَان : دربند کے قریب ایک شہر نیز علاقہ۔

فِیمَان : مرو کی ایک بستی۔

فِین : نواحِ اصفہان کی ایک آبادی۔

فَیوَازجَان : فارس میں ایک گاؤں یا موضع۔

فَیُّوم : غربی مصر میں قاہرہ سے چار یوم کی مسافت پر ایک صحرا جسے کسی زمانے میں حضرت یوسف علیہ السلام نے ایک نہر کھود دا کر سیراب کیا تھا۔ اور یہیں شہر فیوم کی بنا بھی ڈالی تھی۔ خاندانِ امیہ کا آخری خلیفہ مروان الحمار اسی علاقے میں قتل ہوا تھا۔

ق

قَابِش : طرابس اور سفاقس کے درمیانی ساحل سے تین میل جنوب میں ایک شہر۔

قَابِل : مکہ میں مسجدِ خیف کے قریب ایک پہاڑ۔

قَابِلَة : صنعاء کے مشرق میں ایک مقام۔

قَابُون : دِمشق سے ایک میل پر ایک موضع۔

قَاحَة : مدینہ سے تین منزل اور سقیا سے ایک میل دور یا جُحفہ اور قُدید کے درمیان ایک شہر۔

قَادِس : جبرالٹر کے شمال مغرب میں ہسپانیہ کا ایک ساحلی شہر۔ نیز

٭ مَرو کا ایک گاؤں۔

قَادِسِیَّة : بغداد کے جنوب میں حِلّہ کے قریب لبِ فرات ایک گاؤں۔

قَادِم : نجد میں برقانیہ کے قریب ایک پہاڑی۔

٭ نیز بنوضباب کی ایک وادی۔

قَادِمَة : ضبینہ بن غنی کا ایک پانی۔

قَار : کوفہ اور واسط کے درمیان بکر بن وائل کا ایک پانی۔ جو ذُو قار کے نام سے مشہور ہے۔ یہاں سے ایک میل دور ایک اور ذُو قار بھی ہے جہاں غالباً سالِ بدر میں کسریٰ اور بکر بن وائل میں جنگ ہوئی تھی۔ نیز

٭ نواحِ رَے میں ایک گاؤں۔

قَارَات : یمامہ میں ایک موضع۔

قَارِز : نواحِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔

قَارِض : شمالی طخارستان میں ایک قصبہ۔

قَارِعَة الوَادِی : منیٰ کا وہ مقام جہاں کھڑے ہوکر حاجی کنکر مارتے ہیں۔

قَازِنْوَان : اَرمینیہ میں خلاط اور قرس کے درمیان ایک شہر۔ نیز قلعہ۔

قَارَة : اُس علاقے کا ایک قصبہ۔ جہاں دُومہ اور سکاکہ بھی ہیں۔ نیز

٭ حِمص اور دِمشق کی راہ پر ایک گاؤں۔

٭ بحرین میں ایک پہاڑ۔ اور

٭ شبعار کے قریب ایک مصنوعی پہاڑی۔

قَاسَان : ماوراء النہر میں ایک گاؤں۔ اور

٭ اِصفہان کے قریب ایک علاقہ۔

قَاسِم : اَندلس میں طُلیطلہ کے قریب ایک قلعہ۔

قَاسِیُون : دِمشق کے پاس ایک پہاڑ۔ جس کے ایک غار میں قابیل نے ہابیل کو قتل کیا تھا۔ وہاں ایک ایسا پتھر آج تک رکھا ہے جو خونِ ہابیل سے آلودہ ہے۔

قَاشَان (کَاشَان) : اِصفہان اور قُم کے درمیان ایک شہر۔
قَاشِرَۃ : اُندلس میں قرطبہ سے مغرب کی طرف علاقہ لُبلہ میں ایک گاؤں۔
قَاصِرَۃ : ارضِ رُوم میں ایک شہر۔
قَاصِرِیْن : بالس کے قریب ایک قصبہ۔
قَاطُوْل : سامرا کے قریب ایک نہر جو ہارون نے دجلہ سے نکلوائی تھی۔
قَاع : لغوی معنی :۔ ہموار زمین۔ جس میں ریت نہ ہو۔ یہ کئی مقامات کا نام ہے۔ مثلاً :
٭ مدینہ میں ایک ٹیلے کا۔
٭ مکّہ و عقبہ کے مابین ایک منزل کا۔
٭ یمامہ اور ارضِ سُلیم میں ایک ایک موضع کا۔
قَاعِس : تَبلہ (نواحِ دربند) یا یَنبُع کے قریب ایک پہاڑ۔
قَاعُوْن : اُندلس میں دانیہ کے قریب ایک پہاڑ۔
قَاعَۃ : بلادِ سعد بن زید مناۃ میں ایک پہاڑ۔
قَاف : بحیرۂ خزر اور بحیرۂ اَسْوَد کے درمیان ایک پہاڑ۔
قَاقَزَان : نواحِ قزوین میں ایک موضع۔
قَاقُوْن : فلسطین میں رَمْلَۃ کے قریب ایک قلعہ۔
قَالِس : ایک جاگیر جو حضور صلعم نے عُذرہ کے بنُو الاَحَب کو دی تھی۔
قَالِغ : بصرہ اور بحرین کے درمیان ایک وادی۔ یا پہاڑ۔
قَالُوْص : مصر کا ایک موضع۔
قَالِیقَلَا : نواحِ خلاط میں ارمینیہ کا ایک گاؤں۔
قَامَۃ : نجد کا ایک پہاڑ۔
قَان : نہد بن زید (یمن) کا ایک گاؤں۔ اور
٭ سرحداتِ ارمینیہ میں ایک موضع۔
قَانُوْن : دِمشق اور بعلبک کے درمیان ایک مقام۔
قَاو : نیل کے شرقی کنارے مصرِ سعید کا ایک گاؤں۔
قَاہِرَۃ : مصرِ جدید کا دارالحکومت۔ جو اسکندریہ سے تقریباً ایک سو میل جنوب مشرق میں لبِ نیل واقع ہے۔
قَایِم : سامرا کے قریب متوکّل کا ایک محل۔
قَایِمَۃ : یمن کا ایک شہر۔
قَایِن : نیشاپور اور اصفہان کے درمیان طبس کے قریب ایک شہر۔
قُبَا : مدینہ سے دو میل کے فاصلے پر ایک گاؤں اور بستی۔ جہاں اُن صحابۂ کرام نے جو حضور صلعم سے پہلے ہجرت کر گئے تھے، ایک مسجد بنا لی تھی۔ اس میں وہ بیت المقدس کی طرف مُنہ کر کے نماز پڑھتے تھے۔ جب ایک سال بعد حضورؐ مدینہ کے قریب پہنچے تو آپؐ نے اسی مسجد میں نماز ادا فرمائی۔ چار دن یہیں قیام فرمایا اور جمعہ کے دن مدینہ تشریف لے گئے۔ نیز
٭ مکّہ و بصرہ کے درمیان ایک موضع۔
قُبَاء : ماوراءُ النہر میں فرغانہ کا ایک گاؤں۔
قِبَاب : سمرقند میں ایک موضع۔ نیز
٭ نیشاپور کا ایک محلّہ۔ اور
٭ نجد میں ایک مقام۔
قِبَابُ الْحُسَیْن : بغداد سے ذرا

دُور ایک بستی۔

قِبَابُ لَیْث : بغداد کی ایک نواحی بستی۔

قُبَابَہ : مدینہ کا ایک ٹیلہ۔

قُبَاذخُرَّہ : فارس کا ایک علاقہ۔

قُبَاذِق : بلادِرُوم کا ایک علاقہ۔

قُبَاذِیَان : بلخ کی ایک نواحی بستی۔

قُبَاقِب : جزیرۂ ابنِ عمر میں بنو تغلب کا ایک پانی۔ اور

* ارضِ رُوم میں ملاطیہ کے پاس ایک دریا۔ جو فرات میں گرتا ہے۔

قِبَال : دومۃُ الجندل کے قریب ارضِ بنُو عامر میں ایک پہاڑ۔

قَبَان : تبریز کے پاس آذربیجان کا ایک شہر۔ نیز علاقہ۔

قُبَحَان : بصرے کا ایک محلّہ۔

قَبْر : عُسفان کے قریب ایک گاؤں۔

قَبْرَاثَا : نواحِ موصل میں ایک بستی۔

قِبْرَص : بحیرۂ رُوم میں ساحلِ شام سے کوئی سو میل مغرب میں ایک اہم جزیرہ۔

قَبْرُ الْعِبَادِی : قادسیہ اور مکّہ کی راہ پر نویں اہم منزل۔

ترتیب یہ ہے :-

* قادسیہ سے عُذَیْب
* پھر مُغِیْثَہ
* پھر قَرْعَاء
* پھر وَاقِصَہ
* پھر عَقَبَہ
* پھر قَاع
* پھر زُبَالَہ
* پھر شُقُوق اور
* بعدازاں قَبْرُ الْعِبَادِی

قُبْرِیَان : افریقیہ میں ایک گاؤں۔

قِبْرِین : تہامہ میں ایک گھاٹی۔

قِبْط : مصر کے وہ علاقے جہاں پُرانے زمانے میں قبطی آباد تھے۔ نیز

* سامرّا کے قریب ایک علاقہ۔

قَبْق : دربند کے قریب ایک پہاڑ۔ جو شام اور لبنان سے ہوتا ہُوا مکّہ تک چلا جاتا ہے۔ یہ انطاکیہ کے قریب لُکام اور مکّہ و مدینہ کے درمیان عَرْج کہلاتا ہے۔

قَبَل : دُومۃ الجندل کے پاس ایک پہاڑ۔

قَبْلیٰ : بلادِ کلاب (نجد) میں جبلِ غُرَاب اور ریّان (ٹِلے) کے درمیان چند بستیاں۔

قَبَلَہ : دربند کے قریب ایک شہر۔

قَبَلِیَّہ : سوادِ فُرْع میں ایک موضع۔ نیز

* مدینہ و یَنْبُع کے درمیان ایک سطح مرتفع۔ جس کا :
* مغربی نشیب یَنْبُع تک۔ اور
* مشرقی۔ مدینہ تک پھیلا ہُوا ہے۔
* مغربی۔ غَوْر کہلاتا ہے۔ اور
* مشرقی۔ قَبَلِیَّہ۔

قَبُّودِیَہ : ساحلِ افریقیہ کا ایک حصّہ۔

قِبَہ : بحرین میں قبیلۂ عبد القیس کا ایک پانی۔

قُبَّہ : کوفہ میں ایک محلّہ۔

* مصر میں ایک محلّہ قُبَّۂ جالینوس کہلاتا ہے۔
* قُبَّۃُ الرَّحمۃ اِسکندریہ میں۔ اور

٭ قبّةُ الدار (عمارت) بغداد میں ہے۔
٭ کلوازا میں ایک موضع قبّةُ الفِرک کے نام سے مشہور ہے۔

قُبَیْبَات : عراق اور مکّہ کی راہ پر مُغیثہ اور وادی السِّباع کے درمیان ایک گاؤں۔
٭ بغداد میں ایک محلّہ۔
٭ ارضِ تمیم میں ایک پانی۔
٭ حجاز میں ایک موضع۔ اور
٭ دِمَشق میں ایک محلّہ۔

قُبَیْس : (ابو قبیس) مکّہ کا ایک پہاڑ۔

قُبَیْصَۃ : موصل اور سامرّا کے قریب ایک ایک بستی۔

قُبَیْن : عراق میں ایک علاقہ۔ نیز دریا۔

قُتَات : یمن میں ایک مقام۔

قَتَاد : فلج کے قریب ایک موضع۔

قُتَاد : دیارِ سُلَیم میں ایک پہاڑ۔

قَتَائِدَات : تَذَرُّہ اور مُنصَرَف کے درمیان ایک پہاڑ۔

قِتْبَان : نواحِ عدن میں ایک مقام۔

قَحَنْجَمَۃ : مصر میں دریائے دقہلیہ کے کنارے ایک گاؤں۔

قَحْمَۃ : زَبید کے قریب وادئ ذوال کا ایک قصبہ۔

قَدَّاح : دیارِ تمیم میں ایک موضع۔

قَدَار : بحرین میں ایک چشمہ۔

قُدَارِی : وَشم (یمامہ) کا ایک گاؤں۔

قُدْس : دیارِ مُزَینہ و نجد میں ایک ایک پہاڑ۔
عرّام کہتا ہے۔ کہ :-
حجاز کے دو پہاڑ :
۱ : قُدْسِ اَبیض اور
۲ : قُدْسِ اَسْوَد
کے نام سے مشہور ہیں۔ یہ دونوں مکّہ اور مدینہ کے درمیان ایک اور پہاڑ "وَرقان" کے قریب ہیں اور دونوں کے مالک بَنُو مُزَینہ ہیں۔ نیز
٭ بیت المقدّس کا نام۔

قَدَس : شام میں حمص کے قریب ایک قصبہ۔

قِدْقِد : مکّہ کے قریب ایک پہاڑی۔

قُدْقُدَا : یمن کا ایک شہر۔

قُدُم : یمن میں ایک بستی۔

قَدُوم (قَدُّوم) شام کا ایک گاؤں۔
جہاں حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا ختنہ ہوا تھا۔
٭ جبلِ سراۃ میں ایک گھاٹی۔
٭ نُعمان کے قریب ایک موضع۔
٭ یمن میں ایک قلعہ۔
٭ حلب کے پاس ایک گاؤں۔
٭ بلادِ دَوس اور حجاز میں ایک ایک پہاڑ۔

قَدَوْمَی : بابل یا جزیرۂ ابنِ عُمَر کا ایک موضع۔

قُدُوْنِیْن : بلادِ رُوم میں ایک مقام۔

قِدَّۃ : بلادِ کلاب میں جَبَلَہ اور شمام کے پاس ایک پانی۔

قُدَیْد : مکّہ کے پاس ایک موضع۔

قُدَیْس : قادِسیہ کے قریب ایک مقام۔

قُدَیْمَۃ : مدینہ میں ایک پہاڑ۔

قَذَارَان : نواحِ حلب میں ایک بستی۔

قِذَاف : حُزْوی (ارضِ تمیم) یا دیارِ سعد بن زید مناۃ میں ایک موضع۔

قُرَّا: بلادِ بنوحارث بن کعب میں ایک موضع۔
قُرَاب: یمن میں ایک پہاڑ۔
قَرَابِین: نجد میں ایک وادی۔
قُرَاث: تہامہ وشام کے درمیان ایک وادی۔
قُرَاح: بحرین میں قطیف کا ساحلی علاقہ۔ یا گاؤں۔
قَرَاح: بغداد میں کئی محلّے قراح کہلاتے ہیں مثلاً:
٭ وسطِ شہر میں قراح ابنِ رزین
٭ شمال میں قراح ظفر
٭ جنوب میں قراحِ القاضی اور قراح ابی الشحم۔
قَرَاحِصَار: حلب کے شمال میں ایک چراگاہ۔ نیز انطاکیہ سے ایک یوم کی مسافت پر، اور قیساریہ (ترکی) کے قریب ایک ایک بستی۔
قَرَادَد: یمن کا ایک گاؤں۔
قَرَادِیس: بصرے کا ایک محلّہ۔
قَرَار: مدینہ کے قریب مُزینہ کی ایک وادی۔
قَرَارِی: عقبہ اور واقصہ کے درمیان ایک پانی۔
قُرَاش: بلادِ ہُذیل یا یمن میں دو پہاڑ۔
قِرَاص: دیارِ کلاب (نجد) میں ایک چشمہ۔
قُرَاضِم: مدینہ میں ایک موضع۔
قُرَاضَۃ: یمن میں ایک قلعہ۔
قَرَاف: مِصر کے قریب ایک جزیرے کا ایک گاؤں۔
قَرَافَۃ: مصر میں ایک علاقہ۔ نیز
٭ اسکندریہ میں ایک موضع۔
قُرَاقِر: زُبالہ یا سماوہ (عراق) میں ایک ایک وادی۔ یا
٭ ذوقار کے نواح میں ایک موضع۔ یا
٭ ایک خطّہ جہاں جبالِ طے کے نالے گرتے ہیں۔
قَرَاقِر: مدینہ کے پاس آلِ حسین بن علیؓ کی ایک جاگیر۔ یا موضع۔
قَرَاقِرَۃ: حمیٰ ضریّہ (نجد) میں بنوضباب کا ایک پانی۔
قَرَّان: طائف کے قریب ایک وادی۔
٭ یمامہ میں ایک بستی۔ یا
٭ مکّہ اور مدینہ کے درمیان اُبلی میں ایک موضع۔
قِرَان: سراۃ میں ایک علاقہ۔ یا
٭ نجد میں ایک خطّہ۔ یا
٭ حدیلہ کا ایک پہاڑ۔
قُرَانِع: یمن میں ایک قلعہ۔
قَرَاوَا: اُردن اور سوادِ نابلس میں ایک ایک گاؤں۔
قَرَایِن: فَید اور اجفر کے مابین ایک تالاب۔ اور
٭ مدینہ میں ایک موضع۔
قُرَبِی: تبالہ کے قریب ایک پانی۔
قُرَبق: شاید بصرہ کا ایک نام۔
قُرْبِیط: مصرِ اسفل میں ایک علاقہ۔
قُرتَا: سوادِ بصرہ کی ایک بستی۔
قُرتَب: یمن میں وادیٔ زبید کا ایک گاؤں۔
قَرتَیَا: سوادِ بیت المقدس کا ایک قصبہ۔
قرَج: سوادِ رَے کا ایک علاقہ۔
قُرَح: وادیِ القریٰ کا ایک مقام یا بازار۔
قَرحَا: وادیِ القریٰ میں ایک موضع۔ جہاں زمانۂ جاہلیت میں ایک میلہ بھی لگتا تھا۔

قَرحَاء : بحرین میں محارب کا ایک گاؤں۔

قَرحَتَاء : دِمَشق کا ایک گاؤں۔

قَرَد : شمالِ مدینہ میں ایک یوم کی مسافت پر ایک گڑآں۔

قَردَا : کوہِ جودی میں ایک گاؤں۔ جہاں کشتیٔ نوحؑ جا ٹھری تھی۔ نیز

ﭘ دجلہ کے مشرق میں ایک علاقہ۔

قَرَدَة : ثلبوت (نجد) میں بنو نعامہ کا ایک پانی۔

قُرزَاحِل : نواحِ حلب میں ایک موضع۔

قِرش : ارضِ جُہینہ (حجاز) میں ایک پہاڑ۔

قَرشَفَة : بلادِ روم میں ایک مقام۔

قُرَشِیَة : سواحِلِ حمص پہ ایک گاؤں۔

قُرص : ارضِ غسّان میں ایک ٹیلہ۔

قَرمِق : سوادِ تفلیس (ارمینیہ) میں ایک شہر۔

قَرطَاجَنَة : تُونس کا ایک تباہ شُدہ شہر۔ جس کے ملبے سے شہر تُونس کی ابتدائی عمارات تعمیر ہوئی تھیں۔ یہ تُونس سے کوئی بارہ میل دُور ساحل پہ واقع تھا۔ جب سنہ ۷۹ھ میں خلیفہ عبدالملک نے حسّان بن نعمان اَزدی کو عامِلِ قیروان بنا کر بھیجا۔ تو قرطاجنہ والوں نے اُس سے مسلسل جنگیں کیں۔ جس سے یہ شہر تباہ ہوگیا۔

قُرطُبَة : جبرالٹر سے کوئی ایک سو تیس میل شمال میں ایک اہم شہر، جو اَندلس کے خلفائے اموی کا دارالخلافہ رہا۔

قَرطَسَا : قدیم مصر کا ایک گاؤں۔

قَرَظ : یمن میں ایک موضع۔

قَرَظَات : زَبید کا ایک قلعہ۔

قُرع : شام میں کئی وادیاں۔

قَرعَاء : کوفہ و مکّہ کی راہ پر ایک منزل۔

قَرعَد : جبلِ رَیمہ (یمن) کا ایک قلعہ۔

قِرفِد : مکّہ کے قریب ایک پہاڑ۔

قَرفِیَة : نجد میں بنو عُقَیل کا ایک پانی۔

قَرقَر : نجران اور فلج کے درمیان ایک موضع۔

قَرقَرَا : یمامہ میں یمامہ اور بصرہ کی راہ پر ایک خِطّہ۔ یا وادی جس میں تیم اور کِندہ کا ایک ایک اور ثقیف کے دو قلعے تھے۔

قَرقَشَندَہ : مصرِ اسفل کا ایک گاؤں۔

قَرقَشُونَة : اَندلس میں ایک قلعہ۔

قُرقُوب : واسط۔ بصرہ اور اہواز کے درمیان ایک شہر۔

قَرقُونَش : جزیرۂ قبرص کا ایک شہر۔

قَرقِیسِیَا : عراق میں نہرِ خابُور کے کنارے ایک شہر۔

قَرقَنَة : مصر کے شمال میں سفاقس کے سامنے ایک جزیرہ۔

قُرلُون : سسلی کے ساحل پہ ایک شہر۔

قَرَمَا : یمامہ کی وادیٔ قرقری میں ایک گاؤں۔ نیز مکّہ اور یمن کی راہ پر ایک مقام۔

قَرمَاسِین : مکّہ کی راہ پر زَبید سے آٹھ فرسخ دُور ایک قصبہ۔

قَرمُونَة : قرطبہ کے مغرب میں اشبیلیہ کے قریب ایک علاقہ۔

قَرمِیسِین : ہمدان کے مغرب میں سرحدِ عراق کے قریب ایک شہر جس کا مشہور

نام کرمان شاہ ہے۔

قَرَن : نجد اور مکہ کے درمیان ایک مقام۔ جو اہلِ نجد کی میقات بھی ہے۔ نجدی یہیں سے احرام باندھتے ہیں۔ بنی مزینہ کا ایک قبیلہ۔ اُویس قرنی کا تعلق اہلِ نجد کی میقات سے تھا۔

قَرَن : یمن کی سات وادیاں قرن کہلاتی ہیں:۔

یعنی ✤ ماذنہ
✤ غولہ
✤ حجلہ
. مہار
✤ ذودَوْم
✤ ذوخَیشان اور
✤ ذوعسب

✤ نیز۔ عرفات میں ایک پہاڑ۔
✤ یمن اور طائف والوں کی میقات، جس کا پورا نام قرن المنازل ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ :

قرنُ المنازل کا دوسرا نام قرن الثعالب ہے جو صرف اہلِ نجد کی میقات ہے۔ اور مکہ سے ایک شب و روز کے فاصلے پر واقع ہے۔

✤ اہلِ یمن کی میقات بھی قرن کہلاتی ہے۔ یہ مکہ سے اکاون میل اور طائف سے چھتیس میل دور ہے۔
✤ قرنُ ابُوباۃ سراۃ میں سعد بن بکر کی ایک وادی ہے۔
✤ قرن مُعتبہ طائف کی ایک بستی کا نام ہے۔
✤ قرن ظبیٰ یا تو سعدیہ کے شمال میں ایک پانی ہے۔ اور یا بنو اسد کا ایک پہاڑ۔
✤ قرن جبن افریقیہ میں ہے۔
✤ قرن عشار
✤ قرن باع اور
✤ قرن بقل یمن میں تین قصبے ہیں۔
✤ بغداد اور یمامہ میں بھی قرن نام کی ایک ایک بستی ہے۔

قُرنتَاَن : فَید سے گیارہ میل مکہ کی طرف ایک موضع۔ جہاں ایک کھاری کنواں بھی تھا۔ اور یمامہ و بصرہ کے درمیان ایک گھاٹی۔

قَرنِ فِیل : مصر میں ایک گاؤں۔

قَرنَتین : وادیٔ ذُولان میں مدینہ کی جانب دو پہاڑیوں کے درمیان ایک کنواں۔

قَرنِین : سیستان کا ایک شہر جہاں یعقوب صفاری پیدا ہوا تھا۔

قَرو : صنعاء کے قریب ایک قلعہ۔

قَروَرِی : سوادِ فَید میں حاجر و معدِن کے درمیان ایک تالاب۔ یا

✤ حاجر اور نقرہ کے درمیان بنو عبس کا ایک پانی۔ یا
✤ ارضِ بنو یربوع میں ایک آبی ذخیرہ۔

قَرُوط : بلادِ ہُذیل میں ایک موضع۔

قَرُوق : ہجر اور عمان کے درمیان ایک وادی۔

قَروہِند : عراق میں مدائن اور نعمانیہ کے مابین ایک شہر۔

قُرُونُ بَقَر : دیارِ بنی عامر (نجد) میں ایک موضع۔

قَرَۃ : قادسیہ کے قریب ایک گاؤں۔

قُرَیٰ : وادی القریٰ تیماء و خیبر کے درمیان ہے۔ اُمّ القریٰ مکہ کو کہتے ہیں۔

قُرَیَّات : طے کی چند بستیاں۔ مثلاً :
- دُومہ
- سکاکہ اور
- قارہ

قُرَیَان : دیارِ بنو جعدہ بن عامر میں ایک موضع۔

قَرْیَتَان : لغوی معنی :۔ دو بستیاں۔ مراد :۔
اوّل : طائف و مکہ۔
دوم : بصرہ اور مکہ کے درمیان دو بستیاں۔ جن میں سے ایک عبداللہ بن عامر کی تھی۔ اور دوسری جعفر بن سلیمان کی۔
سوم : یمامہ میں مَلْہَم اور قُرّان۔
چہارم : سوادِ حمص میں ایک قصبہ۔

قَرِیُّ الخَیْلِ : ایک ندی جو ذُو مُرَخ (یمامہ) میں گرتی ہے اور گرد و نواح کے گھوڑے اور اونٹ یہیں پانی پیتے ہیں۔ یمامہ میں چند اور ایسے جوہڑ یا تالاب (قَرِیّ) بھی ہیں۔ مثلاً :
- قَرِیُّ الشَّقِیّ
- قَرِیُّ سُفیان
- قَرِیُّ بنو ملکان
- قَرِیُّ بنو قُشَیْر اور
- قَرِیُّ یَسِیْر

قُرَیْز : نَصِیبین اور رَقّہ کے درمیان ایک بستی۔

قَرِیْش : مدینہ کے قریب ایک پہاڑ۔

قُرَیْش : قریش کی طرف کئی مقامات منسوب ہیں۔ مثلاً :
- بغداد میں۔ مقابرِ قریش۔
- واسط میں۔ نہرِ قریش۔ اور
- واسط کے قریب ایک بستی۔ ابو قریش۔

قُرَیْشِیَۃ : جزیرۂ ابنِ عمر کے قریب ایک گاؤں۔

قُرَیْظ : یمن میں ایک موضع۔

قُرَیْن : یمامہ میں ایک موضع۔

قُرَیْنَتَان : بلادِ بنو نُمیر میں دو پہاڑیاں۔

قَرِیْنَۃ : عُمان (دیارِ تمیم) کی ایک وادی۔ یا چراگاہ۔

قَرْیَۃ : یمامہ کا ایک نام۔ یا
- یمامہ میں ایک گاؤں۔

قُرَیَّۃ : بغداد کے دو محلے۔ نیز
- مدینہ کی ایک نواحی بستی۔
- بلادِ طے اور یمامہ کا ایک ایک گاؤں۔

قَرْیَۃُ عَبْدُ اللّٰہ : واسط کے جنوب میں ایک شہر۔

قُزَح : مُزدَلِفہ میں ایک چٹان یا چبوترہ جس کے قریب امام کھڑا ہوتا ہے۔

قَزْغَنْد : سمرقند کی ایک بستی۔

قَزْوِیْن : طہران و زنجان کے درمیان ایک شہر۔

قَزْوِیْنَک : دِینَوَر کا ایک گاؤں۔

قَزَیَّۃ : یمن میں ایک قلعہ۔

قَش : سوئز کے مشرق میں عریش اور فرما کے درمیان ایک ساحلی گاؤں۔

قَسَا : عالیہ میں ایک موضع۔
- مصر میں ایک گاؤں۔ اور
- ارضِ تمیم میں ایک پہاڑی۔

قِسَاء : بصرہ اور مکہ کی راہ پر ماوِیہ و یَنْسُوعَہ کے درمیان ایک موضع۔

قُسَاس : بنو نُمیر کا ایک پہاڑ۔ اور یمن میں

بست یا عقیق کی ایک کان۔

قَسَامِل : بصرہ میں دجلہ کی طرف قبیلۂ اَزد (یمن) کی ایک شاخ قسامل کی بستیاں۔

قَسر : قبیلۂ بجیلہ (یمن) کا ایک پہاڑ۔

قِسطَانَہ : رَے سے ایک منزل دُور ساوہ کی طرف ایک بستی۔

قَسطَل : ارضِ دِمشق میں بَلقَاء کے پاس ایک موضع۔ نیز

* حمص اور دِمشق کے درمیان ایک علاقہ۔

قَسطَنطِینِیَہ : بازنطینی اور عثمانی سلاطین کا پایۂ تخت، جو مشرقی یورپ میں بحیرۂ مارمورا کے مغربی ساحل پر واقع ہے۔ اس کو استنبول بھی کہتے ہیں۔ اس کا بانی قَسطَنطِین اوّل تھا اور اسی سے یہ نام ماخوذ ہے۔

قَسطِیلِیَہ : وسطی ہسپانیہ میں میڈرڈ کے دائیں اور بائیں ایک وسیع علاقہ۔ جسے قشتالہ بھی کہتے ہیں۔

قُسطُون : سوادِ حلب میں ایک قلعہ۔

قُسُّ النَّاطِف : کوفہ کے قریب فرات کے شرقی کنارے پر ایک مقام۔

قُسَنطِینِیَہ : تُونس میں ایک شہر۔

قُسُومِیَّہ : دیارِ بنو یربوع میں ایک موضع۔

قُسُومِیَّات : نجد کے راستے پر چند جوہڑ۔

قَسِّی : بصرہ اور یمن کا راستہ۔

قَسیَاثَا : عراق میں ایک موضع۔

قَسِیم : یمامہ میں ایک وادی۔

قُسَیس : نواحِ کوفہ میں ایک علاقہ۔

قُشَامَرَہ : نجد میں ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

قَشَاقِش : حضرموت میں کِندہ کا ایک شہر۔

قَشَّان : نواحِ اَہواز میں ایک علاقہ۔

قَشَاوَہ : نجد کی سطحِ بلند پر بنو ابوبکر کا ایک خطّہ۔

قَشت : سرقسطہ (اندلس) کا ایک قلعہ۔

قُشتُبرَہ : نواحِ طُلَیطُلہ (ٹولیڈو) میں ایک شہر۔

قَشتَالَہ : شمالی اندلس میں ایک صوبہ۔ جسے آج کل CASTILE کہتے ہیں۔

قِشیَب : یمن میں ایک محل۔

قَصَا : یمن میں ایک گھاٹی۔

قَصَاص : بنو اسد کا ایک پہاڑ۔

قَصَبَات : مراکش میں بربر کی ایک بستی۔

قُصدَار : غزنی کے قریب ایک علاقہ۔ یا

* سندھ میں علاقۂ طوران کا ایک قصبہ۔

قَصر : لغوی معنی ہے محل۔

اسلامی تاریخ میں متعدد محلات کا ذکر آتا ہے۔ مثلاً :

* **قَصرِ اَبیَض** : حیرہ کا ایک محل۔
* **قَصرِ اَبِی الخُصَیب** : کوفہ میں۔
* **قَصرِ ابنِ عَامِر** : نواحِ مکہ میں۔
* **قَصرِ ابنِ عَفَّان** : بصرہ میں ایک سرائے جو حضرت عثمانؓ کے حکم سے بنی تھی۔
* **قَصرِ ابنِ عَوَّان** : مدینہ میں۔
* **قَصرِ اَحمَرِیَّہ** : نواحِ بغداد میں۔
* **قَصرِ اَحنَف** : طخارستان میں ایک قلعہ۔ جو سنوان کے نام سے مشہور تھا۔ جب عہدِ عثمانؓ میں

أَحنَفْ بن قیس نے اسے فتح کیا۔ تو یہ قصرِ اَحنف کہلانے لگا۔

* قَصْرِ اُمِّ حَبِیْب : شرقی بغداد میں اُمِّ حبیب بنتِ رشید کا ایک محل۔
* قَصْرِ اُمِّ حَکِیْم : دمشق میں میں ایک شاہی عمارت۔
* قَصْرِ اَنَس : بصرہ میں حضرت انس کی طرف منسوب ایک عمارت۔
* قَصْرِ اَوْس : بصرے میں اَوس بن ثعلبہ کا ایک محل۔ یہ خلافتِ اُمیّہ میں خراسان کا عامل رہا تھا۔
* قَصْرِ بَاجَہ : اندلس میں باجہ کے قریب ایک شہر۔
* قَصْرِ بَنُو خَلَف : بصرے میں خزاعہ کی ایک شاخ بنو خلف کی ایک عمارت۔
* قَصْرِ بَنِیْ عُمَر : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔
* قَصْرِ بَہْرَامْ گُوْر : ہمدان کے قریب ایک بستی جو ہستہ میں ایک محل۔
* قَصْرِ جَابِر : رَے اور قزوین کے درمیان ایک قصبہ۔ جو بکر بن وائل کے ایک رئیس جابر کی طرف منسوب تھا۔
* قَصْرُ الْجَصّ : سامرا کے قریب ایک قصر۔
* قَصْرِ حَجَّاج : دمشق میں ایک محلّہ جو حجاج بن عبدالملک بن مروان کی طرف منسوب تھا۔
* قَصْرِ حَنِیفَا : حیفا و قیساریہ کے درمیان ایک موضع۔
* قَصْرِ رَافِع : سمرقند میں۔
* قَصْرِ رُوْنَاش : اَہواز کا ایک علاقہ۔
* قَصْرِ رَیَّان : نینوے میں ایک موضع۔ یا عمارت۔
* قَصْرِ رِیْخ : نواحِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔
* قَصْرِ زَرْبِیْ : بصرہ میں ایک عمارت۔
* قَصْرِ زَیْنَب : ایضاً۔
* قَصْرُ السَّلَام : رقّہ میں۔
* قَصْرِ شَمْع : فسطاط (قاہرہ) میں۔
* قَصْرِ شَعُوْب : یمن میں ایک عظیم محل۔
* قَصْرِ شِیْرِیْن : کرمان شاہ کے قریب ہمدان اور حلوان کے درمیان ایک موضع۔ جہاں خسرو پرویز نے ایک باغ اور اس میں اپنی ایک کنیز شیریں کے لیے ایک محل بنوایا تھا۔ غالباً یہی وہ باغ ہے۔ جس کے لیے فرہاد نے نہر کھودی تھی۔
* قَصْرُ الطُّوْب : افریقیہ میں تھی۔
* قَصْرُ الطِّیْن : بغداد میں یحییٰ برمکی کا ایک محل۔
* قَصْرِ عَبَّاس : سنجار اور الخُصَیْنیّہ کے درمیان ایک محل۔ جو عہدِ مقتدر کے ایک امیر عباس بن عمرو الغنوی نے بنوایا تھا۔

* قَصْرِ عَبْدُ الْجَبَّار : نیشاپور میں عبد الجبار بن عبد الرحمٰن کا ایک محل۔ یہ عہدِ منصور میں خراسان کا عامل تھا۔
* قَصْرِ عَبْدُ الْكَرِيْم : جبرالٹر کے سامنے ساحلِ افریقہ کا ایک شہر جس کا موجودہ نام سیوٹہ ہے۔
* قَصْرِ عَدَسِيِّيْن : کوفہ میں حیرہ کی طرف بنو عمّار (عُذرہ کی ایک شاخ) کا ایک محل۔ یہ قبیلہ اپنی اُمّہات میں سے ایک یعنی عَدَسَۃ کی طرف منسوب تھا۔
* قَصْرِ عُرْوَة : وادیٔ عقیق میں عُروہ بن زُبیرؓ بن عوّام کی ایک عمارت۔ نیز نواحِ بغداد میں ایک گاؤں۔
* قَصْرِ عِسْل : بصرہ میں۔
* قَصْرِ عِيْسٰى : بغداد میں عیسیٰ بن موسیٰ بن علی بن عبداللہ بن عباس (خلیفہ منصور عباسی کا چچا) کا ایک محل۔ نیز بصرہ میں ایک شاندار عمارت۔
* قَصْرِ فِنْزِش : حیرہ میں ایک شاہی عمارت۔
* قَصْرِ فُلُوْس : الجزائر میں وَہران (اُوران) کے قریب ایک شہر۔
* قَصْرِ قَرَنْبَا : خراسان یا مَرْو میں ایک موضع۔
* قَصْرِ قُضَاعَة : نواحِ بغداد میں ایک گاؤں۔
* قَصْرِ قَيْرُوَان : تونس میں قیروان کے پاس ایک محل۔
* قَصْرِ كُتَامَة : جزیرۂ خضراء (اندلس) میں ایک شہر۔
* قَصْرِ كِنْكِوَر : نواحِ دینور میں ایک عمارت۔
* قَصْرِ كُلَيْب : مصرِ صعید میں نیل کے مشرقی کنارے پہ ایک بستی۔
* قَصْرِ كَنْكُوَر : ہمدان و کرمان شاہ کے درمیان ایک قصبہ۔
* قَصْرِ كُوفَة : نواحِ کوفہ میں ایک بستی۔
* قَصْرِ لُصُوْص : قصرِ کنکور کے پاس ایک موضع۔
* قَصْرِ مَصْمُوْدَة : مغرب (الجیریا یا مراکش) میں ایک عمارت۔
* قَصْرِ مُقَاتِل : عین التمر اور شام کے درمیان ایک محل۔
* قَصْرِ مِلْح : سوادِ کرمان میں ایک شہر۔
* قَصْرِ مَيْدَانِ خَالِص : بغداد میں ایک عمارت۔
* قَصْرِ نَفِيْس : مدینہ سے دو میل پہ ایک قصر۔
* قَصْرِ نَوَاضِخ : صحرائے بصرہ میں ایک عمارت۔
* قَصْرُ الْوَضَّاح : بغداد کے قریب مہدی کا ایک محل۔
* قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَة : یزید بن عمر بن ہبیرہ نے بنو اُمیّہ کے آخری خلیفہ "مروانِ ثانی" کے زمانے میں

عراق کا گورنر تھا۔ کوفہ کے قریب فرات
کے کنارے ایک شہر اور اپنے لیے ایک محل
بھی بنوایا تھا۔

قَصْرِیَانَہْ : سسلی میں ایک شہر۔

قَصْعَہْ : عراق میں شام کے قریب ایک موضع۔

قَصْوَانْ : تَیم اللہ بن ثعلبہ بن بکر کی
بستیوں یا بنو سعد بن زید مناۃ بن تمیم کی
زمین میں ایک موضع۔

قُصُورِ حَسَّانْ : افریقیہ میں چند عمارات
جو دورِ اُمیّہ کے ایک سپہ سالار حسّان بن نعمان
غسانی نے بنوائی تھیں۔

قُصُورِ خَیْرِیْن :

قَصَّہْ : زُبالہ اور شُقُوق کے درمیان ایک
موضع۔

٭ طے کے ایک پہاڑ اِجَأ میں بنو طریف کا ایک
پانی، جو ذوالقَصَّہ کے نام سے مشہور ہے۔ یا

٭ طے میں کوہِ سَلمٰی کی ایک شاخ۔ یا

٭ مدینہ اور رَبَذہ کی راہ پر مدینہ سے چوبیس
میل دور ایک موضع۔

قَصِیْبَہْ : یمامہ میں تیم۔ عدی۔ عُکل اور
ثور کا ایک شہر یا خِطّہ۔

٭ مدینہ و خیبر کے درمیان ایک وادی۔ یا

٭ یمامہ میں بنو امرءالقیس کا ایک گاؤں۔

قُصَیْر : قصر (محل) کی تصغیر۔ کئی مقامات
قُصَیر کہلاتے ہیں۔ مثلاً :

٭ سوادِ اُردن میں قُصَیرِ معین الدین۔

٭ حمص و دِمشق کے درمیان ایک منزل۔

٭ عَیذاب کے قریب ایک موضع۔ اور

٭ مصر میں ایک مقام۔

قَصِیْص : اِجأ میں ایک پانی۔

قَصِیْعَہْ : مصر کی دو بستیاں :-

٭ ایک مصرِ شرقی میں۔ اور

٭ دوسری سمنودیہ میں۔

قَصِیْم : وادیِ فَلْج کی راہ پر ایک موضع۔ یا

٭ نباج کے قریب ایک قصبہ۔ یا

٭ بنو عبس کا ایک ریتلا خِطّہ جو وادیِ رُمّہ
سے مُتّصل تھا۔

قَصِیْمَہْ : یمامہ میں ایک ریتلا خِطّہ۔

قِصَنَہْ : یمامہ کے ایک پہاڑ (عارض)
میں ایک گھاٹی۔

قَضِیْب : تہامہ میں ایک وادی۔

قَط : رملہ و بیت المقدس کے درمیان ایک قصبہ۔

قَطَابَہْ : مصر میں ایک گاؤں۔

قَطَّار : شاید نجد میں ایک پانی۔

قَطَالِیَہْ : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔

قَطَانِقَان : سَرَخس کی ایک بستی۔

قَطَانِیَہْ : سسلی میں ایک شہر۔

قَطَایِط : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

قَطَائِع : غربی بغداد میں ایک موضع۔

قُطُب : وادیِ عقیق میں ایک موضع۔

قُطَبِیَّہْ : جبلِ سُواج میں ایک گڑھا۔ یا
جوہڑ۔ جس پر بنو ابوبکر بن کلاب کی ایک
شاخ بنو زنباع قابض تھی۔

قُطْر : ابرہ اور واسط کے درمیان ایک موضع۔

قَطَر : بحرین کے جنوب عرب کی ایک
ساحلی ریاست۔

قُطْرَبُّل : بغداد اور عُکبرا کے درمیان
ایک گاؤں۔ جو عمدہ شراب کی وجہ سے

مشہور تھا۔ یا
* بغداد کے قریب ہی دریائے صَراۃ کے مشرق میں ایک آبادی۔ اس دریا کی مغربی آبادی بادوریا کہلاتی تھی۔

قَطْرَسَانِيَة : سوادِ اشبیلیہ میں ایک شہر۔

قَطْرَغَاش : مصیصہ کے قریب ایک قلعہ۔

قُطْرُونِيَة : روم کا ایک شہر۔

قَطْرِيَة : نواح یمامہ میں ایک بستی۔

قَطُفْتَا : غربی بغداد میں ایک محلّہ، جہاں حضرت معروف کرخی دفن ہیں۔

قُطْقُطَانَة : کوفہ کے قریب طَف میں ایک موضع۔

قَطَن : نجد میں بنو اَسد کا ایک پہاڑ۔

اصمعی لکھتا ہے کہ :

قَطَن بنو عَبس کا ایک پہاڑ ہے جس سے کئی چشمے نکلتے تھے۔

ایک رائے یہ ہے کہ :

یہ پہاڑ اُثال اور بطنِ رُمّہ کے درمیان واقع ہے۔

ایک اور رائے یہ ہے کہ :

یہ (پہاڑ) فَید کی جانب بلادِ اَسد میں ہے۔ نیز

* ارضِ قَسریّہ میں ایک موضع۔

قَطَنَا : دمشق کا ایک گاؤں۔

قَطْوَان : کوفہ کا ایک موضع۔

قُطُور : مغربی مصر کا ایک شہر۔

قُطَيَّات : حمیٰ ضریّہ میں بنو جعفر بن کلاب کی چند پہاڑیاں۔

قَطِيعَة : لغوی معنی : جاگیر۔ جو حکومت کی طرف سے کسی کو عطا ہو۔ تاریخ میں ایسی کئی جاگیروں کا ذکر ملتا ہے۔ مثلاً :-

* **قَطِيعَةُ إِسْحَاق** : بغداد میں کرخ کے قریب ایک محلّہ، جو منصور عبّاسی نے محمد بن علی بن عبد اللہ بن عباس کے ایک مولیٰ اسحاق کو عطا کر دیا تھا۔

* **قَطِيعَةُ أُمِّ جَعْفَر** : بغداد میں باب التبن کے قریب ایک محلّہ، جو منصور عبّاسی کی پوتی زُبیدہ بنت جعفر بن منصور کی طرف منسوب تھا۔

* **قَطِيعَةُ بَنِي جِدَار** : بنو جدار خزرج کی ایک شاخ تھی۔ جو بغداد میں رہتی تھی، اور یہ محلّہ اسی کی طرف منسوب تھا۔

* **قَطِيعَةُ الرَّبِيع** : بغداد کا ایک محلّہ۔ جو خلیفہ منصور کے ایک حاجب ربیع بن یُونس کی طرف منسوب تھا۔

* **قَطِيعَةُ الرَّقِيق** : بغداد میں ایک محلّہ۔

* **قَطِيعَةُ رَيسَانَة** : بغداد میں باب الشعیر کے قریب ایک محلّہ۔

* **قَطِيعَةُ زُهَير** : غربی بغداد میں خراسان کے ایک سپہ سالار زہیر بن محمد ابی وَرْدی کی طرف منسوب ایک محلّہ۔

* **قَطِيعَةُ الْعَجَم** : بغداد میں ایک محلّہ۔

۰ **قَطِيعَةُ العَكِّيْ** : بغداد میں بصرہ اور باب کوفہ کے درمیان منصور عباسی کے ایک سپہ سالار (مقاتل بن حکیم ..... بن عک بن عدنان کی طرف منسوب ایک محلہ۔

۰ **قَطِيعَةُ عِيسَىٰ** : بغداد ہی کا ایک محلہ۔ جو عیسیٰ بن علی بن عبد اللہ کی طرف منسوب تھا۔

۰ **قَطِيعَةُ الفُقَهَاءِ** : بغداد کا ایک محلہ۔

۰ **قَطِيعَةُ اَبِي النَّجمِ** : بغداد کا ایک محلہ۔ جس میں ابو النجم (ایک خراسانی سپہ سالار) رہتا تھا۔ اس کی بیٹی ابو مسلم خراسانی کی بیوی تھی۔

۰ **قَطِيعَةُ النَّصَارَىٰ** : بغداد میں نہر طابق کے کنارے ایک محلہ۔

قَطِيفُ : بحرین کا ایک اہم شہر۔

قُطَّيفَةُ : دمشق اور حمص کے درمیان ایک قریہ۔

قُطَينُ : یمن کا ایک گاؤں۔

قَطِيَةُ : شمالی سینا میں فرما کے قریب ایک ساحلی شہر۔

قُطَيتُ : جبالِ طے اور تیمار کے درمیان ایک آبی ذخیرہ۔

قِعَاشُ : مدینہ اور خیبر کے درمیان کوہِ رقیبہ کی ایک شاخ۔

قَعَاقِعُ : پتھریلی زمین۔ ارضِ عجلان میں ایسے کئی خطے تھے۔

قَعَبَةُ العَلَمِ : شام کی طرف ایک وسیع صحرا (بُسَيطَةُ) کے مغرب میں ایک اونچا پہاڑ۔

قَعرُ : کہستانِ ذرہ (ارضِ سُلَیم) میں ایک بستی۔

قَعرَةُ : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

قَعقَاعُ : نواحِ یمامہ اور بحرین میں ایک سخت زمین۔

قَعمَةُ : یمن میں ذمار کی ایک بستی۔

قُعَيقِعَانُ : سوادِ مکہ میں ایک پہاڑ۔ نیز ۰ رکنِ عراقی کے پاس ایک بستی۔ اور ۰ اہواز کے پاس ایک پہاڑ۔

قُفُّ : مدینہ کے قریب ایک وادی۔ نیز ۰ بابل میں ایک موضع۔

قُفَاعَةُ : یمن میں صعدہ کے قریب بنو منمر بن کرارہ بن خولان کی ایک بستی۔

قُفسُ : کرمان کا ایک پہاڑ۔

قُفصُ : کوہ قُفس۔ نیز بغداد کے قریب عُکبرا کی طرف ایک گاؤں۔

قَفصَةُ : قیروان سے تین یوم کی مسافت پر تونس میں ایک قصبہ۔

قِفطُ : مصر میں اسوان سے مشرق کی طرف ایک شہر۔

قُفلُ : یمن میں ایک قلعہ۔

قَفَلُ : بُستانِ ابنِ عامر سے مکہ تک کا راستہ سُرخ پہاڑیوں سے گزرتا ہے۔ یہ قفل کہلاتا ہے۔

قَفِيرُ : شام کی راہ پر ارضِ عُذرہ میں ایک پانی۔

قُلَاتُ : دیارِ اسد (نجد) میں ایک پہاڑ یا یمامہ کی ایک وادی جس میں بنو نمر رہتے تھے۔

قُلَاخ : یمن اور مکہ کے درمیان ایک موضع۔
قِلَادَہ : تُبلیہ کا ایک پہاڑ۔
قِلَاط : دَیلَم میں ایک پہاڑی قلعہ۔
قُلَایَۃُ الْقَسّ : حِیرہ میں ایک کلیسا۔
قَلْب : نجد میں عامر بن عُقَیل کا ایک پانی۔
قَلْب : نجد کا ایک پہاڑ۔ اور
* ارضِ سُلیم میں ایک پانی۔
قُلَیبَیْن : شاید دمشق کا ایک قریہ (بستی)
قَلْت : شام میں ایک مقام یا گڑآں۔
قَلْتَاْن : جزیرۂ ابنِ عمر کی سرحدوں پر کوئی مقام۔
جسے دَرْبُ الْقَلْتَین بھی کہتے ہیں۔
قَلْتُ ہِبل : یمامہ کے ایک پہاڑ "عارِض" کی
ایک چوٹی پر ایک غار یا گڑآں۔
قُلْتَہ : اِخمیم کے قریب جنوب مشرقی مصر
میں ایک گاؤں۔
قَلْتَیْن : یمامہ میں ایک قریہ۔
قِلْجَاخ : زَبید کے قریب ایک پہاڑ۔
قَلْخ : بلادِ بنو اَسد (نجد) میں ایک
چٹان۔ یا ٹیلہ۔
قِلِّز (کِلِّز) : بلادِ روم میں سُمیساط کے
قریب ایک چراگاہ۔ نیز
* سوادِ حلب میں ایک بستی۔
قُلْزُم : عرب اور افریقہ کا درمیانی سمندر۔
جو خلیج عدن سے نہرِ سویز تک پھیلا ہوا ہے۔
اس کا طول تقریباً ساڑھے چودہ سو میل ہے۔
اور عرض زیادہ سے زیادہ اڑھائی سو میل۔
کہتے ہیں کہ :
"قلزم ساحلِ مصر پر ایک بارونق شہر تھا۔
جس کی نسبت سے یہ سمندر بھی قلزم کے نام
سے مشہور ہو گیا۔ اس کے مشرقی ساحل پر :
* زَبِید
* جِدَّہ
* یَنْبُوع اور
* مَدْیَن ہیں۔
اور مغربی پر :
* مِصر
* سُوڈان اور
* حبشہ کے شہر اور گاؤں۔
* غرناطہ کا ایک دریا بھی قلزم کہلاتا تھا۔
قَلَس : جزیرۂ ابنِ عمر میں ایک موضع۔
قَلَسَانَہ : اَندَلُس میں ایک علاقہ۔
قَلْشَانَہ : اِفریقیہ میں ایک شہر۔
قَلْعَہ : صحرائے شام میں ایک موضع۔ یا
* حُلوان (عراق) کے قریب ایک بستی۔
قَلْعَہ : شام میں ایک پہاڑ۔
* اَندَلُس میں قرطبہ کے قریب ایک ولایت۔
* یمن میں ایک موضع۔ اور
* مختلف مقامات پر دفاعی تعمیرات۔ مثلاً :۔
* قَلْعَۃُ اَبُوالْحَسَن : شام میں
صَیدا کے قریب ایک قلعہ۔
* قَلْعَۃُ اَبُوطَوِیل : تُونس میں
قیروان کے قریب ایک حصار۔
* قَلْعَۃُ اَیُّوب : سوادِ سَرقُسطہ
(اَندَلُس) میں ایک شہر۔
* قَلْعَۃُ لَاْن : ارمینیہ میں
ایک حصار۔
* قَلْعَۃُ بُسْر : قیروان کے
پاس ایک قلعہ۔

٭ **قَلْعَةُ حَمَّادْ** : الجزائر میں بنو حماد کے پوتے سلطان بُلکّین بن محمد بن حمّاد کا بنوایا ہُوا ایک قلعہ۔

٭ **قَلْعَةُ جَصّ** : سواد ارّجان (فارس) میں ایک حِصار۔

٭ **قَلْعَةُ جَعْبَرْ** : صِفّین کے سامنے لبِ فرات ایک قلعہ۔

٭ **قَلْعَةُ رَبَاحْ** : اُندلس میں ایک قلعہ۔

٭ **قَلْعَةُ رُوْمْ** : فرات کے غربی کنارے پر سمیساط اور بیرہ کے درمیان ایک حصار۔

٭ **قَلْعَةُ نَجْمْ** : مَنْبج سے چار فرسخ پر لبِ فرات ایک قلعہ۔ جس کے پاس ہی ایک پُل تھا۔ جس سے حرّان کے قافلے شام میں داخل ہوتے تھے۔

٭ **قَلْعَةُ یَحْصَبْ** : اُندلس میں ایک قلعہ۔

قِلْفَاوْ : جنوبی مصر میں نیل کے مغربی کنارے پہ ایک بستی۔

قَلَمُوْنْ : دمشق میں ایک قلعہ یا مقام۔

قَلَمْیَهْ : طرسُوس کے قریب ایک علاقہ۔ اور ترکی میں ایک شہر۔

قَلَنْدُوْش : سَرَخس (خراسان) کی ایک بستی۔

قَلَنْسُوَہْ : رَملہ (فلسطین) کے پاس ایک قلعہ۔

قَلَوْذِیَہْ : ملاطیہ (ترکی) کے قریب ایک قلعہ۔

قَلَوْش : سوادِ رَے میں ایک گاؤں۔

قَلَوْسَنَا : رَے سے دس فرسخ دُور ایک گاؤں۔

قَلَوْنِیَہْ : تُرکی میں ایک شہر۔

قَلَهَیٰ : مدینہ کی ایک وادی میں ایک بستی۔ نیز ایک پانی۔

قَلَهَیّٰ : مدینہ کے قریب ایک غار۔ جس میں سعدؓ بن ابی وقّاص نے شہادتِ عثمانؓ کے بعد پناہ لی تھی۔

قِلْهَاتْ : عُمان کا ایک ساحلی شہر۔

قَلْ هُرَّہْ : اُندلس کا ایک شہر۔

قَلِیْبْ : شُرَبّہ میں ایک پہاڑ۔

قُلَیْبْ : بنو نُمیر کی ایک شاخ بنو ربیعہ کا ایک پانی۔

قُلَیْبْ : نجد میں بنو اسد کی ایک شاخ بنو نصر بن قعین کا ایک پانی۔

قُلَیْسْ : وُہ معبد جو یمن کے ایک بادشاہ ابرہہ بن الصّباح نے کعبہ کے مقابلے میں بنایا تھا۔ اِس پر قبائلِ عرب برافروختہ ہوگئے اور بنو فُقَیم بن عدی (شاخِ قریش) کا ایک آدمی اِس معبد میں داخل ہوگیا۔ وہیں حاجاتِ ضروریہ سے فارغ ہُوا اور دیواروں پہ پیشاب کر دیا۔ جب ابرہہ کو یہ معلوم ہُوا کہ "مجرم" کا تعلق قریش سے تھا۔ تو اُس نے کعبہ پہ حملہ کردیا اور پرندوں نے کنکروں سے اُسے اور اُس کی فوج کو تباہ کر دیا۔

قُلَیْعَہْ : حجاز میں غضاض سے تین میل دُور ایک موضع۔ نیز بحرین میں عبدالقیس کی ایک بستی۔

قُمّ : طہران اور کاشان کے وسط میں ایک شہر۔

قَمَاذَیْ : بحرین میں عبد القیس کا ایک گاؤں۔

قِمَراطَۃ : الجزائر یا مراکش کا ایک شہر۔

قُمْرَاذُ : سوادِ خزران کی ایک نواحی بستی۔

قُمَامَۃ : بیت المقدس میں ایک کلیسا۔

قَمَر : مصر کا ایک گاؤں۔

قَمَعَۃ : یمن میں ایک قلعہ۔

قَمْلَاذَن : سوادِ زبید (یمن) میں ایک شہر۔

قِمَن : مصرِ صعید کا ایک گاؤں۔

قَمُوْص : خیبر کا ایک پہاڑ۔

قَمُوْلَۃ : مصرِ صعید میں نیل کے مغربی کنارے پہ ایک قصبہ۔

قَمُوْنِیَۃ : تونس میں ایک شہر جس کے کھنڈروں پہ قیروان تعمیر ہوا تھا۔

قَمِیْز : سوادِ تفلیس (ارمینیہ) میں ایک قصبہ۔

قُمَیْع : یمامہ میں بنو امرؤ القیس بن زید مناۃ کا ایک پانی۔

قِنْ : بنو فزارہ کی ایک بستی۔

قَنْ : ارضِ طے میں جبلِ اجأ کی ایک شاخ۔

قِنَا : مصرِ صعید میں قوص سے ایک یوم کی مسافت پر ایک شہر۔

قِنَا : سوادِ شہر زور (غربی ایران) میں ایک علاقہ۔

قُنَّا : سوادِ نہروان میں صافیہ کے قریب ایک کلیسا جو دیرِ قُنّی کے نام سے مشہور ہے۔

قَنَا : یمن میں ایک موضع۔ بَنُو قُشَیْر کا ایک پانی۔

٭ حاجر کے شمال میں ایک پہاڑ۔ نیز

٭ بنو مُرّہ کا ایک پہاڑ۔

قُنَابَۃ : مدینہ میں اُحَیْحَۃ بن جُلَاح کا ایک ٹیلہ۔

قَنَات : سنجار کے قریب ایک علاقہ۔ اور

٭ مدینہ اور طائف کے قریب ایک ایک ندی۔

قُنَاذ : مشرقی واسط کے قریب ایک موضع۔

قَنَادِر : اصفہان کا ایک محلہ۔

فَنَارِز : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

قَنَاطِر : اصفہان کا ایک محلہ۔ یا ایک نواحی گاؤں۔ نیز

٭ حجاز میں ایک موضع۔

قَنَاطِر بَنِی دَارا : کوفہ کے قریب ایک موضع۔

قُنَافِیَۃ : قادسیہ کے قریب ایک پانی۔

قَنَان : سمیراء کے قریب ایک پہاڑ۔ جس میں بنو اسد کا ایک چشمہ تھا۔

قَنَایَۃ : عراق میں ایک دریا یا نہر۔

قُنْبُع : دیارِ غنی میں ایک پہاڑ۔

قُنْبَۃ : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

قَنْبِیَۃ : اندلس میں اشبیلیہ کے قریب ایک بستی۔

قَنَبَان : سوادِ قرطبہ میں ایک گاؤں۔

قَنْتِیش : سوادِ طلیطلہ میں وادی الحجارہ کے قریب ایک پہاڑ۔

قَنْدِمَسْتَن : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

قِنْدِل : بصرے میں ایک موضع۔

قَنْدَھَارْ : کابل کے جنوب مغرب میں ایک شہر۔
قِنَّسْرِیْن : حمص کے متصل ایک گاؤں۔
قُنْصُلْ : یمن کا ایک قلعہ۔
قَنْطَرَۃُ اَرْبُق : اہواز میں ایک بستی اربک کے پاس ایک پل۔
قَنْطَرَۃُ بَرَدَانْ : بردان (بغداد میں ایک محلہ) کا پل۔
قَنْطَرَۃُ جَدِیْدَہْ : بغداد میں ایک پل۔ جو دریائے صراۃ پر بنایا گیا تھا۔
قَنْطَرَۃُ خُرَّزَاذ : خُرّزاذ۔ اردشیر (ساسانی خاندان کا بانی) کی ماں کا نام تھا۔ اُس نے دو پل بنوائے تھے۔
* ایک اہواز میں۔ اور
* دوسرا ایذج اور رباط کے درمیان۔
یہ دونوں خُرّزاذ کی طرف منسوب تھے۔
قَنْطَرَۃُ سِنَانْ : یہ پل دمشق میں باب توما کے پاس تھا۔
قَنْطَرَۃُ الشَّوْکْ : غربی بغداد میں نہر عیسیٰ پر ایک پل۔
قَنْطَرَۃُ مَعْبَدِیْ : غربی بغداد میں ایک پل۔
قَنْطَرَۃُ نُعْمَانْ : کرمان شاہ کے پاس ایک پل جو حیرہ کے ایک بادشاہ نعمان بن منذر نے بنوایا تھا۔ ایک مرتبہ نعمان کسریٰ سے ملنے گیا۔ تو اس دریا سے گزرنا پڑا۔ یہ بہت گہرا اور دشوار گذار تھا۔ اس لیے اُس نے اپنے خرچ سے پل بنوا دیا۔
قَنْطَرَۃُ نِیْشَاپُوْرْ : نیشاپور کا ایک محلہ۔

قَنَعْ : ثعلبیہ اور جبل مُرنج کے درمیان ایک پانی۔
قِنَعْ : یمامہ میں بنو سعد بن زید مناۃ کا ایک پانی۔
قُنْفُذَہْ : بنو نمیر (یمامہ) کا ایک پانی۔
قَنَوَانْ : بنو مُرّہ (یمامہ) کے دو پہاڑ۔
قَنُوْنَا : جبال سراۃ کی ایک ندی۔ جو یمن کے قریب سمندر میں گرتی ہے۔
قُنُوْہْ : بلادِ کرد میں ایک موضع۔
قُنَّہْ : بصرہ اور مدینہ کی راہ پر حومانۃ الدّرّاج کے قریب ایک منزل۔
* بنو اسد کا ایک پہاڑ۔ نیز
* حجر (گاؤں) کے قریب ایک پہاڑی۔
* حمیٰ ضریّہ میں ایک وادی قُنّۃُ الحُمُر کہلاتی ہے۔
* قُنّۃُ اِیَاد دیارِ ازد میں ہے۔ اور
* قُنّۃُ الحجاز مکہ اور مدینہ کے درمیان۔
قُنَیّ : علاقۂ زُبیب (یمامہ) میں ایک بستی۔
قُنَیْعْ : نجد میں دیارِ ابو بکر اور بنو جعفر کے درمیان ایک پانی۔ یا
* ضمر اور ضائن کی طرف بنو قریط (نجد) کا ایک پانی۔
قُنَیْعَہْ : ثعلبیہ اور خزیمیہ کے درمیان ایک تالاب۔
قُنَیَّاتْ : حرم مکہ میں ایک موضع۔
قُنَیْنَاتْ : بلادِ بنو تغلب میں ایک گڑھا۔
قَوّ : نباج اور مدینہ کے درمیان یا یمامہ اور ہجر کے درمیان ایک وادی۔
قَوَادِمْ : بلادِ غطفان میں ایک موضع۔
قَوَادِیَانْ : ترمذ کے قریب لبِ جیحوں ایک

شہر۔ نیز علاقہ۔

قَوَارَة : بصرہ اور مدینہ کے درمیان ایک سرسبز مقام۔ یا

٭ بنو یربوع کا ایک پانی۔

قَوَارِیر : زَبید کا ایک قلعہ۔

قَوَاصِر : فسطاط اور فرما کے درمیان ایک مقام۔

قَوَاعِل : تنوف (ارضِ طے میں ایک موضع) کے قریب چند پہاڑیاں۔

قَوَایِم : نجد میں ابوبکر بن کلاب کے چند پہاڑ۔

قَوبَع : وادیٔ عقیق میں ایک موضع۔

قَوبَنجَان : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔

قَودَم : ارضِ جُہینہ میں ایک پہاڑ۔

قَوز : یمن میں دثلوہ کی جانب ایک پہاڑ۔

قَورَا : مدینہ کے پاس ایک موضع۔

٭ کوفہ کے قریب ایک خطہ اور نہر۔

قَورَان : سوارقیہ سے ایک فرسخ دور ایک وادی یا ندی۔ اور

٭ بلادِ سُلیم میں ایک موضع۔

قُورَج : قاطول اور بغداد کے درمیان ایک دریا۔

قُورَس : سوادِ حلب میں ایک شہر اور علاقہ۔

قُورِین : جزیرۂ ابنِ عمر کا ایک شہر۔

قَوش : حجاز کی ایک وادی۔

قَوسَا : جبالِ سراۃ میں ایک قصبہ۔

قُوسَان : واسط اور نعمانیہ کے درمیان ایک علاقہ۔ نیز دریاچہ

قُوسَنیَا : قاہرہ اور اسکندریہ کے درمیان ایک علاقہ۔

قُوص : مصر میں قفط کے قریب ایک شہر۔

قَوصَرَة : سسلی کے جنوب میں ایک جزیرہ جسے آج کل قُثیرہ (یا کُتیرہ) کہتے ہیں۔

قَوصَقَم : مصرِ صعید میں نیل کے غربی کنارے پر ایک گاؤں۔

قُوط : بلخ کی ایک بستی۔

قُوفَا : سوادِ دمشق کی ایک آبادی۔

قُوفِیل : نابلس کے قریب ایک بستی۔

قُولُو : نیشاپور کا ایک محلہ۔

قُومِس : طبرستان میں ایک علاقہ جس کا مشہور شہر دامغان ہے۔ نیز

٭ اندلس میں ایک صوبہ۔

قُومَسَان : سوادِ ہمدان کا ایک علاقہ یا قصبہ۔

قُومَسَة : اصفہان کی ایک نواحی بستی۔

قُونَجَة : اندلس میں ایک مقام۔

قُونَکَة : اندلس میں ایک شہر۔

قُونِیَة : طرسوس کے مغرب اور اناطولیہ کے شمال میں ترکی کا مشہور شہر جہاں رومی، شمس تبریز اور افلاطون (بہ روایتے) دفن ہیں۔

قُوهَذ : رَے کے قریب دو بستیاں۔ جن میں سے ایک عُلیا اور دوسری سفلی کہلاتی ہے اور دونوں میں ایک فرسخ کا فاصلہ ہے۔

قُوهِستَان : لغوی معنی :۔ سلسلۂ جبال۔ ایسے سلسلے دنیا کے ہر ملک میں ہیں۔

٭ ایک سلسلہ ہرات سے ہمدان تک پھیلا ہوا ہے۔

٭ کرمان میں قُوهِستَانِ اَبی غانم ایک شہر بھی ہے۔

قُوهیَار : طبرستان میں ایک گاؤں۔

قُوَيْرَة : یمامہ میں ایک پہاڑی۔

قُوَيْق : حلب کے قریب ایک دریا جو سبتات (دابق) کے پاس سے نکل کر قِنّسرین سے بارہ میل آگے ایک دلدل میں ختم ہو جاتا ہے۔

قُوَيْلِيَة : سلمیٰ (طے) کے قریب جبلِ رُمان میں ایک گاؤں۔

قُوَيْنِصَة : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔

قِہَا : رَے اور قزوین کے درمیان ایک گاؤں۔ اور
- خوار اور رَے کے مابین ایک علاقہ۔

قِہَاب : سوادِ اصفہان میں ایک وسیع علاقہ۔

قَہْج : ہمدان کے قریب علاقۂ اَعلَم میں ایک بستی۔

قِہْجَاوَرْسَان : اصفہان کے قریب ایک گاؤں۔

قَہْر : حجاز کے وہ نشیبی علاقے جو نجد سے متصل ہیں۔

قَہَز : عراق کا نشیبی حصہ۔

قَہْقُور : ماسبذان میں ایک وادی۔

قَہْوَان : عُمان کا ایک پہاڑ۔

قَہْقُوہ : مصرِ صعید میں ایک علاقہ۔

قَہَنْ دِز : کُہَن دِز (پرانا قلعہ) کی تحریف۔ مُراد بڑے بڑے شہروں کے قلعے۔ مثلاً :
- سمرقند
- بُخارا
- بلخ
- مَرْو اور
- نیشاپور وغیرہ کے قلعے

کُہَن دِز کہلاتے ہیں۔

قِيَا : سوارقیہ (نجد) کے قریب ایک آبادی۔

قَيَار : رقّہ اور رُصافۂ ہشام بن عبدالملک کے درمیان ایک موضع۔
- بغداد میں ایک محلّہ۔ اور
- فُرات کی ایک گھاٹ۔

قَيَارَة : واسط سے دو منزل پر مکّہ کی طرف بنو عجل کا ایک گاؤں۔ نیز
- موصل میں گندھک کا ایک چشمہ۔

قَيَاض : نواحِ بغداد میں ایک موضع۔ اور
- کوفہ و شام کے درمیان ایک مقام۔

قِيَاض : یمن میں تعِز اور زَبِیدہ کے درمیان ایک قلعہ۔

قِيَال : بادیۂ شام میں ایک پہاڑ۔

قَيْبَار : انطاکیہ کے قریب ایک قلعہ۔

قَيْدَة : نجد میں بنو طُفیل یا عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

قَيْرَكُون : مُکران کا سب سے بڑا شہر۔

قَيْرَوَان : تُونس میں سُوسہ سے مغرب کی طرف ایک اہم شہر۔

قَيْس : مصر میں ایک علاقہ۔

قَيْسَارِيَة : سیواس کے جنوب میں تُرکی کا ایک شہر جس کا موجودہ نام KAYSERI ہے۔

قَيْشَاطَة : اُندلس میں ایک شہر۔

قَيْصُومَة : بصرہ اور حَفَرین کی راہ پر فَید کے مشرق میں شُجَیرہ کے سامنے ایک پانی۔

قَيْطُون : تونس میں ایک قصبہ۔

قَيْظ : مکّہ کے قریب سُوقِ نخلہ سے چار میل دُور ایک موضع یا پہاڑ۔

قَيْنَطَان : یمن میں ذُو جبلہ کے قریب ایک بستی۔

قِيْقَاءُ : نجد کی ایک وادی۔

قِيْقَانُ : حلب کے قریب ایک ٹیلہ۔ نیز بہ طبرستان کے قریب چند بستیاں۔

قَيْقَانُ : یمن میں ایک قلعہ۔

قِيْلُوْيَهْ : لب نیل مُظَفّر آباد کے قریب مصر میں ایک گاؤں۔

قَيْلَهْ : صنعاء کا ایک قلعہ۔

قَيْشَمُرُ : موصل اور خلاط کے درمیان ایک قلعہ۔

قَيْمُوْنُ : رَملہ (فلسطین) کے قریب ایک قلعہ۔

قَيْنُ : بنو فزارہ (نجد) کا ایک پانی۔ اور بہ یمن میں عَثَر کی ایک بستی۔

قَيْنَانُ : سَرَخس کی ایک بستی۔

قَيْنُقَاعُ : یہودیانِ مدینہ کی ایک شاخ۔ جن کا محلہ سُوقِ قَیْنُقَاع کہلاتا تھا۔

قَيْنَهْ : دِمشق کی ایک نواحی بستی۔

قَيْوَانُ : بلادِ خَولان (یمن) میں صَعدہ کے پاس ایک موضع۔

ک

کَابُلْ : افغانستان کا دارالحکومت۔

کَابَہْ : زباج کے قریب ایک پانی۔ یا

۞ بلادِ تمیم میں ایک موضع۔

کَاث : جیحون سے مشرق کی طرف نواحِ خوارزم میں ایک شہر۔

کَاجْ : اِصفہان کا ایک قریہ (گاؤں)۔

کَاجَرْ : سوادِ نسف میں ایک بستی۔

کَاخُشْتُوَانْ : ماوراءُ النہر میں بخارا کا ایک گاؤں۔

کَاذَہْ : بغداد کی ایک بستی۔

کَارْ : اصفہان کی ایک آبادی۔

کَارِزْ : نیشاپور کے پاس ایک گاؤں۔

کَارَزْنْ : سمرقند کی ایک بستی۔

کَارَزِیْنْ : صوبۂ فارس کا ایک شہر۔

کَارَہْ : بغداد کی ایک نواحی بستی۔

کَارِیَانْ : فارس کا ایک قصبہ۔

کَازَرْ : فارس میں شاپور کے قریب ایک مقام۔

کَازَرُوْنْ : شیراز کے جنوب میں ایک شہر۔

کَازَہْ : مَرو کی ایک بستی۔

کَازِیَازْکَاہْ : ہرات کا ایک پہاڑ نیز گاؤں۔

کَاسَانْ : شاش سے آگے سیحون کے مشرق میں ایک شہر۔

کَاسْکَانْ : کازرون کی ایک نواحی بستی۔

کَاسَنْ : ماوراءُ النہر میں نخشب کی ایک بستی

کَاشَانْ : اِصفہان اور رَے کے درمیان نیز ترکستان میں ایک شہر۔

کَاشْغَرْ : افغانستان کی شمال مشرقی سرحد سے کوئی دو سو میل پرے چینی تُرکستان کا ایک شہر۔

کَاشْکَنْ : بخارا کی ایک بستی۔

کَاظِمَہْ : بصرہ اور بحرین کے درمیان ساحلِ بحر پر ایک نشیب۔

کَافْ : ساحلِ شام پر جَبَلَہْ کے قریب ایک قلعہ۔

کَافِرْ : حِیرہ (عراق) کا ایک دریا۔ نیز بلادِ ہُذَیل میں ایک وادی۔

کَاکُدَمْ : مراکش میں ساحلِ اوقیانوس پر ایک شہر۔

کَاکَسْ : سوادِ واسط میں ایک گاؤں۔

کَاکَوَانْ : ہرات اور بادغیس کے درمیان ایک قلعہ۔

کَالَغْ سَانْ : مَرو کی ایک بستی۔

کَالِفْ : بلخ سے اٹھارہ فرسخ دُور جیحون کے کنارے ایک قلعہ۔

کَالِی نَکُوش : رَتّہ کا ایک نام ۔
کَامَدَذ : بخارا کی ایک بستی ۔
کَامِش : نجد میں ایک مقام ۔
کَامْفِیْرُوْز : فارس میں ایک موضع ۔
کَانِمَ : مراکش کا ایک شہر ۔
کَاوَاز : قزان کے جنوب میں ایک وسیع علاقہ ۔
کَاوخُوَارَہ : ایک نہر جو جیحون سے نکالی گئی تھی ۔
کَاوَدَان (کَاوَرْدَان) : طبرستان کا ایک گاؤں ۔
کَاهِلَہ : عمرو بن کلاب کا ایک پانی ۔
کَاهُوْن : کرمان کا ایک شہر ۔
کَبَاب : سوادِ یمامہ میں وادیٔ قرہ کا ایک پانی ۔
کَبَاث : جزیرۂ ابنِ عمر میں بنو تغلب کا ایک موضع، جہاں ایامِ جاہلیت میں منڈی لگتی تھی ۔
کَبْد : سماوہ (عراق) میں ایک موضع ۔ نیز
٭ نجد میں بکر بن کلاب کی ایک پہاڑی ۔ اور
٭ غنی کا ایک پانی ۔
کُبَر : ضیمرہ (عراق) کے پاس ایک پہاڑ ۔
کَبَر : خوزستان میں ایک علاقہ ۔
کَبْش : بغداد کی ایک وسیع شاہراہ ۔
کَبْشَات : حمیٰ ضریّہ میں مختلف قبائل مثلاً :-
٭ غنی
٭ بنو جعفر
٭ بنو ضباب
وغیرہ کی پہاڑیاں ۔
کَبْشَہ : جبلِ ریّان کی ایک چوٹی ۔
کَبْکَب : عرفات کے قریب نیز بلادِ ہُذیل میں ایک ایک پہاڑ ۔
٭ وادیٔ صفراء (بدر کے قریب) میں ایک درّہ ۔
٭ ایک کبکب عرج کے قریب بھی ہے ۔
کَبَنْدَہ : سوادِ نسف میں ایک منزل یا بستی ۔
کَبُوذ : سمرقند سے چار فرسخ دور ایک گاؤں ۔
کَبُوذَن جَکَث : سمرقند سے دو فرسخ پر ایک قصبہ ۔
کُبَیْب : خزیمہ (بلادِ طے) میں ایک پانی ۔
کُبَیْبَہ : سراۃ میں یمن کے ایک قبیلے خثعم کی ایک بستی ۔
کَبِیْرَہ : جیحون کے قریب ایک گاؤں ۔
کُبَیْسَہ : ہیت سے چار میل سماوہ کی طرف ایک چشمہ ۔
کُبَیْن : یمن میں سنحان کا ایک گاؤں ۔
کُتَانَاث : مَرْوذ اور بلخ کے درمیان ایک گاؤں ۔
کُتَانَتَان : جار (سوادِ مدینہ) کے پاس دو پہاڑیاں ۔
کُتَانَہ : نواحِ مدینہ میں آلِ جعفر بن ابی طالب کا ایک خِطّہ ۔ یا
٭ صفراء و اُثیل کے درمیان ایک چشمہ ۔
کَتَد : مکّہ کے پاس ایک پہاڑ ۔
کُتْمَان : ارضِ قیس میں ایک بستی ۔ یا
٭ نجران میں ایک وادی ۔
٭ بلادِ عُذرہ یا ارضِ جرم (بنو حارث بن کعب و بنو عُقیل) یا بلادِ عُقیل میں ایک پہاڑ یا مقام ۔
کُتَیْب : بحرین میں دو بستیاں :-

۱ : کتیبِ اکبر۔ اور
۲ : کتیبِ اصغر

کَتِیبَۃ : خیبر کا ایک قلعہ۔

کُتَیفَۃ : عبداللہ بن غطفان کی ایک وادی مُتَہّل نامی میں ایک پہاڑ۔ یا
٭ عمرو بن کلاب کا ایک پہاڑ۔

کَث : بخارا کی ایک بستی۔

کُثَاب : نجد میں ایک موضع۔

کُثَابَۃ : مدائنِ صالح میں ایک موضع جہاں وہ چٹان تھی جس سے ناقۂ صالح برآمد ہوئی تھی۔

کَثَب : ارضِ طے میں ایک وادی۔

کَثَّۃ : بخارا کا ایک گاؤں۔

کَثَۃ : علاقۂ اِصطخر کا ایک شہر۔

کَثِیب : بنو محارب (بحرین) کا ایک گاؤں۔

کَج : خوزستان کا ایک گاؤں۔

کَجَۃ : طبرستان میں ایک شہر۔ یا
٭ کُردایان کا ایک نام۔

کَحْلَان : یمن میں ذمار سے آٹھ اور صنعاء سے چوبیس فرسخ دور ایک قبائلی بستی۔

کُحْلَۃ : جُشَم بن معاویہ (عامر بن صعصعہ کی ایک شاخ) کا ایک پانی۔

کُحَیل : تکریت کے شمال مغرب میں لبِ دجلہ ایک شہر۔ نیز
٭ ہُذیل کی ایک بستی۔

کُدَی : اسفلِ مکہ میں ایک موضع۔

کَدَاء : مکۂ اعلیٰ میں ایک مقام جہاں سے حضور صلعم فتحِ مکہ کے روز داخل ہوئے تھے آپؐ کُدَیٰ سے باہر تشریف لائے تھے۔ ان مقامات کے تلفظ میں کچھ اختلاف ہے۔ بعض کے ہاں مقامِ خروج کُدَیٰ (بفتحِ کاف) تھا۔ اور اس بات میں بھی اختلاف ہے کہ حضور صلعم کہاں سے داخل ہوئے تھے۔ ایک حدیث کے مطابق کُدَیٰ سے داخل ہوئے تھے۔ لیکن زیادہ روایات کَدَاء کے حق میں ہیں۔

کُدَادَۃ : مَرْوت میں بنو یربوع کا ایک موضع۔

کُدَال : افریقیہ میں ایک پہاڑی علاقہ۔

کَدَد : عراق میں اُدارہ کے پاس ایک موضع۔

کَدَد : دیارِ سُلیم میں ایک مقام۔

کُدُر : اَرحضیۃ کے قریب ایک مقام۔ یا
بنو ثُوال یا بنو سُلیم کا ایک پانی۔

کَدْرَاء : وادیٔ سِہام (یمن) کا ایک شہر۔

کَدَک : سمرقند کا ایک علاقہ۔

کَدَم : صنعاء کے قریب ایک گاؤں۔

کَدَن : سمرقند کا ایک گاؤں۔

کَدِید : حجاز میں ایک موضع۔

کُدَیدَۃ : نجد میں ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔

کَذَج : آذربیجان میں ایک قلعہ نیز علاقہ۔

کُر : فارس میں ایک موضع۔
٭ ارمینیہ اور اران کے درمیان ایک دریا۔ جو تفلیس کے وسط سے گزرتا ہے۔

کِرَاء : طائف کے قریب ایک وادی، بیشہ یا گھاٹی۔

کَرَاث : ارضِ ہُذیل میں ایک وادی۔

کَرَاثَا : موصل اور جزیرۂ ابنِ عمر کے درمیان ایک بستی۔

کَرَاجِک : واسط کے پاس ایک بستی۔
کَرَاش : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔ یا
٭ نجد میں بنو دُہمان کا ایک چشمہ۔
کُرَاع : مدینہ اور مکہ کے درمیان عُسفان سے کچھ دُور ایک وادی۔
کَرَاغ : ہرات کا ایک دریا۔
کُرَان : سیراف (فارس) سے دس فرسخ دُور ایک گاؤں۔
کَرَان : اِصفہان کا ایک محلہ۔
٭ بلادِ بربر میں دریائے شلف پر ایک قلعہ۔ اور
٭ ترکستان میں تبت کی طرف ایک قصبہ۔
کِرَان : صحرائے عرب میں ایک موضع۔
کَرَانطَہ : ارضِ بربر میں ایک مقام۔
کَربُج : اہواز کے قریب ایک موضع۔
کَربَلاء : کوفہ کے پاس فرات کے کنارے امام حسینؓ کی شہادت گاہ۔
کُرثُمہ : بنو عذرہ کا ایک پتھریلا خطہ۔
کُرث : مراکش میں ایک شہر۔
کَرَج : ہمدان اور اصفہان۔ نیز ہمدان اور نہاوند کے درمیان اور رَے کے قریب ایک ایک قصبہ۔
کُرج : نصاریٰ کا ایک قبیلہ جو طبرستان کے پہاڑوں میں آباد تھا۔ ان لوگوں نے کچھ اقتدار حاصل کر لیا۔ اور رفتہ رفتہ ارمینیہ کو فتح کر لیا۔ ان کا دارالحکومت کُرج کہلاتا تھا۔
کَرخ : لغوی معنی ٭ محلہ۔
عراق میں کئی مقامات کَرخ کہلاتے تھے۔ مثلاً :-
۱ : کَرخِ بصرہ۔
۲ : کَرخِ بغداد۔
۳ : سامرا میں۔ کَرخِ جُدّان۔
۴ : کَرخِ رَقّہ۔
۵ : سوادِ عراق میں ایک علاقہ کَرخِ مَیسان کہلاتا تھا۔ اسی نام کا ایک گاؤں بحرین میں بھی تھا۔
۶ : سوادِ نہروان میں کَرخِ عَبرتا۔ اور
۷ : کَرخِ خوزستان۔
کَرخَایا : عراق میں نہرِ عیسیٰ کی ایک شاخ۔
کَرخِینی : عراق میں اربل کے قریب ایک قلعہ۔
کُرد : شمالی عراق کا ایک قبیلہ۔ نیز
٭ بیضاء کا ایک گاؤں۔ اور
٭ بَرذَعہ کے قریب ایک قصبہ۔
کُردَر : سوادِ خوارزم میں ایک علاقہ۔
کَردَشِیر : رَے اور قُم کے مابین ایک قلعہ۔
کَرد فَناخُسرَو : شیراز کے قریب ایک شہر۔
کَردِیز (گَردِیز) غزنی کے مشرق میں ایک علاقہ۔
کُرزُبَان : طالقان کے قریب ایک پہاڑی قصبہ۔
کَرزَین : نواحِ حلب، دریائے فرات اور البیرہ کے درمیان ایک قلعہ۔
کِرس : یمامہ میں ایک گاؤں۔
کَرسکَان : اِصفہان کا ایک گاؤں۔
کُرسِیّ : طبریہ کے قریب ایک گاؤں جہاں حضرت مسیحؑ نے اپنے حواریوں کو جمع کر کے تبلیغ کے لیے اِدھر اُدھر بھیجا تھا۔

کِرْش : واسط کا ایک نام۔ نیز
٭ زبید کا ایک قلعہ۔
کُرْعَۃ : یمن میں ایک گاؤں۔ جہاں سے (بہ روایتے)
حضرت مہدی کا ظہور ہوگا۔
کُرْفَۃ : بنو حنظلہ کی ایک بلند زمین۔
کَرْک : جبلِ لبنان کے دامن میں ایک بستی۔
کُرْکَانْ (گرگان) : جُرجان کا مفرّس۔ نیز سوادِ
کرمان شاہ اور فارس میں ایک
ایک قصبہ۔
کُرْکَانْج : شاید جُرجان ہی کا ایک نام ہو لیکن
یاقوت لکھتا ہے کہ سوادِ خوارزم میں اس نام
کے دو قصبے تھے :-
۱ : گُرگے اور
۲ : کُنفری۔
دونوں میں صرف تین فرسخ کا فاصلہ تھا۔
کَرْکَرْ : آذربیجان میں ایک شہر۔
٭ سوادِ بغداد میں ایک علاقہ۔
٭ ملاطیہ اور آمد کے مابین اور شمیساط کے
قریب ایک ایک قلعہ۔
کَرْکَس کُوْہ : رَے اور قم کے درمیان
ایک جنگل والا پہاڑ۔
کَرْکَنْت : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔
کَرْکُوْز : سُفاقس (تونس) کے
قریب ایک خطہ۔
کَرْکُوَیْہ : سیستان کا ایک شہر۔
کِرْکِیْن : بردان کے پاس سوادِ بغداد
کا ایک گاؤں۔
کَرْمَا : عراق میں تکریت کے سامنے
ایک گاؤں۔

کِرْمَان : فارس اور بلوچستان کے درمیان
ایک علاقہ۔ نیز
٭ سوادِ غزنی میں ایک شہر۔
کَرْمَجِیْن : نسف کی ایک بستی۔
کِرْمِل : فلسطین میں حیفہ کے قریب ایک پہاڑ۔
کَرْمِلِیْس : سوادِ موصل میں نینوے
کا ایک شہر۔
کِرْمَلَیْن : جبالِ طے میں ایک چشمہ۔
کُرْمَۃ : نواحِ یمامہ میں ایک موضع۔
کَرْمِیْنِیَہ : بخارا اور سمرقند کے
درمیان ایک قصبہ۔
کُرَمِیَّۃ : سوادِ موصل میں لبِ دجلہ ایک بستی۔
کَرْنَبا : نواحِ اہواز میں ایک موضع۔
کَرْنَبَۃ : سسلی میں ایک شہر۔
کُرْنَک : سیستان سے تین فرسخ
پر ایک شہر۔
کَرْنَۃ : اندلس میں ایک شہر۔
کَرَوَان : طوس کی ایک بستی۔
کَرْوَۃ : ہمدان کے قریب کوہِ اَرْوَنْد
میں ایک گھاٹی۔
کَرَۃ : کرج ہی کی ایک صورت۔
کَرُوْخ : سوادِ ہرات کا ایک قصبہ۔
کَرِیْت : ارضِ بنو یربوع میں گرود و غُیدہ کے
درمیان ایک موضع۔ نیز
٭ یونان کے جنوب میں ایک جزیرہ۔
کُرِیْث : طبس کے قریب ایک آبادی۔
کِرْیَوْن : اسکندریہ کے قریب ایک موضع۔
کَرِیَّۃ : دیارِ کلب میں ایک موضع۔
کَزَک : سجستان کا ایک دریا۔

کَرْنَا : مراغہ سے چھ فرسخ دور ایک قصبہ۔
کَرْزَنَه : اندلس میں ایک مقام۔
کَرْزَه : سوادِ سجستان میں ایک شہر۔
کَرْزِیَرِیْم : نابلس میں یہود کا ایک معبد۔
کَسّ : سمرقند کے قریب ایک شہر۔
کُسَاب : دیارِ ہذیل میں ایک پہاڑ۔
کُسَادُن : سمرقند کا ایک گاؤں۔
کَسْبَه : نسف کے قریب ایک بستی۔
کُسْتَانَه : رَے اور ساوہ کے درمیان ایک گاؤں۔
کُسَر : حضرموت میں کئی گاؤں۔
کَسَف : سوادِ سمرقند کا ایک گاؤں۔
کَسْفَه : بنو اسد کی ایک شاخ بنو نعامہ کا ایک پانی۔
کَسْکَر : نہروان سے لے کر بصرہ کے قریب دریائے دجلہ کے داہنے تک کا علاقہ جس میں بیسیوں گاؤں اور قصبے ہیں۔ مثلاً :-

- بصرہ
- مَیسان
- مذار وغیرہ۔

کُسْوَه : دمشق سے مصر جاتے ہوئے پہلی منزل پر ایک بستی۔
کُسَیْر : عُمان کا ایک پہاڑ۔
کَشّ : جرجان سے تین فرسخ پر ایک پہاڑ۔
کُشَافِق : زابِ موصل کا ایک موضع۔
کَشَانِیَه : سمرقند سے بارہ فرسخ دور صغد کے شمال یا وسط میں ایک شہر۔
کَشَبَا : بادیۂ عرب میں ایک پہاڑ۔
کِشْتَا : نواحِ جیلان میں ایک شہر۔

کَشْتُ الْجَیْب : سوادِ بَلَنْسِیَہ میں ایک قلعہ۔
کَشْت کُزُوْلَه : مراکش میں ایک بربری قبیلے گزولہ کا ایک پہاڑ۔
کُشَر : نواحِ صنعاء میں ایک مقام۔
کَشْر : مکہ اور مدینہ کے درمیان جُرَش کے قریب ایک پہاڑ۔
کَشْفَرِیْذ : جبالِ حلب میں ایک قصبہ۔
کَشْفَل : طبرستان میں آمل کے قریب ایک بستی۔
کَشْفَه : بنو نعامہ کا ایک پانی۔
کَشْمَر : نیشاپور کا ایک گاؤں۔
کُشْمَیْهَن : سوادِ مرو کی ایک بستی۔
کِشْوَر : صنعاء کے پاس ایک گاؤں۔
کَعْبَه : بیت اللہ الحرام۔
کَعَبَات : بنو ربیعہ کا ایک معبد۔ جس کا وہ طواف کرتے تھے۔
کِفَاف : وادی القریٰ کے قریب ایک موضع۔
کُفَافَه : نجد میں ایک پانی۔
کُفَاءَان : تہامہ میں دو گھاٹیاں یا درے۔
کَفْث : نواحِ مدینہ میں ایک مقام۔
کَفْتَه : بقیع کا ایک نام۔
کَفْجِیْن : مرو میں دِزَقِ عُلیا کے پاس ایک گاؤں۔
کَفْر : شام کے عرب بستی کو کفر بھی کہتے تھے۔

- شام ٭ عراق
- عرب اور
- اُردن میں ایسی کئی بستیاں ہیں جو

کَفَر کہلاتی ہیں۔ مثلاً :-

۱۔ کَفَر بَطْنَا : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔

۲۔ کَفَر تکِیْش : نواحِ حمص میں ایک بستی۔

۳۔ کَفَر تُوثَا : جزیرہ میں دارا اور راس عین کے درمیان ایک گاؤں۔

۴۔ کَفَر جَدْیَا : رُہا کے قریب ایک بستی۔

۵۔ کَفَر حَجَر : جزیرہ میں ایک قصبہ۔

۶۔ کَفَر دُبِّیْن : انطاکیہ کے پاس ایک قلعہ۔

۷۔ کَفَر رُوْمَا : معرۃ النعمان کی ایک بستی۔

۸۔ کَفَر زَمّار : موصل کا ایک گاؤں۔

۹۔ کَفَر زِتّش : رَمْلَہ کے پاس ایک گاؤں۔

۱۰۔ کَفَر سَابَا : نابلس اور قیساریہ کے درمیان ایک بستی۔

۱۱۔ کَفَر سَبْت : طبریّہ کے قریب ایک گاؤں۔

۱۲۔ کَفَر سَلَام : قیساریہ کے قریب ایک گاؤں۔

۱۳۔ کَفَر سُوت : حلب کے قریب ایک گاؤں۔

۱۴۔ کَفَر سُوسِیَّۃ : دِمَشق کی ایک بستی۔

۱۵۔ کَفَر طَاب : حلب اور معرّہ کے درمیان ایک قصبہ۔

۱۶۔ کَفَر عَاقِب : بحیرۂ طبریّہ کے کنارے ایک بستی۔

۱۷۔ کَفَر عَزّا : اِرْبِل اور زابِ اسفل کے مابین ایک بستی۔

۱۸۔ کَفَر عَزُون : جزیرہ میں ایک قصبہ۔

۱۹۔ کَفَر غَمّا : نواحِ حلب میں عُشاف اور بالس کے درمیان ایک خطّہ۔

۲۰۔ کَفَر کَنّا : فلسطین میں ایک شہر۔

۲۱۔ کَفَر لَاب : قیساریہ کے قریب ایک قصبہ۔

۲۲۔ کَفَر لَاثَا : سوادِ حلب میں ایک شہر۔

۲۳۔ کَفَر لَبْثَا : ایضاً۔

۲۴۔ کَفَر مُثْرٰی : شام میں ایک گاؤں۔

۲۵۔ کَفَر مَنْدَہ : مدین کی ایک بستی۔ جہاں حضرت موسیٰ کی زوجہ صفورا دفن ہیں۔

۲۶۔ کَفَر نَبُو : حلب کے قریب ایک موضع۔

۲۷۔ کَفَر نَجَد : جبلِ سُماق (سوادِ حلب) میں ایک بستی۔

۲۸۔ کَفَر نَغْد : حمص کا ایک گاؤں۔

کَفَرِیَّہ : شام کا ایک گاؤں۔

کَفْشِیْ شِیْوَان : بخارا کی ایک بستی۔

کُفَّہ : بلادِ اسد (نجد) میں ایک موضع۔

کَفَیْن : قبیلہ وُدِّس اور بنو منہب بن وُدِّس کا ایک صنم۔

کُفَیْن : بخارا کا ایک گاؤں۔

کَلّاء : بصرے کا ایک محلہ۔

کُلاب : دیارِ نُمیر میں ایک وادی۔
٭ کوفہ اور بصرہ کے درمیان یا جَبَلہ اور شام کے درمیان ایک پانی۔

کَلاباذ : نیشاپور اور بخارا کا ایک ایک محلہ۔

کُلاخ : عکاظ کے قریب ایک موضع۔

کَلاّر : رَے سے دو منزل پر طبرستان کا ایک پہاڑی شہر۔

کَلاز : سوادِ فارس کا ایک قصبہ۔

کَلازجہ : طبرستان کا ایک گاؤں۔

کَلاش گرد : مَرو کی ایک بستی۔

کَلاع : اُندلس میں ایک ولایت یا صوبہ۔ اور نیشاپور میں ایک محلہ۔

کُلاف : مدینہ کی ایک وادی۔

کُلال : یمن کا ایک قلعہ۔

کُلام : طبرستان کے پہاڑوں میں ایک قلعہ۔

کَلامین : زنجان کی ایک بستی۔

کَلان : بلادِ غطفان میں ایک ریتلا خطہ۔

کَلْوَتان : بادیۂ بصرہ میں بکر بن وائل کے دو پانی۔

کَلْب : بیروت و صیداء کے درمیان ایک دریا۔
٭ قومس اور رَے کے درمیان ایک موضع۔ اور
٭ یمامہ سے ایک یوم کی مسافت پر ایک پہاڑ۔

کَلَب : موصل کے قریب سوادِ باعَذرا میں ایک کلیسا۔

کُلْبَہ : نواحِ عُمان میں ایک ساحلی موضع۔

کُلْبَہ : دیارِ بکر بن وائل میں ایک مقام۔

کَلْتانِیَہ : سُوس اور شُشتر کے درمیان ایک گاؤں۔

کَل خَباقان : مَرو کے قریب ایک بستی۔

کَلغ تَجان : ایضاً۔

کِلّز : انطاکیہ و حلب کے مابین ایک گاؤں۔

کُلْفیٰ : غُیقہ کے قریب ایک صحرائی خطہ۔ یا
٭ جار اور وَدّان کے درمیان شُقفرا سے اُوپر ایک موضع۔ یا
٭ دعان کے نشیب میں ایک خطہ۔

کَلَک : ارمینیہ اور میّافارقین (دیارِ بکر) کے درمیان ایک موضع۔

کَلْکَوائے : ارمینیہ میں اَرّان اور بیشنجان کے مابین ایک بستی۔

کَلَمان : اصفہان کی ایک نواحی بستی۔

کَلْوَاذ : سوادِ ہمدان کی ایک گھاٹی یا وادی۔

کَلْوَاذا : بغداد کے قریب ایک علاقہ۔

کَلْوَاذہ : کوفہ اور واسط کے درمیان ایک علاقہ۔

کَلِی جِرْد : خوزستان اور اصفہان کے درمیان ایک قلعہ۔

کَلِین : رَے سے ایک منزل پر مکہ کی طرف ایک مقام۔

کَلِیوان : خوزستان کا ایک قصبہ۔

کُلَیْہ : یمامہ میں بنو تمیم کی ایک وادی۔

کُلَیّہ : جُحفہ کے قریب ایک وادی۔ نیز
٭ مکہ و مدینہ کے درمیان ایک گاؤں۔

کَمَارا : بخارا کی ایک بستی۔

کَمَامِر : دِیْنَوَر کی ایک نواحی بستی۔

کَمْخ : ارضِ روم میں ایک قصبہ۔

کَمْزَجَہ : سوادِ سمرقند کی ایک بستی۔

کَمَرْد : ایضاً۔

کَمَرَہ : بخارا کا ایک گاؤں۔

کُمَرَان : عُمان کا ایک گاؤں۔

کَمْسَان : مَرو کا ایک گاؤں۔

کَمَلیٰ : مدینہ میں ایک کنواں۔

کَمَن جَث : وراء النہر میں ایک بستی۔

کُمَن دَان : قُم کا ایک نام۔

کَمَن دَہ : سوادِ سمرقند میں کرمینیہ کی ایک بستی۔

کَمِینَان : رَے کی ایک بستی۔

کَنّ : قصران (رَے) کا ایک گاؤں۔

کُنَارَک : سیستان میں ایک موضع۔ اور ٭ بصرے میں ایک محلہ۔

کِنَاس : بلادِ غنی میں ایک موضع۔

کُنَاسَہ : کوفے کا ایک محلہ۔

کِنَانَہ : منیٰ میں ایک مسجد۔ نیز ٭ حَجُون (مکہ کا ایک پہاڑ) کے قریب ایک گھاٹی۔

کِنَاوَہ : مراکش میں بنو کناوہ کی زمین۔

کُنْث : اُشروسنہ (ترکستان) کا ایک نام۔

کَنبَانِیَہ : قرطبہ کے قریب ایک علاقہ۔

کَنبُوت : بحرین کا ایک گاؤں۔

کِنْثِیل : ہُذیل کا ایک پہاڑ۔

کَنجَرُوذ : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

کُنج رُستَاق : مَرو اور بادغیس کے درمیان ایک علاقہ۔

کَنجَکَان : مَرو کی ایک نواحی بستی۔

کَنجَہ (گَنجَہ) خوزستان اور اصفہان کے درمیان نیز ناحیۂ ارّان کا ایک ایک شہر۔

کُنْد : سمرقند کا ایک گاؤں۔

کَنْد : خُجندہ (ماوراءُ النہر) کے نواح میں ایک موضع۔

کَنْدَاکِین : نواحِ سمرقند میں دبوسیہ کے قریب ایک بستی۔

کَنْدَاغ : اصفہان کا ایک گاؤں۔

کُندُر : نیشاپور اور قزوین کے نواح میں ایک ایک بستی۔

کُندُرَان : اصفہان اور نیشاپور کے درمیان نائین کی ایک بستی۔

کَندَسَرْوَان : بخارا کا ایک گاؤں۔

کُندُلان : اصفہان کی ایک بستی۔

کِندَہ : یمن کے ایک قبیلے کے مورثِ اوّل ثَور بن عُفَیر بن عدِی بن حارث کا لقب۔ نیز اُن کے دیار کا نام۔

کُندُکِین : سوادِ سمرقند کا ایک گاؤں۔

کُندَوَان : نواحِ مراغہ میں ایک مقام۔

کِنْز : بغداد کے مشرق میں ایک بستی۔

کَنزَہ : یمامہ کی ایک وادی۔

کُنطِی : ارضِ بربر کی ایک آبادی۔

کَنعَان : مغربی فلسطین کا وہ حصہ جس کی :-

جنوبی حدود : رَفاعہ اور عینِ شہابیہ

شرقی " : دریائے جارڈن اور بحرِ مُردار۔

غربی حدود : بحیرۂ رُوم
اور شمالی " : (بروایتے) حلب تک
پھیلی ہوئی تھیں۔
حضرت یعقوب علیہ السلام کا وطن کنعان
میں ارضِ نابُلس کا ایک گاؤں نشارن تھا۔
کِنْکِوَرْ : ہمدان اور کرمان شاہ
کے درمیان ایک قصبہ۔ نیز
٭ جزیرۂ ابنِ عُمَر میں ایک قلعہ۔
کِنَنْ : یمن میں خولان کے پاس
ایک پہاڑ۔
کَنُوَنْ : سمرقند میں ایک محلہ۔
کَنَّہ : فارس میں ایک موضع۔
کِنْهَلْ : تمیم کا ایک پانی۔
کُنَیْب : دیارِ فزارہ میں بنو شمخ کا ایک موضع۔
کُنَیْزَہ : یمامہ میں قُرّان (گاؤں) کے قریب ایک موضع
کُنُنْ : سوادِ صنعاء میں ایک پہاڑ۔ جس
کی چوٹی پر بنو ہُزَیْش کا ایک قلعہ تھا جسے
تنید کہتے تھے۔
کَنِیْسَہ : مصیصہ کے قریب ایک
سرحدی قصبہ۔
کُنَیْکِز : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔
کَوَاثِلْ : مشرقی شام میں ایک موضع۔
٭ ارضِ دُبیان میں ایک مقام کو اثل (تام)
کہلاتا ہے۔
کُوَارْ : فارس میں شیراز سے دس فرسخ
دُور ایک قصبہ۔
کُوَّارْ : فزّان کے جنوب میں ایک علاقہ۔
کَوَاشِیْ : موصل کے مشرق میں ایک قلعہ۔
کُوَاکِب : نجد میں ابو بکر بن کلاب
کے پہاڑ۔ نیز
٭ مدینہ اور تبوک کی راہ پر ایک مقام۔ جہاں
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز ادا
فرمائی تھی۔
کَوَاَلْ : مرزِ شاہ جہان کے قریب
ایک دریا۔ جس کے کنارے پر ایک شہر
حفص آباد بھی ہے۔
کُوبَانْ : مرزد اور اصفہان کے پاس
ایک ایک گاؤں۔
کُوبَانَانْ : اصفہان کی ایک بستی۔
کُوبَنْجَانْ : سوادِ شیراز میں ایک گاؤں۔
کُوبَیَانْ : کرمان کی ایک بستی۔
کُوتَمْ : نواحِ جیلان میں ایک قصبہ۔
کُوث : یمن میں ایک شہر۔
کُوثٰی : عراق میں ایک نہر، جو کہ
فرات سے نکالی گئی تھی۔ اور عراق میں یہ
پہلی نہر تھی۔ نیز
٭ بابل اور مکہ میں تین مقامات۔
٭ عراق کے دو مقامات کا نام :-
۱ : کُوثَی الطریق اور
۲ : کُوثَی ربّی تھا۔
ثانی الذکر وہ مقام ہے۔ جہاں حضرت
ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا
گیا تھا۔
کَوْثَرْ : طائف کی ایک بستی اور مدینہ و شام
کے درمیان ایک پہاڑ۔
کَوْدْ : بنو جعفر کا ایک پہاڑ یا پانی۔
کَوْرْ : یمامہ میں ایک خطّہ۔ یا
٭ یمامہ اور مکہ کے مابین ایک پہاڑ۔ نیز

⁂ نجران میں ایک قطعۂ ارض۔

كُوْز : یمن میں ایک پہاڑ۔

كُوْرَانْ : اسفرائین کی ایک بستی۔

كُوْزَدَابَاذ : نیشاپور کے پاس ایک گاؤں۔

كُوْرِدِجْلَة : بصرہ کا وہ علاقہ جو میسان اور سمندر کے درمیان واقع ہے۔

كَوْزَشَنْبَة : ہمدان کے پاس ایک موضع۔

كُوْزَا : طبرستان میں ایک قلعہ۔

كُوْزْكُنَانْ : نواح تبریز میں ایک قصبہ۔

كُوْسِيْنْ : فلسطین کا ایک گاؤں۔

كَوْشَانْ : ترکستان کا ایک شہر۔

كُوْفَا : سواد بادغیس (افغانستان) میں ایک قصبہ۔

كُوْفَانْ : ایضاً گزشتہ۔ نیز ہرات کا ایک گاؤں۔

كُوْفَذ : طرم اور زنجم کے درمیان ایک علاقہ۔

كُوْفَنْ : خراسان میں ابیورد سے چھ فرسخ پر ایک شہر۔

كُوْفَة : عراق میں فرات سے مغرب کی طرف ایک مشہور شہر۔ جس کے قریب ہی کربلا ہے۔ اور جس کی بنا ۱۷ھ یا ۱۹ھ میں حضرت سعد بن ابی وقاص نے ڈالی تھی۔

كُوْفِيَا بَاذِقَانْ : طوس کی ایک بستی۔

كَوْكْ : نسا کے قریب ایک گاؤں۔

كَوْكَبْ : طبریہ کے پاس ایک پہاڑ۔

كَوْكَبَانْ : نواحِ صنعاء میں ایک پہاڑ۔

كُوْكُو : نیل کے دونوں کناروں پر ایک ریاست۔ جس کی بنا حبشیوں (سوڈان) کے ایک قبیلے نے ڈالی تھی۔

كُوْلْ : شیراز میں ایک محلہ۔

كُوْلَانْ : ماوراء النہر میں ایک قصبہ۔

كُوْمْ : مصرِ صعید میں نیل کے مشرقی کنارے پر ایک بستی۔

⁂ اسکندریہ کے قریب اور مصرِ اسفل میں ایک ایک مقام۔ جو بالترتیب :-

⁂ کوم شریک۔ اور

⁂ کوم علقام

کہلاتے تھے۔

كَوْمَخ : دیار ابوبکر بن کلاب میں ایک قصبہ۔

كَوْمَانْ : یمن کا ایک قلعہ۔

كَوْمَلَاذْ : ہمدان کا ایک گاؤں۔

كَوْمِيْذ : طبرستان کا ایک قلعہ۔

كُوْمِيْنْ : رَے اور قزوین کے درمیان ایک بستی۔ نیز

⁂ کرمان میں ایک گاؤں۔

كُوْنَجَانْ : شیراز کا ایک قریہ۔

كُوْهَكْ : سمرقند کا ایک محلہ۔ نیز اس کے پاس ایک پہاڑی۔

كُوْهْيَاز : طبرستان کا ایک گاؤں۔

كَوْيَز : ضریہ میں ایک پہاڑ۔

كُوَيْرَة : وادیٔ قبلیہ (نواحِ مدینہ) میں ایک پہاڑ۔

كُوَيْفَة : بزیقیا (عراق) کے قریب ایک چھوٹا سا گوٹھ۔

كَهَالْ : یمن کا ایک قلعہ۔

كَهَاتَانْ : شام میں ایک مقام۔

كَهْرَجَانْ : فارس میں ایک موضع۔

كَهْفَة : بنو اسد کا ایک پانی۔

كُهَكْ : سیستان میں بُست کے قریب ایک قصبہ۔
كَهْلَانْ : یمن میں غُیل کے قریب ایک پہاڑ۔
كُهَيْلَةْ : بلادِ تمیم میں ایک موضع۔
كَےْ خَارَانْ : فارس میں ایک مقام۔
كَےْ دَمَہْ : مدینہ میں ایک جگہ جو عبدالرحمان بن عوف کی ملکیت تھی۔
كِيْرْ : زمین غطفان میں ایک پہاڑ۔
كِيْرَانْ : آذربیجان کا ایک شہر۔
كِيْرَذْ آبَاذْ : نواحِ طُرَیثیت (نیشاپور) میں ایک بستی۔
كِيْزْكَابَانْ : غزنی میں سوادِ قُصدار کا ایک قصبہ۔
كِيْزْ : مکران میں ایک شہر۔

كَيْسَبْ : خُوار اور رَے کے درمیان ایک بستی۔
كَيْسُوْمْ : نواحِ سُمَیساط (ترکی) میں ایک شہر۔
كِيْشْ : خلیج فارس میں عُمان کے سامنے ایک جزیرہ۔
كِيْفْ : بادِغیس اور مرو کے درمیان ایک شہر۔
كِيْلَاذَهَجَانْ : بلادِ جیلان یا طبرستان میں ایک علاقہ۔
كِيْلْ كَاْ : طَبَس کو کہتے ہیں۔
كِيْلِيْنْ : رَے سے چھ فرسخ پر قُوہذِ عُلیا کے قریب ایک بستی۔
كَيْمَارَجْ : سوادِ فارس میں ایک علاقہ۔
كَيْمَاكْ : چینی ترکستان میں ایک وسیع ولایت۔

ل

لَأْئی : نواحِ مدینہ میں ایک مقام۔

لَاْب : نُوبہ کا ایک قصبہ۔

لَأْت : بنو عبس کا ایک پانی۔

لَاْبَتَانْ : لفظی معنی : "دو کالے پتھروں والی زمینیں" جن کے درمیان مدینہ واقع تھا۔

لَاْث : بنو ثقیف کا ایک صنم۔

لَاْہِج : نواحِ مکّہ میں ایک موضع۔ نیز صنعاء کے پاس ایک بستی۔

لَاْذَر : کِران کا ایک قصبہ۔

لَاْذِقِیَہ : حما کے مغرب اور انطاکیہ کے جنوب میں شام کا ایک ساحلی شہر۔ جس کا موجودہ نام لتاقیہ ہے۔

لَاْذِکِرْد : حدودِ کرمان میں ایک موضع۔

لَاْر : خلیجِ ایران میں ایک جزیرہ۔

لَاْرِجَان : رَے اور آمُل (طبرستان) کے درمیان ایک قصبہ۔

لَاْرِدَہ : قرطبہ کے مشرق میں ایک شہر۔

لَاْرِز : سوادِ آمُل (طبرستان) میں ایک گاؤں۔

لَاْز : سوادِ نیشاپُور میں خواف کے پاس ایک گاؤں۔

لَاْشُتَر : نہاوَند سے دس فرسخ دُور ایک علاقہ۔

لَاْشْکَرْد : کرمان کا ایک شہر۔

لَاْعَۃ : یمن میں جبلِ صبر کا ایک قصبہ۔

لَاْفِت : بحرِ عُمان میں ایک جزیرہ۔

لَاْکَمَاْذَن : مَرو کی ایک بستی۔

لَاْمِجَان : ہمدان سے سات فرسخ دور ایک گاؤں۔

لَاْمِش : ترکی میں بحرِ روم کے ساحل پہ طرسوس کے قریب ایک بستی۔

لَاْمِش : سوادِ فرغانہ (ترکستان) کی ایک بستی۔

لَاْمَغَاْن : سوادِ غزنی میں ایک آبادی۔

لَاْن : بحیرۂ خزر کے جنوب مغربی ساحل پر ایک علاقہ جسے بعض لوگ غلطی سے عَلّان بھی کہتے ہیں۔

لَاْوِی : نابُلُس اور بیسان کے درمیان ایک بستی۔

لَاْہِج : بلادِ جیلان میں ایک علاقہ۔

لَاْہُوْن : مصرِ صعید میں ایک شہر۔

لَاْی : عقیق (مدینہ) میں ایک موضع۔

لِبَاْ : سوادِ موصل میں بَلَدْ اور عَقَر کے درمیان ایک بستی۔

لَبَاْ : عبدالقیس (بحرین) کا ایک صنم۔

لَبَاْب : بنوحذیمہ یا بنوخالد (بلادِ ہذیل) کا ایک پہاڑ۔

لَبَادِیْن : دمشق اور سمرقند میں ایک ایک محلّہ۔ یا
گلی جس میں نمد ساز رہتے تھے۔

لَبَاْن : یمن میں ایک شہر۔

لَبَدْ : بلادِ ہذیل میں ایک موضع۔

لَبْدَہ : برقہ اور تونس یا
طرابلس اور جبالِ نفوسہ کے درمیان ایک شہر

لَبَنْ : تہامہ میں ھذیل کا ایک پہاڑ۔

لِبْنْ : یمن کی جانب حدودِ حرم میں ایک مقام۔

لُبْنْ : بلادِ عمرو بن کلاب (نجد) میں ایک سُرخ پہاڑی۔ یا
* ارضِ ہُذیل میں ایک پہاڑ۔

لُبْنَیٰ : فلسطین میں ایک بستی۔
* بلادِ جذام یا
ارضِ کلاب میں ایک پہاڑ۔

لَبْنَان : شام میں ایک پہاڑ، جو اُردن سے شروع ہوتا اور شام و ترکی سے گزر کر بحیرۂ خزر پہ ختم ہوتا ہے۔
* آجکل (۱۹۷۱ء) اس نام کی ایک ریاست بھی موجود ہے۔ بیروت اس کا دارالحکومت ہے۔ کُل رقبہ چار ہزار مربع میل اور آبادی سولہ لاکھ ہے۔

لُبْنَاْن : مکّہ کے پاس دو پہاڑ۔ جو :
* لبنِ اعلےٰ اور
* لبنِ اسفل
کہلاتے تھے۔

لُبْنَہ : افریقیہ میں مہدیہ کے پاس ایک بستی۔

لُبَیْنَیْن : بنوعنبر کے دو پانی۔

لَث لَث : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پہاڑ۔

لَجَاْت : ضریّہ کے قریب ایک پہاڑ۔
* نیز نواحِ شام میں سیاہ رنگ کا ایک سنگلاخ خطّہ۔

لَجَمْ : تونس میں مہدیہ کے پاس ایک قلعہ۔

لُجُمْ : ارمینیہ میں نواحِ تفلیس کا ایک موضع۔

لَجُّوْن : فلسطین کا ایک شہر۔ جو طبریہ سے بیس میل دُور ہے۔ نیز
* تیمار کے پاس ایک موضع۔

لُحَاْء : یمامہ کی ایک وادی۔

لَحْج : یمن کی ایک قبائلی بستی۔

لَحْظَہ : تہامہ میں شیروں کا ایک بن۔

لَحْف : حجاز کی ایک وادی۔

لِحْف : سوادِ بغداد میں ایک خطّہ۔ جو جبالِ نہاوند تک چلا جاتا ہے۔

لَحُوْظ : ہُذیل کا ایک پہاڑ۔

لَحْیَا جَمَل : مکّہ اور مدینہ کے

مابین ایک موضع۔
لَحْیَانُ : حیرہ میں ایک محل۔
لِحْیَانُ : دیارِ ابو بکر بن کلاب میں ایک نشیب، جس میں سال بھر پانی بھرا رہتا تھا۔
لُدْ : بیت المقدس کے پاس ایک گاؤں۔
لُرْ : اصفہان اور خوزستان کے درمیان ایک پہاڑی قبیلہ۔ جس کے بلاد کُردستان کہلاتے تھے۔
لُرْتْ : اندلس میں ایک موضع یا قبیلہ۔
لُرْقَہْ : شرقی اندلس میں مرسیہ سے مغرب کی طرف ایک قلعہ۔
لِسَانُ : عراق کا وُہ خطہ جس میں آج کل کوفہ ہے۔ اور پہلے حیرَہ تھا۔ یہ دجلہ اور فرات کے درمیان عینِ بنو الجراء تک پھیلا ہوا تھا۔
لَسْبَش : یمن میں زبید کا ایک قلعہ۔
لَشْبُونَہْ : قرطبہ کے مغرب میں ایک شہر۔
لَصَافْ : دیارِ ضبّہ میں مشواجن کی طرف دو پانی۔ یا
٭ دَوْ میں بنو تمیم کا ایک پانی۔ یا
٭ شَرْج کے پاس ایک آبی ذخیرہ۔
لَصَفْ : واقصہ کے مغرب میں مُغیثہ اور عقبہ کے درمیان ایک تالاب۔
لَصُوبْ : اران (ارمینیہ) میں برذعہ کے قریب ایک قصبہ۔
لَطَمِیْن : سوادِ حمص میں ایک علاقہ۔
لَظَیْ : بلادِ جُہینہ میں خیبر کی طرف ایک منزل۔
لَعْبَاْ : دیارِ عبد القیس (بحرین) میں ایک موضع۔
لَعْبَاءْ : بحرین میں ساحل پر قطیف کے سامنے ایک خطۂ شور۔
٭ حزمِ بنو عُوال میں ایک جوہڑ۔
٭ ارضِ غطفان میں ایک پہاڑ۔ یا
٭ حمیٰ ضریّہ کی سطح بلند پر ایک پتھریلا خطہ۔
لَعْلَعْ : بصرہ اور کوفہ کے درمیان ایک منزل۔ اور
٭ صحرائے عرب میں ایک پانی۔
لُغَاط : دیارِ تمیم میں ایک پہاڑ۔ یا تمیم کی ایک شاخ بنو مازن کا ایک پانی۔
لُغْز : نواحِ یمامہ میں ایک موضع یا بستی۔
لُفَاتْ : دیارِ مُراد (یمن) میں ایک مقام۔
لِفَاظ : بنو ایاد کا ایک پانی۔
لَفَتْ : مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک گھاٹی۔ یا
٭ ھَرْشَیٰ کے پاس (مکہ اور مدینہ کے مابین) ایک وادی۔ یا
٭ جَبَلِ قُدید کی ایک چڑھائی۔
لَفْتُوانْ : اصفہان کی ایک بستی۔
لُقَاعْ : یمامہ میں ایک موضع۔
لُقَاطَہْ : دیارِ بنو فزارہ میں ایک مقام۔
لُقَانْ : خرشنہ سے آگے تُرکی کا ایک شہر۔
لَقَط : طے کے پہاڑوں میں ایک جھیل۔
لَقَف : دیارِ سُلیم میں چند کنوؤں کا خطہ

یا وادی۔
لَقِیْطَۃٌ : دیارِ طے میں ایک کُوآں۔
لُکّ : اسکندریہ و طرابلس کے درمیان ایک شہر۔
لِکَاکْ : دیارِ بنو عامر میں بَنُو نُمَیْر کا ایک موضع۔
لُکَامْ : انطاکیہ کے پاس ایک پہاڑ۔
لَکْزْ : دربند کے قریب ایک قصبہ۔
لَکْمَۃٌ : بحرِ شام کے ساحل پر عِرقہ کے قریب ایک قلعہ۔
لَمْطَۃٌ : مراکش میں ایک بربری قبیلے کی زمین یا دیار۔
لَمْعِیَۃٌ : یمن کی ایک قبائلی آبادی۔
لُنْبَانْ : اصفہان کا ایک گاؤں۔
لِوَیٰ : بنوسُلَیم کی ایک وادی۔
لِوَیٰ طُفَیْلْ : یمن اور مکّہ کے مابین ایک وادی۔
لَوَاسِنْ : فَیّوم (مصر) کا ایک تباہ شدہ شہر۔
لَوَالِجَانْ : فارس میں ایک موضع۔
لَوْبَۃٌ : عراق میں واسط اور بطائح کے درمیان ایک موضع۔
لُوبَابَادْ : اصفہان میں ایک موضع۔
لُوبِیَۃٌ : اسکندریہ اور بَرْقہ کے درمیان ایک شہر۔
لُوذْ : یمن کا ایک پہاڑ۔
لُوَخْہ : اَہواز کی ایک نواحی بستی۔
لُوْرْ : خوزستان اور اصفہان کے درمیان ایک علاقہ۔

لُوْرْ دَجَانْ : سوادِ اَہواز میں ایک علاقہ۔
لَوْزَۃٌ : قرعاء اور واقصہ کے درمیان ایک جبل۔
لَوْزِیَّۃٌ : بغداد کا ایک محلّہ۔
لَوْقَۃٌ : زُبالہ اور جبالِ طے کے درمیان ایک مقام۔
لَوْکَرْ : پنجدِہ کے قریب دریائے مَرْو پر ایک گاؤں۔
لُؤْلُؤَۃٌ : طرسوس کے قریب ایک قلعہ۔
٭ دمشق میں ایک محلّہ۔ اور
٭ یمن میں عَثَر کے قریب ایک بستی۔
لُوَیَّۃٌ : بصرہ اور مکّہ کی راہ پر بستانِ ابنِ عامر کے قریب ایک مقام۔
لِہَابَۃٌ : دیارِ ضبّہ میں شرعاء اور رمادہ کے مابین ایک وادی جس میں جا بجا پانی تھا۔
لَہْبَاءْ : دیارِ ھُذَیل میں ایک موضع۔
لَہَیَاءْ : دمشق کا ایک موضع۔
لُہَیْثَرْ : جزیرہ میں ایک خطّہ۔
لُہَیْمَاءْ : طائف اور مکّہ کے درمیان ایک موضع۔
لِیْثْ : دیارِ ہُذَیل یا حجاز میں ایک موضع۔ یا
٭ سراۃ کی ایک وادی۔
لِیْطْ : مکّہ کا نشیبی حصّہ۔
لِیْلَشْ : موصل کے مشرق میں ایک گاؤں۔

لَنلُون : حلب کے قریب ایک پہاڑ۔
لِمُوسَک : نواحِ اُستر آباد میں ایک بستی۔
لِشمَۂ : یمن میں کوہِ صَبِر پر ایک قلعہ۔
لَیّن : نواحِ مَرْو میں ایک بستی۔
لِینَۂ : نجد میں ایک موضع۔

لِیَۂ : طائف کے قریب ایک وادی۔ جس کے قلعۂ بلند کے مالک بنو ثقیف تھے۔ اور نشیبی کے نصر بن معاویہ۔
لِیّۂ : نواح طائف میں ایک جگہ جہاں سے حضورؐ حُنین سے واپسی پہ گزرے تھے۔

م

مَآب : اُردن کا ایک شہر
مَابَزسَامِر : مَرو کی ایک بستی ۔
مَاتِمَہ : نجد میں بنو نُمیر کا ایک پانی ۔
مَاتِیرَب : سمرقند کا ایک محلّہ ۔
مَاثُول : نواحِ مدینہ میں ایک مقام ۔
مَاجَان : مَرو کے وسط میں ایک دریا ۔
مَاجِد : یمن کی ایک بستی ۔
مَاجَرَم : سمرقند کی ایک بستی ۔
مَاجَل : قیروان کے باہر ایک تالاب ۔
مَاجِن : یمن کی ایک بستی ۔
مَاجَندَان : مَرو سے پانچ فرسخ دُور ایک بستی ۔
مَاخ : بخارا کا ایک محلّہ ۔
مَاخَان (مَاخُوان) : خُراسان کی وُہ بستی ۔ جہاں ابُومُسلم خراسانی پیدا ہُوا تھا ۔
مَاذَان کَث :
مَاذَرَان : طبرستان میں دامغان اور سمنان کے درمیان ایک درّہ ۔
مَاذَرَایَا : بصرہ یا واسِط کا ایک گاؤں ۔
مَاذَرُوشَتَان : بغداد اور خُراسان کی راہ پر حُلوان سے ہمدان کی طرف دو منزل پر ایک مقام ۔

مَآرِب : صنعاء اور حضرموت کا درمیانی علاقہ ۔ جس میں قبیلۂ اَزد آباد تھا ۔ اور جو وادی عرم کے بند سے سیراب ہوتا تھا ۔
ایک رائے یہ ہے کہ :۔
مآرب تین دیہات یعنی :
(۱) دربِ آلِ غشیب
(۲) دربِ کہلان اور
(۳) دربِ الحُرمہ
کے مجموعے کا نام تھا ۔
مَارَبَانَان : اِصفہان کی ایک نواحی بستی ۔
مَارِث : جبالِ عُمان میں ایک علاقہ ۔
مَارِد : دُومۃ الجندل میں ایک قلعہ ۔
مَارِدِین : جزیرۂ ابنِ عمر کا ایک قلعہ ۔ جو دُنیسر اور نصیبین سے نظر آتا تھا ۔
مَارِشک : سوادِ طُوس میں ایک گاؤں ۔
مَارَصَمُوئیل : بیت المقدس کے قریب ایک قصبہ ۔
مَارَمَل : نواحِ بلخ میں ایک پہاڑی گاؤں ۔
مَارَوَان : فارس میں ایک موضع ۔
مَارِیَہ : حبشہ میں ایک گرجا ۔
مَازَحِین : عراق میں ایک خطّہ ، جہاں

قیس اور اَسد کے کچھ افراد آباد تھے۔

مَأزَز : سِسلی کی ایک بستی۔ اور
* کُردستان کا ایک گاؤں۔

مَأزُل : سوادِ نیشاپُور کی ایک بستی۔

مَأزِمَان : مکّہ کے پاس ایک پہاڑی دَرّہ۔
* نیز عَسقلان (فلسطین) کے پاس ایک بستی۔

مَأزَندَرَان : طبرستان کا ایک نام۔

مَاسَبَذَان : اصفہان اور ہمدان کے درمیان طَزَر کے مغرب میں ایک شہر۔

مَاسِتی : مَرو یا بخارا کی ایک بستی۔

مَاسَکَان : سوادِ سِیستان میں ایک قصبہ۔

مَاسَکنَات : فارس میں ایک موضع۔

مَاسِل : دیارِ عُقَیل میں ایک چشمہ یا ٹیلہ۔

مَاسُوز آباذ : جُرجان کی ایک بستی۔

مَاشَان (مَاجَان) : ایک دریا جو وسط مَرو سے گزرتا ہے۔

مَاشِیَہ : عربی یمامہ میں ایک خِطّہ۔

مَاشتِکِین : قَزوِین کی ایک بستی۔

مَاطِرُون : دمشق کے قریب ایک موضع۔

مَاءِ فَرَس : ارضِ فَرَان (فلسطین و مصر کے درمیان) میں ایک مقام جہاں عُتبہ بن عامر (اسلامی سپہ سالار) پیاس سے بے تاب ہو گیا تھا۔ اُس کے گھوڑے نے زمین پر کُھر مارے اور نیچے سے پانی نکل آیا۔ اس کے بعد یہ مقام مَاءِ فَرَس کے نام سے مشہور ہو گیا۔

مَاقَلَاصَان : جُرجان کے پاس ایک بستی۔

مَاکسِین : عراق میں رُحبۂ مالک (قادسیہ کے قریب) کے قریب ایک شہر۔

مَالَان : سوادِ مَرو میں ایک بستی۔

مَالَبَان : مراکش کا ایک شہر۔

مَالَقَہ : جنوبی اندلس کا ایک ساحلی شہر۔ جسے آجکل مالَگہ لکھتے ہیں۔

مَالِکِیَّہ : بغداد کے قریب ایک بستی۔

مَالِین : جیحون کے کنارے ایک گاؤں۔ ایک رائے یہ ہے کہ مالین دو مقامات کا نام ہے :-

اوّل : ہرات سے دو فرسخ پر ایک علاقہ۔

دوم : باخرز کا ایک گاؤں۔

مَامَطِیر : آمُل کے قریب طبرستان کا ایک قصبہ۔

مَامُونِیَّہ : بغداد میں ایک محلّہ۔

مَاندَکَان : اصفہان کی ایک بستی۔

مَانَق : سوادِ نیشاپور میں ایک بستی۔

مَانَقَان : سوادِ مَرو میں سنج (بستی) کا ایک محلّہ۔

مَاوَان : یمامہ میں ایک بستی۔ یا
* نقرہ و ربذہ کے درمیان ایک وادی۔

مَاوَرَاءُ النَّہر : رُوسی ترکستان کا وہ حصّہ جو دریائے جیحون کے مشرق میں ہے۔ جیحون کے مغرب میں شمالی حصّہ خوارزم کہلاتا ہے، اور جنوبی خراسان میں شامل ہے۔

مَاوَشَان : ہمدان میں ایک علاقہ۔

مَاوِیَہ : بصرہ اور مکّہ کی راہ پر ایک چشمہ۔ یا گاؤں۔

مَأۃ : اہلِ بصرہ بستی کو مَأۃ کہتے ہیں۔ ماۃ البصرہ سے مراد :-

* نہاوند
* ھَمَدان اور
* قُمْ ہیں۔

اور خود بصرہ بھی۔

* مَأۃِ دینار سے مراد : نہاوند اور دِینَور ہیں۔
* مَأۃِ شہریاراں حلوان کے پاس ایک علاقے کا نام ہے، جس میں :-
* طَزَر
* مَطَامِیر
* زَبیدیہ
* مرج اور
* ماۃِ بھزادان شامل ہیں۔
* ماۃ کران سے مراد مکران ہے۔
* ماۃ سکان سے سجستان۔
* ماۃ چین سے چین۔ اور
* ماہ الکوفہ سے دِینَور۔

مَآھَان : سوادِ کرمان میں ایک شہر۔ نیز
* نہاوند اور دِینَور کا نام۔

مَاھِیَاآبَاذ : مَرْو کا ایک محلہ۔

مَاھِیَان : مَرو سے دو میل دُور ایک گاؤں۔

مَایُذ : یمن کا ایک پہاڑ۔

مَایِدَشْت : عراق میں خانقین کے قریب ایک قلعہ اور شہر۔

مَایِثْر : شاید عُمان میں ایک علاقہ۔

مَایَقُ الدَّشْت : نواحِ نیشاپور کا ایک قریہ۔

مَایَمُرْغ : بخارا اور نسف کی راہ پر ایک گاؤں۔

مَایِین : نواحِ شیراز میں ایک قصبہ۔

مُبَارَک : بصرہ میں ایک دریا یا نہر۔
* واسط کے پاس ایک گاؤں۔

مُبَارَکَۃ : خوارزم کا ایک گاؤں۔

مَبْرَک : تہامہ میں ایک موضع۔

مَبْرکَان : مدینہ کے قریب ایک مقام۔

مَبْعُوق : حجاز میں ایک موضع۔

مُبْهِل : دیارِ تمیم میں ایک پانی۔ یا
* عبداللہ بن غطفان کی ایک وادی۔

مُتَالِع : بحرین یا نجد میں ایک پہاڑ۔ اس پہاڑ کے مالک بنو غنی یا بنو نُمَیلہ تھے۔
* نیز طہران کے مشرق میں قوارہ کے پاس ایک پانی۔

مُتَثَلِّم : مَتَّمان میں ایک موضع۔ یا
* بلادِ بنو مُرّہ میں ایک پہاڑ۔

مَتْن : مکہ کی ایک گھاٹی ذو طُوی کے قریب ایک وادی۔

مَتُّوث : اَہواز اور واسط کے درمیان ایک قلعہ۔

مُتَوَکِّلِیَۃ : سامرا کے قریب ایک شہر۔ جس کی بنا متوکل نے ڈالی تھی۔

مَتِیجَۃ : مغربی افریقیہ میں ایک شہر۔

مَثَانِی : کوفہ اور شام کے درمیان ایک خطّہ۔

مَثَر : شام کے قریب بلقین بن جَسْر کا ایک موضع۔

مَثْعَلِب : بنو ضباب کا ایک پہاڑ۔

مَشْعَرْ : قَبَلِیَّة کی ایک وادی جس میں جُہَینہ کا ایک پانی تھا۔

مِشْقَبْ : مکّہ اور مدینہ کے درمیان ایک راستہ، جو کبھی ملوکِ حِمیَر کے ایک سپہ سالار مِشْقَب نے اختیار کیا تھا۔

ایک اور رائے یہ ہے کہ :۔

یہ یمامہ اور کوفہ یا کوفہ اور مکّہ کے درمیانی راستہ کا نام تھا۔

مُشَقَّبْ : یمامہ میں ایک موضع۔ نیز
٭ معقیصہ کے قریب ساحلِ شام پہ ایک قلعہ۔
٭ تکریت اور موصل کے درمیان ایک جھیل۔ اور
٭ شام میں رقّہ کے قریب ایک پانی۔

مِثْلْ : نجد میں ایک موضع۔

مَثْوَبْ : یمن میں ایک قصبہ۔

مَثْوَةْ : یمن میں جو زَبید کا ایک قلعہ۔

مَجَاجْ : نواحِ مکّہ میں ایک موضع۔

مَجَازْ : عَرَفات کے پاس ایک مقام جہاں جاہلیت میں بازار لگتا تھا۔ اور
٭ یَنْبُع کے قریب ایک جگہ۔

مَجَازَةْ : بصرہ اور مکّہ کی راہ پر مادِیّہ اور یَنسُوعہ کی راہ پر ایک منزل۔
٭ یمامہ میں بَنُو ہِزّان کی ایک وادی اور بستی۔ یا
٭ دَہناء کے شمال میں ذات العُشَیرہ اور سُمَینہ کے درمیان ایک موضع۔

مُجَالِخْ : تہامہ میں ایک دریا۔

مَجَّانَةْ : اِفریقیہ میں ایک شہر۔

مُجْتَبَهْ : ضَمْرَتَیْن میں بنو سلول کا ایک پانی۔

مَجْ بُنَشْتْ : بخارا کا ایک گاؤں۔

مَجْدْ آبَاذْ : ہمدان کا ایک گاؤں۔

مِجْدَلْ : سوادِ خابور میں ایک قصبہ۔

مَجْدَلِیَابَهْ : فلسطین میں رَملہ کے قریب ایک بستی۔

مَجْدُوَانْ : نَسَف کی ایک بستی۔

مَجْدُولْ : تونس کا ایک گاؤں۔

مَخْدُونْ : بخارا کا ایک گاؤں۔

مَجَرْ : سَوارِقیہ (دیارِ سُلیم) میں ایک تالاب۔

مُجَزَّلْ : یمامہ میں ایک پہاڑ۔ یا
٭ ایک نخلستان۔

مَجْمَعَهْ : دیارِ ہُذیل میں ایک مقام۔

مِجْنَبْ : عراق اور یمن کے درمیانی شہر اور دیہات۔

مَجْنَحْ : یمن کی ایک قبائلی بستی۔

مَجَنَّهْ : عرفات کے قریب ایک مقام، جہاں جاہلیت میں عُکاظ کے میلے سے بیس دن بعد ماہِ ذی الحجّہ کے آخری دس دنوں میں ایک میلہ لگتا تھا۔
٭ مکّہ سے کچھ دُور بنو دُئِل کا ایک گاؤں۔ یا پہاڑ۔

مُجَیْثْ : دیارِ طَے میں ایک پہاڑ۔

مُجَیْمِرْ : مُبہل میں ایک پہاڑ اور فزارہ کا ایک موضع۔

مَحَاْ : یمن میں قبیلۂ کِندہ کی زمین۔

مَحَالِبْ : زَبید کے شمال میں ایک قصبہ۔

مُحَاقِرَةْ : سنحان (یمن) کا ایک گاؤں۔

مُخَبَلْ : یمامہ کے قریب بنو سعد کا ایک موضع۔

مَخبَلَۃ : صُفَینہ کے پاس اور مکّہ کے قریب ایک کنوآں یا چشمہ۔

مُحَجَّر : دیارِ طَے۔ دیارِ یربُوع۔ دیارِ ابوبکر۔ دیارِ فَذرہ۔ دیارِ نُمیر اور دیارِ بنو وُبَر میں ایک پہاڑ یا پہاڑی۔
- حجاز میں ایک موضع۔ اور
- یمامہ میں ایک وادی۔

مِحجَن : دَہناء میں بنوضبّہ کا ایک موضع۔

مُحَّۃ : شام میں حَوران کے قریب ایک گاؤں۔

مُحْدَث : تہامہ میں بنو دُئل کا ایک پانی۔
- اور بصرہ و مکّہ کی راہ پر نقرہ کے بعد ایک منزل۔

مُحْدَثَۃ : بنوکعب بن عبد اللہ بن ابی بکر کی وادیوں میں عَمَلاَنَۃ کے قریب ایک پانی۔

مَحدُوْد : عراق میں اَنبار کے قریب ایک نہر۔

مُحَرِّق : بکر بن وائل کا صنم۔

مُحَرَّقَۃ : یمامہ کی ایک بستی۔

مَخرَمَۃ : دیارِ طے میں جبلِ سَلمیٰ کی ایک سبز وادی۔

مَخرِیط : وادی الحجارہ (اَندلس) میں ایک شہر۔

مُحَسِّر : مکہ و عرفات یا منیٰ و عرفات کے درمیان ایک مقام۔

مُحَصَّب : منیٰ کے قریب ایک موضع یا
- منیٰ میں کنکریاں مارنے کی جگہ۔

مَحْضَر : جبلِ اجا (دیارِ طے) میں ایک گاؤں۔

مَخضَرَۃ : بصرہ اور مکّہ کی راہ پر بنوعجل کا ایک پانی۔

مَخضُوراَء : نجد میں بنوکلاب کا پانی۔

مَخضَنَۃ : مکّہ اور مدینہ کے درمیان کوہِ آرہ کی ایک بستی۔ نیز
- نواحِ یمامہ میں ایک گاؤں۔

مَحَلَبِیَّۃ : موصل اور سنجار کے درمیان ایک قصبہ۔

مُحَلِّم : بحرین کا ایک دریا۔

مَحَلَّۃ : مصر میں ایک شہر۔ نیز کئی دیگر مقامات۔ مثلاً :
- قاہرہ اور دمیاط کے درمیان :۔ مَحَلَّۃُ دَقَلَا
- حوف میں محلّۃ البوالہیثم

دیگر مقامات پر :۔
- محلّۃ شرقیّون
- محلّۃ منوف
- محلّۃ نُقَیدہ اور
- محلّۃ خُلفاء

مِحلّۃ : یمن کا ایک گاؤں۔

مُحمّد آباذ : نیشاپور کی ایک نواحی بستی۔

مُحمّدیّات : دمشق کا ایک موضع۔

مُحَمَّدِیَۃ : نواحِ بغداد میں دو گاؤں :۔
ایک : خراسان کی طرف۔ اور
دوسرا : دجلہ و فرات کے درمیان۔
- برقہ میں اسکندریہ کے پاس ایک بستی۔
- کرمان و مرّاکش کا ایک ایک گاؤں۔ اور
- رَے کا ایک نام۔ یہ نام اسے خلیفہ مہدی نے دیا تھا۔

مَخْمَرْ : مکہ کے قریب مَرّ اور عُلافت کے درمیان خُزاعہ کی ایک بستی یا منزل۔

مَحَمَّۃْ : مصرِ صعید میں قِنا کے پاس نیز شرقی مصر اور نواحِ اسکندریہ میں ایک ایک بستی۔

مُحَنَّبْ : مدینہ اور عراق کی راہ پر ایک خِطّہ۔ نیز گوآں۔

مَخْنَۃْ : کوفہ و دمشق کے مابین ایک منزل۔

مَحْوْ : حجاز میں وادیٔ سایہ کے قریب یا اُس کی سمت ایک موضع۔

مَحْوَاشْ : یمن میں سِنحان کے قریب ایک بستی۔

مَحُوْرَۃْ : بلادِ مُراد (یمن) میں ایک موضع۔

مُحَوَّلْ : بغداد کا ایک محلّہ نیز اس کے نواح میں ایک گاؤں۔

مُحَیَاۃْ : دیارِ بنو اسد میں ایک پہاڑی۔

مَحِیْصْ : مدینہ میں ایک موضع۔

مُحَیْصِرْ : عزّاف (دَہْنا) سے ایک منزل پر ایک مقام۔

مَخَاْ : زَبِید اور عدن کے درمیان ایک موضع۔

مَخَاْبِطْ : حضرموت میں ایک خِطّہ۔

مُخَاْشِنْ : جزیرہ کا ایک پہاڑ۔

مَخَاْلِیْفْ : مخلاف کی جمع۔ معنی :- بستی اور علاقہ۔ یمن اور طائف کی حدود میں کئی ایسی بستیاں تھیں۔ جو مخلاف کہلاتی تھیں اور اُن قبائل کی طرف منسوب تھیں، جو وہاں آباد تھے۔ مثلاً :-

❖ **مِخْلَاْفِ اَبْیَنْ** : عدن کے قریب ایک بستی۔

❖ **مِخْلَاْفِ اَقْیَاْنْ** : اَقیان نام کے (یمن میں) دو قبیلے تھے :-

۱ : اَقیان بن زُرعہ بن سبا۔ اور

۲ : اَقیان بن سبا بن یَعرُب بن قحطان۔

❖ **مِخْلَاْفِ بَوْنْ** : یمن کا ایک وسیع علاقہ جس کی ایک بستی کا نام رَیْدہ تھا۔

❖ **مِخْلَاْفِ بَیْحَاْنْ** : یمن میں دو وادیاں :-

❖ ایک میں طے کی ایک شاخ بنو عبدِ رضا آباد تھی۔ اور

❖ دوسری میں بنو مُراد۔

❖ **مِخْلَاْفِ جُبْلَاْنْ رَیْمَۃْ** : زَبِید اور رِمع کے درمیان ایک وسیع علاقہ۔

❖ **مِخْلَاْفِ جَعْفَرْ** : مامون کے زمانے میں یمن کا ایک سردار محمد بن زیاد سرکار و دربار میں بڑی عزت رکھتا تھا۔ یمن میں زَبید کی بنیاد اسی نے ڈالی تھی۔ اس کے ایک موتلے کا نام جعفر حِمیَری تھا۔ اسے بھی مامون نے سردار بنا دیا تھا۔ اس نے بھی ایک شہر مُذَیْخِرَہ کی بنا ڈالی تھی۔ یہ شہر گرد و نواح کے دیگر دیہات سمیت مِخلافِ جَعفر کہلاتا تھا۔

❖ **مِخْلَاْفِ جُعْفِیْ** : صنعاء سے

چالیس میل دُور جُعفی بن سَعْد العشیرہ کی بستیاں۔

* مِخْلَافِ جَنْب : یمن کے چھ قبائل۔ یعنی :-

۱ : مُنَبِّہ
۲ : حارث
۳ : عَلی
۴ : سِنْحان
۵ : شِمران اور
۶ : ہِفّان

جو یزید بن حرب بن عُلّہ کی اولاد تھے، کی بستیاں۔

* مِخْلَافِ جَہْرَان : صَنعاء کے قریب قبیلۂ ہَمْدان کے مساکن۔
* مِخْلَافِ جَیْشَان : یمن میں جَیشان بن غیدان بن حُجر بن ذی رُعَین .... بن حمیر کی بستیاں۔
* مِخْلَافِ حَرَاز و ہَوْزَن : یہ حمیر کے دو قبیلے تھے۔ جن کی سات بستیاں تھیں۔ یعنی :-
  * لہاب
  * مجنح
  * شبام وغیرہ۔
* مِخْلَافِ حَضُوْر : یمن میں حَضُور بن عدی بن مالک کی بستیاں۔
* مِخْلَافِ ذِمَار : یمن میں ذمار بن یحصب بن ..... حمیر کی بستی۔
* مِخْلَافِ ذِی جُرَّۃ و خَوْلَان : یمن میں ذو جُرّہ بن رَکْلان اور ان کے بھائیوں خَوْلَان بن عَمْرو کی بستیاں۔
* مِخْلَافِ رُدَاع : یمن کا ایک شہر جس میں تین قبائل یعنی :-

۱ : کومان
۲ : روق اور
۳ : صُنابح

آباد تھے۔

* مِخْلَافِ رُعَیْن : یمن میں جیشان کے قریب قبیلۂ رُعَین کے گاؤں۔
* مِخْلَافِ زَبِیْد : جبالِ خَثْعَم میں ایک وادی۔
* مِخْلَافِ سُحُوْل : سُحُول بن سوادہ کے مساکن۔ جن میں :-
  * نعکر
  * ریمہ اور
  * مُذَیخِرَۃ

  بھی شامل تھے۔
* مِخْلَافِ سِنْحَان : قبیلۂ سنحان کے مساکن۔ جن میں :-
  * تِہَامَۃ اور
  * نَجْد

  کی چند وادیاں بھی شامل تھیں۔
* مِخْلَافِ شَبْوَۃ : یمن میں شبام حارث بن حضرموت حمیری کی ایک بستی۔
* مِخْلَافِ شِہَاب : بنو شہاب بن عُزلان یا
  * شہاب بن ازمع بن عُزلان یا
  * شہاب بن عاقل بن ہانی بن عُزلان یا

٭ بنو شہاب کندی کی بستیاں۔

٭ **مِخلاف صَعدَہ** : یمن میں بنو خولان کا سب سے بڑا شہر صعدہ تھا۔

٭ **مِخلاف عَنّہ** : یمن میں ایک قبائلی آبادی۔

٭ **مِخلاف عَوذ** : رُعین اور حمیر کے چند قبائل کی بستیاں۔

٭ **مِخلاف لَحج** : اَبین کے پاس بنو اَصبح کی بستیاں۔

٭ **مِخلاف مادَن** : ذو رُعین کی ایک شاخ مادن کے مساکن۔

٭ **مِخلاف مآرب** : صنعاء کے مشرق میں اہلِ مآرب کی بستیاں۔

٭ **مِخلاف مُعافِر** : یمن میں کوہِ صبر کے قریب معافر بن یعفر بن مالک بن حارث کی بستیاں۔

٭ **مِخلاف مُقرِی** : یمن میں ذِمار کے مغرب اور مخلافِ ہان کے متصل مُقری بن سبیع بن حارث...... بن حُمیر بن سبا کے مساکن۔

٭ **مِخلاف نَهد** : یمن میں قبیلۂ نہد کی ایک بستی جو مُجیر کے نام سے مشہور تھی۔

٭ **مِخلاف وادِعہ** : شمال مشرقی یمن میں وادعہ بن عمرو بن ناشج کی بستیاں۔ جن میں :-

٭ **بُقعہ**

٭ **عُمران**

٭ **وادیٔ نجران** کا بلند حصہ بھی شامل تھا۔

٭ **مِخلاف هان** : قبیلۂ ہمدان کی ایک شاخ ہان کے منازل۔

٭ **مِخلاف هَمدان** : شمالی صنعاء اور صعدہ کے درمیان قبیلۂ ہمدان کی بستیاں۔

٭ **مِخلاف یام** : نجران میں قبیلۂ یام کے گھر۔

٭ **مِخلاف یَحصِبین** : یمن میں بنو یحصب بن دہمان کی بستیاں۔ یحصب ہمدان کی شاخ تھی۔ جو سُحول کے قریب رہتی تھی۔

مُخایل : وادیٔ عقیق (مدینہ کے قریب) میں ایک موضع۔

مَختار : سامرا میں ایک محل جو متوکل نے بنوایا تھا۔

مُختارَہ : شرقی بغداد کا ایک محلّہ۔

مُختارَان : ہمدان کا ایک محلّہ۔

مُخدَرَہ : یمن میں ذمار کا ایک گاؤں۔

مَخرَفَہ : یمامہ کی ایک وادی۔

مَخرَفَین : سنحان (یمن) کی ایک بستی۔

مَخرَم : رصافہ اور نہرِ معلّٰی کے مابین بغداد کا ایک محلّہ۔

مُخری : مدینہ و بدر کی راہ پر ایک پہاڑ۔

مَخضُوراء : بنو سلول یا بنو عُکیس کے دو پانی۔

مَخفَق : دیارِ بنو سعد (دہناء) میں ایک ٹیلہ۔ یا ریتلا خطہ۔

مَخلَدِیَۃ: سوادِ خابُور میں ایک بستی۔

مَخلَفَۃ: مکّہ کے نشیبی حصّے میں ایک موضع۔

مُخمَد: یمن میں ایک وادی۔

مِخمَر: دیارِ بنی کلاب میں ایک وادی۔

مُخَمَّر: بنو قُشیر کی ایک وادی۔ یا
∴ کوہِ ثہلان کا ایک حصّہ۔

مُخَمَّسَۃ: بیاض (یمامہ) میں ایک پانی۔

مَخمِص: ایک راستہ جو جبلِ عَیر سے گزر کر مکّہ کو جاتا ہے۔

مَخِیض: مدینہ اور دیارِ بنو لِحیان میں جبلِ غُراب کے پاس ایک موضع۔

مَخِیل: بَرقہ کے قریب ایک قلعہ۔

مَدَاخِل: ریّان کے مشرق میں ایک پہاڑی۔

مَدَاِر: دیارِ عدوان (حجاز) میں ایک موضع۔

مَدَامِر: صنعاء کے پاس ایک بستی۔

مَدَاث: بلادِ قُضاعہ کی ایک وادی۔

مَدَائِن: سلاطینِ ساسانی کا دارالحکومت جسے انوشیروان نے (موجودہ بغداد کے قریب) تعمیر کیا تھا۔ بعد کے بادشاہ اس کے قریب ہی نئے محل اور نئے شہر بناتے رہے، اور ان تمام شہروں کا جُھنڈ مدائن کہلانے لگا۔ جب منصور عبّاسی نے بغداد کی بِنا ڈالی تو مدائن کی آبادی نئے دارالحکومت میں منتقل ہو گئی۔ اور مدائن اُجڑ گیا۔ اب اس نام کی ایک چھوٹی سی بستی بغداد سے چھ فرسخ کے فاصلے پر موجود ہے۔
∴ اسی نام کی دو اور بستیاں شام میں حلب کے قریب تھیں۔
∴ ایک مدائن عرب کے شمال مغربی گوشے میں بھی ہے۔
∴ تبوک کے جنوب میں اور ساحل کے قریب حضرت صالح علیہ السلام کا وطن۔

مُدبِج: موصل کے جنوب میں ایک گاؤں۔

مُدَجَّج: مکّہ اور مدینہ کے درمیان ایک وادی۔

مَدَر: یمن میں ایک گاؤں۔

مَدَرا: مکّہ کے پاس نعمان میں ایک پہاڑ۔

مَدرَاء: نجد میں بنو عُقَیل اور آلِ وحید بن کلاب کا ایک پانی۔ یا
∴ رُکبہ میں بنو نصر بن معاویہ کا ایک چشمہ۔ اور
∴ نعمان میں ایک پہاڑ۔

مِدرَان: مدینہ اور تبوک کے درمیان ایک موضع۔

مُدَرَّج: بنو عبس کا ایک پانی۔

مِدفَار: بلادِ سُلیم یا ارضِ ہُذیل میں ایک موضع۔

مُدرَکَۃ: بنو یزید بن یُرع کا ایک پانی جو عُسفان سے آگے سمندر کے قریب ایک وادی میں ہے۔

مُدَع: یمن میں حِمیر کا ایک قلعہ۔

مَدعَا: حِمَی ضریّہ میں بنو جعفر بن کلاب کا ایک پانی۔

مَدلاء: نجران کے قریب ایک ٹیلہ یا ریتلا خطّہ۔

مَدُور: قرطبہ کے پاس ایک قلعہ۔

مَدِلِین: اندلس میں ماردہ کا ایک قلعہ۔

مَذیَاْنِ کَمْث : سوادِ بخارا کی ایک بستی۔
مُدَیْبِرْ : رُقہ کے قریب ایک مقام۔
مَدِیْدَانْ : یمامہ میں دو پہاڑ۔
مَدْیَنْ : ایک قبیلہ جس کا نام مَدْیَنْ بن ابراہیم علیہ السلام سے ماخوذ ہے۔ یہ قبیلہ خلیج عقبہ کے دونوں ساحلوں (شرقی اور غربی) پہ آباد تھا۔ اور یہ سارا علاقہ مَدْیَنْ کہلاتا تھا۔
اس علاقے کا مرکزی شہر بھی مَدْیَنْ تھا۔
٭ حضرت شعیب علیہ السلام کا مولد و مسکن۔
مَدِیْنَۃُ اِصْفَہَانْ : اصفہان سے کچھ دُور دریائے زِنْدَہ رُود کے کنارے ایک شہر، جو کبھی جَیّ کہلاتا تھا۔ اور اب شہرستان کے نام سے مشہور ہے۔
مَدِیْنَۃُ جَابِرْ : رَے اور قزوین کے درمیان ایک شہر۔
مَدِیْنَۃُ السَّلَامْ : بغداد۔
بغداد کا یہ نام خلیفہ منصور نے رکھا تھا۔
مَدِیْنَۃُ الْمُبَارَکْ : قزوین کے قریب ایک شہر، جس کی بنا مامون یا معتصم کے ایک غلام مبارک نے ڈالی تھی۔
مَدِیْنَۃُ مُحَمَّدْ بْنْ عُمَرْ : نواحِ بحرین میں ایک شہر۔
مَدِیْنَۃُ مَرْوْ : مرو کی ایک اضافی بستی۔
مَدِیْنَۃُ مِصْرْ : فُسطاط یا قاہرہ میں جامع مسجد سے مغرب کی طرف ایک محلہ۔ جس میں اسی مسجد کا امام ابو صادق جو مدینہ کا باشندہ تھا۔ سکونت پذیر تھا۔
مَدِیْنَۃُ مُوْسٰی : قزوین کے قریب ایک شہر۔ جو خلیفہ موسیٰ الہادی نے بنوایا تھا۔
مَدِیْنَۃُ نُحَاسْ : اَنْدُلُس کے بعض جنگلوں میں ایک ایسا شہر تھا۔ جس کی فصیل میں کوئی دروازہ نہیں تھا۔ اور اگر کوئی شخص فصیل پر چڑھ کر اندر نگاہ ڈالتا۔ تو وہاں ایسے پتھر نصب تھے۔ جن کی شعاعوں سے ناظر ہنسنے لگ جاتا۔ اور ہنستے ہنستے مر جاتا تھا۔
کہتے ہیں کہ :
اَنْدُلُس کا فاتح مُوسیٰ بن نُصَیر اس شہر تک پہنچا تھا۔ لیکن پیہم کوششوں کے باوجود اندر داخل نہ ہو سکا۔
مَدِیْنَۃُ یَثْرِبْ : مدینۂ منوّرہ۔
مَذَاذْ : مدینہ کا وہ مقام جہاں حضورؐ نے جنگِ اَحزاب کے موقعہ پر ایک خندق کھودی تھی۔
مَذَارْ : سوادِ مَیسان (واسط اور بصرہ کے درمیان) میں ایک شہر۔
مَذَارِعْ : چند شہروں، مثلاً :۔
٭ کوفہ
٭ قادسیہ
٭ انبار وغیرہ کا جُھنڈ۔
مَذَاہِبْ : نواحِ مدینہ کی بستیاں۔
مَذْرْ : طخ کا ایک گاؤں۔
مَذْرَبِیْ : طے کا ایک پہاڑ۔
مِذْعَیْ : بنوغنی کا ایک پانی۔

مِذْعَر : بنو جعفر بن کلاب (نجد) کا ایک چشمہ۔
مِذْنَب : یمامہ میں بنو عامر کی ایک بستی۔
مَذْیَامْجَکَث : سوادِ سمرقند کا ایک گاؤں۔
مَذْیَانْکَن : بخارا کا ایک گاؤں۔
مُذَیْخِرَة : کوہِ صبر (یمن) پر ایک قلعہ۔
مُذَیْنِب : مدینہ کی ایک وادی۔
مَرّ : مکّہ سے ایک منزل پر ایک گاؤں یا وادی۔ واقدی کہتا ہے کہ مکّہ سے مَرّ صرف پانچ میل دُور ہے۔ یا
* سمیراء کے مشرق میں بنو اسد کا ایک پانی۔
مُرّ : وادیِ اِضَم میں ایک ندی۔ اور
* بلادِ مَہرہ (یمن) میں ایک خطہ۔
مَرْآة : یمن میں مآرب کے قریب ایک گاؤں۔ جو سَیْلِ عَرِم سے تباہ ہو گیا تھا۔ نیز
* یمامہ میں بنو امرؤ القیس کی ایک بستی۔
مَرَابِد : وادیِ عقیق (مدینہ کے قریب) میں ایک موضع۔
مِرَاح : تہامہ کی چند گھاٹیاں۔
مُرَاحِضَة : صنعاء کا ایک قلعہ۔
مُرَاخ : مُزدلفہ کے قریب ایک مقام۔
مُرَاد : قرطبہ کے پاس ایک قلعہ۔
مُرَار : حُدَیبیہ کے پاس ایک گھاٹی۔
مِرَاض : کوفہ و حجاز کی راہ پر ایک موضع۔
مِرَاضَان : دیارِ تمیم کی دو ندیاں۔
مَرَاغَة : تبریز کے جنوب میں ایک اہم شہر۔

مَرَاقِب : دیارِ ہُذیل میں ایک موضع۔
مَرَاقِیَة : اسکندریہ کے مغرب میں ایک شہر۔
مَرَاکُش : الجیریا کے مغرب میں ساحل اوقیانوس پہ ایک مُلک، جس کا رقبہ (۱۹۷۱ء میں) تقریباً ایک لاکھ بہتر ہزار مُربّع میل اور آبادی ایک کروڑ ہے۔ اس کا دارالحکومت رباط ہے۔
مَرّان : مکّہ اور مدینہ کے مابین یا مکّہ سے بصرہ جاتے ہُوئے چوتھی منزل پر ایک مقام۔ یا گاؤں۔
مُرّان : دمشق کے پاس ایک موضع۔ یا
* غطفان کے دو پانی۔
مَرَانَة : بنو عجلان کی ایک پہاڑی۔
مَرَاوِزَة : بغداد کا ایک محلّہ۔ جس میں مَرو کے کچھ آدمی آباد تھے۔ نیز
* سنجار کے پاس ایک بستی۔
مَرَایِض : کاظمہ و نقیرہ کے درمیان دیارِ تمیم میں کئی مقامات۔
مَرَایِغ : مصرِ صعید میں نیل سے مغرب کی طرف ایک علاقہ۔
مِرْبَاط : ظفار (عُمان اور حضرموت کے درمیان ایک شہر) کی ایک بندرگاہ۔
مِرْبَالَہ : آرمینیہ میں خلاط کے قریب ایک علاقہ۔
مُرْبِخ : بصرہ اور مکّہ کے درمیان ایک صحرا۔ اور ثَور کے پاس ایک پہاڑ۔
مِرْبَد : بصرہ کا ایک بازار یا محلّہ۔
* مدینہ کے قریب ایک موضع۔

مَزبَغ : مکّہ کے پاس ایک پہاڑ۔

مَزبَغ : مدینہ میں بنو حارثہ کا ایک قطعۂ زمین جس میں ایک ٹیلہ بھی تھا۔

مُرَبَّعَۃُ الخُرسِیّ : مربعہ سے مراد ایک ایسی جگہ ہے۔ جس کے چاروں اضلاع مساوی ہوں، اور خُرسی سے مراد خُراسان کا باشندہ ہے۔ خلیفہ منصُور کے زمانے میں ایک خراسانی بغداد کا کوتوال تھا۔ اور ایک چوکور مکان یا موضع میں رہتا تھا اور اسی نسبت سے وہ مُرَبَّعَۃُ الخُرسِیّ کے نام سے مشہور ہوگیا تھا۔

مُرَبَّعَۃُ العَبّاس : یہ بھی بغداد کا ایک مقام تھا۔ جس میں باب خلافت کا ایک نقیب ابوالعباس فضل بن سلیمان طُوسی رہتا تھا۔

مُرَبَّعَۃُ الفُرس : بغداد کا ایک محلّہ جس میں ایرانی آباد تھے۔

مَزبَلَۃ : اُندلُس میں قَبرَہ کے پاس ایک علاقہ۔

مَزبُوط : اسکندریہ کی ایک بستی۔

مَزبُوغ : شام میں سَلَمیّۃ کے قریب ایک موضع۔

مُزبَیطَر : اُندلُس میں بَلَنسِیَہ (وَلَنشِیَا) سے چار فرسخ پر ایک شہر۔

مَزت : آذربیجان میں اُرمیہ سے ایک منزل دُور ایک گاؤں۔

مُرتاحِیَہ : مصر کی ایک بحری آبادی یعنی جزیرہ۔ یا جزیرے کا ایک علاقہ۔

مَرتِخ : وَذان (جُحفہ کے قریب ایک گاؤں) کے پاس ایک موضع۔

مَرتَخُوان : نواحِ حلب کی ایک بستی۔

مُرتَمأ : قَرعاء اور واقصہ (بصرہ اور مکّہ کے درمیان دو منازل) کے درمیان ایک کنواں۔

مَرج : لغوی معنی :۔ چراگاہ اور سبزہ زار۔ یہ علاقہ اور مقام کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ مشہور مُرُج یہ ہیں :۔

- مَصِّیصہ کے قریب مَرجِ خَلِیج اور مَرجِ اَطَرَاخُون
- خراسان میں مَرجِ خُطَباء۔
- شام میں مَرجِ حُسَین۔
- مَصِّیصہ سے دس میل دُور مَرجِ دِیباج (ایک وادی)۔
- نواحِ دمشق میں :۔
  - مَرجِ رَاھِط
  - مَرجِ صُفَّر اور
  - مَرجِ عَذرَاء (چراگاہیں)۔
- بحرِ شام کے ساحل پر مَرجِ عُیُون
- حُلوان اور ہَمدان کے درمیان :۔ مَرجِ قلعہ
- مصر صعید میں مَرجِ بَنُو ھُمَیم
- ہمدان کے پاس مَرجِ قَرَاَبُلِین
- رقّہ کے قریب مَرجِ ضیازن
- جزیرۂ ابن عمر میں مَرجِ عبدالواحد اور
- عراق میں مَرجِ ابُوعبیدہ ۔ جو موصل کے قریب ایک وسیع اور سرسبز وادی ہے کہتے ہیں کہ یہ حضرت سلیمان کے گھوڑوں کی ایک چراگاہ بھی تھی۔

مَرْجِع : مکہ و مدینہ کے درمیان ایک مقام۔
مِرْجَم : بلادِ بنوضمر میں ایک موضع۔
مَرْجَنَی : رَے اور قزوین کے درمیان ایک علاقہ۔
مَرْحَب : حضرموت میں ایک صَنَم۔ نیز
٭ مدینہ و خیبر کے درمیان ایک راستہ۔
مذکور ہے کہ :۔
سفرِ خیبر میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ایسے مقام پر پہنچے۔ جہاں سے کئی راستے خیبر کو جاتے تھے۔
حضورؐ نے فرمایا کہ :۔
"اگر اِن راستوں کا کوئی نام ہو تو بتاؤ۔"
راہبر نے کہا :
٭ ایک کا نام حَزَن۔
٭ دوسرے کا شاش اور
٭ تیسرے کا حاطِب ہے۔
فرمایا :
"ہم اِن راہوں کو اختیار نہیں کریں گے کہ ان کے نام خراب ہیں۔"
حضور صلعم عمُوماً ناموں اور دیگر علامتوں سے شگون لیا کرتے تھے۔
پھر راہبر نے چوتھے راستے کا نام مَرْحَب بتایا۔
اور آپؐ نے اسے پسند فرمالیا۔
مَرْحَض : یمن کی ایک بستی۔
مَرْخ : یمن میں ایک وادی۔ اور
٭ ینبُع کے قریب ایک موضع۔
مَرَخ : فدک کے پاس ایک شاداب وادی۔ اور
٭ یمامہ میں بنو یربُوع کا ایک گاؤں۔
مَرْخَہ : یمن میں ایک شہر جس کے نواح میں :۔
٭ بنولقیط
٭ بنوشدّاد
٭ بنوسُلَیم اور
٭ بنومعافِر
کی بستیاں تھیں۔
مَرْدَاء : ہَجَر (بحرین) میں ایک موضع۔ اور نواحِ نابلس میں ایک بستی۔
مَرْدَان : مدینہ اور تبوک کے درمیان ایک گھاٹی۔ جس پر ایک مسجد حضور صلعم کی طرف منسوب تھی۔
مَرْدَمَہ : نجد میں بنو مالک بن ربیعہ کا ایک پہاڑ۔
مَرْزَی : بحرین کا ایک گاؤں۔
مَرْزُوْهَا : سوادِ دُجَیل میں ایک قصبہ۔
مَرَش : مدینہ میں ایک موضع۔
مَرَشْت : پنج دِہ (خراسان) میں ایک بستی۔
مَرْسَی الْخَرَز : ساحلِ افریقیہ پر (بُتونہ سے تین یوم دُور) ایک بندرگاہ جہاں سے مَرجان نکالے جاتے ہیں۔
مَرْسَی الدَّجَاج : بلادِ بربر میں اشیر سے چار یوم کی مسافت پر ایک شہر۔
مَرْسَی عَلِی : سسلی کا ایک ساحلی شہر۔

مُرْسَلِيَّة : یمامہ میں بنو کلیب بن یربوع کا ایک پانی۔

مَرْسِيَة : شرقی اندلس کا ایک مشہور شہر۔

مَرْصَفَا : منیہ غمر کے قریب شمالی مصر میں ایک قصبہ۔

مَرْعَدَة : نجد میں عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

مَرْعَش : شام اور روم کی سرحد پر ایک شہر۔

مَرْغَاب : ہراۃ کا ایک قریہ۔
٭ نیز مَرْوِ شاہ جہان اور بصرے میں ایک ایک دریا۔

مَرْغَابَان : بصرہ کے قریب ایک دریا۔

مَرْغَبَان : کَش (ماوراء النہر) کی ایک بستی۔

مَرْغَبُون : بخارا کا ایک گاؤں۔

مَرْغَنَة : مکہ اور بدر کے درمیان ایک موضع۔

مَرْغِيْنَان : سوادِ فرغانہ کا ایک قصبہ۔

مَرَق : موصل اور نُصَیبِین کی راہ پر ایک گاؤں۔ نیز
٭ مدینہ میں ایک کنواں۔

مَرْقَب : بحرِ شام کے ساحل پر ایک قلعہ۔

مَرْقَبَة : بلادِ ہُذَیل میں یَسُوم اور ضَہْیا کے درمیان ایک پہاڑ۔

مُرْقِدَة : نجد میں ابو بکر بن کلاب کا ایک پانی۔

مَرْقِيَّة : ساحل حمص پر ایک قلعہ۔

مَرْكُوب : یَلَمْلَم کے قریب ایک وادی جس کی بلندیاں ہُذَیل کے پاس تھیں اور پستیاں کنانہ کے پاس۔

مَرْكَة : زنجبار میں ایک شہر۔

مُرْكَيْش : نواحِ اشبیلیہ میں ایک قلعہ۔

مِرْمَى : یمن میں ذِمار کی ایک بستی۔

مَرْمَى : جبلِ نفوسہ اور زُوَیلہ (افریقیہ) کے مابین ایک شہر۔

مَرْمَاجَنَّة : تونس کا ایک گاؤں۔

مَرْمَل : یمن کا ایک گاؤں۔

مَرَنْد : تبریز کے شمال میں ایک شہر۔

مَرْوَان : ربذہ کے قریب ایک پہاڑ۔ یا قلعہ۔ نیز
٭ مَرْو کا تثنیہ۔ یعنی :-
٭ مَرْوُ الرَّوْذ اور
٭ مَرْوِ شاہ جہان۔

مَرُّوت : عالیہ میں ایک وادی۔ یا دریا۔
٭ شام میں بنو غسان کا ایک گاؤں۔

مَرْوَحَة : فرات کے مغربی کنارے پر ایک قصبہ۔

مَرُّوذ : نجد اور ودّان کے درمیان ایک موضع۔

مَرُّوذ : مروالرّوذ کا مخفف۔

مَرْوُ الرَّوْذ : مَرْو دو ہیں :-
ایک وُہ جو افغانستان کی شمال۔مغربی سرحد پر بادغیس کے شمال میں ایک دریا کے کنارے واقع ہے۔
اور دوسرا ہے :
مَرْوِ شاہ جہان : یہ مَرْوُ الرَّوْذ سے پانچ یوم کی مسافت پر ہے۔
مَرْوَہ : مکّہ کے پاس صَفا و مَرْوَہ دو پہاڑیاں ہیں۔
* خشب اور وادی القریٰ کے درمیان ایک بستی ذُو المَرْوَہ کہلاتی ہے۔
مُرَیْجز : بنو ربیعہ کا ایک پانی۔
مُرَیْخ : مدینہ میں یہود کا ایک ٹیلہ۔
مُرَیْغ : نجد میں مَرْدَمَہ کے قریب ایک جبل۔ اور
* ینبُع کے قریب وَدعان اور برک کے درمیان ایک پہاڑ۔
مُرَیْذ : مدینہ میں بنو خطمہ کا ایک ٹیلہ۔
مُرَیْدَاء : بحرین کا ایک گاؤں۔
مُرَیْر : نجد میں بنو سُلیم کا ایک پانی۔
مُرَیْرَہ : نجد میں بنو عمرو بن کلاب یا بنو نُمیر کا ایک پانی۔ نیز
* یمامہ میں ایک موضع۔
مُرَیْزجان : صُوبۂ فارس میں ایک مقام۔
مَرِیْسَہ : مصرِ صعید کا ایک گاؤں۔
* نیز ایک علاقہ۔
مُرَیْسِیْع : مکّہ کے شمال میں قُدَیْد کی طرف ایک چشمہ۔
جب پانچویں سالِ ہجری میں حضور صلعم کو معلوم ہُوا کہ خُزاعہ کی ایک شاخ بنو المُصطلق کے ایک سردار حارث بن ابی ضرار الخُزاعی نے ایک لشکر حملے کے لیے جمع کیا ہے۔ تو آپؐ اُس کے مقابلے کے لیے مدینے سے نکل پڑے اور کوئی پونے دو سو میل کے سفر کے بعد ایک آبی ذخیرے پر پہنچے۔ جو مُرَیْسِیْع کے نام سے مشہور تھا۔ وہاں حارث کا لشکر مقیم تھا۔ آپؐ نے اُسے شکست دی۔ اسیرانِ جنگ میں حارث کی بیٹی جُوَیریہ بھی تھی۔ جسے حضورؐ نے حرمِ نبوی میں داخل کر لیا۔
حضرت عائشہؓ پر تہمت اسی سفر سے واپسی پہ لگی تھی۔
مَرْیَغ : نجران اور تثلیث (جائے نزدِ مکّہ) کے درمیان بنو زُبَید کا ایک پہاڑی علاقہ۔
یہ یاد رہے کہ :
زَبید یمن میں ایک شہر ہے۔ اور
زُبَید ایک قبیلے کا باپ تھا۔
ایک روایت کے مطابق مَرْیُغ یمن کی ایک وادی ہے۔
مُرَیْفِق : یمامہ کی ایک بستی۔ یا
* ابوبکر بن کلاب کا ایک پانی۔
مَرِیْمِیْن : حمص اور حلب کے نواح میں ایک ایک بستی۔
مُرَیْن : مَرْو کی ایک بستی۔
مُرَیِّن : دیارِ مصر میں ایک علاقہ۔
مَرْیُوْط : اسکندریہ کے قریب ایک ساحلی بستی یا علاقہ۔
مَرِیَّہ : شرقی اَندَلُس میں ایک اہم شہر

اور صُوبہ۔ یہ غالباً مَرْسِیَۃ کا پُرانا نام تھا۔ یہ صُوبۂ وَلَنْشِیَۃ کے جنوب میں واقع ہے۔ مریّہ نام۔

مِزَاْج : کوفہ اور یمامہ کی راہ پر ایک موضع۔

مُزَاحِم : مدینہ میں ایک ٹیلہ۔

مُزْج : مدینہ سے کوئی تیس فرسخ جنوب میں ایک جھیل۔ جس میں گرد و نواح کی کئی ندیاں گرتی تھیں۔

مُزْدَرَغ : یمن کی ایک آبادی۔

مَزْدَقَان : رَے کے قریب ایک قصبہ۔

مَزْدَلِفَۃ : مکّہ کے قریب مِنیٰ سے اندازاً ایک فرسخ دُور ایک مقام، جہاں حاجی (عرفات سے نکل کر) ایک رات گزارتے ہیں۔

مُزْرَفَۃ : بغداد کے قریب جانبِ شمال ایک گاؤں۔

مَزْرَنْکَن : سوادِ بخارا کا ایک قریہ۔

مَزْرِیْن : بخارا کی ایک بستی۔

مُزْن : نواحِ دیلم میں نیز سمرقند سے تین فرسخ دور ایک گاؤں۔

مَزْنَوَیٰ : سوادِ سمرقند کی ایک بستی۔

مُزُوْن : عُمان کا ایک نام۔

مِزَّۃ : نواحِ دمشق کی ایک بستی۔

مَزْهِد : یمن کا ایک قلعہ

مَزْیَد : دیکھیے "حِلّہ"۔

مُزَیْرِعَۃ : بحرین کا ایک گاؤں۔

مُزَیْرِث : یمامہ میں بنو کُلیب بن یربوع کا ایک پانی۔

مَسَاْت : بنو کلب کا ایک پانی۔

مَسَامِعَۃ : بصرے کا ایک محلّہ۔

مَشْبَز : مصرِ صعید میں نیل کے مغربی کنارے پر ایک گاؤں۔

مُشْتَجَاْر : فارس میں ایک موضع۔

مُشْتَرَاْذ : عراق میں ایک مقام۔

مُشْتَرَیُوْن : شرقی مصر کا ایک گاؤں۔

مَشْتِیْنَاْن : بلخ کی ایک بستی۔

مَسْجِدِ اِبْنِ رَغْبَاْن : غربی بغداد کی ایک مسجد۔

مَسْجِدُ التَّقْوَیٰ : قُبا کی وہ مسجد۔ جس کی بنا حضور صلعم نے ڈالی تھی۔ جب حضورؐ نے ہجرت فرمائی۔ تو پہلے قُبا (مدینہ کے جنوب میں ایک بستی) میں چار روز قیام فرمایا۔ اسی دوران میں آپؐ نے اِس مسجد کا سنگِ بُنیاد رکھا۔ جسے بعد میں لوگوں نے مکمّل کیا۔

مَسْجِدِ حَرَاْم : بیت اللہ۔ جس میں سب سے پہلے فاروقِ اعظمؓ نے دیوار اور صحن کا اضافہ کیا۔ بعدازاں حضرت عثمانؓ نے ہمسایوں کے چند گھر خرید کر مسجد میں شامل کر دیے۔ عبد اللہ بن زبیر نے سنگِ مرمر کے ستون بنوائے۔ اور بیرونی دیوار میں بڑے بڑے دروازے لگوائے۔

عبد الملک بن مَروان نے اس کے حُسن و جمال میں مزید اضافہ کیا۔ اور حَجّاج بن یُوسُف کو حکم دیا کہ کعبہ کے لیے غلاف تیار کرائے۔

خلیفہ ولید۔ منصوّر عبّاسی اور مہدی عبّاسی نے اسے مزید چمکایا۔ اور اس میں یاقوت و زبرجد کے فانوس لٹکائے۔

مَسْجِدِ سِمَاْک : کوفہ میں ہے۔
مَشْحَاْء : طائف یا مکّہ کی ایک آبادی۔
مَسَدْ : حجاز کی دو وادیوں یعنی :-
۱ : نَخْلَۃُ الْیَمَاْنِیَۃ
۲ : نَخْلَۃُ الشَّاْمِیَۃ
کا مقامِ اتصال۔ یا
٭ بُستان ابنِ عامر کا ایک نام۔
مَسْرُفَاْن : خوزستان کی ایک نہر۔ جو شاہ پور بن اردشیر نے کھودی تھی۔
مَسْرُقَاْنَاْن : بصرہ کے قریب دو دریا۔
مِشْطَحْ : طے کے دو پہاڑوں میں ایک مقام۔
مُسْعَطْ : عارض الیمامہ (پہاڑ) میں ایک دَرّہ۔
مَسْعُوْدَۃ : بغداد کے دو محلّے۔
مَسْفَرَاْ : مَرو اور خوارزم کی راہ پر ایک قصبہ۔
مَسْفَلَۃ : یمامہ کی ایک بستی۔
مَسْقَطْ : خلیج عُمان میں مکران کے سامنے ساحلِ عرب پر ایک اہم شہر۔ نیز
٭ عراق کا ایک دریا جو کوفہ کی طرف سے آکر سمندر میں جا گرتا ہے۔ اور
٭ ساحلِ خَزَر پر دَربند سے ورے ایک گاؤں۔
مَسْکِنْ : دریائے دُجَیْل پر اوانا کے قریب ایک موضع۔
مِشْکَۃ : رَقّہ کے قریب دو بستیاں۔ نیز
٭ عسقلان کے پاس ایک گاؤں۔
مَسْکِیْ : سوادِ کرمان میں ایک علاقہ۔
مَسْلَحْ : مدینہ کے قریب ایک مقام۔
مَسْلَحْ : جب حضور صلعم سفر بدر میں صَفرا (ایک گاؤں) کے قریب پہنچے۔ جو دو پہاڑیوں میں گھرا ہوا تھا۔ تو آپ نے ان پہاڑیوں کے نام دریافت فرمائے۔
کسی نے کہا :
٭ یہ مُسْلِحْ ہے۔ اور
٭ وہ مُخْرِیْ۔
کچھ دیر سوچنے کے بعد وہ راستہ ہی چھوڑ دیا۔ جو اِن پہاڑیوں کے درمیان سے گزرتا تھا۔ اور دائیں جانب مُڑ گئے۔ حضورؐ ناموں سے شگون لیا کرتے تھے۔
مُسَلَّحْ : عراق میں ایک چراگاہ۔ اور
٭ جَبَلَہٗ میں ایک وادی۔
مُسْلِیَۃ : کوفہ کا ایک محلّہ۔ جو ایک قبیلہ مُسلیہ بن عامر کی طرف منسوب تھا۔
مِسْنَاْن : سوادِ نَسَف کی ایک بستی۔
مِسْوَرْ : سوادِ صنعاء کا ایک قلعہ۔
مَسُوْس : مَرو کے پاس ایک بستی۔
مَسُوْلَاْ : نجد میں بنو عُقیل کے ایک پہاڑ شَمراء کے پاس اور کوہِ عَنتَرہ کے دامن میں دو بستیاں ہیں۔ جن پر کوہِ مَسُولَا سایہ انداز ہے۔
مَسِیْحَۃ : عُسفان کے مغرب میں ایک وادی۔
مَسِیْلَۃ : مراکش کا ایک شہر۔
مَسِیْنِیْ : شمالی سسلی کا ایک ساحلی شہر۔ نیز
٭ وہ آبنائے جو سسلی اور اٹلی کے مابین حائل ہے۔ اس شہر کا موجودہ نام مسینہ ہے۔
مَشَاْجِنَحْ : نواحِ زبار (یمن) میں ایک قلعہ۔
مَشَاْز : جبال حراز (یمن) کی ایک چوٹی۔
مَشَاْرِفْ : حَوران (شام) کے قریب بستیوں کا ایک جھنڈ۔ جن میں بُصریٰ بھی شامل ہے۔

مَشَاش : مکہ کے قریب ایک ندی جو عرفات سے گزر کر مکہ تک جاتی ہے۔

مَشَان : بصرہ کے قریب ایک کثیر الاثمار گاؤں۔ جہاں عربی کی مشہور کتاب مقاماتِ حریری کا مصنف ابو محمد القاسم بن علی الحریری پیدا ہوا تھا۔

مُشْتَرِک : حلۂ مزید کا ایک گاؤں۔

مُشْتَکَہ : اصفہان کا ایک گاؤں۔

مَشْتُول : مشرقی مصر میں :-

٭ مَشْتُولُ الْقَاضِیْ اور

٭ مَشْتُولُ الطَّوَاحِیْن

نام کے دو گاؤں ہیں۔

مِشْحَاذ : کوہِ قطن کے قریب ایک پہاڑی

مَشْحَلَا : عزاز کے پاس سوادِ حلب کی ایک جس میں حضرت داؤدؑ دفن ہیں۔

مَشْخَرَہ : سوادِ ذِمار (یمن) کا ایک قصبہ

مُشَرَّجَہ : واسط اور مکہ کی راہ پر ایک منزل۔

مَشْرَد : یمامہ میں ایک بستی۔

مَشْرِف : دَہناء میں ایک ریگستان۔ اور

٭ شمالی عرب میں ساحل قلزم کے قریب کچھ بستیاں جو مشارف کہلاتی ہیں۔

مَشْرِق : عرفات میں ایک پہاڑ۔ اور

٭ یمن میں ایک بستی۔

مُشَرَّق : طائف کا ایک بازار۔ اور بروایتے منیٰ کی مسجدِ خَیف۔ یا

٭ بلادِ سُلیم میں کوہِ برام کا ایک نام۔

مُشَرَّقِی : قادسیہ کے قریب عُذَیب اور عین شمس کے درمیان ایک وادی۔

مَشْرُوخ : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔

مَشْرُوق : یمن میں ایک موضع۔

مَشْعَرُ الْحَرَام : مُزدَلِفہ کا نام۔ جو عرفات اور منیٰ کے درمیان واقع ہے۔

مِشْعَل : مکہ و مدینہ کے مابین ایک موضع۔

مَشْغَرٰی : دمشق کا ایک قریہ۔

مُشَقَّر : بحرین میں یا بحرین و نجران کے درمیان ایک قلعہ۔

٭ ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔

٭ مدینۂ محمد بن بِشر کی طرف بہنے والی ایک ندی۔ اور

٭ طَے میں ایک پہاڑ یا وادی۔

مُشَقَّق : مدینہ اور تبوک کی راہ پر ایک چشمے والی وادی۔

مَش قَل قِیل : مصرِ صعید میں نیل کے مغرب کی طرف ایک گاؤں۔

مَش کَاذِین : رَے کی ایک بستی۔

مُشْکَان : سوادِ ہمدان میں ایک گاؤں۔

مُش کُوَیہَہ : رَے اور ہمدان کے درمیان ایک قصبہ۔

مُشَلَّل : ایک پہاڑ جو قُدَید اور سمندر کے درمیان واقع ہے۔

مَشُوکَہ : یمن میں ایک قلعہ۔

مُشَیْرِب : نَطّاع میں ایک کوآں۔

مَصَانِع : یمن میں ایک قبیلے کے مساکن۔ نیز

٭ سوادِ صنعاء میں ایک قلعہ۔ اور

٭ یمامہ کا ایک گاؤں۔

مَصَامِدَہ : مراکش میں قبیلۂ مَصْمُودَہ کے دیار۔

ضحَبِيّة : بنو قُشیر کا ایک پانی۔

صْرَ : افریقہ کے شمال مشرق میں ایک مُلک جس کا موجودہ (۱۹۷۱ء) رقبہ تین لاکھ چھیاسی ہزار ایک سو اٹھانوے مُربّع میل اور آبادی تقریباً تین کروڑ ہے۔

اس کے مشہور شہر یہ ہیں :-

- اِسکندریہ
- قاھرۃ (دارالحکومت)
- اَسْیُوط

نیل اس کا مشہور دریا ہے۔

صْقَلْ آبَاذْ : نواحِ جُرجان میں ایک گاؤں۔

ڞقَلَہْ : سِسلی کا ایک شہر۔

صلَخْکَانْ : رَے میں ایک محلہ۔

صْلُوْق : نجد میں بنو عمرو بن کِلاب کا ایک پانی۔

صَلّٰی : عقیقِ مدینہ میں ایک موضع۔ اور

- شیراز میں ایک گلگشت یعنی پارک۔

ضنَعَہْ : لفظی معنی :- عمارت۔ قلعہ۔ سرائے وغیرہ۔ یمن میں کئی قلعے مَصْنَعَہْ کہلاتے تھے۔ مثلاً :-

- سوادِ ذِمار میں :-

مَصْنَعَۃُ بَنُوْ بَدّاء اور

مَصْنَعَۃُ بَنُوْ قَیْس۔

- سنحان کے قریب بھی ایک مصنعہ تھا۔

صْیَاْبْ : ساحلِ شام پر طرابُلس کے قریب اسماعیلیوں کا ایک قلعہ۔

صَیَّخْ : شام میں حَوران کے قریب ایک مقام۔

مَصِیْرَہْ : بحرِ عُمان میں ایک جزیرہ۔

مَصِّیْصَہْ : انطاکیہ کے شمال میں جنوبی ترکی کا ایک سرحدی شہر۔

مَصِیْلْ : مصر کا ایک گاؤں۔

مَضْجَعْ : بلادِ ابوبکر بن کلاب میں سب سے بڑا گاؤں۔

مُضِلْ : دیارِ طے میں ایک موضع۔

مِضْمَاْرْ : صَنعاء کے پاس ایک قلعہ۔

مَضْنُوْنَہْ : اَسماءِ زمزم میں سے ایک۔

مِضْیَاْعَہْ : نجد میں بَنُوْ کِلَاْب کا ایک پہاڑ۔

مُضَیَّحْ : بلادِ ہوازن۔ دیارِ ربیعہ بن اضبط میں وادیٔ جریب کے کنارے اور ضریّہ کے مغرب میں ایک ایک پہاڑ۔

- یمن میں مِحَاْرِبْ بن خَصَفَہْ کا ایک پانی۔
- مصر میں ایک موضع۔ اور
- وَبْر بن اضبط بن کِلاب اور ہوازن کا ایک ایک پانی۔

مَضِیْق : مکہ اور مدینہ کے درمیان کوہِ آرہ کے دامن میں ایک بستی۔ اور

- خانُوقہ اور قرقیسیا کے درمیان لبِ فرات ایک گاؤں۔

مَطَاْبِخْ : مکہ میں ایک موضع۔

مَطَاْحِلْ : بلادِ غطفان میں حُنَین کے قریب ایک موضع۔

مُطَاْرْ : سوادِ طائف کی ایک بستی۔

مَطَاْرْ : دَہناء اور صَمّان کے درمیان ایک موضع۔

مَطارِب : یمن کی ایک آبادی۔

مَطارہ : بذار و بصرہ کے درمیان ایک بستی۔ نیز کسی پہاڑ کا نام

مَطالِی : بلادِ بکر یا نجران میں ایک موضع۔

مَطامِیر : حلوان (عراق) کے قریب ایک گاؤں۔ نیز

* شام کا ایک قصبہ جو ذاتُ المطامیر کہلاتا ہے۔

مَطبَخِ کِسرَیٰ : قصرِ شیرین (کرمان شاہ کے قریب) سے چار فرسخ مشرق میں ایک عمارت۔ جو بطورِ مطبخ استعمال ہوتی تھی۔ جب کسریٰ اِس حصۂ ملک میں جاتا تھا۔ تو اُس کا کھانا یہیں پکتا تھا۔

مَطَر : یمن میں ایک بستی۔

مَطرِق : یمامہ کا ایک پہاڑی علاقہ۔

مطرِیَہ : مصر کا ایک گاؤں۔

مَطعَم : یمامہ میں ایک وادی۔

مطلَع : بحرین کا ایک گاؤں۔

مَطلُوب : مدینہ اور شام کے درمیان ایک گاؤں۔ نیز

* نجد میں بنو ابوبکر بن کلاب کا پانی۔ اور
* مکہ اور یمن کے درمیان وادیٔ بیشہ میں ایک موضع۔

مَطمُورَہ : بلادِ روم میں طرسوس کے قریب ایک قصبہ۔

مَطَوَّعَہ : نواحِ بصرہ میں ایک موضع۔

مَطهَر : تہامہ میں بنو کِنانہ کی ایک چراگاہ۔

مُطَهَّر : سوادِ طبرستان کا ایک شہر۔

مَطِیرَہ : سامرا کے پاس ایک گاؤں۔

مُظعِن : اَلبَوَاء اور سُقیَا کے مابین ایک وادی۔

مَظَلَّلَہ : نجد میں غَنِیّ بن اَعصُر کا ایک پانی۔

مُظلِم : سَاباط (مدائنِ کسریٰ کے قریب) کا ایک موضع۔

مَظلُومَہ : بنو نُمَیر کا ایک پانی۔ یا

* نواحِ یمامہ میں ایک موضع۔

مَظَنَّہ : آلِ ذومرحب ربیعہ بن معاویہ (یمن) کا ایک قصبہ۔

مِعَا : دَہنا کا ایک موضع۔ بروایتے دہنا کا ایک حصّہ۔ یا

* دَہنا کے جنوب میں ایک پہاڑ۔

مُعَاذ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

مُعَاذَہ : نجد میں سعدیہ کے قریب بنو ضباب اور بنو اُم قیشر کا ایک پانی۔

مَعَافِر : یمن میں ایک قبائلی بستی۔

مَعَان : لفظی معنی :- منزل۔

* اُردن کے جنوب میں حدودِ حجاز کے قریب ایک شہر جس میں ایک یادو رات کے لیے جَیشِ مُوتَہ (جسے حضورؐ نے زید بن حارثہ کی قیادت میں رُومی لشکر سے لڑنے کے لیے بھیجا تھا) نے قیام کیا تھا۔

مَعَانِق : نجد کے چند پہاڑ۔

مُعَبَّر : دَہنا کا ایک پہاڑ۔

مُعتَق : بنو مُعتَق بن مُرّ (جو دیارِ تمیم سے

مکّہ تک پھیلے ہوئے ہیں) کا ایک پہاڑ۔

مَعْدِنْ : سوادِ نیشاپور کا ایک گاؤں۔

مَعْدِنُ الْاَحْسَنْ : یمامہ میں بنوکلاب کی ایک آبادی۔

مَعْدِنُ الْبُرْمْ : مکّہ اور طائف کے درمیان ایک گاؤں۔

مَعْدِنِ بَنُوْ سُلَیْمْ : مدینہ اور نجد کی راہ پر ایک مقام۔

مَعْدِنُ الْھَرَدَۃْ : دیارِ کلاب (نجد) میں ایک جگہ۔

مَعْرَاثَا : سوادِ حلب میں کئی بستیوں کا نام۔

مُعَرَّسْ : اس کی مصدر تَعْرِیس ہے۔ جس کے معنی ہیں :۔ وقتِ سحر کہیں اُتر کر آرام کرنا۔

حضورؐ کی یہ عادت تھی کہ سفر سے واپس آتے، تو مدینہ سے چھ میل دُور ذُوالحُلَیْفَہ کی مسجد میں آخرِ شب آرام فرماتے۔ اور اسی بنا پر یہ مسجد مُعَرَّس کہلانے لگی تھی۔

مُعَرَّشْ : یمامہ میں ایک موضع۔

مُعَرَّفْ : عرفات میں ایک موضع۔

مُعَرَّفَہْ : کاظمہ سے ایک دو یوم کی مسافت پر ایک پانی۔

مَعْرِقَہْ : ساحلِ قُلزم کا وُہ راستہ، جو بدر کے پاس سے گزرتا ہے۔

غزوۂ بدر سے پہلے، ابوسُفیان کا وُہ قافلہ جسے پکڑنے کے لیے حضور صلعم بدر تک گئے تھے اسی راستے سے گزرا تھا۔

مَعْرُوْفْ : نجد میں بنو جعفر کا ایک چشمہ یا پہاڑ۔

مَعَرَّۃُ مَصْرِیْنْ : نواحِ حلب میں ایک قصبہ۔ نیز علاقہ۔

مَعَرَّۃُ النُّعْمَانْ : شام میں حما اور حلب کے مابین ایک شہر جس میں غالباً نعمان بن بشیر صحابی دفن ہیں۔

مَعْشُوْق : دَجلہ کے مغرب میں سامرّا کے قریب خلیفہ مُعتمد عبّاسی کا بنایا ہُوا ایک محل۔

مُعَصَّب : قُبا میں ایک موضع۔ جہاں سب سے پہلے آنے والے (صحابہ) مہاجرین ٹھہرے تھے۔

مَعْقَرْ : تہامہ میں زَبید کے قریب ایک وادی۔ یا علاقہ۔

مَعْقُلَہْ : دَہناء میں ایسے جوہڑ یا تالاب جن میں دیر تک پانی رہتا تھا۔

مَعَلَّاْ : حجاز میں ایک موضع۔

مَعْلَاْث : مکّہ و بدر کے مابین ایک موضع۔

مَعْلَثَایَا : نواحِ موصل میں جزیرۂ ابنِ عمر کے قریب ایک قصبہ۔

مَعْلُوْلَا : دمشق کے قریب ایک علاقہ۔

مَعْلَیَا : اردن کا ایک گاؤں۔

مَعْمَرَانْ : سوادِ مَرو میں ایک بستی۔

مَعْمَلْ : مکّہ کے قریب وادیٔ بیشہ میں آلِ ہاشم کی ایک بستی۔

مَعْمُوْرَہْ : کہتے ہیں کہ ایک دفعہ تُرکی کا مشہور شہر مصیصہ زلزلے سے تباہ ہو گیا تھا۔ منصُور عبّاسی نے ۱۳۹ھ ہجری میں اسے دو بارہ آباد کیا۔ اور اس کا نام مَعْمُوْرَہ رکھا۔

مُغنِق : یمامہ میں ایک قدیم محل۔

مَغنِیۃ : ایک کنواں جو کوفہ اور مکّہ کی راہ پر مَعن بن اَوس نے کھدوایا تھا۔

مُغوِز : کرمان کا ایک شہر۔

مُغونۃ : دیکھیے "بئرِ مغونۃ"۔

مُعِین : یمن میں سنحان کی ایک بستی۔

مَعِین : یمن میں ایک قلعہ یا شہر۔

مَعِینۃ : سنحان (یمن) کی ایک بستی۔

مَغاز : بلادِ سُلیم میں سوارِ قیصر کے قریب ایک پہاڑ۔

مَغاز : فلسطین کا ایک گاؤں۔

مُغاسِل : یمامہ کی ایک وادی۔

مَغرِب : افریقیہ کے وسط سے بحرِ اوقیانوس تک کے بلاد۔

مَغرۃ : دیارِ کلب (شام) میں ایک موضع۔

مُعز : زابج قزمس (قبرستان) میں بسطام سے ایک منزل دُور ایک گاؤں۔

مُغسل : یمامہ کے قریب ایک وادی۔

مَغکان : بخارا کی ایک بستی۔ جو بخارا سے پانچ منزل دُور تھی۔

مُغمّس : مکّہ سے طائف کی طرف تین چوتھائی فرسخ دُور ایک موضع۔

مُغنان : مَرو کا ایک قریہ (گاؤں)۔

مُغون : بُشت (نیشاپور) کی ایک نواحی بستی۔

مَغونۃ : مدینہ کے پاس ایک موضع۔

مُغیث : وُہ وادی جس میں قومِ عاد تباہ ہُوئی تھی۔ یا

* ربذہ اور معدنِ نقرہ کے درمیان ایک پانی۔

مُغیثۃ : کوفہ اور مکّہ کی راہ پر عُذیب کے بعد قادسیہ سے چوبیس میل اور قرعاء سے بتیس میل دُور ایک قصبہ۔ نیز

* سوادِ نیشاپور میں ایک بستی۔

مُغیزِل : بلادِ بنو عنبر میں یا عمان کے پاس ایک پہاڑ۔

مَفتح : بصرہ اور واسط کے درمیان ایک بستی۔ اور

* دُجیلِ اہواز کا ایک علاقہ۔

مُفترض : سمیراء کے شمال مغرب میں ایک پانی۔

مَفجر : مکّہ میں ایک موضع۔

مُفحل : نواحِ مدینہ میں ایک بستی۔

مقابرُ الشُّہداء : بغداد اور مصر میں ایک ایک قبرستان۔

مَقابرِ قریش : بغداد کا ایک قبرستان۔ جس میں امام موسیٰ کاظمؒ بھی دفن ہیں۔

مَقاد : سعد بن زید مناۃ اور بنو فُقیم بن جریر بن دارم کا ایک پہاڑ۔

مَقاریب : نواحِ مدینہ میں ایک موضع۔

مَقاس : سوادِ خابور میں ایک پہاڑ۔

مَقاعِد : مدینہ میں ایک مقام یا بازار۔

مَقام : کعبہ میں ایک پتھر، جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کی دیواریں اُٹھائی تھیں۔ یہ حرم میں آج بھی موجود ہے۔

مَقامی : یمامہ میں بنو عنبر کا ایک گاؤں۔

مُقْتَرِب : یمامہ میں بنو عقیل کی ایک بستی۔
مَقَدْ : شام کا ایک گاؤں۔
مَقْدِس : بیت المقدس۔
مُقَدَّسَة : ارضِ مقدسہ۔ اس میں :-
- فلسطین
- دِمَشْق
- بَیْتُ الْمُقَدَّس اور
- اُرْدُن

کا ایک ستہ شامل ہے
مَقْدُونِیَة : مشرقی یونان کا وہ صوبہ جہاں اسکندرِ اعظم پیدا ہُوا تھا۔
مَقَرّ : فرات کے قریب حِیْرَہ کی طرف ایک موضع۔
مِقَرّ : دیارِ بنو دارم میں بصرے سے دو شب کی مسافت پر کاظمہ کے وسط میں ایک پہاڑ۔
مُقْرِیٰ : صنعاء سے ایک منزل پر ایک گاؤں۔ مُقْرِی اسمِ منسوب۔
مَقْرَئے : نواحِ دمشق میں ایک بستی۔ مَقْرِی اسمِ منسوب۔ مستشرقین اسے بہ تشدید قاف لکھتے ہیں۔
مِقْرَاۃ : یمامہ کی ایک بستی۔
مِقْرَانَة : یمن کا ایک قلعہ۔
مُقَرِّیٰ : ارضِ نوبہ میں ایک قصبہ۔
مَقْرَۃ : مراکش میں طُلبنَۃ سے آٹھ فرسخ دور ایک شہر۔
مُقْرِیَة : یمن کا ایک قلعہ۔
مَقْس : قاہرہ کے قریب لبِ نیل ایک بستی۔ جو اسلام سے پہلے اُمِّ دُنَیْن کے نام سے مشہور تھی۔
مُقْشَعِر : قبلیہ کا ایک پہاڑ۔
مِقَصّ قَرْن : عرفات پر جھانکتا ہُوا ایک پہاڑ۔
مُقَطَّعَة : قُم اور کاشان کی بستیوں میں سے ایک بستی۔
مُقَطَّم : مصر کا ایک پہاڑ۔ جو اُسوان سے قاہرہ تک پھیلا ہُوا ہے۔
مِقْلَاص : جُرجان کی ایک بستی۔
مَقْنَأ : اَیْلَة (مکہ اور مدینہ کے درمیان یَنبُع کے قریب ایک پہاڑ) کے قریب ایک جگہ۔
مُقَنَّعَة : ظہران (طائف کے جنوب میں) کے پاس ایک گاؤں۔ نیز
- بنو عبس کا ایک پانی۔

مَقِیْلَة : رَقّہ کے قریب لبِ فرات ایک مقام۔
مَکَا : ہُذَیل کا ایک پہاڑ۔
مَکْتَب : یمن کی ایک بستی۔
مَکْتُوْمَة : زمزم کا ایک نام۔
مَکْحُوْل : یمامہ میں بنو عدی بن عبد مَناۃ کا ایک پانی۔
مُکْرَان (مَکْرَان) : بحیرۂ عرب کے شمالی ساحل پر تقریباً تین سو میل لمبا ایک علاقہ۔ جو ایران میں بندر عباس کے مشرق سے شروع ہو کر بلوچستان میں گوادر تک چلا جاتا ہے۔
مَکِّز : مکران کا ایک شہر۔ جو کسی زمانے میں دارالحکومت بھی رہا۔

مُکْس : ارمینیہ میں علاقۂ سُفرجان کا ایک موضع۔

مُکَسَّر : سوادِ مدینہ میں ایک مقام۔

مُکَشَّحَہ : یمامہ میں ایک موضع۔

مَکْمَن : عقبہ اور مُغیثہ سے سات میل مغرب میں ایک آبی ذخیرہ۔

مَکْنَاسَہ : رباط کے شمال میں ساحل اوقیانوس پر مراکش کا ایک شہر۔

مَکْنُونَہ : زمزم کا ایک نام۔

مَکَّہ : عرب کا مرکزی شہر۔ جس کا پہلا باسی حضرت اسماعیل علیہ السلام تھا۔ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ تعالیٰ سے اشارہ پاکر اپنی ایک زوجہ ہاجرہ کو اُس کے کم سن بچے اسماعیل سمیت ایک ویرانے میں پھینک کر خود شام کی طرف چلے گئے۔ تو بعد میں دو بڑے بڑے واقعات ہوئے :۔

اوّل : کہ اللہ نے عین اُس جگہ سے جہاں اسماعیل پیاس سے ایڑیاں رگڑ رہا تھا۔ ایک چشمہ جاری کر دیا۔

دوم : ایک دو دن بعد وہاں سے یمن کے دو قبیلوں جُرہُم اور قَطُورَا کا گزر ہوا۔ وُہ پانی کو دیکھ کر وہیں اُتر پڑے پھر ہاجرہ اور اسماعیل کو تنہا چھوڑ جانا انھیں گوارا نہ ہوا۔ اور وُہیں بس گئے۔ اس بستی کا نام مکہ پڑ گیا۔

بعد میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ سے اشارہ پاکر واپس آئے۔ اور اسماعیل کی مدد سے کعبہ کی بنا ڈالی۔ کعبہ بارہا گرا۔ اور اُسی مسالے سے تعمیر ہوتا رہا۔ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل نے استعمال کیا تھا۔ یہ کچی عمارت آج بھی موجود ہے۔

اندازہ یہ ہے کہ :
پہلی مرتبہ کعبہ اڑھائی ہزار سال قبل مسیح میں تعمیر ہوا تھا۔

مَلَا : جبالِ طَے میں ایک وادی سنبعان کا بلند حصّہ۔

مِلَاش : سسلی کا ایک ساحلی قلعہ۔

مَلَاغ : بنو نُمیر (یمامہ) کا ایک پہاڑ۔ جس کے دامن میں ایک چشمے کا نام مَلَاغ تھا۔

مَلَّاذَنہ : الجیریا کے ساحل پر بجایہ کے قریب ایک گاؤں۔

مُلبَرَان : بلخ کا ایک گاؤں۔

مُلتَزَم : کعبہ میں حجرِ اسود اور درِ کعبہ کے درمیان ایک مقام۔

مَلْج : ساحل بحرین پر اَحْسَاء کا ایک علاقہ۔

مَلَّجَان : فارس میں اَرّجان اور شیراز کے درمیان ایک علاقہ۔

مُلْجَکَان : مَرْو کی ایک نواحی بستی۔

مَلَخ : یمامہ میں بنو جَعْدَہ کا ایک موضع۔

مِلَخ : خراسان میں ایک موضع۔ نیز
٭ رَے کے قریب ایک محل جو قصرُ المِلَخ کے نام سے مشہور رہا۔

مَلْحَاء : یمامہ کی ایک وادی۔

مِلْحَان : یمن کی ایک آبادی۔ نیز
٭ تہامہ اور حجاز میں بنو سُلیم کا ایک پہاڑ۔

مِلْحَتَان : قَبَلِیَّہ (مدینہ کے قریب) کی ایک وادی۔

مَلْحُوْب : نجد میں بنو اَسَد کا ایک پانی۔ نیز
٭ یمامہ میں ایک گاؤں۔

مَلْشُوْن : مغربی افریقیہ کا ایک گاؤں۔

مِلْطَاط : کوفہ و فرات کا درمیانی علاقہ۔

مِلْطَمَة : بنو عَبْس (نجد) کا ایک چشمہ۔

مَلَطْيَة (مَلَاطِيَة) : ترکی میں سُمَیْسَاط کے شمال اور قیساریہ کے مشرق میں ایک شہر۔

مَلْق آبَاذ : اصفہان کا ایک محلہ۔

مَلَقْش : مصر صعید میں نیل کے مغربی کنارے پر ایک گاؤں۔

مُلْقُوْن : الجیریا کا ایک قصبہ۔

مَلْقُوْنِيَة : قُوْنِيَة کے قریب ترکی کا ایک شہر۔

مِلْك : مکہ یا یمامہ کی ایک وادی۔

مَلَكَان : طائف یا بلادِ طے کا ایک پہاڑ۔

مَلِكَان : مکہ سے ایک شب کے فاصلے پر ہُذَیل کی ایک وادی۔

مَلْكُوْم : مکہ میں ایک کنواں۔

مَلَل : مدینہ کے جنوب میں اٹھائیس میل دور ایک ندی۔ وادی یا منزل۔

مِلْنَجَة : اصفہان کا ایک محلہ۔

مَلُّوْحَة : حلب کی ایک بستی۔

مَلُوْذ : ترکستان میں اُوزجند کی ایک بستی۔

مَلُوِيَّة : نہاوند کے قریب ایک گھاٹی۔

مَلَة : یمن میں ذِمار کی ایک بستی۔

مَلْهَم : یمامہ کی ایک بستی۔

مِلْيَانَة : تونس کا ایک شہر۔

مَلِيْج : مصر کا ایک ساحلی گاؤں۔

مَلِيْح : سوادِ ہرات کی ایک بستی۔ نیز
٭ یمامہ میں بنو تمیم کا ایک پانی۔

مُلَيْح : طائف کی ایک وادی۔

مُلَيْحَة : مکے کا ایک پہاڑ۔ یا
٭ بلادِ تمیم میں ایک موضع۔

مُلَيْص : دیارِ بکر کا ایک موضع۔

مَلِيْلَة : سَبْتَة (مراکش میں جبرالٹر کے سامنے) کے قریب ایک شہر۔

مَمَالِح : دیارِ کلب میں ایک چراگاہ۔

مَمْدُوْذ آبَاذ : اِرْبِل اور موصل کے درمیان سوادِ اربل کا ایک گاؤں۔

مَمْدُوْر : دیارِ غطفان میں ایک موضع۔

مَمْرُوْح : بلادِ مُزَینہ میں ایک موضع۔

مَمْسَى : الجیریا یا مراکش میں ایک گاؤں

مَمْطِيْر : طبرستان میں آمل سے چھ فرسخ کے فاصلے پر ایک شہر۔

مِنْهَا : جبل سَوَاج میں بنو عمیلہ یا بنو عبس (نجد) کا ایک پانی۔

مِنٰی : مکہ سے جنوب مشرق کی طرف دو میل لمبا اور ایک میل چوڑا میدان۔ جہاں حاجی آٹھویں ذی الحجۃ کو پہنچ کر ظہر سے اگلی صبح تک کی نمازیں پڑھنے کے بعد عرفات کو روانہ ہو جاتے ہیں۔ پھر دسویں تاریخ کو یہیں واپس آکر تین فرائض ادا کرتے ہیں۔ یعنی :-

۱ : شیطان کو کنکریاں مارنا۔
۲ : قربانی کرنا۔ اور
۳ : سر منڈانا۔ نیز

٭ نجد میں ایک موضع۔ اور
٭ جمیٰ مَرِیّہ میں ایک چشمہ۔

مَنَابِض : جزیرہ (عراق) کے قریب ایک موضع۔

مَنَاۃ : مکّہ اور مدینہ کے درمیان قُدَید کے قریب ساحلِ بحر پہ نصب شدہ ایک صنم۔ جس کی پرستش قریش اور چند دیگر قبائل کیا کرتے تھے۔ اسے فتحِ مکّہ کے سال حضرت علیؓ نے حضور صلعم کے حکم سے توڑ دیا تھا۔ اِس بُت کے مَعْبد سے حضرت علیؓ کو دو تلواریں ملی تھیں۔ جن میں سے ایک حضورؐ نے حضرت علیؓ کو دے دی تھی۔ اسی کا نام ذُوالفقار تھا۔

مَنَاذِر : سوادِ خُوزستان میں اس نام کے دو قصبے ہیں :۔
۱ : مَنَاذِرُ الکُبریٰ اور
۲ : مَنَاذِرُ الصُغریٰ۔

مَنَارَۃُ الحَوَافِر : ہمدان کا ایک مینار۔ جو شاپور بن اَرْدشیر نے بعض شکار شدہ جانوروں کے کھُروں سے بنوایا تھا۔

مَنَارَۃُ القُرُون : شکار شُدہ جانوروں کے سینگوں کا ایک مینار۔ جو ملِک شاہ سلجوقی نے واقِصہ (مکّہ اور کوفہ کی راہ پر عاقِرہ کے بعد ایک مقام) کے قریب بنوایا تھا۔

مَنَازْجِرْد : خِلاط اور بلادِ رُوم کے درمیان اَرْمینیہ کا ایک شہر۔

مَنَاشِک : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

مَنَاصِع : مدینہ کے باہر ایک جگہ۔ جہاں مدینہ کی خواتین رات کے وقت رفعِ حاجت کے لیے جاتی تھیں۔

مَنَاظِر : صحرائے شام میں ہیت اور عُرض کے قریب دو چوکیاں۔

مَنَاع : دیارِ طے میں ایک جبل یا پہاڑی۔

مَنَاف : کسی نامعلوم قبیلے کا ایک بُت۔

مَنَاقِب : مدینہ کے قریب ایک پہاڑ۔ جس میں سے چار راستے گزرتے ہیں :۔
٭ ایک طائف کو جاتا ہے۔
٭ دوسرا یمن۔
٭ تیسرا یمامہ۔ اور
٭ چوتھا شمالی نجد کو۔

مَنْبِج : فرات سے تین فرسخ مغرب اور حلب سے دس فرسخ مشرق میں شام کا ایک شہر۔

مُنْبَجِس : یمامہ میں بنو عنبر کی ایک بستی۔

مَنْبُوعَہ : مصر کا ایک گاؤں۔

مَنْتَاب : صنعاء کا ایک قلعہ۔

مُنْتَخِر : مدینہ کے جنوب میں ایک رات کی مسافت پر ایک موضع۔

مُنْتَهِب : طے کے پہاڑوں میں ایک آبادی۔

مُنْتَهِبَہ : متالع کے پاس ایک صحرا۔

مَنْجَان : اصفہان کی ایک بستی۔

مَنْجَخ : دَہنا میں ایک پہاڑ۔

مَنْجَشَانِیَّہ : بصرہ اور مکّہ کی راہ پر ایک پانی۔ نیز
٭ چھ میل آگے ایک منزل۔ یا
٭ بصرے کے قریب ایک مقام جو کبھی عرب و عجم کی حدِ فاصل تھا۔

مِنجَل : صَنعاء کے مغرب میں ایک موضع۔

مَنجُوراَن : بلخ سے دو فرسخ دُور ایک گاؤں۔

مَنحَاۃ : ارضِ ہُذیل میں ایک موضع۔

مِنخَر : بنو ربیعہ کی ایک پہاڑی۔

مَنْد : نواحِ صَنعاء میں ایک بستی۔

مَنذَب : زَبید کے قریب ساحل کا وہ حصّہ جہاں سے اَبرَہہ یمن میں داخل ہوا تھا۔

مَنذَذ : یمن میں ایک موضع۔ جہاں سخت آندھیاں چلتی ہیں۔

مِنذَیش : نیل کے مغرب میں مصر صعید کا ایک گاؤں۔

مَنزَر : یمن کی ایک بستی۔

مَنستِیر : تُونس کا ایک قصبہ۔

مِنشاز : ہرات کے قریب ایک قلعہ۔

مُنشِد : جُہَینہ کے ایک پہاڑ رَضوَیٰ اور ساحل کے مابین ایک موضع۔ نیز
- مدینہ سے آٹھ میل دُور ایک پہاڑ۔
- بلادِ طَے میں ایک مقام۔ اور
- بنو سعد بن زید مناۃ بن تمیم کی ایک بستی۔

مُنشِیَۃ : مصر میں اس نام کے چار گاؤں :۔
- ایک جیزیہ میں
- دوسرا قوص۔
- تیسرا اِخمیم اور
- چوتھا دنجاویہ میں۔

مَنصَح : تِہامہ میں ایک وادی۔

مَنصَحِیَۃ : تہامہ میں بنو دُہیل کا ایک پانی۔

مُنصَرَف : مکہ و بدر کے مابین ایک موضع۔

مَنصَف : یمامہ میں بنو عُیینہ کی ایک شاخ بنو عامر کی ایک وادی یا ندّی۔

مَنصُورَۃ : سندھ کا ایک قدیم شہر۔ جس کی بنا خلفائے اموی کے ایک عامل منصور بن جُمہُور الکلبی نے ؟۱۱ تھی۔

ایک اور روایت یہ ہے۔ اس کا بانی منصور عبّاسی کا ایک عامل عمرو بن حفص ہزارمرد مہلّبی تھا اور یہ شہر منصور کی طرف منسوب ہے۔ نیز
- قادر باللہ کے ایامِ خلافت میں مہذّب الدّولہ کا بنا کردہ بطیحہ (عراق) میں ایک شہر۔
- سوادِ خوارزم کا ایک قصبہ۔
- تُونس میں قیروان کے پاس ایک اہم شہر۔
- قاہرہ و دِمیاط کے مابین ایک بستی۔ اور
- یمن میں ایک گاؤں۔

مَنضَحِیَّۃ : تہامہ میں بنو دُہیل کا ایک پانی۔

مَنظَرَۃُ الحَلَبَۃ : بغداد کے محلّۂ مأمونیّہ میں اُونچی جگہ پر ایک دربانچہ، جہاں خلیفہ بیٹھ کر کھیتوں کے مناظر دیکھا کرتا تھا۔ بعد میں یہ مقام شہر کے وسط میں آگیا۔ اور عیدین کے موقع پر فوج سے سلامی لینے کے لیے استعمال ہونے لگا۔

مَنظَرَۃُ الرَّیحَانِیِّین : بغداد کا ایک بازار جس میں کبھی پھول اور پھل بکتے تھے۔

مَنعِج : ایک ندّی جو عفر ابو موسیٰ اور نباج کے درمیان سے نکل کر بطنِ فلج میں گرتی ہے۔ نیز
- بطنِ رُمّہ کے پاس ایک وادی۔ یا

٭ ایک ندی جو دُہنار سے نکلتی ہے۔
٭ بنو عُقیل کا ایک پانی۔
٭ حِمٰی ضَریّہ میں ایک موضع۔ اور
٭ بنو اَسد کی ایک وادی۔

مَنْبَغ : سوادِ حلب میں نواحِ عزاز کا ایک گاؤں۔

مُنْف : قدیم مصر میں فرعون کا دارالحکومت، جو موجودہ قاہرہ سے تین فرسخ دُور تھا۔ حضرت یُوسف علیہ السلام یہیں رہتے تھے۔

مُنْفَطِرَۃ : یمامہ کی ایک بستی۔

مَنْفَلُوط : نیل کے مغرب میں مصرِ صعید کا ایک شہر۔

مَنْفُوحَہ : یمامہ کا ایک گاؤں۔

مُنْقَی : مدینہ و اُحُد کے مابین ایک مقام۔

مَنْقَبَاط : مصرِ صعید میں اُسیوط کے قریب ایک بستی۔

مَنْقَذَۃ : ذِمار (یمن) کے دو گاؤں :۔
۱: علیا اور
۲: سفلیٰ

مَنْقَدِیَّۃ : یمامہ میں بنو تُمیم کی بستیاں۔

مَنْقَشْلَاغ : مغربی خوارزم میں بحیرۂ خزر کے قریب ایک قلعہ۔

مَنْقَلُ الْمُسْتَعْجِلَۃ : صَعْدہ (یمن) سے دس میل دُور ایک بستی۔

مَنْقُوشِیَۃ : ارضِ بابل میں نیل (ایک بستی) کا ایک گاؤں۔

مُنْکَب : غرناطہ سے چالیس میل ساحل کی طرف ایک قصبہ۔

مَنْکَث : ماوراء النہر میں بخارا و اسبیجاب کی ایک ایک نواحی بستی۔ نیز
٭ یمن میں ایک علاقہ۔

مَنْکَثَۃ : قبلیّہ کی ایک وادی۔

مُنْکَدِر : شام اور یمامہ یا کوفہ اور یمامہ کا راستہ۔

مَنْوَآث : عکہ (فلسطین) کے قریب ایک ساحلی شہر۔

مَنُوف : شمالی مصر کا ایک گاؤں۔

مُنُوقَان : سوادِ کرمان کا ایک شہر۔

مَنُورِنیا : بغداد کے قریب نہرالملک پہ ایک گاؤں۔

مَنْہَی : فیوم (مصر) میں ایک نہر جو حضرت یوسفؑ نے کھُدوائی تھی۔

مَنْہَاث : یمن میں ایک قلعہ۔

مَنِیّ : ضریّہ کے قریب بنو کلاب کے سُرخ پہاڑ کے دامن میں ایک پانی۔

مُنِیب : نجد میں بنو عَنبرہ کا ایک چشمہ۔

مُنِیح : دُہنار میں بنو سعد کا ایک پہاڑ۔

مَنِیحَہ : نواحِ دمشق کا ایک گاؤں۔

مَنِیذ : فارس میں ایک موضع۔

مُنَیطِرَۃ : شام میں طرابُلس کے قریب ایک قلعہ۔

مَنِیع : نیشاپور کے ایک رئیس ابُوعلی حسّان بن سَعید مَنیعی نے کئی مساجد اور سرائیں بنوائی تھیں۔ ان میں سے ایک جامع مسجد تھی۔ جو الجامعُ المَنِیعی کہلاتی تھی۔

مُنِیف : یمن کا ایک قلعہ۔

مُنِیفَہ : فلج کے قریب تمیم کا ایک پانی۔

مَنْ یَمُوْن : مصر کا ایک علاقہ۔

مَنِیْن : سوادِ دمشق میں ایک گاؤں۔

مُنْیَۃُ الْاَصْبَغ : شرقیہ میں ایک گاؤں۔

مُنْیَۃُ اَبِی الْخَصِیْب : مصرِ سعید میں لبِ نیل ایک شہر۔

مُنْیَۃُ بُوْلَاق : اسکندریہ کا ایک محلّہ۔

مُنْیَۃُ الزُّجَاج : ایضاً۔

مُنْیَۃُ زِفْتَا : شمالی مصر میں اُس دریا کے کنارے۔ جو دمیاط کے پاس سمندر میں گرتا ہے، ایک آبادی۔

مُنْیَۃُ الشِّیْرَج : قاہرہ کے شمال میں ایک فرسخ پر ایک قصبہ۔

مُنْیَۃُ عَمْر : شمالی مصر میں مُنْیۂ زِفتا کے سامنے ایک شہر۔

مُنْیَۃُ الْقَائِد : فسطاط کے قریب ایک بستی۔

مُنْیَۃُ قُوْص : شہرِ قُوص (مصر) کا ایک محلّہ۔

مُوَاسِل : دیارِ طے میں جبلِ اجاء کی ایک چوٹی۔

مُوَاقِر : یمن میں حِمیَر کا ایک قلعہ۔

مُوَالِق آبَاذ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

مُؤْتَفِکَۃ : لفظی معنی :- اُلٹی ہوئی بستی۔ اس کی جمع مُؤتفکات ہے۔ اس سے عموماً قومِ لوط کی بستیاں مراد لی جاتی ہیں۔ ورنہ بلحاظِ لغت ہر تباہ شدہ بستی مُؤتفکہ ہے۔

مُؤْتَۃ : جنوبی اُردن کا ایک قصبہ۔ جہاں اسلامی لشکر (جس کا امیر حضورِ صلعم نے زید بن حارثہ کو مقرر کیا تھا) کا رُومی فوج سے تصادُم ہُوا تھا۔ اس میں زید بن حارثہ کی شہادت کے بعد جعفر بن ابی طالب نے کمان سنبھالی۔ بعد ازاں عبد اللّٰہ بن رَواحہ نے، اور سب شہید ہو گئے۔ جب یہ فوج خالد بن ولید کی قیادت میں واپس آئی تو اہلِ مدینہ نے ان پر مٹی پھینکی اور ان کے خلاف نعرے لگائے۔

مُوْجِب : بیت المقدس اور بَلقاء کے درمیان ایک شہر۔

مُوْدَا : نسف کی ایک بستی۔

مَوْدُوْع : بحُرَّہ (یمامہ) کا ایک موضع۔

مَوْر : زَبید کے شمال میں اہم بستیاں چار ہیں :-

۱ : مَوْر

۲ : ذُوالمہجم

۳ : کَذْرَاء اور

۴ : وَذیان

مَوْر سطحِ مرتفع پر واقع ہے۔

مُوَرَّق : فارس میں ایک موضع

مُوْرَۃ : اندلس میں طلیطلہ کے پاس ایک قلعہ۔

مُوْرِیَان : سوادِ خوزستان میں ایک گاؤں۔

مُوْزَار : بلادِ روم میں ایک قلعہ۔

مُوَزَّر : دیارِ کلاب (نجد) میں سونے کی ایک کان۔

مَوْزَع : تہامۂ یمن کا ایک موضع۔

مَوْزَن : جزیرۂ ابن عمر کا ایک قصبہ۔

مَوْسَی : بجُزربیعہ کا ایک کنواں۔

مُوْسَی آبَاذ : نواحِ ہمدان اور رَے میں ایک ایک بستی۔

مُوْش : ارمینیہ میں خلاط کا ایک قصبہ۔ اور
٭ ارمن طے میں ایک پہاڑ۔
مُوشُوْخ : دیارِ بَنُو یَرْبُوْع (نجد) میں
ایک موضع۔
مُوشُوْمْ : بنُو مُنْقِر (یمامہ) کا ایک پانی یا
بنُو تمیم کی ایک بستی۔
مُوشَۃْ : مصر میں فَیُّوم کا ایک گاؤں۔
مُوشِیْلْ : آذر بیجان کی ایک بستی۔
مُوشِیَۃْ : مصرِ صعید میں نیل سے مغرب
کی طرف ایک قصبہ۔
مَوْصِلْ : شمالی عراق کا ایک اہم شہر۔ جو
دجلہ کی دو شاخوں (ایک آذر بیجان سے
آتی ہے اور دوسری بلادِ روم سے) کے
مقامِ اتصال پہ واقع ہے۔ اس کے :-
٭ شمال میں : تکریت
٭ مغرب میں : شام اور
٭ مشرق میں : نینویٰ واقع ہے۔
مُوَفَّقِیْ : واسط کے قریب ایک نہر۔ جو
خلیفہ متوکل عباسی (۲۴۷ھ) کے ایک
فرزند مُوَفَّق نے کھدوائی تھی۔
مُوفِیَاتْ : نجد میں بنُو جعفر کا
ایک پہاڑ۔
مُوقَانْ : آذر بیجان کا ایک علاقہ۔
مُوقَرْ : نواحِ دمشق میں ایک موضع۔
مُوقَعَۃْ : بلادِ ہُذیل میں ایک پہاڑ۔
مَوْقُوْعْ : سوادِ بصرہ میں ایک کنواں
یا چشمہ۔
موقف : مصر میں ایک محلہ۔
مَوْقَق : کوہِ اجا میں طے کا ایک گاؤں۔

مَوْکَلْ : یمن میں ایک موضع۔
مَوْلَۃْ : تبوک میں ایک چشمہ۔
مَوْنَسَۃْ : قسطنطین کے مشرق میں ایک
منزل دور ایک گاؤں۔
مُوْنِسِیَۃْ : مصرِ صعید میں نیل کے مشرقی
کنارے پہ ایک شہر۔
مَوْنَۃْ : ہمدان کی ایک بستی۔
مَوْہَبَۃْ : سوادِ صنعاء کا ایک قلعہ۔
مُوَیْسِلْ : بلادِ طے میں ایک چشمہ۔
مُوَیْقِعْ : شام اور مدینہ کے درمیان
ایک موضع۔
مَہ آبَاذْ : قم اور اصفہان کے
درمیان ایک گاؤں۔
مَہَایِعْ : تہامہ میں ایک بستی۔
مَہْجَمْ : یمن میں زبید سے تین دن کی مسافت
پر ایک قصبہ نیز علاقہ۔
مَہْجَرَۃْ : صنعاء سے بیس فرسخ پہ
یمن کا ایک قصبہ۔
مَہْجُوْرْ : نواحِ مدینہ میں ایک چشمہ۔
مَہْدِیَۃْ : تونس میں قیروان سے دو
منزل شمال کی طرف ایک مشہور ساحلی شہر۔
جس کی بنیاد تقریباً ۳۰۰ھ میں خلفائے
فاطمیہ کے پہلے خلیفہ مہدی (۲۹۷-۳۲۲ھ)
نے ڈالی تھی۔ اس نے پہلے قیروان کو
دارالحکومت بنایا۔ اور پھر مَہْدِیَۃْ
تعمیر کیا۔
مَہَرَأثْ : حضرموت کی طرف نجد
میں ایک قصبہ۔
مِہْرَأسْ : یمامہ میں ایک موضع۔ نیز

٭ کوہ رُمّہ میں ایک چشمہ۔

مِهْرَان : دریائے سندھ کا ایک نام۔

مِهْرَبَارَات : اصفہان کی ایک بستی۔

مِهْرَبَانَان : مَرو کی ایک بستی۔

مِهْرِبَنْدَكُشَا : مَرو سے تین فرسخ دُور ایک گاؤں۔

مِهْرَجَان : اصفہان اور طَبَس کے درمیان ایک گاؤں۔ نیز
٭ اسفرائین کی ایک بستی۔ یا
٭ اسفرائین کا ایک نام۔

مِهْرَجَانْ قَذَق : صَیمَرہ (عراق) کے قریب ایک علاقہ۔

مِهْرَجَيْن : جُرجان کی ایک بستی۔

مِهْرِقَان : رَے کی ایک بستی۔

مِهْرَوَان : طبرستان کا ایک علاقہ۔

مَهْرُوبَان : ایران میں سیراف اور عبادان (آبادان) کے درمیان ایک ساحلی قصبہ۔ نیز
٭ سوادِ ہمدان میں ایک علاقہ۔

مَهْرُوذ : بغداد سے خُراسان جاتے ہُوئے راہ میں ایک دریا۔ جس کے کنارے پر کئی شہر اور بستیاں آباد ہیں۔

مَهْرَة : یمن میں ایک قبیلہ :
مہرہ بن حیدان بن عمرو .... بن قضاعہ کی بستیاں۔

مِهْرِيجَان : سوادِ مَرو میں ایک بستی۔

مَهْزُوز : مدینہ میں بنو قُریظہ (یہود) کی ایک ندی۔

مَهْزُول : حِمیٰ ضریّہ کی ایک ندی۔

مِهْيَاع : یمن میں ایک قبائلی بستی۔

مُهَشِّمَة : یمامہ کی ایک بستی۔

مَهْ فِيرُوزَان : شیراز کے قریب ایک بستی۔

مَهْيَعَة : جُحفَہ (اہلِ شام کی میقات) کا ایک نام۔ یا
٭ جُحفہ کے پاس ایک مقام۔

مَهْيَنَة : یمامہ کی ایک بستی۔

مَيَاسِر : بلادِ عُذرہ میں رحبہ اور سقیا کے درمیان وادی القُریٰ کے قریب ایک بستی۔

مَيَّافَارِقِيْن : دیارِ بکر (ترکی) کا ایک اہم شہر۔

مِيَان : نیشاپور کا ایک محلّہ۔ جس میں آلِ طاہر (۲۰۳ھ — ۲۶۶ھ) کے گھر تھے۔

مَيَانِج : شام میں ایک مقام یا گاؤں۔

مَيَانْ رُوذَان : بصرے کے ... ایک جزیرہ۔ جو دجلہ کی ... ... کے درمیان ساحل پہ واقع ہے اور جس ... اہم شہر عبادان ہے۔

مَيَانِش : مَهْدِيَة کے قریب ایک گاؤں۔

مِيَانَة : اذربیجان میں تبریز اور مراغہ کے مابین ایک شہر۔

مِيَاه : شام میں ایک موضع۔ نیز
٭ نجد میں بنو نُفَیل بن عمرو بن کلاب کا ایک پانی۔

ـیثبُذ : اِصفہان یا یزد یا فارس کی حُدود میں ایک شہر۔

ـینث : وادیٔ عقیق (مدینہ کے پاس) میں ایک موضع۔

ـیثاء : شام میں ایک علاقہ۔

ـیثَب : نجد میں بَنُو عُقَیل کا ایک پانی۔ یا

* حجاز کی ایک ندی جو نَجد کی طرف بہتی ہے۔
* مکّہ میں بِئرِ حَمْ کے پاس ایک موضع۔ اور
* مدینہ میں ایک باغ یا کھیت یا مقام جو ایک یہودی مُخَیرِیْق نے حضور صلعم کو دے دیا تھا۔ اس میں سات دیوادیں تھیں۔ ایک کا نام مِیثَب تھا۔

اور دیگر کا :

* برقہ
* صافیہ
* اعواف
* حَسْنیٰ
* دلال اور
* مشربہ

ـیثَمْ : نجد میں بَنُو عُبَادَہ کا ایک پانی۔

ـیجَاس : اَہواز میں ایک موضع۔

ـیدَان : خوارزم۔ نیشاپور۔ اِصفہان اور بغداد میں ایک ایک محلّہ۔ اور

* ماوراءالنہر میں اِسبِی جَاب کے قریب ایک قصبہ۔

مَیذَعَا : اِقلیم خولان میں ایک بستی۔

مَیذَعَانْ : غالباً یَمَن میں ایک موضع۔

مِیرَمَاهَان : مَرو کی ایک بستی۔

مِیزَذَہ : سوادِ اِصفہان میں ایک گاؤں۔

مَیسَان : بصرہ اور واسط کے درمیان ایک علاقہ۔

مَیسَر : شام میں ایک موضع۔

مِیشَاز : سوادِ دُماوند میں ایک گاؤں۔

مِیشَجَان : اِسفرائین کا ایک گاؤں۔

مِیشَہ : جُرجان کی ایک بستی۔

مَیطَان : مدینہ کے قریب بَنُو سُلَیم اور مُزَینہ کا ایک پہاڑ۔

مِیغ : سوادِ بخارا کی ایک بستی۔

مِیغَن : نواحِ سمرقند کی ایک بستی۔

مِیکَعَان : یمامہ میں بَنُو مازن کا ایک موضع۔

مِیلَہ : مَراکش کا ایک شہر۔ جو بجایہ سے تین یوم کی مسافت پہ واقع ہے۔

مِیمَذ : اَرّان یا آذربیجان کا ایک شہر۔ یا پہاڑ۔

مِیمَنْذ : فارس میں ایک گاؤں۔ اور

* غزنی کے قریب ایک علاقہ جس میں مِیمَنْذ (مُهمَنْذ) قبیلہ آباد ہے۔ اِس کا موجودہ تلفظ مُهمَنْذ ہے۔

مِیمَنَہ : بامیان اور غور کے

درمیان ایک قصبہ۔

مَیْمُوْن : واسِط میں ایک نہر۔ نیز
* مکہ میں ایک کنواں۔ اور
* مصر میں **فُسْطَاط** کے پاس
ایک گاؤں۔

مَیْمَہ : سوادِ اصفہان میں ایک علاقہ۔

مَیْنَا : عَثّر اور صَعْدَہ کے درمیان یمن
میں ایک مقام۔

مِیْنَاء : سیناء کے مغرب میں مصر کا
ایک ساحلی شہر۔

مِیْنَاق : نواحِ ہرات میں ایک گاؤں۔

مِیْنَز : نسا کی ایک بستی۔

مَیْوَاق : ہرات کا ایک گاؤں۔

مَیُوْرَقَہ : ہسپانیہ کے مشرق میں
وَلَنْشِیہ سے اندازاً دو سو میل دُور
بُحَیرۂ رُوم میں ایک جزیرہ۔ جس کا
موجودہ نام مجارقہ ہے۔

مِیْہَا : بلادِ ہُذَیل میں ایک پانی۔
یا پہاڑ۔

مَیْہَنَہ : خراسان میں اَبِی وَرْد اور سَرَخس کے
درمیان (خابران کی) ایک بستی۔

* * *

ن

نَأبِث : بصرہ میں ایک موضع۔

نَأبُلُس : اِسکندرونہ (فلسطین) کے جنوب۔ مشرق میں اندازاً پچیس میل دُور ایک مشہور شہر۔

نَأبِغ : مدینہ کے قریب ایک موضع۔

نَأبُلْ : شرقی تُونس میں سُوسہ سے شمال کی طرف ایک ساحلی شہر۔

نَأتِلَہْ : آمُلْ سے پانچ فرسخ دُور طبرستان کا ایک قصبہ۔

نَأجِیَہْ : بصرہ کا ایک محلّہ۔

نَأرْ : نجد اور مکّہ میں ایک ایک موضع۔ نیز
٭ بحرین کی ایک بستی جو ذُوالنّار کہلاتی ہے۔

نَأرَنْ آبَاذْ : مَرْو کی ایک بستی۔

نَأزِیَہْ : مدینہ اور بدر کے درمیان رَوْحاء کے جنوب میں ایک مقام۔

نَأمِسْ : خُراسان میں اَبِیْ وَرْدْ کے پاس ایک گاؤں۔

نَأسِرْ : جُرجان کا ایک قریہ (گاؤں)۔

نَأشِرُوذْ و شِرْوَاذْ : سِیستان کے دو علاقے۔

نَأصِحَہْ : نجد میں مُعاویہ بن حَزْن بن عُبادہ بن عُقَیل کا ایک پانی۔

نَأصِرَہْ : فلسطین میں طَبَریہ سے تیرہ میل دُور ایک بستی۔ جہاں ولادتِ مسیح کے بعد حضرت مریم علیہ السلام نے زبانِ خلق سے پناہ لی تھی۔ لفظِ نصاریٰ اسی سے ماخوذ ہے۔

نَأصِرِیَّہْ : بصرہ اور کُوفہ کے درمیان فرات کے غربی کنارے پر ایک اہم شہر۔ نیز
٭ تُونس میں ایک بستی۔

نَأصِفَہْ : قبلیہ کی ایک وادی۔ نیز
٭ عقیق۔ بلادِ قشیر اور یمامہ کی راہ پہ ایک ایک مقام۔ اور
٭ نجد میں بنو جعفر بن کلاب کا ایک پانی۔

نَأضِحَہْ : یمامہ اور مکّہ کے مابین ایک موضع جہاں سونے کی کان بھی ہے۔

نَأظِرَہْ : نجد میں بنو عبس کا ایک پانی۔ یا
٭ نجد کا ایک پہاڑ۔

نَأعِتْ : نجد میں بنو عامر بن صَعْصَعَہ کا ایک موضع۔

نَأعِطْ : عدن کے قریب ایک قلعہ۔ یا
٭ یمن میں بنو ہَمْدان کا ایک پہاڑی قبیلہ۔

نَاْعِم : خیبر کا ایک قلعہ۔
نَاْعُورَہ : حلب اور بالس کے درمیان حلب سے آٹھ میل دُور ایک موضع۔
نَاْفَخُش : سوادِ سمرقند میں ایک گاؤں۔
نَاْفِع : یمن کی ایک قبائلی بستی۔
نَاْفِقَان : مَرْو کی ایک نواحی بستی۔
نَاْمِش : بیہق کا ایک گاؤں۔
نَاْمِشَہ : طبرستان کا ایک گاؤں۔
نَاْمِیَہ : نجد میں بنو جعفر بن کلاب کا ایک چشمہ۔
نَاْوُوسُ الظَّبْیَہ : ہمدان کے قریب ایک سرسبز پہاڑی، جس پر بہرام گور نے محل بنوایا تھا۔
نَاْوُوسَہ : ہیت (انبار کے قریب) کی ایک نواحی بستی۔
نَاْوِیَہ : مصر میں دو بستیاں :۔
٭ ایک بہنسا۔ اور
٭ دوسری غربی مصر میں۔
نَاْیِت : نواحِ بصرہ میں ایک گاؤں۔
نَاْیِع : نجد میں بنو اسد کا ایک موضع۔
نَاْیِن : نواحِ اصفہان میں ایک گاؤں۔
نَاْیِیْن : صوبۂ فارس میں اصطخر کی ایک بستی۔
نُبَاْء : طائف میں ایک موضع۔
نِبَاْج : نباج دو ہیں :۔
٭ ایک بصرہ اور مکہ کے درمیان فَید کے قریب ایک منزل۔
٭ دوسرا بصرہ اور یمامہ کے مابین ایک موضع۔

نُبَاْخ : یمن کے قریب مشربہ ٭ ایک پتھریلی زمین۔ اور
٭ دیارِ فزارہ میں ایک پہاڑی۔
نُبَاْذَان : نواحِ ہرات میں ایک بستی۔
نُبَاْرَہ : طرابلس الغرب کا ایک شہر۔
نُبَاْرِیش : بنو کلیب کے چند کوئیں۔
نِبَاْغ : مدینہ اور یَنْبُعَ کے درمیان ایک موضع۔
نُبَاْغ : صنعاء کا ایک قلعہ۔
نِبَاْک : جرعاء میں ریت کے ٹیلے۔
نُبَاْک : ایک موضع۔ غالباً یمامہ میں۔
نِبَاْلَہ : یمن یا تہامہ میں ایک جگہ۔
نُبَاْوَہ : طائف میں ایک موضع۔
نُبَاْیِع : دیارِ ہذیل میں ایک پہاڑ۔ یا وادی۔
نَبْتَل : شام میں ایک موضع۔ اور
٭ دیارِ طے میں ایک پہاڑ۔
نَبْرَ : نجد میں عمرو بن کلاب کی ایک سطح مرتفع۔
نَبَّرْ : نواحِ بغداد میں ایک بستی۔
نَبْط : ہذیل کی ایک گھاٹی۔
نَبْطَاْء : بحرین میں ایک گاؤں۔ یا
٭ نجد میں بنو نمیر کا ایک ٹیلہ۔
نَبْعَہ : عرفات کا ایک پہاڑ۔ نیز
٭ عمان میں ایک قصبہ۔
نَبْک : حمص اور دمشق کے درمیان ایک گاؤں۔
نَبْوَاْن : نجد میں بنو اسد اور بنو رشید کا ایک پانی۔
نَبْہَاْنِیَّہ : بنو اسد کی ایک شاخ بنو والبہ

کی ایک بستی۔

نَبِیّ : دیارِ تغلب (جزیرۂ ابنِ عمر) میں ایک پانی۔

* نجد میں ایک وادی۔ اور

* وادیٔ نخلین (جزیرہ) میں ایک موضع۔

نُبَیْطَاء : تُوزُ (مکہ کا ایک محلہ) سے تین میل دور ایک پہاڑ۔

نُبَیْع : مدینہ کے پاس ایک موضع۔

نُبَیْعَۃ : عرفات میں ایک مقام۔

نَبِیلَۃ : یمن میں ایک قلعہ۔

نَتَاءَۃ : بنو عُمیلہ کا ایک پانی۔

نَجَاز : بلادِ تمیم میں ایک موضع۔ نیز

* دیارِ سُلیم میں صُفَیْنَہ کے قریب ایک پانی۔

نَجَارَۃ : مکہ سے دو یوم کی مسافت پر صُفَیْنَہ کے قریب ایک چشمہ۔

نَجَاکَث : ماوراء النہر میں شاسش کی ایک بستی۔

نِجَال : شام اور سماوہ کے درمیان ایک موضع۔

نُجَانِکَث : سمرقند کی ایک بستی۔

نَجَاوِز : یمن میں ایک قصبہ۔

نَجَب : دیارِ بنو محارب میں ماوان کے قریب ایک وادی۔

نَجَب : دیارِ بنو کلاب میں ایک موضع۔

نَجَبَۃ : بحرین میں بنو عامر بن عبد القیس کی ایک بستی۔

نُجَبَۃ : بنو سلُول کا ایک پانی۔

نَجْد : لغوی معنی :- سطحِ مرتفع۔ مراد عرب کا وسطی علاقہ۔ جس کا مرکزی شہر ریاض ہے۔ اس کی حدود بدلتی رہیں۔ ایک زمانہ تھا کہ :-

* یمن * تہامہ

* عراق اور شام

بھی نجد میں شامل تھے۔ لیکن اب (۱۹۷۱ء) اس کی حدود یہ ہیں :-

* مشرق میں : بحرین

* مغرب میں : حجاز

* شمال میں : عراق اور

* جنوب میں : صحرا

نَجْد : عمان کے قریب ایک وسیع علاقہ۔

نَجْدُ الوُد : ارضِ ہُذیل میں ایک موضع۔

نَجْدُ اِجَاء : ارضِ طے میں ایک پہاڑ کا نام۔

نَجْدُ بَرْق : یمامہ میں ایک وادی۔

نَجْدُ العُقَاب : دمشق کے پاس ایک گھاٹی۔

نَجْدُ کَبْکَب : عرفات کے قریب ایک سرخ پہاڑ۔

نَجْدُ الیَمَن : یمن کے بلند حصے۔

نَجْر : ارضِ مکہ و مدینہ کا نام۔

نَجْرَان : یمن کے شمال میں ایک شہر جو نجران بن زیدان بن سبا بن یشجب کی طرف منسوب تھا۔ نیز

* کوفہ اور واسط کے درمیان ایک بستی۔

کسی زمانے میں اہلِ نجران عیسائی ہو گئے تھے۔ حِمیَر کے ایک بادشاہ ذُو نواس نے انھیں دوبارہ یہودی بنانے کی کوشش کی۔ وہ نہ مانے۔ تو انھیں آگ میں جلا دیا۔

نَجَفْ : کربلا کے جنوب اور حِلّہ کے جنوب مغرب میں ایک اہم شہر۔ جس میں حضرت علیؓ مدفون ہیں۔

نَجَفَہْ : بصرہ اور بحرین کے درمیان ایک موضع۔

نَجْلْ : سُفَینہ کے قریب ایک بستی۔

نَجْوَہ : بحرین کی ایک بستی۔

نَجْۃُ الطَّیْرْ : مصر اور ارضِ تیِہ کے درمیان ایک موضع۔

نُجَیْرْ : یمن میں حضرموت کے قریب ایک قلعہ۔ نیز
٭ سُفَینہ کے قریب ایک آبی ذخیرہ۔ اور
٭ دیارِ تمیم میں ایک چشمہ۔

نَجِیْرَمْ : بصرے کا ایک محلّہ۔

نُجَیْلْ : یَنبُع کی طرف مدینہ کی ایک وادی۔

نُجَیْلَہْ : یمامہ اور ضَرِیّہ کے درمیان ایک وادی۔

نُجَیْمِیَّہْ : عَثّر (یمن) کا ایک گاؤں۔

نَحَاْ : تہامہ میں ہُذیل کی ایک گھاٹی۔

نَحْلْ : بخارا کی ایک بستی۔

نَحْلَہْ : بعلبک کے پاس ایک گاؤں۔

نِحْلِیْنْ : حلب کی ایک بستی۔

نَحِیْزَہْ : دیارِ غطفان میں ایک وادی۔

نُخَاْلْ : ایک ندی جو صَفراء (مکہ اور مدینہ کے درمیان) میں گرتی ہے۔

نُخَاْنْ : اصفہان کی ایک بستی یا محلّہ۔

نَخِبْ : ہُذَیل یا طائف کی ایک وادی۔

نَخْجُوَاْنْ : آذربیجان کا ایک شہر

نُخَذْ : خُراسان کا ایک علاقہ جس میں فِریاب اور آگل بھی واقع ہیں۔

نَخْرَہْ : سراۃ میں ایک پہاڑ۔

نَخْشَبْ : جیحون اور سمرقند کے درمیان ایک شہر، جسے نَسَف بھی کہتے ہیں۔

نَخْلْ : مدینہ سے دو منزل پر بنو ثعلبہ کی ایک منزل۔ یا
٭ بلادِ غطفان میں ایک موضع۔

نَخْلَہْ : مشرقی موصل میں ایک علاقہ۔ اور
٭ یَنبُع میں ایک وادی۔

نَخْلَاْنْ : سوادِ یمن میں ایک بستی۔

نَخْلَتَاْنْ : دو وادیاں۔ یعنی :-
۱ : نخلۃ الیمانیہ اور
۲ : نخلۃ الشامیہ

نَخْلَۃُ الشَّاْمِیَّہْ : مکّہ سے دو رات کے فاصلے پر بطنِ مَرّ میں دو وادیاں (ندیاں) جمع ہو جاتی ہیں :-
٭ ایک غُمَیر کی طرف سے آتی ہے اور نخلۃ الشامیہ کہلاتی ہے۔
٭ دوسری قرنُ المنازل کی طرف سے آتی ہے اور نخلۃ الیمانیہ کے نام سے موسوم ہے۔

نَخْلَۃُ مَحْمُوْدْ : مکّہ کے قریب حجاز میں ایک موضع۔

نَخْلَۃُ الْیَمَاْنِیَّہْ : اس وادی میں غزوۂ حُنَیْن کے دن ہوازن کا لشکر جمع ہوا تھا۔ یہ بطنِ مَرّ میں

نَخْلَۃُ الشَّامِیَّۃ سے مل جاتی ہے۔
نَخُوم: مصر میں ایک شہر۔
نُخَیْلْ: مدینہ سے پانچ میل پر ایک چشمہ۔
* مکہ اور حضرموت کے پاس ایک
ایک مقام۔ نیز
* شام میں ایک علاقہ۔
نُخَیْلَۃ: کوفہ کے قریب جانب شام
ایک موضع۔ اور
* واقصہ کے مغرب میں مغیثہ اور عقبہ
کے قریب ایک پانی۔
نَدّ: صنعاء کا ایک قلعہ۔
نَدَأ: بلاد خزاعہ میں ایک موضع۔
نَدَأمَان: نواح انطاکیہ میں ایک بستی۔
نَدَب: بصرہ میں ایک مسجد۔
نَدْرَۃ: یمامہ میں ایک مقام۔
نَدْوَۃ: مکہ میں ایک مکان دارُالندوہ
کہلاتا تھا۔ اس میں قریش مشورے کے لیے
جمع ہوتے تھے۔
نَدِیْ: یمن میں ایک لبتی۔
نَدْش: نیشاپور اور قومس کے
درمیان ایک منزل۔
نَرْس: نواح کوفہ میں ایک نہر۔
نِرْسِیَان: کوفہ اور واسط کے
مابین ایک علاقہ۔
نَرْمَاسِیْر: کرمان کا ایک شہر۔
نَرْمَق: رَے کی ایک بستی۔
نَزْیَان: فاریاب (خراسان) اور
یہودیہ (اصفہان کے پاس) کے
درمیان ایک گاؤں۔

نَرِیْز: آذربیجان کا ایک قصبہ۔
نَزَّاعَۃُ الشَّوٰی: مکہ میں
ایک موضع۔
نَزْوَۃ: عُمان میں ایک پہاڑ۔
نَسَا: خراسان کا وہ مشہور شہر، جہاں
کتاب السنن کا مؤلف ابو عبدالرحمٰن احمد
بن شعیب النسائی پیدا ہوا تھا۔ نیز
* کرمان
* فارس اور
* ہمدان کے قریب
ایک ایک بستی۔
نِسَاح: حجاز میں ایک موضع۔
* یمامہ کی ایک وادی۔
نِسَار: نجد میں عامر بن صعصعہ کا ایک پانی۔ یا
* حمیٰ ضریّہ میں ایک پہاڑ۔
نَسَاسَۃ: مکہ کا ایک نام۔
نِستَر: سوادِ بغداد میں ایک علاقہ۔
نَسْتَرَو: اسکندریہ اور دمیاط کے درمیان
ایک جزیرہ۔
نَسْجَان: بلادِ ہوازن میں ایک موضع۔
نَسْر: نواح مدینہ میں ایک موضع۔ نیز
* قوم نوح کا ایک صنم۔ جسے عمرو بن لحیّ
یمن میں اٹھا لایا تھا۔ اور حمیر اس کی
پوجا کرتے تھے۔
نَشْع: وادیٔ عقیق میں مدینہ کے قریب
ایک جگہ جسے حضور صلعم نے چراگاہ میں
بدل دیا تھا۔
نَسَف: جیحون اور سمرقند کے درمیان ایک شہر۔
جسے نخشب بھی کہتے ہیں۔

نَسْلِیْ : طائف کی ایک وادی۔
نِسْنَانُ : سیستان میں قصبۂ زرنج کا ایک محلّہ۔
نُسُوخ : کوفہ کے مغرب میں قادسیہ سے گیارہ میل دور خفّان کے پاس ایک گاؤں۔
نُسُوغ : یمامہ میں ایک محل جو حارث بن وعلہ نے بنایا تھا۔
نَسِیخ : یمامہ میں ایک وادی۔
نُسَیْر : نہاوند اور مرج قلعہ کے درمیان ایک قلعہ۔
نَشَاسْتَج : کوفہ میں ایک کھیت یا نہر
نَشَّاش : یمامہ کی ایک وادی۔
نُشَاق : دیارِ خزاعہ میں ایک موضع۔
نَشْتَنْبُوا : بغداد کے مشرق میں شہرابان کے پاس ایک سبز گاؤں۔
نَشْک : سوادِ مرو میں ایک بستی۔
لَشْنَاش : بنو نمیر (نجد) کا ایک پانی۔
نَشْوَات : حجاز میں ایک پہاڑ۔
نُشُور : دینا ور کی ایک بستی۔
نَشْوَیْ : آران یا آذربیجان کا ایک شہر
نُصُب : مدینہ کے پاس ایک موضع۔
نَصْر آبَاذ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔
نَصْرِیَّۃ : غربی بغداد میں ایک محلّہ۔
نَصْع : حجاز کا ایک پہاڑ۔
نُصَیْبِیْن (نَصِیْبِیْن) : ماردین کے مشرق میں عراق اور ترکی کی سرحد پر ترکی کا ایک شہر۔
نَصِیْع : مدینہ اور شام کے درمیان ایک مقام۔
نَصِیْل : دیارِ ہذیل میں ایک گاؤں۔

نَضَاد : نجدِ عالیہ یا دیارِ غنی میں ایک پہاڑ۔
نَضَارَات : نجد میں بنو حارث بن کعب کی وادیاں۔
نَضْدُوْن : یمن میں مہرہ کا ایک شہر
نَضْل : (شاید) یمن کا ایک قصبہ۔
نَضِیْر : مدینہ میں یہودیوں کا ایک قبیلہ۔ جس کے دیار (بُوَیرہ - وادیٔ بطحان وغیرہ) دیارِ نضیر کہلاتے ہیں۔
نَطَاع : یمامہ کی ایک بستی۔ یا
٭ بنو تمیم میں ایک چشمہ۔ یا
٭ بحرین اور بصرہ کے درمیان بنو مالک بن سعد کی ایک وادی۔
نِطَاق : بلادِ بنی کلاب (نجد) میں ایک خطّہ۔
نَطَاۃ : ارضِ خیبر کا ایک نام۔
نَطْرُوح : طائف کی ایک قبائلی آبادی۔
نَطَنْزَۃ : سوادِ اصفہان میں ایک قصبہ۔
نَطُوف : نجد میں پانی کا ایک ذخیرہ۔
نَظِیْم : یمامہ میں ایک گھاٹی۔
نَعَام : یمامہ میں بنو ہزّان کی ایک وادی۔
نَعَامَۃ : نجد میں ایک موضع۔
نَعَائِم : مدینہ کے پاس ایک جگہ۔
نَعْفُ مَیَاسِر : مدینہ اور ذودار کا درمیانی حصّہ۔
نَعْفُ وَدَاع : مکّہ اور طائف کے درمیان یا عراق میں نعمان کے قریب ایک موضع۔
نَعْل : تہامہ و یمن میں ایک خطّہ۔
نَعْم : یمن کا ایک قلعہ۔ نیز عراق میں

نُعم آباد : سوادِ کوفہ میں ایک گاؤں۔

نَعمان : مکہ اور طائف کے درمیان ایک ندی۔ جو عرفات کی طرف بہتی ہے۔ یا
* ہُذیل کی ایک وادی۔ نیز
* رُحبۂ مالک بن طوق کے قریب ایک وادی۔
* کوفہ کے قریب ایک موضع۔
* زَبید کا ایک قلعہ۔
* حجاز میں ایک گاؤں۔ اور
* یمن میں ذِمار کی طرف ایک قلعہ۔

نُعمانیّۃ : زاب اعلیٰ میں واسط و بغداد کے درمیان ایک قصبہ۔

نَعمِیّ : تہامہ میں ایک وادی۔

نَغَوْیا : واسط کا ایک گاؤں۔

نِغیا : واسط و بصرہ کے درمیان ایک علاقہ۔ یا انبار کے پاس ایک گاؤں۔

نفّر : سوادِ کوفہ میں نہرِ نرس پہ ایک بستی۔

نَفَر : سلیلہ اور ربذہ کے درمیان ایک موضع۔

نَفزاوَۃ : تونس کا ایک شہر۔

نَفطَۃ : تونس میں نفزاوہ سے ایک منزل دور مغرب کی طرف ایک شہر۔

نَفوسَۃ : الجزائر کا ایک پہاڑ۔ جو شرقاً غرباً چھ دن کی مسافت پہ پھیلا ہوا ہے۔

نَفی : بنو غنی کا ایک پانی۔

نَفِیس : مدینہ سے دو میل دور انصار کے ایک سردار نَفِیس بن مُحمّد کا ایک قصر۔

نُفَیع : مکہ کا ایک پہاڑ۔

نُفَیعِیَۃ : شمالی عراق میں سنجار کے پاس ایک گاؤں۔

نِقاب : مدینہ کے قریب ایک موضع۔ جہاں سے ایک راستہ وادی القریٰ کو جاتا ہے۔ اور دوسرا وادی الجِیاۃ (سماوہ میں) کی طرف۔

نِقار : تیہہ (سینا کے شمال میں) اور حِسما (تبوک کے مغرب میں ایک پہاڑ) کے درمیان ایک موضع۔

نُقار : نجد میں بنو اسد کا ایک موضع۔

نُقان : ارمینیہ میں ایک پہاڑ۔

نَقائع : بلادِ تمیم میں چند ہموار و نرم خطے۔

نَقب : یمامہ میں بنو عدی بن حنیفہ کا ایک گاؤں۔
* بیت المقدس سے اندازاً چالیس میل تیہہ کی طرف ایک موضع۔ جسے نقبِ عازب کہتے تھے۔
* عرفات کے قریب ایک گھاٹی۔ اور
* مکہ اور طائف کے مابین ایک مقام (نقب المنقیٰ)۔

نَقبانہ : اجأ میں ایک پانی۔

نَقبون : بخارا کی ایک بستی۔

نَقجوان : اران کا ایک نواحی قصبہ۔

نَقدۃ : دیارِ بنو عامر کا ایک موضع۔

نَقر : جُراد (ارضِ تمیم میں ایک جھیل) کی طرف ایک خطہ۔

نَقرۃ : دیارِ تمیم میں جراد کی طرف ایک ہموار اور نرم زمین۔

نَقرا : بلادِ بنو لحیان بن ہُذیل (حجاز) میں

ایک پتھر یلا خطہ۔
نُقرَان : صحرائے تمیم میں ایک مقام۔
نَقرَۃ (نُقرَۃ) اضاخ اور ماوان کے درمیان حاجیانِ کوفہ کی ایک منزل۔ اور
٭ مزنیّہ میں ایک پہاڑ۔
نَقع : مکّہ کے جنوب میں طائف کے پاس ایک موضع۔
نَقعَاء : دیارِ مُزینہ میں ایک مقام۔ جہاں سے حضور صلعم غزوۂ بنو المصطلق کے سفر میں گزرے تھے۔ نیز
٭ بنو مالک بن عمرو بن ثمامہ کا ایک گاؤں۔ اور
٭ نجد میں دیارِ طے کا ایک موضع۔
نَقَم : صنعاء کے قریب ایک پہاڑ۔
نَقمَا : مدینہ میں آلِ ابی طالب کا ایک خطہ۔
نِقنِش : بلقاء کی ایک بستی۔
نَقو (نُقو) : صنعاء کا ایک گاؤں۔
٭ حوفِ مصر کا ایک علاقہ۔
نَقوَاء : نواحِ مکّہ میں یلملم کے قریب ایک گھاٹی۔
نِقیَا : انبار کی ایک بستی۔ جہاں یحییٰ بن مُعین (مشہور مُحدّث) کی ولادت ہوئی تھی۔
نُقَیب : تبوک اور معان کے درمیان ایک موضع۔
نِقیب : طے کے ایک پہاڑ اَجاء کی ایک گھاٹی۔
نُقَید : یمامہ کی ایک بستی۔
نَقیر : ہجر (بحرین کا ساحلی علاقہ) اور بصرہ کے درمیان ایک موضع۔
نُقَیرَۃ : تاج اور کاظمہ کے درمیان ایک آبی ذخیرہ۔
نُقَیرَۃ : عینُ التمر (عراق) کا ایک گاؤں۔
نَقیزَۃ : مصر کا ایک علاقہ۔
نُقَیثَۃ : عرب کے ایک قبیلہ آلِ شُرید (شاخِ سُلیم) کا ایک پانی۔
نَقیع : حجاز کی ایک وادی۔ جسے حضرت فاروقِ اعظمؓ نے چراگاہ قرار دے کر مسلمانوں کے گھوڑوں کے لیے مخصوص کر دیا تھا۔ یہ غالباً مدینہ سے بیس فرسخ دور تھی خود حضور صلعم کے گھوڑے بھی اسی چراگاہ میں چرتے تھے۔
نَقیعَۃ : بلادِ ضبّہ (یمامہ) و بنو سلیط کے مابین ایک سرسبز خطہ۔
نُقیلُ صَید : یمن میں ایک پہاڑ۔
نَقیُوس : اسکندریہ و فسطاط کے درمیان ایک بستی۔
نَقیّۃ : بحرین کا ایک گاؤں۔
نُکبُون : بخارا کا ایک گاؤں۔
نُکث : ماوراءُ النہر میں سوادِ شاش کا ایک شہر۔
نُکُر : نیشاپور کی ایک بستی۔
نَکیدَا : قیساریہ (ترکی) کے شمال میں تین دن کی مسافت پر ایک شہر۔
نَکیف : سوادِ مکّہ میں یلملم کی طرف ایک موضع۔
نُمَار : بلادِ ہُذیل میں ایک پہاڑ۔ نیز
٭ یمامہ میں ایک موضع۔
نِمَار : بلادِ سُلیم میں ایک پہاڑ۔
نِمَارق : کوفہ کے قریب ایک جگہ۔ جہاں اسلامی لشکر نے (جب وہ پہلی دفعہ

عراق میں داخل ہُوا تھا) ڈیرے ڈالے تھے۔

نَمَذ آب ذ : سوادِ نیشاپور میں ایک گاؤں۔

نَمَذِیَن : مرو کی ایک بستی۔

نَمِر : نجد میں بنو کلاب کی ایک وادی۔

نُمُر : دیارِ ہذیل میں کئی مقامات۔

نِمَرَانِیَّة : سوادِ دمشق میں ایک گاؤں۔

نَمِرَة : عرفات کا ایک حصّہ یا پہاڑ۔

نَمِرَی : مصر کا ایک علاقہ۔

نَمْکَیَان : سوادِ مَرو میں ایک بستی۔

نَمْلی : مدینہ کے قریب پہاڑیوں میں پانی کے کئی ذخائر۔ مثلاً :-

- خنجرہ
- شبکہ
- حَفَر ۔ وغیرہ

نُمَیْرَة : ضباب کا ایک پہاڑ۔

- عمرو بن کلاب (نجد) کا ایک پانی ۔ یا
- دَہنا و بصرہ کے درمیان ایک ٹیلہ ۔

نُمَیْسَة : طبرستان کا ایک قصبہ جسے طمیسہ بھی کہتے ہیں۔

نُمَیْط : دَہنا کا ایک ریتلا خِطّہ۔

- بلادِ تمیم میں ایک موضع یا
- ہجر میں ایک نخلستان ۔

نُمَیْلَة : یمامہ میں بنو قیس بن ثعلبہ کی ایک بستی۔

نَوَا : سوادِ حَوران (شام) میں ایک قصبہ۔ جو حضرت ایوبؑ کا مولد تھا۔ نیز

- سمرقند کی ایک بستی ۔

نَوَابَة : یمن کی ایک بستی۔

نَوَادَة : ایضاً ۔

نَوَاز : سوادِ حلب میں ایک گاؤں ۔

نَوَاش : یمن کا ایک قلعہ ۔

نَوَاصِف : غالباً عُمان میں ایک مقام۔

نَوَاقِیْز : بحرِ شام کے ساحل پر عکّہ و صُور کے درمیان ایک پہاڑی دَرّہ ۔

نَوْب : سوادِ صَنعاء میں ایک بستی۔

نَوْبَاغ : خوارزم کا ایک گاؤں ۔

نَوْبَذ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔

نَوْبَذَان : ہرات کی ایک بستی۔

نَوْبَنْدَجَان : صوبۂ فارس میں شیراز سے بیس فرسخ کے فاصلے پر ایک شہر۔ اس کا قلعہ نوبن جان کہلاتا ہے ۔

نَوْبَہَار : رَےؔ کے قریب ایک موضع۔ نیز

- بلخ کا ایک آتش کدہ یا صنم خانہ جو برامکہ نے تعمیر کرایا تھا۔

نُوْبَة : شمالی سوڈان میں جدّہ کے بالمقابل پانچ سو میل لمبا علاقہ جو نیل کے غربی کنارے سے قلزم کے ساحل تک پھیلا ہُوا ہے۔ نیز

- شہر تُونس اور اِقْلیشبِیَّة کے مابین ایک بستی ۔
- مدینہ سے تین دن کی مسافت پر ایک موضع ۔
- ساحلِ تہامہ پہ ایک علاقہ۔ اور
- نجد میں سُرخ رنگ کا ایک ٹیلہ ۔

نُوجَکَث : ماوراءُالنہر میں ایک گاؤں ۔

نُوج آباذ : سوادِ بخارا میں ایک گاؤں ۔

نُوخَش : ایضاً۔

نُوذَر : سوادِ آذربیجان میں ایک قلعہ۔

نُوز : بخارا کا ایک گاؤں ۔ جہاں کئی اولیاء دفن ہیں۔

نُوزَذْ : صوبۂ فارس میں کازرون کے پاس ایک قصبہ۔
نُوزآبَاذْ : بخارا کی ایک بستی۔
نُوزَکَاثْ : سوادِ خوارزم میں ایک قصبہ۔
نَوَسَا : مصر کا ایک علاقہ۔ جسے سمنود کہتے ہیں۔
نُوشْ : مَرو میں کئی بستیوں کا نام۔ مثلاً :-

∴ نوش
∴ بابیہ
∴ نوش کنار
∴ نوش قرامی نان
اور ∴ نوش مخلدان

نُوشَارْ : بلخ کے نواح میں ایک گاؤں۔
نُوشْ جَانْ : صوبۂ فارس میں ایک شہر۔ یا لبِ سیحون ایک قصبہ جو نوشجانِ سُفلیٰ کہلاتا ہے۔ اس سے سترہ یوم کی مسافت پر نوشجانِ عُلیا ہے۔ جو کئی شہروں اور بستیوں پر مشتمل ہے۔
نُوشُهْرْ : نیشاپور اور اُس کے نواحی کا نام۔
نُوفَرْ : سوادِ بخارا میں ایک بستی۔
نُوقْ : بلخ کی ایک بستی۔
نُوقَاتْ : سیستان کا ایک محلّہ۔
نُوقَانْ : سوادِ طوس میں ایک قصبہ۔
نَوقَذْ : نسف سے چھ فرسنگ دور ایک گاؤں۔
نُوکَذَکْ : نواحِ سمرقند میں ایک بستی۔
نُوکَنْذْ : ایضاً۔
نُولْ : مراکش کے جنوب میں ایک شہر۔
نَوَنْذْ : نیشاپور کا ایک محلّہ۔
نُوَیْرَةْ : مصر کا ایک علاقہ۔
نُوَیْزَةْ : سرخس کی ایک بستی۔
نُوَیْطِفْ : یمامہ میں قعیبہ کا ایک موضع۔
نُهَا : بحرین میں ایک بستی۔
نَهَاوَنْدْ : ہمدان اور کرمان شاہ کے درمیان ایک مشہور شہر۔
نَهْبَانْ : تہامہ کے دو پہاڑ۔ جو :-

∴ نَهْبُ الْاَعْلیٰ
∴ نَهْبُ الْاَسْفَلْ

کہلاتے ہیں۔
نَهْرَاتَا : نواحِ بغداد میں ایک نہر۔
نَهْرِ ابْنِ عُمَرْ : بصرے کی ایک نہر جو بصرے کے ایک اُموی عامل عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز نے کھدوائی تھی۔
نَهْرِ ابْنِ عُمَیْرْ : بصرے ہی کی ایک نہر۔ جو عبداللہ بن عمیر کی طرف منسوب تھی۔ یہ بصرہ کے ایک عامل عبداللہ بن عمر کا ماموں تھا۔
نَهْرِ اَبِی الْاَسَدْ : سوادِ بصرہ کی ایک نہر۔ جو ابوالاسد نے دجلہ سے کاٹ کر بصرہ کے قریب دجلہ ہی میں ملا دی تھی۔ ابوالاسد منصور عباسی کا ایک سپہ سالار تھا۔
نَهْرِ اَبِی الْخَصِیْبْ : سوادِ بصرہ میں ایک نہر۔ جو منصور کے ایک غلام ابی الخصیب نے کھدائی تھی۔
نَهْرِ اَبِی فُطْرُسْ : رملہ (فلسطین) کے قریب ایک دریا جو نابلس کے پہاڑوں سے نکل کر یافہ کے پاس سمندر میں گرتا ہے۔
نَهْرُ الْاِجَّانَةْ : بصرے کے قریب ایک نہر۔ جو حضرت فاروقِ اعظمؓ کے حکم سے

ابو موسیٰ اشعری (عامل بصرہ) نے اِجّانہ
(بصرے سے تین فرسخ دُور) سے بصرے تک
کھدوائی تھی۔
نَهرِ اَذَری : ایک دریا جس سے نہرِ اجانہ
نکالی گئی تھی۔
نَهرِ اَزرَق : سوادِ حلب کا ایک دریا۔
نَهرِ اَسوَد : طرسُوس (ترکی) کے
پاس ایک دریا۔
نَهرُ الاَساوِرَة : بصرے کی ایک نہر
جو یزدجرد (شاہِ ایران) کے
ایک سپہ سالار سیاہ اَسواری کی
طرف منسوب ہے۔
نَهرِ اَطّ : خوزستان کا ایک دریا۔
جس کے کنارے کبھی خالد بن ولید کا ایک
سالار اَطّ بن ابی اَطّ اُترا تھا اور اسی روز
سے یہ دریائے اَطّ کہلانے لگا۔
نَهرِ اُمِّ حَبیب : بصرے کی ایک نہر
جو زیاد کی بیٹی اُمِّ حبیب کی طرف
منسوب ہے۔
نَهرِ اُمِّ عَبدُ الله : بصرے کی ایک
نہر، جو بصرے کے ایک عامل (بخلافت
عثمانؓ) عبد اللہ بن عامر کی ماں کی طرف
منسوب ہے۔
نَهرِ اَمیر : بصرہ ہی کی ایک نہر۔ جو
خلیفہ منصور نے کھدوائی تھی۔
نَهرِ اَیسَر : اَیسر ایک علاقہ ہے، اَہواز
اور بصرہ کے درمیان۔
نَهرِ بُرَیثہ : بصرہ ہی کی ایک نہر ہے۔
